# وصفِ شیخ

یعنی

شیخ العرب والعجم قطب عالم حضرت مولانا محمد زکریا شیخ الحدیث مظاہر علوم سہارنپور
مہاجر مدنی نور اللہ مرقدہٗ

## کے اوصافِ عالیہ

نتیجۂ فکر

حضرت اقدس فقیہ الامت مفتی محمود حسن گنگوہی قدس سرہٗ
مفتی اعظم ہند دارالعلوم دیوبند

ترجمہ وتشریح

**محمد فاروق غفرلہٗ**


مکتبہ محمودیہ

جامعہ محمودیہ علی پور ہاپوڑ روڈ میرٹھ (یوپی) ۲۴۵۲۰۶

# وصفِ شیخ

یعنی

شیخ العرب والعجم قطب عالم حضرت مولانا محمد زکریا شیخ الحدیث مظاہر علوم سہارنپور
مہاجر مدنی نور اللہ مرقدہٗ کے اوصاف عالیہ

نتیجۂ فکر
حضرت اقدس فقیہ الامت مفتی محمود حسن گنگوہی قدس سرہٗ
مفتی اعظم ھند دار العلوم دیوبند

ترجمہ وتشریح
محمد فاروق غفرلہٗ

مکتبہ محمودیہ
جامعہ محمودیہ علی پور ہاپوڑ روڈ میرٹھ (یوپی) ۲۴۵۲۰۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

## تفصیلات

نام کتاب:............وصف شیخ

تالیف:..........فقیہ الامت حضرت مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی قدس سرہٗ

ترجمہ وتشریح:.................محمد فاروق غفرلہٗ

کمپوزنگ:...............محمد مشیر عالم شعبہ کمپیوٹر جامعہ ہذا

تعداد:.............۱۱۰۰

سن اشاعت باراوّل:.............۹۹ھ

سن اشاعت باردوم:..............۱۴۳۳ھ مطابق ۲۰۱۱ء

صفحات:..............۴۹۲

قیمت:......

-: ملنے کا پتہ :-

مکتبہ محمودیہ

جامعہ محمودیہ علی پور ہاپوڑ روڈ میرٹھ (یو پی) ۲۴۵۲۰۶




بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# فہرست مضامین

# وصف شیخ


| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۱ | عرض مرتب ﴿طبع جدید﴾ | ۳۰ |
| ۲ | انعام عظیم | ۳۳ |
| ۳ | کچھ یادیں اور نقوش | // |
| ۴ | پہلی زیارت | // |
| ۵ | دوسری زیارت | ۳۵ |
| ۶ | تیسری زیارت اور مسلسلات میں شرکت | // |
| ۷ | چوتھی زیارت | ۳۶ |
| ۸ | حضرت فقیہ الامتؒ کا معمول اور کمال ادب | ۳۷ |
| ۹ | خصوصی مجلس میں شرکت | // |
| ۱۰ | خصوصی کھانے میں شرکت | ۳۸ |
| ۱۱ | تکبیر اولیٰ کا اہتمام | // |
| ۱۲ | مجلس ذکر میں شرکت | ۳۹ |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۳ | گیارہ بجے مجلس | ۳۹ |
| ۱۴ | ریش تراش پرڈانٹ | // |
| ۱۵ | خاص کیفیت | ۴۰ |
| ۱۶ | رمضان المبارک میں حاضری | // |
| ۱۷ | دسترخوان | ۴۲ |
| ۱۸ | خصوصی دعوت | // |
| ۱۹ | سہارنپور قبرستان حاضری | ۴۳ |
| ۲۰ | رائے پور حاضری | // |
| ۲۱ | میرٹھ تشریف آوری | ۴۴ |
| ۲۲ | دہلی ائیر پورٹ پر حاضری | ۴۵ |
| ۲۳ | انوار کی بارش | // |
| ۲۴ | ایک یادگار ملاقات | // |
| ۲۵ | طبع جدید | ۴۶ |
| ۲۶ | فقیہ الامت حضرت اقدس مفتی محمود حسن گنگوہی قدس سرہ | ۴۸ |
| ۲۷ | جدِ بزرگوار | // |
| ۲۸ | والد بزرگوار | // |
| ۲۹ | تقاریب میں شرکت | ۴۹ |
| ۳۰ | احتیاط | // |
| ۳۱ | بیعت | ۵۰ |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۲ | استقامت | ۵۰ |
| ۳۳ | وفات | // |
| ۳۴ | والدہ صاحبہ | // |
| ۳۵ | ولادت باسعادت | // |
| ۳۶ | بشارت | ۵۱ |
| ۳۷ | بسم اللہ | // |
| ۳۹ | ابتدائی تعلیم | // |
| ۴۰ | حفظ کلام پاک | ۵۲ |
| ۴۱ | ابتدائی فارسی | // |
| ۴۲ | نہٹور میں قیام | // |
| ۴۳ | مظاہر علوم میں حاضری | // |
| ۴۴ | دارالعلوم میں قیام | // |
| ۴۵ | مظاہر علوم میں آمد | ۵۳ |
| ۴۶ | ایثار وقناعت | // |
| ۴۷ | اعتماد اور توکل علی اللہ | // |
| ۴۸ | زمانۂ طالب علمی میں ایک معمول | // |
| ۵۰ | شوق وطلب | ۵۴ |
| ۵۱ | پیدل سفر | // |
| ۵۲ | سفر میں تلاوت کلام پاک | // |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۵۳ | سبق کی پابندی | ۵۴ |
| ۵۴ | بیعت و تکمیل سلوک | ۵۵ |
| ۵۵ | انتخاب شیخ | // |
| ۵۶ | فنافی الشیخ | ۵۶ |
| ۵۷ | حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی عنایت وشفقت | ۵۷ |
| ۵۸ | دیگر اکابر سے استفاضہ | // |
| ۵۹ | رائے پور میں قیام | ۵۸ |
| ۶۰ | مرکز نظام الدین میں قیام | // |
| ۶۱ | اجازت وخلافت کا مطلب | ۵۹ |
| ۶۲ | حضرت مدنی رحمۃ اللہ علیہ سے اکتساب فیض | ۶۰ |
| ۶۳ | خرقۂ خلافت | // |
| ۶۴ | اعتماد شیخ | ۶۱ |
| ۶۵ | اخوان طریقت کے امیر | // |
| ۶۶ | عشق الٰہی | ۶۲ |
| ۶۷ | حمد | ۶۳ |
| ۶۸ | قرآن سے عشق وتعلق | ۶۵ |
| ۶۹ | خلوت در انجمن | ۶۷ |
| ۷۰ | عشق نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور اتباع سنت | // |
| ۷۱ | اتباع سنت | ۶۸ |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۷۲ | عبادات میں آداب وسنن کا اہتمام | ۶۹ |
| ۷۳ | دعائے قنوت کے بعد درود شریف | // |
| ۷۴ | وضو میں ایک خاص ادب | // |
| ۷۵ | حوض سے وضو کا اہتمام | ۷۰ |
| ۷۶ | ترک سنت پر تنبیہ | ۷۱ |
| ۷۷ | بائیں ہاتھ سے پانی پینے پر تنبیہ | // |
| ۷۸ | عزیمت ہی عزیمت | ۷۲ |
| ۷۹ | نماز میں گرنے سے کولہے کی ہڈی میں ضرب | // |
| ۸۰ | تنخواہ مدرسہ کی واپسی | // |
| ۸۱ | مدرسہ کی چیز استعمال کرنے سے احتراز | ۷۳ |
| ۸۲ | آنکھ کا آپریشن بحکم شیخ | // |
| ۸۳ | اصلاح امت کی فکر | ۷۴ |
| ۸۴ | عظیم کارنامہ | // |
| ۸۵ | فتاویٰ محمودیہ | ۷۵ |
| ۸۶ | وفات | // |
| ۸۷ | تاریخ وفات | // |
| ۸۸ | ابتدائیہ ﴿طبع اول﴾ حضرت مولانا مفتی ظہیر الاسلام صاحب مرحوم | ۷۶ |
| ۸۹ | پیش لفظ ﴿مختصر تذکرہ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ﴾ | ۸۰ |
| ۹۰ | ولادت باسعادت | // |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ٩١ | والدہ صاحبہؒ ........................ | ٨١ |
| ٩٢ | دادی صاحبہؒ کے معمولات ........................ | // |
| ٩٣ | حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحبؒ کی نانی صاحبہ امی بی کے معمولات ..... | ٨٢ |
| ٩٤ | مولانا اکبر علی صاحبؒ کی صاحبزادی صاحبہؒ ........................ | ٨٥ |
| ٩٥ | خاندان کی مستورات کا حال ........................ | ٨٦ |
| ٩٦ | حضرت گنگوہیؒ کی خدمت میں حاضری ........................ | ٨٧ |
| ٩٧ | حضرت گنگوہیؒ کی شفقتیں ........................ | ٨٨ |
| ٩٨ | والد ماجد حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحبؒ ........................ | ٩٠ |
| ٩٩ | چھ ماہ ہر روز ختم کلام پاک ........................ | // |
| ١٠٠ | تحصیل علوم ........................ | // |
| ١٠١ | علمی انہماک کا عجیب واقعہ ........................ | ٩١ |
| ١٠٢ | حضرت گنگوہیؒ کی بے مثال خدمت ........................ | ٩٢ |
| ١٠٣ | اجازت وخلافت ........................ | // |
| ١٠٤ | قوت حفظ اور علمی شوق ........................ | ٩٣ |
| ١٠٥ | تربیت کا ملکہ ........................ | // |
| ١٠٦ | تربیت کے عجیب اصول ........................ | ٩٤ |
| ١٠٧ | تکیہ کا عجیب واقعہ ........................ | ٩٥ |
| ١٠٨ | معمولات یومیہ ........................ | ٩٦ |
| ١٠٩ | عمدہ کپڑے پہننے پر تنبیہ ........................ | // |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ١٠٠ | تعلق مع اللہ کی سند ........................ | ٩٩ |
| ١١١ | چھ مہینہ تک جوتہ خریدنے کی نوبت نہ آئی ........................ | ١٠٠ |
| ١١٢ | مجمع سے وحشت اور خلوت نشینی ........................ | ١٠١ |
| ١١٣ | شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کا علمی شوق ........................ | ١٠٢ |
| ١١٤ | شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا علمی انہماک ........................ | ١٠٥ |
| ١١٥ | پوری رات جاگنا ........................ | // |
| ١١٦ | کھانا، یاد نہ آنا ........................ | ١٠٦ |
| ١١٧ | کسی کے آنے سے ناگواری ........................ | // |
| ١١٨ | حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ کی شفقتیں ........................ | // |
| ١١٩ | حضرت مولانا خلیل احمدؒ کی تربیت سالکین ........................ | ١٠٧ |
| ١٢٠ | حضرت مولانا یحیٰ صاحب کا رجوع ........................ | ١٠٩ |
| ١٢١ | مولانا خلیل احمد صاحبؒ حضرت گنگوہیؒ کی نظر میں ........................ | // |
| ١٢٢ | ﴿نسبت صحابہؓ﴾ ........................ | // |
| ١٢٣ | التفات سائلانہ ........................ | ١١٠ |
| ١٢٤ | نعمت کبریٰ ........................ | // |
| ١٢٥ | باعث نجات ........................ | ١١١ |
| ١٢٦ | نسبت احسان ........................ | // |
| ١٢٧ | مولانا خلیل احمد صاحبؒ تو نور ہی نور ہیں ........................ | // |
| ١٢٨ | مولانا خلیل احمد صاحبؒ کی شفقتیں ........................ | ١١٣ |

| نمبرشمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۲۹ | باپ بن کر تو میں آیا ہوں | ۱۱۳ |
| ۱۳۰ | بیٹے سے بڑھ کر ہیں | ۱۱۴ |
| ۱۳۱ | ہمارے قلندر نے تو پہلے ہی مخالفت کی تھی | // |
| ۱۳۲ | تجھ پر بڑا رشک آتا ہے | ۱۱۵ |
| ۱۳۳ | قرۃ عینی وقلبی | ۱۱۶ |
| ۱۳۴ | نسبت اتحادی اور اجازت وخلافت | ۱۱۷ |
| ۱۳۵ | شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے متنوع کمالات | ۱۱۹ |
| ۱۳۶ | خاتمہ | ۱۲۱ |
| ۱۳۷ | وصف شیخ | ۱۲۳ |
| ۱۳۸ | اوصاف عالیہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا محدث سہارنپوری ومہاجر مدنی نور اللہ مرقدہ | // |
| ۱۳۹ | وصف شیخ | ۱۲۸ |
| ۱۴۰ | شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا محدث سہارنپوری ومہاجر مدنی نور اللہ مرقدہ کے اوصاف عالیہ | // |
| ۱۴۱ | سبب تالیف | // |
| ۱۴۲ | غوث وابدال کی تحقیق | ۱۲۹ |
| ۱۴۳ | ذکر بعض کتب زیر مطالعہ حضرت شیخؒ | ۱۳۳ |
| ۱۴۴ | حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا حفظ | ۱۳۸ |
| ۱۴۵ | فرق باطلہ ظاہریہ، خارجیہ، مرجیہ | // |





| نمبرشمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۴۶ | مرجیہ | ۱۴۰ |
| ۱۴۷ | ذکر بعض تصانیف حضرت شیخ قدس سرہ | ۱۴۴ |
| ۱۴۸ | حکایات صحابہ | // |
| ۱۴۹ | فضائل ذکر | ۱۴۵ |
| ۱۵۰ | فضائل قرآن | // |
| ۱۵۱ | فضائل صدقات | ۱۴۶ |
| ۱۵۲ | فضائل روزہ | // |
| ۱۵۳ | فضائل حج | ۱۴۷ |
| ۱۵۴ | فضائل نماز | ۱۴۸ |
| ۱۵۵ | فضائل درود | // |
| ۱۵۶ | تشریح اعتدال | ۱۴۹ |
| ۱۵۷ | موت کی یاد | ۱۵۰ |
| ۱۵۸ | ڈاڑھی کا وجوب | ۱۵۱ |
| ۱۵۹ | اوجز | ۱۵۲ |
| ۱۶۰ | لامع | ۱۵۴ |
| ۱۶۱ | خصائل | ۱۵۶ |
| ۱۶۲ | کوکب | ۱۵۷ |
| ۱۶۳ | حج وداع | ۱۵۸ |
| ۱۶۴ | عمل بر عزیمت | ۱۵۹ |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۶۵ | حضرت گنگوہی قدس سرہ کے عمل برعزیمت کا واقعہ | ۱۶۱ |
| ۱۶۶ | دوسرا واقعہ | ۱۶۲ |
| ۱۶۷ | حضرت مولانا خلیل احمد صاحب کے عمل برعزیمت کا واقعہ | ۱۶۳ |
| ۱۶۸ | عمل بررخصت کی وجہ | ۱۶۵ |
| ۱۶۹ | نورعینین | ۱۶۶ |
| ۱۷۰ | حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہیؒ | ۱۶۷ |
| ۱۷۱ | خاندان | // |
| ۱۷۲ | ولادت | // |
| ۱۷۳ | طلب علم اور اساتذہ | // |
| ۱۷۴ | حضرت گنگوہیؒ حضرت حاجی امداد اللہ صاحبؒ کی نظر میں | ۱۷۰ |
| ۱۷۵ | حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ | ۱۷۵ |
| ۱۷۶ | ایوبی خاندان | // |
| ۱۷۷ | خاندان کی بعض مشہور شخصیتیں | ۱۷۶ |
| ۱۷۸ | نانیہالی سلسلہ اور اس کی مشہور وممتاز شخصیتیں | ۱۷۸ |
| ۱۷۹ | حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ | ۱۷۹ |
| ۱۸۰ | ولادت اور بسم اللہ | // |
| ۱۸۱ | تکمیل علوم اور اساتذہ کرام | // |
| ۱۸۲ | بیعت وسلوک | ۱۸۰ |
| ۱۸۳ | حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ حضرت گنگوہیؒ کی نظر میں | ۱۸۱ |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۸۴ | حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کی جانب سے اجازت وخلافت | ۱۸۲ |
| ۱۸۵ | حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ کا کمال ادب | ۱۸۳ |
| ۱۸۶ | مولانا خلیل احمد صاحبؒ حضرت حاجی امداد اللہ صاحبؒ کی نظر میں | // |
| ۱۸۷ | مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوریؒ کی نظر میں | // |
| ۱۸۸ | مولانا خلیل احمد صاحبؒ تو ''نور ہی نور ہیں'' | ۱۸۴ |
| ۱۸۹ | مراقبہ کے وقت انوار کی بارش کی کثرت حضرت مولانا محب الدین صاحبؒ کی شہادت | ۱۸۵ |
| ۱۹۰ | وفات وتدفین | ۱۸۶ |
| ۱۹۱ | حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی رحمۃ اللہ علیہ | ۱۸۷ |
| ۱۹۲ | ولادت | // |
| ۱۹۳ | خاندان | // |
| ۱۹۴ | شیخ الاسلام کے والد سید حبیب اللہ صاحبؒ | ۱۸۸ |
| ۱۹۵ | حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مرادآبادی سے تعلق | // |
| ۱۹۶ | فراق مرشد میں اشعار کا نمونہ | ۱۹۰ |
| ۱۹۷ | جذبۂ جہاد | ۱۹۱ |
| ۱۹۸ | علم دین کی قدر وعظمت | ۱۹۲ |
| ۱۹۹ | حضرت گنگوہیؒ کے دربار سے وابستگی | // |
| ۲۰۰ | اجازت وخلافت | ۱۹۳ |
| ۲۰۱ | مدرسہ شرعیہ کی بنیاد | // |
| ۲۰۲ | شیخ الاسلام صاحبؒ کا دارالعلوم دیوبند میں تحصیل علوم اور اساتذہ کا تذکرہ | // |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۰۳ | محنت وجفاکشی | ۱۹۴ |
| ۲۰۴ | مدینہ منورہ کے لئے واپسی | // |
| ۲۰۵ | حضرت شیخ الہندؒ کی ہدایت | ۱۹۵ |
| ۲۰۶ | سلسلۂ تدریس اور حضرت حاجی صاحبؒ سے اکتساب فیض | // |
| ۲۰۷ | گنگوہ کا سفر اور اجازت وخلافت | // |
| ۲۰۸ | مدینہ منورہ کا قیام اور حلقۂ درس کی وسعت ومقبولیت | // |
| ۲۰۹ | شیخ الہندؒ سے بخاری شریف ترمذی شریف پڑھنے کے لئے حاضری | ۱۹۶ |
| | اور دارالعلوم دیوبند کی مدرسی | // |
| ۲۱۰ | حجاز وہند کا سفر | // |
| ۲۱۱ | شیخ الہندؒ کی گرفتاری اور شیخ الاسلام کا حق خدمت | ۱۹۷ |
| ۲۱۲ | خلق خدا کے ساتھ ہمدردی وغم خواری | // |
| ۲۱۳ | ہمدردی خلق کا عجیب واقعہ | ۱۹۸ |
| ۲۱۴ | شیخ الاسلامؒ کے شیخ الحدیثؒ کے ساتھ بے پناہ تعلق کے چند واقعات | ۲۰۰ |
| ۲۱۵ | تعلق کی ابتداء | // |
| ۲۱۶ | حضرت مدنیؒ کا ایک معمول | ۲۰۱ |
| ۲۱۷ | حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا ملفوظ | // |
| ۲۱۸ | رات بارہ بجے تشریف آوری | ۲۰۲ |
| ۲۱۹ | حضرت مدنیؒ اور اساتذۂ دارالعلوم کی آمد | ۲۰۳ |
| ۲۲۰ | حضرت مدنیؒ کی بے تکلفی کا عجیب واقعہ | ۲۰۶ |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۲۱ | ایک دوسرے کی رعایت | ۲۰۷ |
| ۲۲۲ | گھر سے کھانا منگوانا | // |
| ۲۲۳ | بخیل کا مال ہے جتنا ہو وصول کرلو | ۲۰۸ |
| ۲۲۴ | گاجر کے حلوے کا واقعہ | ۲۰۹ |
| ۲۲۵ | کھدر پہننے کی وجہ | ۲۱۰ |
| ۲۲۶ | میرا سامان کچے گھر میں جائے گا | // |
| ۲۲۷ | مدرسہ کے سالانہ جلسہ میں شرکت نہ فرمانے کی وجہ | ۲۱۱ |
| ۲۲۸ | اوجز وکوکب دیکھنے کا اہتمام | ۲۱۲ |
| ۲۲۹ | امام بخاریؒ کے جملہ اعتراضات اُٹھ گئے | ۲۱۳ |
| ۲۳۰ | لامع الدراری کی وجہ تالیف | // |
| ۲۳۱ | علمی گفتگو | ۲۱۴ |
| ۲۳۲ | دستی پنکھے اور بدن دبانے کا ثبوت | // |
| ۲۳۳ | تمہاری اس چیز پر بڑا رشک آتا ہے | ۲۱۵ |
| ۲۳۴ | سونے کے لئے تشریف آوری | ۲۱۶ |
| ۲۳۵ | آبھہ کے سفر کا واقعہ | ۲۱۸ |
| ۲۳۶ | حضرت مدنیؒ کا رات کو رونا | // |
| ۲۳۷ | ہر ہفتہ تشریف آوری | ۲۱۹ |
| ۲۳۸ | حضرت مدنیؒ کا نیند پر قابو | ۲۲۱ |
| ۲۳۹ | درخت خریدنے کے لئے تشریف آوری | ۲۲۲ |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۴۰ | عطر عود لانے کا معمول | ۲۲۳ |
| ۲۴۱ | جنت میں میرے بغیر جانا نہ ہوگا | ۲۲۴ |
| ۲۴۲ | بخار کی خبر سن کر تشریف آوری | ۲۲۶ |
| ۲۴۳ | ماہ مبارک میں اہتمام | // |
| ۲۴۴ | شاہ الیاس | ۲۲۷ |
| ۲۴۵ | حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحبؒ | ۲۲۸ |
| ۲۴۶ | خاندان کی بعض شخصیتیں | // |
| ۲۴۷ | حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحبؒ | ۲۲۹ |
| ۲۴۸ | حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد | // |
| ۲۴۹ | رات کا اہتمام | ۲۳۰ |
| ۲۵۰ | تبلیغ کی ابتداء | // |
| ۲۵۱ | وفات | ۲۳۱ |
| ۲۵۲ | اولاد | // |
| ۲۵۳ | حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ ولادت اور بچپن | ۲۳۲ |
| ۲۵۴ | اختر تجھ سے صحابہ کی خشبو آتی ہے | // |
| ۲۵۵ | حضرت شیخ الہندؒ کا ارشاد | ۲۳۳ |
| ۲۵۶ | بچپن سے جذبۂ جہاد | // |
| ۲۵۷ | قیام گنگوہ | // |
| ۲۵۸ | حضرت گنگوہیؒ سے بیعت | ۲۳۵ |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۵۹ | حضرت گنگوہیؒ سے قلبی تعلق | ۲۳۵ |
| ۲۶۰ | حالت ذکر | // |
| ۲۶۱ | حضرت گنگوہیؒ کی وفات کا صدمہ | ۲۳۶ |
| ۲۶۲ | سکوت ومراقبہ | // |
| ۲۶۳ | طرز تدریس | // |
| ۲۶۴ | حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ کی طرف رجوع اور بے پناہ تعلق | ۲۳۷ |
| ۲۶۵ | اکابر کی نظر میں خاص امتیاز واعزاز | ۲۳۸ |
| ۲۶۶ | حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحبؒ سے کام نہ کرنے کی شکایت | ۲۳۹ |
| ۲۶۷ | مدرسہ مظاہر العلوم میں تقرر | // |
| ۲۶۸ | سفر حج کے لئے بے قراری | ۲۴۰ |
| ۲۶۹ | حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحبؒ کی وفات | ۲۴۱ |
| ۲۷۰ | حضرت مولانا محمد صاحبؒ کی وفات | ۲۴۲ |
| ۲۷۱ | نظام الدین بنگلہ والی مسجد میں قیام | // |
| ۲۷۲ | درس حدیث کی عظمت | ۲۴۳ |
| ۲۷۳ | میوات میں قیام مکاتب | // |
| ۲۷۴ | عمومی دعوت وتبلیغ | ۲۴۴ |
| ۲۷۵ | دوسرا سفر حج اور بے چینی واضطراب | // |
| ۲۷۶ | ہم تم سے کام لیں گے | // |
| ۲۷۷ | منظم جدوجہد | ۲۴۵ |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۷۸ | جدوجہد کا اثر | ۲۴۵ |
| ۲۷۹ | مرکز اسلام میں دعوت دینے کی آرزو | ۲۴۶ |
| ۲۸۰ | اپنے کام پر وثوق واعتماد | ۲۴۷ |
| ۲۸۱ | ایک تحریر | ۲۴۹ |
| ۲۸۲ | بیماری کی خاص وجہ | // |
| ۲۸۳ | مرض الوفات میں بے چینی | ۲۵۰ |
| ۲۸۴ | دعوت وتبلیغ سے قلبی تعلق | ۲۵۱ |
| ۲۸۵ | عوام کے ساتھ ہمدردی کا اعلیٰ نمونہ | ۲۵۲ |
| ۲۸۶ | دعوت وتبلیغ میں فنائیت | ۲۵۳ |
| ۲۸۷ | حضرت مولانا محمد یوسف صاحب کا انتخاب | // |
| ۲۸۸ | آخری شب | ۲۵۴ |
| ۲۸۹ | یوسف آمِل لے ہم تو چلے | ۲۵۵ |
| ۲۹۰ | حضرت شیخ الحدیثؒ کے ساتھ کمال عقیدت | ۲۵۶ |
| ۲۹۱ | حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحبؒ کے بعض مکاتیب حضرت شیخ الحدیثؒ کے نام | // |
| ۲۹۲ | اہم امور میں مشورہ | ۲۶۱ |
| ۲۹۳ | مشکوٰۃ وترمذی شریف کی بسم اللہ | ۲۶۲ |
| ۲۹۴ | ایک مقولہ اور اس کی شرح | ۲۶۳ |
| ۲۹۵ | ایک خواب کی تعبیر | ۲۶۴ |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۹۶ | حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوریؒ | ۲۶۶ |
| ۲۹۷ | قرآن وسنت سے عشق | ۲۶۷ |
| ۲۹۸ | مثالی مدرسہ قرآن | ۲۶۸ |
| ۲۹۹ | صبغۃ اللّٰہی مکتب | ۲۷۰ |
| ۳۰۰ | مسجد نبوی کا نقشہ | ۲۷۱ |
| ۳۰۱ | انعام خداوندی کا عجیب واقعہ | // |
| ۳۰۲ | صبر وتحمل | ۲۷۳ |
| ۳۰۳ | دل جوئی اور مدارات | ۲۷۴ |
| ۳۰۴ | زہر دینے والے حکیم کی دلجوئی | // |
| ۳۰۵ | سفر حج میں رفقاء کی دلداری | ۲۷۵ |
| ۳۰۶ | بیٹا بیمار ہے مگر رفیقوں کا خاص خیال | ۲۷۶ |
| ۳۰۷ | لختِ جگر عبدالرشید کا انتقال | ۲۷۸ |
| ۳۰۸ | حق وباطل کی معرفت کا معیار | ۲۷۹ |
| ۳۰۹ | تواضع وخدمت خلق | ۲۸۲ |
| ۳۱۰ | احیاء سنت ونکاح بیوگاں | ۲۸۴ |
| ۳۱۱ | حضرت گنگوہیؒ اور شیخ الہندؒ سے محبت | ۲۸۹ |
| ۳۱۲ | ”عندالموت شوق لقاء اب“ والی حدیث پر اشکال مع جواب | ۲۹۰ |
| ۳۱۳ | حج وزیارت کا شوق | ۲۹۱ |
| ۳۱۴ | حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ سے طلب اجازت | // |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۱۵ | وصیت وہبہ کا اہتمام............ | ۲۹۲ |
| ۳۱۶ | حضرت سہارنپوری کا خواب............ | ۲۹۳ |
| ۳۱۷ | انتقال............ | ۲۹۴ |
| ۳۱۸ | حضرت گنگوہیؒ کے متوسلین سے محبت............ | ۲۹۵ |
| ۳۱۹ | حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحبؒ سے تعلق............ | ۲۹۶ |
| ۳۲۰ | مکتوب گرامی حضرت رائے پوریؒ............ | ۲۹۷ |
| ۳۲۱ | سفر حج میں ساتھ لے جانے پر اصرار............ | // |
| ۳۲۲ | پنجاب کے سفر کا واقعہ............ | ۲۹۸ |
| ۲۳۲ | حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب کی رائے پور کثرت سے آمد ورفت...... | ۲۹۹ |
| ۳۲۴ | مسجد باغ کے افتتاح کے لئے دعوت............ | ۳۰۰ |
| ۳۲۵ | حضرت شیخ الحدیث صاحبؒ سے تعلق............ | ۳۰۱ |
| ۳۲۶ | رائے پور پہلی حاضری............ | // |
| ۳۲۷ | رمضان کا اہتمام اور حضرت شیخؒ کے خط کا جواب............ | ۳۰۳ |
| ۳۲۸ | مکتوب گرامی حضرت رائے پوریؒ............ | ۳۰۴ |
| ۳۲۹ | رائے پور آمد پر حضرت رائے پوری کا اہتمام............ | // |
| ۳۳۰ | مدرسہ کی تنخواہ کے سلسلہ میں مشورہ............ | ۳۰۵ |
| ۳۳۱ | شفقت کا ایک اور واقعہ............ | ۳۰۶ |
| ۳۳۲ | ایک خواب اور اس کی تعبیر............ | ۳۰۷ |
| ۳۳۳ | مکتوب گرامی حضرت رائے پوریؒ............ | ۳۰۸ |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۳۴ | تعزیت نامہ............ | ۳۱۲ |
| ۳۳۵ | حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ سے متعلق بلند کلمات............ | ۳۱۴ |
| ۳۳۶ | حضرت رائے پوری ثانیؒ کی ایک خواہش............ | ۳۱۵ |
| ۳۳۷ | اجازت وخلافت کو حضرت رائے پوری ہی نے ظاہر فرمایا............ | // |
| ۳۳۸ | حضرت شیخ الحدیث صاحبؒ کا ایک خط اور حضرت رائے پوری کی طرف سے اس کا جواب............ | ۳۱۶ |
| ۳۳۹ | تمہاری محبت کھینچ لائی ہے............ | // |
| ۳۴۰ | حضرت شیخ کی وجہ سے پاکستان سے واپسی............ | ۳۱۷ |
| ۳۴۱ | دو لاکھ مرغیوں کا پر لطف واقعہ............ | // |
| ۳۴۲ | حضرت رائے پوری قدس سرہ کی طرف سے اچھے کپڑوں لحافوں کا تحفہ | ۳۱۸ |
| ۳۴۳ | ہوائی جہاز سے سفر کی وجہ............ | ۳۱۹ |
| ۳۴۴ | رائے پور آمد پر مسرت............ | ۳۲۰ |
| ۳۴۵ | تبصرہ............ | // |
| ۳۴۶ | مشائخ کے ساتھ ربط قلبی............ | ۳۲۲ |
| ۳۴۷ | اقوال واحوال شیوخ پر نظر............ | // |
| ۳۴۸ | حیات خلیل............ | ۳۲۴ |
| ۳۴۹ | اکابر اور اہل تعلق کے لئے ایصال ثواب............ | ۳۲۹ |
| ۳۵۰ | عمرہ وحج بدل کا معمول............ | ۳۳۰ |
| ۳۵۱ | اصل ہدیہ............ | ۳۳۲ |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۵۲ | حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا معمول | ۳۳۳ |
| ۳۵۳ | سلاسل اربعہ | ۳۳۵ |
| ۳۵۴ | صابریہ | // |
| ۳۵۵ | حضرت شاہ مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر کلیریؒ | // |
| ۳۵۶ | سلسلہ نسب | // |
| ۳۵۷ | صابر کا خطاب | ۳۳۶ |
| ۳۵۸ | ان کے قلب میں غیر اللہ کا گذر نہیں | // |
| ۳۵۹ | مزار پر شعلہ چمکنا | ۳۳۷ |
| ۳۶۰ | وفات | ۳۳۸ |
| ۳۶۱ | حضرت شیخ فریدالدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ | // |
| ۳۶۲ | اسم گرامی اور سلسلہ نسب | // |
| ۳۶۳ | ولادت باسعادت | ۳۳۹ |
| ۳۶۴ | بیعت | // |
| ۳۶۵ | بچپن میں کرامت کا ظہور | // |
| ۳۶۶ | گنج شکر کے ساتھ مشہور ہونے کی وجوہ | ۳۴۰ |
| ۳۶۷ | کثرت مجاہدہ | ۳۴۱ |
| ۳۶۸ | ڈاڑھی کے بال کا تعویذ | // |
| ۳۶۹ | حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے تعریفی کلمات | ۳۴۲ |
| ۳۷۰ | حضرت شیخ فریدالدین شکر گنجؒ کا مقولہ | ۳۴۳ |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۷۱ | دل تو یہاں دے رکھا ہے اور کہاں جاؤں | ۳۴۳ |
| ۳۷۲ | وفات | // |
| ۳۷۳ | خلفاء | ۳۴۴ |
| ۳۷۴ | شیخ خواجہ قطب الدین بختیاری کا کیؒ | // |
| ۳۷۵ | سلسلۂ نسب | // |
| ۳۷۶ | ولادت باسعادت | // |
| ۳۷۷ | تعلیم و تربیت | // |
| ۳۷۸ | بیعت وارشاد | ۳۴۶ |
| ۳۷۹ | معمولات | ۳۴۷ |
| ۳۸۰ | وفات | ۳۴۸ |
| ۳۸۱ | نماز جنازہ پڑھانے کے لئے شرط | // |
| ۳۸۲ | کاکی کے ساتھ مشہور ہونے کی وجہ | ۳۴۹ |
| ۳۸۳ | تاریخ وفات و مدت عمر | ۳۵۰ |
| ۳۸۴ | خلفاء | // |
| ۳۸۵ | حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ | ۳۵۱ |
| ۳۸۶ | ولادت | // |
| ۳۸۷ | ہندوستان میں سلسلہ چشتیہ کا افتتاح | // |
| ۳۸۸ | سلوک کی ابتداء | // |
| ۳۸۹ | اتباع سنت کا ایک واقعہ | ۳۵۲ |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۹۰ | خوارق وکرامات | ۳۵۳ |
| ۳۹۱ | قیام اجمیر شریف | ۳۵۴ |
| ۳۹۲ | جود وسخاوت | ۳۵۶ |
| ۳۹۳ | ارشادات | // |
| ۳۹۴ | وفات | ۳۵۷ |
| ۳۹۵ | خلفاء | // |
| ۳۹۶ | حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ سے اوپر کا سلسلہ اور ہر ایک کا مختصر تعارف | ۳۵۸ |
| ۳۹۷ | شجرہ چشتیہ صابریہ، امدادیہ، رشیدیہ، خلیلیہ | ۳۶۱ |
| ۳۹۸ | نقشبندی | // |
| ۳۹۹ | خاندان نقش بندیہ | ۳۶۲ |
| ۴۰۰ | حضرت شیخ قطب عالم شاہ عبدالقدوس صاحب قدس سرہ | // |
| ۴۰۱ | سُہروردی | ۳۶۷ |
| ۴۰۲ | حضرت خواجہ شیخ شہاب الدین قدس سرہ | // |
| ۴۰۳ | ابتدائی تعلیم | ۳۶۸ |
| ۴۰۴ | علوم باطنی | // |
| ۴۰۵ | ایک کرامت | ۳۶۹ |
| ۴۰۶ | قناعت پسندی | ۳۷۰ |
| ۴۰۷ | شیخ عبدالقدوس گنگوہی قدس سرہ سے اوپر سلسلہ سُہروردیہ حضرات کا مختصر تعارف | // |
| ۴۰۸ | قادری | ۳۷۴ |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۰۹ | حضرت غوث اعظم سید عبدالقادر جیلانی قدس سرہ | ۳۷۴ |
| ۴۱۰ | ولادت اور نسب | // |
| ۴۱۱ | مادرزاد ولی | // |
| ۴۱۲ | علوم ظاہری وباطنی کی تکمیل اور قطبیت کبریٰ | ۳۷۵ |
| ۴۱۳ | وعظ کی مقبولیت | ۳۷۶ |
| ۴۱۴ | حضرت غوث اعظمؒ کی بعض انمول وصیتیں | ۳۷۷ |
| ۴۱۵ | وفات کے قبل کی حالت | // |
| ۴۱۶ | شدت سکرات موت | ۳۷۹ |
| ۴۱۷ | وفات | ۳۸۰ |
| ۴۱۸ | پسماندگان | // |
| ۴۱۹ | قطعہ تاریخ ولادت ووفات | ۳۸۱ |
| ۴۲۰ | شیخ عبدالقدوس گنگوہی قدس سرہ سے اوپر کے حضرات کا سلسلہ قادریہ کا مختصر تذکرہ | // |
| ۴۲۱ | ماخذ | ۳۸۴ |
| ۴۲۲ | آتش عشق الٰہی | ۳۸۶ |
| ۴۲۳ | اکابر کے سوز وگداز کا نمونہ | ۳۸۹ |
| ۴۲۴ | حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ کا سوز وگداز | // |
| ۴۲۵ | حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب اور حضرت مدنی قدس سرہما کا سوز وگداز | // |
| ۴۲۶ | حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہ کا سوز وگداز | ۳۹۰ |
| ۴۲۷ | قطب عالم حضرت گنگوہی قدس سرہ کا سوز وگداز | ۳۹۱ |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۲۸ | گریہ کے غلبہ کا عجیب واقعہ | ۳۹۲ |
| ۴۲۹ | حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی قدس سرہ کا سوز وگداز | ۳۹۵ |
| ۴۳۰ | مقامات قرب وولایت بقدر عشق ومحبت | ۳۹۶ |
| ۴۳۱ | سید المرسلین محبوب رب العلمین صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت | ۳۹۸ |
| ۴۳۲ | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اصل ایمان ہے | // |
| ۴۳۳ | محبت کے لئے اطاعت لازم ہے | ۳۹۹ |
| ۴۳۴ | حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ کے قصیدہ کے اشعار | ۴۰۲ |
| ۴۳۵ | ترجمۂ اشعار | ۴۰۵ |
| ۴۳۶ | فراق دیار حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر حضرت شیخؒ کی حالت | ۴۰۶ |
| ۴۳۷ | درس وتدریس، تصنیف وتالیف میں تاثیر عشق | ۴۰۹ |
| ۴۳۸ | کمال عشق ومحبت کا اندازہ | ۴۱۰ |
| ۴۳۹ | مکتوب گرامی بنام سید ابوالحسن علی ندویؒ | ۴۱۲ |
| ۴۴۰ | اقدام عالیہ کی جانب عاشقانہ بیٹھنا | ۴۱۴ |
| ۴۴۱ | پانچویں حج کا واقعہ | // |
| ۴۴۲ | خاک طیبہ | ۴۱۶ |
| ۴۴۳ | کمال اتباع | ۴۱۷ |
| ۴۴۴ | حضرت شیخؒ کی امت پر رحمت وشفقت | ۴۱۹ |
| ۴۴۵ | قیام مدینہ منورہ کا ایک مقصد | ۴۲۰ |
| ۴۴۶ | حضرت شیخؒ کے مراتب عالیہ | ۴۲۱ |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۴۷ | حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی صحبت کیمیا اثر | ۴۲۲ |
| ۴۴۸ | ماہ صیام میں بارش الطاف کی زیادتی | ۴۲۳ |
| ۴۴۹ | خلوت در انجمن | // |
| ۴۵۰ | توجہ باطنی | ۴۲۴ |
| ۴۵۱ | پرنور چہرہ | // |
| ۴۵۲ | مضمون سابق کی دلیل | ۴۲۵ |
| ۴۵۳ | مقبولیت عامہ | // |
| ۴۵۴ | مجلس شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا نقشہ | ۴۲۶ |
| ۴۵۵ | توکل واعتماد | ۴۳۰ |
| ۴۵۶ | درس حدیث پر تنخواہ قبول نہ فرمانا | ۴۳۱ |
| ۴۵۷ | پہلا واقعہ | // |
| ۴۵۸ | دوسرا واقعہ | ۴۳۳ |
| ۴۵۹ | تیسرا واقعہ | ۴۳۵ |
| ۴۶۰ | چوتھا واقعہ | ۴۳۸ |
| ۴۶۱ | پانچواں واقعہ | ۴۴۰ |
| ۴۶۲ | توکل واعتماد سے متعلق حضرت شیخ قدس سرہ کا عجیب وغریب مضمون | ۴۴۱ |
| ۴۶۳ | ایک رئیس زادہ کا قصہ | ۴۴۲ |
| ۴۶۴ | شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا ایک واقعہ | ۴۴۴ |
| ۴۶۵ | تاج فقر اور سخاوت کی نرالی شان | ۴۴۸ |

| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۶۶ | جود وسخاوت سے متعلق صوفی اقبال صاحب کا بیان | ۴۴۸ |
| ۴۶۷ | حضرت غوث اعظم کا واقعہ | ۴۵۲ |
| ۴۶۸ | نگاہ میں حب رسول اور اس کی تاثیر | ۴۵۴ |
| ۴۶۹ | اخلاق حمیدہ اور اخلاق رذیلہ | ۴۵۶ |
| ۴۷۰ | سالک کا واصل ومجاز ہونا | ۴۵۷ |
| ۴۷۱ | اجازت کا نہ ہونا عدم قبولیت کی دلیل نہیں | ۴۵۹ |
| ۴۷۲ | حاجی عبدالرحمٰن میواتی رحمۃ اللہ علیہ | // |
| ۴۷۳ | مجمع ماہ مبارک | ۴۶۱ |
| ۴۷۴ | دعاء | // |
| ۴۷۵ | جود وسخاوت | ۴۶۲ |
| ۴۷۶ | رأفت بر خلقت | ۴۶۵ |
| ۴۷۷ | کمال اطاعت اور فنافی الرسول ہونا | ۴۶۷ |
| ۴۷۸ | حضرت گنگوہیؒ کا مقام | ۴۶۹ |
| ۴۷۹ | شیخ قدس سرہ کا فیض عام | // |
| ۴۸۰ | خلق احسن | ۴۷۰ |
| ۴۸۱ | اوراد مبارکہ | ۴۷۶ |
| ۴۸۲ | فضائل ذکر | // |
| ۴۸۳ | غافلین کی ذکر کرنے کی فضیلت | ۴۷۸ |
| ۴۸۴ | پاس انفاس اور ذکر قلبی وغیرہ | ۴۸۱ |





| نمبر شمار | مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۸۵ | لطائف ستہ | ۴۸۱ |
| ۴۸۶ | ذاکر ومذکور کے درمیان ربط بے قیاس | ۴۸۲ |
| ۴۸۷ | غیر انسان اور غیر حیوان پر ذکر کا اثر | ۴۸۴ |
| ۴۸۸ | حضرت میانجی نور محمد قدس سرہ کا واقعہ | ۴۸۵ |
| ۴۸۹ | حضرت نانوتویؒ کے ذکر کا سانپ پر اثر | // |
| ۴۹۰ | حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کا سجدہ | ۴۸۶ |
| ۴۹۱ | اعتذار | ۴۸۸ |
| ۴۹۲ | نذر عقیدت | ۴۹۱ |


تمت وبالفضل عمت

# عرض مرتب

## ﴿طبع جدید﴾

**نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم: اما بعد**

مخدوم ومکرم حضرت مولانا محمد یوسف متالا صاحب دامت برکاتہم قطب عالم شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا محدث سہارنپوری ومہاجر مدنی نور اللہ مرقدہ کے تلمیذ رشید اور اجل خلفاء میں سے ہیں ان کو حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے یہاں محبوبیت ومقبولیت کا درجہ حاصل تھا حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے حکم پر برطانیہ تشریف لے گئے۔ اولاً بولٹن قیام فرمایا پھر بری میں دار العلوم کی بنیاد رکھی۔

ابتداء میں جب حضرت مولانا محمد یوسف متالا زیدمجدہم برطانیہ تشریف لے گئے وہاں کی یہ حالت تھی کہ کرتا پائجامہ، ٹوپی، پہننا بھی وہاں کے ماحول میں عظیم مجاہدہ تھا۔

اور حضرت مولانا موصوف زیدمجدہم اور ان کے رفقاء کی مساعی سے جو انقلاب آیا ہے اس کا کوئی تصور بھی نہیں کرسکتا تھا۔ الحمدللہ آج ایک ایک شہر میں کئی کئی دار العلوم۔ لڑکوں کے الگ، لڑکیوں کے الگ، خانقاہوں کا سلسلہ الگ مراکز تبلیغ الگ ہر ہر شہر میں عالیشان مساجد ہر جگہ علماء وحفاظ کی بڑی تعداد موجود، مدارس میں تعلیم وتربیت قابل رشک، علماء وحفاظ کے علاوہ بہت سے تاجر حضرات بھی جُبّے قُبّے میں، شرعی داڑھی، شرعی وضع قطع، کے ساتھ اوراد ووظائف کے پابند نظر آتے ہیں۔



یہ خوشگوار اسلامی انقلاب معمولی انقلاب نہیں یقیناً یہ عظیم انقلاب ہے اور یقیناً یہ قطب الاقطاب حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی توجہات عالیہ اور آ سحر گاہی ثمرہ ہے۔

اسی طرح قطب عالم حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے دیگر خلفاء جن کو دیگر ممالک جنوبی افریقہ، امریکہ، زمبیا، کنیڈا، فرانس وغیرہ جیسے ملکوں میں بھیجا ان حضرات کی مساعی اور حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی دعا برکت سے ان ممالک کا بھی الحمدللہ یہی حال ہے اور ان ملکوں میں بھی ایسا ہی عظیم اسلامی انقلاب آیا ہے اور یقیناً یہ سب حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کا عظیم کارنامہ ہے۔

اور یہ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے قطب عالم ہونے کا بین ثبوت ہے کہ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ نے ایسے رجال اور افراد تیار فرمایئے جو اپنی اپنی جگہ ایسے عظیم کارنامے انجام دے رہے ہیں کہ ان کے تعارف کے لئے بھی مستقل تصنیف کی ضرورت ہے۔

حضرت مولانا محمد یوسف متالا صاحب زیدمجدہم کی دعوت پر فقیہ الامت حضرت اقدس مفتی محمود حسن گنگوہی نور اللہ مرقدہ برطانیہ بغرض علاج چشم تشریف لے گئے اسی موقع پر حضرت مولانا محمد یوسف متالا صاحب زیدمجدہم نے حضرت فقیہ الامت نور اللہ مرقدہ سے درخواست اور فرمائش کی کہ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے اوصاف وکمالات کو اشعار میں بیان فرمادیں۔ حضرت فقیہ الامت نور اللہ مرقدہ کو حق تعالیٰ شانہ نے دیگر اوصاف وکمالات ظاہری وباطنی کے ساتھ فی البدیہ شعر گوئی کی عجیب قدرت وندرت سے بھی نوازا تھا۔ چنانچہ حضرت موصوف زیدمجدہم کی فرمائش کے مطابق حضرت فقیہ الامت نور اللہ مرقدہ نے حضرت شیخ

الحدیث نور اللہ مرقدہ کے اوصاف عالیہ کو فارسی اشعار میں منظوم بیان فرمایا اور حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی اس وقت چوراسی برس کی عمر تھی اسی کے مطابق چوراسی اشعار بیان فرمائے اور ان اشعار میں حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے ظاہری باطنی اوصاف وکمالات کے ساتھ، خاندانی اہم شخصیات اور حضرات اکابر کی خدمات، نیز حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی تدریسی و تصنیفی تالیفی، تبلیغی خدمات، صحبت ومجالس کی تاثیر، عشق الٰہی عشق نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام اصلاح امت کی فکر اور بے قراری جیسے اوصاف عالیہ کو دلپذیر انداز میں بیان فرمایا اور گویا دریا کوزہ میں بھر دیا۔

حق تعالیٰ شانہ کا لاکھ لاکھ شکر واحسان کہ اس نے اس ناچیز وناکارہ کو محض اپنے فضل وکرم سے حضرت فقیہ الامت نور اللہ مرقدہ کی زیر نگرانی اس کے ترجمہ وتشریح کی توفیق عطا فرمائی اور حضرت فقیہ الامت نور اللہ مرقدہ کے مشورے برابر شامل حال رہے اور ہر ہر موقع پر حضرت فقیہ الامت نور اللہ مرقدہ سے رجوع کیا جاتا رہا اور حضرت فقیہ الامت نور اللہ مرقدہ اصلاح اور رہنمائی فرماتے رہے اس طرح اس کے ترجمہ وتشریح کی تکمیل ہوکر ۱۳۹۸ھ میں اول مرتبہ اس کی اشاعت ہوئی۔

اور حق تعالیٰ شانہ کا فضل وکرم اور دونوں اکابر حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ اور فقیہ الامت حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ کی برکت ونسبت کہ کتاب ایسی مقبول ہوئی کہ چند روز میں ختم ہوگئی خود حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ نے چار سو یا پانچ سو نسخے خرید کر اپنے مخصوص احباب وتلامذہ کو تقسیم فرمائے جس کی وجہ سے حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے دیگر متعلقین نے بھی حسب حیثیت نسخے خریدے اور اپنے اپنے احباب و متعلقین کو ہدیہ کئے اور الحمد للہ کتاب بہت پسند کی گئی



اور حضرات اکابر نے اپنی دعاؤں سے نوازا۔

## انعام عظیم

اس ناکارہ ناچیز کے لئے حق تعالیٰ شانہ کا خاص انعام اور فضل یہ ہوا کہ ہردو حضرات فقیہ الامت حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ اور حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی قلبی دعائیں اور توجہات خاصہ بندہ ناچیز کو حاصل ہوئیں ''فالحمد للہ علی ذالک''۔

## کچھ یادیں اور نقوش

حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی بار بار زیارت نصیب ہوئی جمال بھی دیکھا جلال بھی دیکھا یادوں کے بہت سے نقوش ذہن میں موجود ہیں جی چاہتا ہے ان میں سے بعض کو نقل کردوں اس لئے کہ ان اکابر کا کچھ بھی تذکرہ نفع سے خالی نہیں۔

## پہلی زیارت

حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی پہلی زیارت تیرہ چودہ برس کی عمر میں ہوئی بندہ مفتاح العلوم جلال آباد میں ابتدائی فارسی کی جماعت میں زیر تعلیم تھا حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی سفر حج سے واپسی دہلی سے اکثر براہ کاندھلہ ہوا کرتی تھی اور کاندھلہ سے سہارنپور جاتے ہوئے راستہ میں جلال آباد واقع ہے اور مدرسہ مفتاح العلوم لب سڑک ہی ہے اس لئے سفر حج سے واپسی جب براہ کاندھلہ ہوتی تو حسب موقع کبھی مدرسہ مفتاح العلوم میں بھی تشریف آوری ہوجایا کرتی اس دفعہ بھی ایسا ہی

موقع تھا اچانک تشریف آوری ہوئی مدرسہ میں شور ہوا حضرت شیخ الحدیث تشریف لا رہے ہیں چنانچہ حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ اپنے رفقاء کے ساتھ مدرسہ تشریف لائے اور تشریف لاتے ہی دار الحدیث میں پہونچ گئے پہونچے طلباء فوراً اطلاع پاتے ہی ذوق وشوق کے ساتھ دوڑتے ہوئے دار الحدیث میں جمع ہو گئے تمام اساتذہ بھی تقریباً تشریف لے آئے حضرت جی نور اللہ مرقدہ بھی مکان سے تشریف لے آئے یہ ناکارہ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے بالکل قریب ہی سامنے بیٹھا تھا اور حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے برابر میں حضرت مولانا محمد یوسف صاحب کاندھلویؒ قدس سرہ امیر تبلیغ تشریف فرما تھے حضرت مولانا قدس سرہ پر دعوت وتبلیغ کا غلبہ ہی نہیں بالکل فنا فی التبلیغ اور سراپا دعووت وتبلیغ تھے۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانی تھے۔ اصلاح امت کی فکر میں بے چین وبے قرار رہتے تھے طلباء کے جمع ہوتے ہی ایک دم بیان کے لئے کھڑے ہو گئے جب حضرت مولانا قدس سرہ بیان کے لئے اٹھ رہے تھے حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ نے فرمایا۔

میرے یار تھوڑی دیر تقریر کرنا تو تو دعا ہی میں ڈیڑھ گھنٹہ لگادے گا۔

سادہ زبان پیارا اور شفقت بھرا لہجہ۔

حضرت مولانا محمد یوسف صاحب نور اللہ مرقدہ نے بیان میں تین چیزیں ارشاد فرمائیں علم، عمل، دعوت، بیان کے بعد دعا بھی حضرت مولانا مرحوم ہی نے کرائی بیان اور دعا کے بعد سب طلباء کا مصافحہ ہوا اور یہ نورانی قافلہ روانہ ہو گیا۔

حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ اس وقت دو آدمیوں کے کندھوں پر سہارا لے کر چل رہے تھے پیر گھسیٹ رہے تھے یہ روحانی منظر اس ناکارہ نے زندگی میں پہلی مرتبہ دیکھا۔ اور حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی بندہ کی یہ پہلی زیارت تھی۔



## دوسری زیارت

دوسری زیارت بھی جلال آباد ہی ہوئی ایک دو سال بعد حج سے واپسی پر ہی مدرسہ میں تشریف آوری ہوئی دو کاریں تھیں مگر اتفاق کہ مدرسہ کے دروازے پر کچھ مٹی وغیرہ اس طرح پڑی تھی کہ گاڑی اندر نہیں آسکتی تھی اور گاڑی کے بغیر دار الحدیث تک تشریف آوری معذوری کی وجہ سے مشکل تھی مٹی کو ہٹانے کی کوشش بھی کی گئی مگر اس میں کافی دیر لگ گئی اس لئے دروازہ سے ہی کاریں واپس ہو گئیں کاریں سڑک پر پہونچ گئیں تھیں مگر دیکھا کہ طلباء زیارت کے شوق میں دوڑے چلے آرہے ہیں چنانچہ کاریں رک گئیں اور طلباء نے وہیں سڑک پر پہونچ کر کار میں بیٹھے ہوئے مصافحہ کیا حضرت شیخ کے ساتھ کئی بزرگ اور بھی تھے مگر اب باقی حضرات کے نام یاد نہیں رہے۔

حضرت جی مولانا مسیح اللہ نور اللہ مرقدہ بھی اطلاع پاتے ہی مکان سے مدرسہ تشریف لے آئے مگر مدرسہ کے نصف صحن میں پہونچے تھے صورت حال اور واپسی کی خبر معلوم ہو کر کافی احساس ہوا۔ اور پھر مکان واپس تشریف لے گئے۔ غالباً پھر اس کی تلافی کے لئے سہارنپور جا کر ملاقات فرمائی۔

## تیسری زیارت اور مسلسلات میں شرکت

حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے یہاں ختم مسلسلات کا بہت اہتمام تھا اور دور نزدیک مدارس کے بہت سے طلباء شریک ہوا کرتے تھے بندہ کی بھی دورہ کے سال مسلسلات کے ختم میں شرکت کے لئے سہارنپور حاضری ہوئی۔ سہارنپور اور مظاہر العلوم میں یہ بندہ کی پہلی حاضری تھی دار الحدیث میں مسلسلات کا ختم ہو رہا تھا پورا دار الحدیث بلکہ باہر صحن تک کافی بھرا ہوا تھا۔ عجیب روحانی منظر تھا عبارت ہو رہی تھی کہیں

کہیں حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کچھ کلام فرماتے تھے۔ ختم مسلسلات کے بعد مصافحہ کا سلسلہ شروع ہوا مجمع زیادہ اس میں بھی بعض بدعنوانی کرتے ہیں دارالحدیث میں ایک زور کی دھم۔ کی آواز آئی طلباء متوجہ ہوئے کہ کیا ہوا کیسی آواز۔ معلوم ہوا کسی نے مصافحہ میں حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کا ہاتھ پکڑ کر چھوڑا نہیں حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ نے ایک ہاتھ سے اس کا ہاتھ پکڑا اور دوسرے ہاتھ سے اس کی کمر پر زور سے دھول رسید کیا یہ اس کی آواز تھی۔ مسلسلات میں شرکت کے بعد بندہ فوراً جلال آباد واپس ہوگیا یہ تیسری زیارت تھی جس میں ختم مسلسلات میں شرکت کی سعادت بھی میسر آگئی۔ "فالحمد للہ علی ذالک"۔

## چوتھی زیارت

۱۳۹۲ھ میں یہ ناکارہ تمرین افتاء کے سلسلہ میں دارالعلوم دیوبند میں حضرت فقیہ الامت نور اللہ مرقدہ کی خدمت میں تھا۔ صبح ۹؍۱۰ بجے کے قریب دارالافتاء میں آکر کسی نے اطلاع دی کہ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ تشریف لائے ہیں مزار قاسمی میں ہیں حضرت مفتی صاحب اور دیگر تمام مفتیان، طلباء دارالافتاء اور دارالعلوم کے دیگر بہت سے اساتذہ طلباء زیارت کے شوق میں مزار قاسمی پہونچے حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ، شیخ الاسلام حضرت مدنی نور اللہ مرقدہ کے مزار کے قریب مراقب چہار زانو گردن جھکائے بیٹھے ہیں سر اور چہرہ پر رومال پڑا ہوا ہے۔

حضرت شیخ الحدیث قدس سرہ بالکل بے حس وحرکت ہیں اور پورا مجمع ذکر جہری میں مشغول ہے تیرہ تسبیح کا ذکر پورا کیا حضرت برابر مراقب ہیں دوبارہ ذکر شروع کیا سہ بارہ شروع کر کے ختم کیا مگر حضرت برابر مراقب ہیں لوگ ذکر کرتے



کرتے تھک گئے اور پھر ادھر اُدھر منتشر بھی بہت سے ہوگئے مگر حضرت نے دوڈھائی گھنٹہ کے بعد سر اٹھایا آنکھیں بالکل سرخ تھیں اور پورا گریبان آنسوؤں سے تر تھا یہ چوتھی زیارت تھی مگر اس کے بعد اپنے حضرت فقیہ الامت نور اللہ مرقدہ کی ہمرکابی میں بارہا سہارنپور حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی خدمت میں حاضری کی سعادت میسر آئی اور اس وقت کے بہت سی یادوں کے نقوش ذہن میں گھوم رہے ہیں۔

## حضرت فقیہ الامتؒ کا معمول اور کمال ادب

فقیہ الامت قدس سرہ کا ہر جمعرات کو دیوبند سے سہارنپور تشریف بری جمعہ بعد واپسی کا مستقل معمول تھا جس میں بلا سخت قوی عذر کے کبھی تخلف نہیں ہوتا تھا۔

حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ کی اپنے شیخ کے دربار حاضری میں کس کمال ادب اور کمال تواضع کے ساتھ ہوتی تھی آج تک گویا نظروں کے سامنے ہے۔

مکان کے قریب پہونچنے پر اپنا تھیلہ تک اپنے ہاتھ میں لے لیتے خادم کے ہاتھ میں ہونا گوارا نہ فرماتے تاکہ یہ حاضری بالکل خادمانہ حاضری ہو۔

## خصوصی مجلس میں شرکت

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کی ہمرکابی کی وجہ سے کبھی کبھی خصوصی مجلس میں بھی شرکت ہوجاتی جو حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی چارپائی کے قریب بالکل سامنے پردہ کے اندر ہوتی تھی جس میں صرف اکابر اور خواص ہی ہوا کرتے تھے حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ اپنی چارپائی پر تشریف فرما ہوتے حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ اپنے شیخ کے سامنے انتہائی ادب وتعظیم کے ساتھ ایک پیر کھڑا کر کے ایک زانو ہی پر بیٹھتے یا زیادہ سے زیادہ کبھی دوزانو اسی ہیئت پر گردن جھکائے دیر

تک خاموش بیٹھے رہنا اب تک نظروں کے سامنے ہے۔

## خصوصی کھانے میں شرکت

کبھی کبھی حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ کی ہمرکابی کی وجہ سے حضرات خواص کے ساتھ کھانے میں بھی شرکت ہوجاتی ورنہ تو کبھی ایسا بھی ہوتا کہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کو حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے طلب فرمایا اور یہ ناکارہ بھی حضرت مفتی صاحب کے ہمراہ ہے حضرت مفتی صاحب اپنے ہمراہ لئے جارہے ہیں اندر دروازہ پر پہونچ کر حضرت مفتی صاحب کو اندر لے لیا اور خادم نے اس ناکارہ کو دروازہ پر روک دیا کہ بس بس صرف حضرت مفتی صاحب جاسکتے ہیں اور حضرت مفتی صاحب قدس سرہ شیخ کے خادم کا بھی اتنا ادب فرماتے کہ کچھ نہ بولتے اور یہ ناکارہ واپس ہوکر باہر عام دسترخوان پر کھانا کھاتا۔ اور اس دھکّے مکّے میں بھی بڑا لطف آتا اور اس ناکارہ کے لئے تو عام دسترخوان پر بھی کھانے میں شرکت بڑی سعادت مندی تھی۔

عمومی ملاقات وزیارت کا وقت مقرر تھا وقت مقررہ پر ہی عوام کی زیارت ہوسکتی تھی مشتاقین کا ہجوم ہوتا زیارت کے وقت مکان کے باہر دفتر والی مسجد تک لمبی لائن لگ جاتی اور تیزی کے ساتھ زیارت اور مصافحہ کے بعد واپس ہوتے رہتے اخص الخواص حضرات کو خصوصی طور پر خلوت کا وقت دیا جاتا تھا۔

## تکبیر اولیٰ کا اہتمام

حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے یہاں بیماری کی حالت میں بھی نماز کا بہت اہتمام تھا۔ مسجد میں باجماعت صف اول میں تکبیر اولیٰ کے ساتھ نماز ادا فرمایا کرتے۔ نمازوں ۔ کے اوقات میں حضرت شیخ الحدیث قدس سرہ کو خدام وہیلچیر پر مسجد



بہت تیزی سے لاتے لے جاتے اس وقت بھی مشتاقین راستہ میں مسجد میں زیارت کیا کرتے۔

نماز میں محویت بھی قابل دید ہوا کرتی۔

## مجلس ذکر میں شرکت

فجر بعد مکان پر ہی مجلس ذکر ہوتی پورا مجلس خانہ ذاکرین سے بھر جاتا ذکر کا عجیب سماں ہوتا بعض حضرات پر ذکر کے دوران خاص کیفیت طاری ہوتی اور ان کے ذکر سے دوسروں کو بھی لذت محسوس ہوتی بعض حضرات گھنٹوں ذکر میں مشغول رہتے۔

ذکر کے بعد چائے ہوتی مجمع اگر زیادہ ہوتا تو ہر ایک کو اس کے ہاتھ میں ہی چائے کی پیالی اور ایک ایک بسکٹ دے دیا جاتا۔

بعض ذاکرین اس وقت بھی ذکر میں مشغول ہوتے۔

## گیارہ بجے مجلس

جمعہ کے روز صبح گیارہ بجے دفتر والی مسجد میں مسجد کے دائیں جانب مجلس ہوا کرتی اس مجلس میں بھی کبھی کبھی شرکت ہوجاتی۔

اس مجلس میں حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ ڈاک وغیرہ بھی لکھواتے کسی کو کچھ پوچھنا ہوتا وہ پوچھ بھی لیتا کبھی کچھ دیر کتاب بھی سنائی جاتی اور حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ حسب موقع کچھ ارشاد بھی فرماتے رہتے۔

## ریش تراش پر ڈانٹ

اسی مجلس میں ایک دفعہ ایک شخص ریش تراش سامنے بیٹھا تھا حضرت شیخ

نور اللہ مرقدہ جھکائے بیٹھے رہے وہ شخص شوق میں آگے آکر بالکل سامنے آبیٹھا اس وقت حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ برداشت نہ فرما سکے اور زور سے اس کو ڈانٹا اور سامنے سے دور بھگایا اس وقت معلوم ہوا کہ دیر تک سر جھکائے رکھنے کی وجہ یہ تھی کہ ریش تراش کے چہرہ پر نظر کرنا برداشت نہیں تھا ڈانٹ کا وہ منظر بھی عجیب تھا اور حاضرین پر اس کا خاص اثر تھا۔

## خاص کیفیت

ایک دفعہ اسی گیارہ بجے والی مجلس میں اپنے حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کی ہمرکابی میں شریک مجلس تھا کہ کسی موقع پر حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے حاضرین کی طرف کیا خاص توجہ فرمائی کہ دفعۃً حاضرین کے قلوب میں ایک بجلی سی کوندگئی جس کو اکثر حاضرین نے محسوس کیا عین اس کیفیت کے وقت میرے حضرت اقدس مفتی صاحب قدس سرہ نے اس ناکارہ کو دیکھا اور اس خاص کیفیت کی طرف گویا اشارہ فرمایا۔

نگاہوں سے بھردی دل وجاں میں بجلی
نظر کردہ برق تپاں ہو رہا ہے
وہ لوٹ پوٹ ہی دیکھا نگاہ کی جس پر
کسی کے بس کا تیرا تیر بے کماں نہ ہوا

## رمضان المبارک میں حاضری

اپنے حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ کی ہمرکابی میں کبھی کبھی ماہ مبارک میں بھی سہارنپور حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی خدمت میں حاضری کی سعادت میسر آئی ہے۔



حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کا معتکف مدرسہ مظاہر علوم کی مسجد جدید کے دائیں جانب اگلی صف میں ہوتا تھا اور حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ کے لئے اس کے بالمقابل بالکل بائیں جانب اگلی صب میں بستر خالی ہوتا تھا حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ جمعرات کو تشریف لاتے اسی اپنی جگہ پر قیام فرماہوتے اگلی صفوں میں خواص ہوتے باہر عوام کا مجمع ہوتا مسجد اوپر نیچے حوض تک کچھا کچھ بھری ہوتی دائیں بائیں جانب سہ دریاں بھی پُر ہوتیں بہت سے حضرات مسجد میں جگہ نہ ہونے کی وجہ سے مدسہ کے حجروں میں مقیم ہوتے حضرت مولانا منور صاحب قدس سرہ منتظم خانقاہ معتکفین کو جگہ تقسیم کرنے والے اور ان کے نگراں بھی حضرت مولانا منور صاحب نور اللہ مرقدہ پر جلال غالب ہوتا گویا نظام فاروقی ہوتا ہر کسی کو حضرت مولانا مرحوم سے بات کرنے کی ہمت بھی نہ ہوتی۔ حضرت مولانا معین الدین مرادآبادی مرحوم اپنے مخصوص انداز اور لہجہ میں کتاب پڑھتے جس سے عجیب وغریب سماں بندھ جاتا۔

حضرت مولانا سلمان صاحب زید مجدہم عموماً تراویح میں اپنے مخصوص انداز میں قرآن پاک سناتے موصوف پر کبھی گریہ غالب ہوتا تو پورے مجمع پر اس کا اثر ہوتا اور پورا جمع بے خود ہو جاتا۔

تراویح کے بعد معمولات سے فارغ ہو کر حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کبھی اپنے ملفوظات سے نوازتے اور حضرات اکابرین سے کسی کا بیان بھی ہوتا اور اجتماعی دعا بھی بہت اہتمام سے ہوتی۔ اور حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ آنے والوں سے اسی وقت مصافحہ بھی فرماتے پھر فجر بعد جانے والوں سے مصافحہ فرماتے اس کے علاوہ دوسرے اوقات میں حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ سے ملاقات نہیں ہوتی تھی اخص الخواص البتہ ایک دو منٹ بندے کی ملاقات کر سکتے تھے اس ناکارہ کو بھی اپنے حضرت

مفتی صاحب نوراللہ مرقدہ کی ہمرکابی میں عصر بعد مختصر ملاقات ومصافحہ ودرخواست دعا کی سعادت میسر آئی حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ ہمہ وقت تلاوت کلام پاک میں مشغول رہتے اور عجیب محویت ہوتی۔

## دسترخوان

حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کے یہاں ماہ مبارک میں بھی دو دسترخوان ہوتے تھے خواص کا الگ عوام کا الگ عوام کے دسترخوان پر بھی بہترین کھانا ہوتا تھا مگر خواص کے دسترخوان پر کم مرچ کا سالن بھی بطور خاص ہوتا تھا۔

جب کھانے کا وقت ہوتا حضرت مفتی صاحب سے الگ ہوکر چپکے سے عوام کے دسترخوان پر جاکر کھالیتا تھا چونکہ اپنے کو اسی لائق سمجھتا تھا کھانے کے بعد حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کبھی دریافت فرماتے کھانا کہاں کھایا تم کو تلاش کرایا تھا بندہ عرض کردیتا پھر کچھ نہ فرماتے کبھی جب بندہ جانے لگتا حضرت کی نظر پڑجاتی تو وہیں روک لیتے کبھی کوئی تلاش کرنے والا آجاتا اور بندہ کو خواص کے دسترخوان پر لے جاتا مگر جو لطف عام دسترخوان پر ہوتا وہ عجیب ہوتا۔

## خصوصی دعوت

حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کے یہاں یہ بھی معمول تھا کہ کوئی شخص حج یا عمرہ کے سفر سے واپس آتا اور وہ ملاقات کے لئے حاضر ہوتا اس کی خصوصی دعوت فرمایا کرتے کہ عام کھانے کے علاوہ اس کے لئے مٹھائی وغیرہ کا اہتمام بھی فرمایا کرتے جو حق تعالیٰ شانہ اور حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مہمان ہونے کی نسبت کے حق کی ادائے گی ہوتی تھی۔



اس ناکارہ کو بھی تقریباً دو مرتبہ اس کا شرف حاصل ہوا۔

بندہ حج سے واپسی پر بغرض ملاقات حاضر ہوا اور حضرت قدس سرہ کو سفر حج سے واپسی کا علم ہوا تو کسی خادم کے ذریعہ کھانے کے ساتھ مٹھائی وغیرہ کا اہتمام کرایا اسی وقت خادم کے ذریعہ حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کے اس خاص معمول کا علم ہوا۔

## سہارنپور قبرستان حاضری

حضرت شیخ الحدیث نوراللہ مرقدہ کا معمول جمعہ کے روز قبرستان اپنے والد صاحب حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب نوراللہ مرقدہ کے مزار پر حاضری کا بھی تھا اس وقت بہت سے مہمان بھی قبرستان پہونچ جایا کرتے اس ناکارہ کو بھی بعض دفعہ یہ سعادت میسر آئی۔

## رائے پور حاضری

حضرت شیخ الحدیث نوراللہ مرقدہ کا معمول ماہ مبارک کے بعد اکابر کے مزارات پر حاضری دینے کا بھی معمول تھا اس سلسلہ میں رائے پور بھی حاضری دیا کرتے۔

ایک مرتبہ یہ ناکارہ بھی عید کے فوراً بعد سہارنپور حاضر ہوا شب میں معلوم ہوا کہ علی الصباح حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا ارادہ رائے پور تشریف لے جانے کا ہے بہت سے مہمانوں نے رائے پور حاضری کا نظم بنالیا اور سہولت کے لئے آمد ورفت کے لئے ایک بس کرایہ پر کرلی یہ ناکارہ بھی ساتھ ہوگیا بہت سے اکابر بھی تھے خاص طور پر نظام الدین دہلی کے اکابر حضرت جی حضرت مولانا انعام الحسن صاحب نوراللہ مرقدہ بھی حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کے ہمراہ تھے۔

حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ اس وقت معذور تھے بیٹھنے پر بھی قدرت نہ تھی اعلیٰ حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کے پائنتیں کی جانب ایک چارپائی بچھا دی گئی حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ اس پر لیٹ گئے ایک چادر اوڑھ لی پورا مجمع ذکر میں مشغول ہوگیا کچھ دیر بعد حضرت مولانا انعام الحسن نور اللہ مرقدہ کی واپسی تھی چارپائی پر اسی طرح لیٹے ہوئے معانقہ فرمایا کہ حضرت مولانا انعام الحسن معانقہ کے لئے حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے اوپر لیٹ گئے حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ پر گریہ کا غلبہ تھا اور حضرت مولانا انعام الحسن صاحب نور اللہ مرقدہ پر بھی بہت گریہ طاری تھا ہر دو حضرات کے رونے کی آواز بھی تھی اور بدن بھی اچھل رہا تھا ہر دو حضرات پر جو کیفیت طاری تھی اس کو تو وہی حضرات جان سکتے ہیں بندہ نے اس طرح اچھلتے ہوئے رونے کی یہ کیفیت پہلی مرتبہ دیکھی۔

## میرٹھ تشریف آوری

سہارنپور سے دہلی جب میرٹھ کے راستہ سے تشریف بری ہوتی تھی تو حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی نور اللہ مرقدہ کی قبر پر ایصال ثواب کے لئے بھی تشریف لے جاتے تھے اہل شہر کو معلوم ہوجاتا تو زیارت کے لئے مشتاقین جمع ہوجایا کرتے اور زیارت مصافحہ فرمالیا کرتے ایک دو مرتبہ حاجی ننے کے یہاں کہ ان کا مکان لب سڑک تھا اور حاجی ننے صاحب حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے خاص لوگوں میں تھے ماہ مبارک بطور خاص سہارنپور گذارا کرتے تھے بلکہ سہارنپور خانقاہ میں کھانے کے منتظم بھی ہوا کرتے تھے اور انہوں نے حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے درخواست کر رکھی تھی اس لئے حاجی ننے کے مکان پر کچھ دیر کے لئے قیام ہوا اور مشتاقین جمع ہوگئے۔ اور



زیارت سے شرف ہوئے بندہ کو بھی حضرت مولانا مسعود الٰہی میرٹھی نور اللہ مرقدہ (جو حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادہ ہونے کے ساتھ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے خلیفہ بھی تھے) کی رفاقت میں باریابی کا شرف حاصل ہوا۔

## دہلی ائیر پورٹ پر حاضری

ایک دفعہ ہندوستان سے حجاز کو واپسی ہورہی تھی رخصت کے لئے بڑا مجمع دہلی ائیر پورٹ پر پہونچا تھا فقیہ الامت حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ اور دیگر اکابر بھی بڑی تعداد میں تھے عصر مغرب بھی دو نمازیں ائیر پورٹ پر بڑے مجمع کے ساتھ ہوئیں بندہ کو بھی وہاں حاضری وزیارت کا موقع میسر آیا۔

## انوار کی بارش

حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی زیارت الحمد للہ بہت مرتبہ ہوئی مگر ایک زیارت ہمیشہ یاد رہے گی۔ سفر حجاز سے واپسی ہوئی تھی مرکز تبلیغ حضرت نظام الدین کی مسجد سے متصل حضرت جی نور اللہ مرقدہ والے کمرہ میں قیام تھا زائرین حضرات ایک دروازہ سے داخل ہوکر زیارت وملاقات کے بعد دوسرے دروازہ سے واپس ہورہے تھے یہ ناکارہ بھی حاضر ہوا اس وقت حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے چہرہ مبارک پر جو انوار کی بارش تھی پورا کمرہ انوار سے بھرا ہوا محسوس ہورہا تھا ایسی کیفیت بندہ نے نہ پہلے کبھی دیکھی نہ بعد میں اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے کہ وہ کیا کیفیت تھی۔

## ایک یادگار ملاقات

وصف شیخ کی طباعت کے بعد کسی جمعرات کو سہارنپور تشریف لے جاتے ہوئے حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ نے بندہ کو اپنے ہمراہ جانے کا اشارہ فرمایا

بندہ حضرت کے ہمراہ سہارنپور حاضر ہوا وہاں حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ سے ملاقات کے وقت حضرت مفتی صاحب نے بندہ کا تعارف کرایا۔

اس نے وصف شیخ کا ترجمہ کیا ہے۔

حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ نے نظر اٹھا کر اس ناکارہ کو غور سے دیکھا کچھ ارشاد نہیں فرمایا۔

بعد میں حضرت مفتی صاحب نوراللہ مرقدہ سے کچھ فرمایا ہو تو فرمایا ہو باقی اس سے اتنا اندازہ ہوا کہ اس موقع پر حضرت مفتی صاحب نوراللہ مرقدہ اس ناکارہ کو اپنے ہمراہ حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کے ایماء پر لائے تھے۔ اور اس عاجز کے لئے یہ بھی بڑی سعادت ہے بشرطیکہ حق تعالیٰ شانہ کے یہاں قبول ہو جائے۔

اس کے علاوہ بھی حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کی زیارتیں ہوئیں چند کا یہاں ذکر کر دیا گیا۔

## طبع جدید

اس سے قبل وصف شیخ صرف دو مرتبہ طبع ہوئی اس کے بعد اکابر اور احباب کا برابر اصرار رہا مگر خیال تھا کہ آئندہ طباعت ہو تو نظر ثانی کے بعد اور کمپیوٹر پر کتابت کرا کر ہو اور دیگر اہم مشاغل کی بنا پر نظر ثانی کا موقع نہ مل سکا۔

اب حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کے صاحبزادہ محترم حضرت مولانا محمد طلحہ صاحب زید مجدہم کے حکم اور اصرار پر اس کی نظر ثانی اور بہت سے حذف و اضافہ کے بعد کمپیوٹر سے کتابت کرا کر اشاعت کی جارہی ہے اور کتاب کے مؤلف حضرت اقدس مفتی صاحب نوراللہ مرقدہ کا مختصر تذکرہ بھی شامل کر دیا گیا ہے حق تعالیٰ شانہ



قبول فرمائے اور طالبین کے لئے مفید و نافع بنائے اپنی رضا و خوشنودی اور اپنے قرب و محبت میں اضافہ کا ذریعہ بنائے آمین۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
وتب علینا انک انت التواب الرحیم
بحرمته حبیبک سیدر المرسلین
صلی اللہ تعالیٰ علیه وعلیٰ
آله واصحابه اجمعین
الی یوم الدین

محمد فاروق غفرلہ
خادم جامعہ محمودیہ علی پور ہاپوڑ روڈ میرٹھ یو، پی
۴؍صفر المظفر ۱۴۳۳ھ یوم الجمعہ

# فقیہ الامت حضرت اقدس مفتی محمود حسن گنگوہی قدس سرہ

نحمده ونصلی علیٰ رسوله الکریم: اما بعد

نام: محمود حسن
لقب: فقیہ الامت و مفتی اعظم ہند و دارالعلوم دیو بند
خاندان: ایوبی، انصاری
جدِ اعلیٰ: سیدنا حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ
وطن: گنگوہ

## جدِ بزرگوار

حاجی خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ خادم حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی قدس سرہ حضرت نانوتوی قدس سرہٗ سے بیعت تھے تہجد گزار، متبع سنت، اور اوراد واشغال کے پابند گوشہ نشین بزرگ تھے، صاحب دل وصاحب درد تھے۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہٗ کا رسالہ "دردنامہ غمناک" بہت کثرت سے پڑھتے تھے اور پڑھتے پڑھتے بہت رویا کرتے تھے۔ حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی پانچ سال کی عمر تھی کہ انتقال فرمایا "انا للہ وانا الیہ راجعون"۔

## والدِ بزرگوار

حضرت مولانا حامد حسن گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم دیو بند سے فراغت تھی حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کے مخصوص شاگرد تھے، شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہٗ کے ہمدرس تھے۔ ہزاروں حدیثیں حفظ تھیں امر بالمعروف



ونہی عن المنکر کا بہت غلبہ تھا۔ اگر کوئی واعظ کوئی روایت یا مسئلہ غلط بیان کرتا تو وعظ کے دوران ہی کھڑے ہو کر اس کی تردید فرماتے اور صحیح مسئلہ بیان فرماتے، وعظ ختم ہونے کا انتظار نہ فرماتے۔

## تقاریب میں شرکت

اہل قصبہ نکاح وغیرہ پڑھانے کا اصرار کرتے تو منظور فرمالیتے، تقاریب میں کوئی منکر دیکھتے اس کی اصلاح فرماتے، اگر اہل تقریب اصلاح کر لیتے تو ٹھیک ورنہ واپس تشریف لے آتے۔ نکاح کی اجرت کبھی نہ لیتے نہ کھانے میں شرکت کرتے۔

## احتیاط

احتیاط اس درجہ تھی کہ کبھی کسی کی دعوت قبول نہ فرماتے اگر کوئی گھر کھانا بھیج دیتا اس کو واپس نہ فرماتے البتہ نہ خود کھاتے نہ گھر والوں کو کھلاتے پڑوس میں ایک غریب شخص تھا اس کو دے دیتے۔ یہاں تک کہ مہتمم صاحب کی دعوت بھی قبول نہ فرماتے۔ کبھی کسی سے کوئی خدمت نہ لیتے۔ سادہ لباس پہنتے کہ کوئی نہیں پہچان سکتا تھا کہ یہ کوئی عالم ہیں۔ صبر وقناعت کی زندگی گزارتے جامع مسجد میں نماز پڑھاتے مگر کبھی اجرت نہ لیتے جب اجرت لینے پر اصرار کیا گیا، آبدیدہ ہو کر فرمایا "زندگی گذر گئی علم بیچ کر پیٹ پالتے پالتے، ایک نماز رہ گئی تھی وہ بھی پیسوں کی ہو جائے گی" اور فرمایا اگر زیادہ اصرار کیا تو میں نماز کسی اور مسجد میں پڑھ لیا کروں گا۔ غرض تنخواہ قبول کرنے کے لئے کسی طرح آمادہ نہیں ہوئے۔

مسجد کا لوٹا بھی استعمال نہ فرماتے، اپنا لوٹا لے کر جاتے اس سے

وضوفرماتے۔

## بیعت

حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت تھے۔

## استقامت

حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ نے نہٹور ایک مدرسہ میں بھیجا تھا پوری زندگی وہیں گزاردی تقریباً ۵۰ ربرس وہاں رہے۔

## وفات

۲۱ رمحرم الحرام ۱۳۷۱ھ کو انتقال فرمایا اور جس مکان میں حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ نے بٹھایا تھا اسی مکان سے جنازہ نکلا۔ نہٹور ہی میں تدفین ہوئی۔

## والدہ صاحبہ

بہت نیک صالحہ، پابند صوم وصلوۃ، خداترس بی بی تھیں، حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ساڑھے چار سال کی عمر تھی کہ انتقال فرمایا۔ "انا للہ وانا الیہ راجعون"۔

## ولادت باسعادت

حضرت مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی قدس سرہٗ خلیفہ ارشد حضرت خواجہ مرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے صحیح سو سال بعد اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی قدس سرہٗ کی وفات کے صحیح دو سال بعد اسی ماہ اسی تاریخ اور اسی دن یعنی ۹/۸ رجمادی الثانیہ ۱۳۲۵ھ بروز جمعہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہٗ کی ولادت باسعادت ہوئی۔



## بشارت

گنگوہ میں ایک مجذوب رہتے تھے۔ ان کو جب خبر ملی کہ حضرت مولانا حامد حسن رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں بچہ پیدا ہوا ہے تو مجذوب نے فرمایا "مولانا رشید احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا بدل آ گیا۔

## بسم اللہ

شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب قدس سرہٗ اور حضرت اقدس مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری قدس سرہٗ گنگوہ تشریف لائے ہوئے تھے اور بھی چند بزرگ اور علماء ہمراہ تھے دونوں اکابر کے ذریعہ حضرتؒ کی بسم اللہ کرائی گئی۔

## ابتدائی تعلیم

حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مکان کے قریب ہی حضرت گنگوہی قدس سرہ کی صاحبزادی صاحبہ صفیہ خاتون رحمہا اللہ کی بیٹھک میں مکتب قائم تھا اس میں حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی ابتدائی تعلیم ہوئی۔ حضرت صاحبزادی صاحبہ رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے "اگر عورت کو بیعت کی اجازت ہوتی تو میری صفیہ بیعت لیا کرتی۔" نیز فرمایا "الحمدللہ میری بیٹی کو دنیا کی محبت بالکل نہیں اور انصاف سے دیکھئے تو اصل ولایت یہی ہے۔"[1]

حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہٗ نے ایک دفعہ ارشاد فرمایا "بہن کے لطائف ستہ جاری ہیں مگر زبان سے کبھی ظاہر نہیں فرماتیں۔ صاحبزادی صاحبہ کو اس زمانہ کی رابعہ بصریہ کہا جائے تو حقیقت میں نازیبا نہیں۔"[2]

۱ تذکرۃ الرشید صفحہ ۳۳۷ ر ج: ۲ ۲ ایضاً

## حفظ کلام پاک

حافظ کریم بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ نابینا سے کلام پاک حفظ کیا ختم میں سترہ سطریں باقی تھیں کہ حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہوگیا تو پھر حافظ عبدالکریم امام جامع مسجد سے تکمیل فرمائی۔

## ابتدائی فارسی

حفظ کلام پاک کے بعد حضرت مولانا فخر الدین صاحب گنگوہی تلمیذ رشید حضرت مولانا مظہر نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ سے آمد نامہ کا ایک صفحہ اور بوستاں کے چند اشعار پڑھے۔

## نہٹور میں قیام

بعدہٗ حضرت کے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے ہمراہ نہٹور لے گئے وہاں مولانا امتیاز حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے آمد نامہ، حمد باری، مصدر فیوض، کریما، پند نامہ کتابیں پڑھیں۔ اور والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے میزان منشعب، مالا بدمنہ اور بوستاں کے چند اسباق پڑھے۔

## مظاہر علوم میں حاضری

۱۳۴۱ھ میں مظاہر علوم میں داخلہ لیا اور علم الصیغہ، فصول اکبری وغیرہ سے لے کر جلالین شریف تک کی کتابیں سات سال کے اندر پڑھیں۔

## دار العلوم میں قیام

۱۳۴۸ھ میں دار العلوم میں داخلہ لیا اور مشکوۃ شریف وغیرہ کتابیں پڑھیں



پھر دو سال میں دورۂ حدیث شریف کی تکمیل کی۔

## مظاہر علوم میں آمد

دار العلوم میں تین سال قیام فرما کر دورۂ حدیث شریف کی تکمیل کے بعد مظاہر علوم میں حضرت شیخ الحدیث قدس سرہٗ سے ابو داؤد شریف پڑھی اور حضرت مولانا عبد الرحمٰن کیمل پوری رحمۃ اللہ علیہ سے نسائی شریف اور ابن ماجہ شریف پڑھیں۔

## ایثار وقناعت

زمانہ طالب علمی میں ایک وقت کھانے کا معمول تھا اور ایک وقت کا کھانا کسی غریب طالب علم کو جس کا مدرسہ میں کھانا نہیں ہوتا تھا کھلاتے تھے ناشتہ کرنا جانتے نہیں تھے۔ زمانۂ طالب علمی کے بعد مدرسی کے زمانہ میں بھی مہمانوں کے ہجوم ہونے سے قبل تک یہی معمول تھا۔

## اعتماد اور توکل علی اللہ

ایک مرتبہ والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا کہ اگر کچھ ضرورت ہو تو لکھو، حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے پاس اس وقت دو پیسے تھے اور اس وقت کارڈ دو پیسے کا ہوا تھا ان ہی دو پیسوں کا کارڈ منگایا اور اس پر لکھا ''الحمد للہ مجھے کوئی ضرورت نہیں۔''

## زمانۂ طالب علمی میں ایک معمول

دار العلوم کے دور طالب علمی میں حضرت رحمۃ اللہ علیہ سمیت چار ساتھی ایک ساتھ کھانا کھاتے تھے مگر جب امتحان قریب ہوتا تھا تو آپس میں ہاتھ ملا لیا کرتے تھے

کہ اب امتحان کے بعد ملاقات ہوگی، کھانا سب الگ الگ کھالیا کریں۔

## شوق وطلب

مطالعہ کا ایسا ذوق وشوق تھا کہ ایک مرتبہ مدرسی کے زمانہ میں لالٹین جلا کر کمرہ بند کر کے مطالعہ میں مشغول ہو گئے، اچانک کمر دکھنے لگی لالٹین کو دیکھا کہ تیل ختم ہو گیا، گھڑی دیکھی تو معلوم ہوا کہ آٹھ گھنٹے ہو چکے۔ درمیان میں صرف نماز عشاء کے لئے اٹھنا ہوا۔

## پیدل سفر

زمانہ طالب علمی میں سہارنپور سے گنگوہ، گنگوہ سے سہارنپور عموماً پیدل سفر ہوتا تھا۔ ایک مرتبہ سہارنپور سے دیوبند، دیوبند سے سہارنپور کا سفر بھی پیدل فرمایا کہ کسی ضرورت سے دیوبند جانا تھا گاڑی میں دیر تھی اس لئے گاڑی کا انتظار کئے بغیر پورا سفر پیدل ہی فرمایا۔

## سفر میں تلاوت کلام پاک

بچپن سے کلام پاک کی تلاوت کا خاص ذوق تھا، سفر میں عموماً تلاوت کا معمول تھا۔ سہارنپور سے گنگوہ کے سفر کے دوران بیس، بائیس پارے ہو جاتے تھے۔

## سبق کی پابندی

سبق کی پابندی کا خاص اہتمام تھا۔ کبھی سبق ناغہ کرنے کا سوال ہی نہیں تھا چنانچہ بخاری شریف از اول تا آخر اس شان سے پڑھی کہ کسی سبق کی غیر حاضری نہیں ہوئی اور کوئی ایک حدیث بھی سبق میں نہیں چھوٹی۔ ایک دفعہ حضرت شیخ الحدیث



نور اللہ مرقدہ بیمار ہوئے عیادت کے لئے اجازت طلب کی اور یہ بھی لکھ دیا کہ دیوبند سے سہارنپور آنے جانے میں ایک سبق کا ناغہ ہوگا۔

حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے تحریر فرمایا ''ایک سبق تو بڑی چیز ہے ایک حدیث کا استاذ کے سامنے سے رہ جانا بھی میرے نزدیک ناقابل تلافی نقصان ہے۔'' اس لئے حضرت شیخ قدس سرہٗ کی عیادت کے لئے جانا ملتوی فرمادیا۔

## بیعت وتکمیل سلوک

اصلاح باطن کی فکر حضرت کو بچپن سے تھی زمانۂ طالب علمی ہی سے قصد السبیل دیکھ کر ذکر وغیرہ شروع فرمادیا تھا اور طالب علمی کے اخیر سالوں میں حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ سے باقاعدہ بیعت ہو گئے تھے۔

## انتخاب شیخ

اس وقت مشائخ کاملین میں حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ، امیر تبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ، شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت اقدس مولانا عبد القادر رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ یہ سب اکابر موجود تھے مگر ان سب کی موجودگی میں حضرت فقیہ الامت رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کا انتخاب کیا چونکہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ ان سب سے کم عمر تھے اور وجہ یہ تھی۔

﴿۱﴾ کہ حضرت شیخ کے ساتھ زمانہ زیادہ ملے گا اور اصلاح نفس واصلاح اخلاق زیادہ ہو سکے گی اس لئے اکابر مشائخ کے ہوتے ہوئے ان میں سب سے کمسن کو منتخب فرمایا۔

﴿۲﴾ دوسری وجہ یہ بھی ہوئی کہ بعض خواب دیکھے تھے جس کی وجہ سے حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی جانب میلان ورجحان زیادہ ہوا۔

﴿۳﴾ تیسری وجہ رجحان کی یہ ہوئی کہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہٗ دیگر مشائخ کی خدمت میں جب حاضر ہوتے تو دنیا سے بے رغبتی اور آخرت کی رغبت زیادہ ہوتی مگر اپنے عیوب پر پردہ پڑ جاتا۔ اور جب حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوتے تو اپنے عیوب سامنے ہوجاتے جس سے یہ خیال پختہ ہوگیا کہ میری اصلاح حضرت شیخ قدس سرہ کے ذریعہ ہوگی۔ ان سب وجوہات کی بنا پر حضرت شیخ نور اللہ مرقدہٗ کا انتخاب فرمایا۔

## فنافی الشیخ

فقیہ الامت حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا انتخاب بہت سوچ سمجھ کر کیا تھا اور مناسبت تامہ پہلے سے تھی اس لئے باقاعدہ بیعت ہونے کے بعد اپنے آپ کو حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے اس طرح حوالہ اور سپرد فرمادیا جس طرح مریض اپنے آپ کو معالج کے حوالہ کردیتا ہے کہ معالج جس طرح چاہے مریض کے اندر تصرف کرے مریض کو کوئی اعتراض نہیں ہوتا بلکہ معالج ہر تصرف پر دل سے خوش ہوتا ہے، اور اس کو اپنا محسن وخیر خواہ سمجھتا ہے۔ یا ”کالمیت فی ید الغسال“ جس طرح مردہ غسل دینے والے کے ہاتھ میں ہوتا ہے کہ وہ جس طرح چاہتا ہے کروٹ دیتا ہے، جس طرح چاہتا ہے پانی ڈالتا ہے میت کو کوئی اختیار نہیں ہوتا اسی طرح حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے آپ کو حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے اس طرح حوالہ کیا کہ گویا اپنا کوئی اختیار ہی باقی نہ رہا اور اپنے ہر کام کے لئے



حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے مشورہ کو ضروری جانا اور حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی مرضی ومنشا کے مطابق ہی اس کو انجام دیا اور اپنے آپ کو بالکلیہ مرضی شیخ میں فنا کر کے فنافی الشیخ کے درجہ پر فائز ہوگئے اور اس شعر کا مصداق بن گئے۔

سپردم بتومایۂ خویش را
تو دانی حساب کم وبیش را

میں نے اپنی پونجی آپ کے سپرد کردی۔ کم، زائد کا حساب آپ جانیں۔

اور یہ شعر آپ کے حسب حال ہوگیا۔

عاشقی چیست بگو بندۂ جاناں بودن
دل بدست دگرے دادن وحیراں بودن

عاشقی کیا ہے کہو محبوب کا غلام بن جانا۔ دل دوسرے کے ہاتھ میں دے دینا اور حیران ہوجانا۔

## حضرت شیخؒ کی عنایت وشفقت

اسی وجہ سے حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ وہ عنایت وشفقت کا معاملہ فرماتے کہ دیکھنے والے دیکھ کر حیران ہوتے۔

## دیگر اکابر سے استفاضہ

اسی غایت شفقت وعنایت کی بنا پر حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی خواہش ہوتی کہ حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ دیگر اکابر سے بھی پورے طور پر مستفیض ہوں۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں جب اکابر میں سے کسی کی تشریف آوری ہوتی تو حضرت شیخ نور اللہ مرقدہٗ بطور خاص حضرت مفتی صاحب قدس سرہٗ کو ان کی

خدمت میں رہنے اور ان سے مستفیض ہونے کی تاکید فرماتے خود ان حضرات کی خدمت میں جانے اور قیام کر کے اکتساب فیض کی تاکید فرماتے۔

## رائے پور میں قیام

چنانچہ اسی مقصد کے لئے رائے پور حضرت مولانا عبد القادر رائے پوری قدس سرہٗ کی خدمت میں بار بار حاضری ہوتی اور بعض مرتبہ طویل طویل قیام فرماتے۔

ایک مرتبہ تقریباً ڈھائی ماہ رائے پور قیام فرمایا اور حضرت رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کو اذکار و اشغال بتا کر (کہ جس میں چوبیس گھنٹہ کا تمام وقت گھیر دیا گیا تھا) خود سفر میں تشریف لے گئے۔

اس موقع پر حضرت مفتی صاحب قدس سرہٗ نے حضرت رائے پوری نور اللہ مرقدہ کو خط لکھا اور اپنے حالات کی اطلاع دی، اس میں یہ شعر بھی تحریر فرمایا۔

اے وائے بر اسیرے کہ از یاد رفتہ باشد
در دام ماندہ باشد صیاد رفتہ باشد

افسوس اس قیدی پر جو یاد سے نکل گیا ہو۔ جال میں رہ گیا ہو، صیاد چلا گیا ہے۔

## مرکز نظام الدین میں قیام

ایک موقع پر بانی تبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس دہلوی قدس سرہٗ کی وفات کے قریب تقریباً ایک ماہ حضرت دہلوی قدس سرہٗ کی خدمت میں قیام فرمایا۔

حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قیام حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے حکم اور تجویز کے مطابق ہی تھا۔



۲۳؍ جمادی الاولیٰ ۱۳۶۲ھ مطابق ۱۵؍ جون ۱۹۴۴ء میں میں آپ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے حکم سے حضرت مولانا محمد الیاس صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں تشریف لے گئے، مقصد سفر حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ میں یہ تھا۔

روانگی مفتی محمود نظام الدین فرستادہ زکریا بمد سلوک۔

دہلی کے اس زمانۂ قیام میں آپ عالی ہمتی کے ساتھ اپنے اشغال و معمولات میں مشغول رہے حضرت کی مجالس میں بھی اہتمام سے شرکت فرماتے۔

## اجازت وخلافت کا مطلب

اسی موقع پر ایک مرتبہ حضرت دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ مولوی محمود جانتے ہو مشائخ جو مجاز بنایا کرتے ہیں، اجازت دیا کرتے ہیں اس کا کیا مطلب ہوتا ہے، مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے انکار پر فرمایا کہ مطلب یہ ہے کہ طالب نے اپنے آپ کو شیخ کے سامنے فنا کر دیا، خدمت کرتے کرتے اپنا ارادہ اور اپنی رائے کو بالکل ختم کر کے پورے طور پر شیخ کے تابع ہو گیا، اپنی مرضی کو شیخ کے ماتحت کر دیا جب اس کے اندر اس کا رسوخ حاصل ہو گیا عاجزی اور تواضع کا مضمون پختہ ہو گیا تو پھر شیخ اس کو دعوت دیتا ہے کہ اچھا جو معاملہ تم نے عاجزی اور تواضع کا میرے ساتھ کیا اب میں اجازت دیتا ہوں کہ تمام مخلوق کے ساتھ یہی معاملہ کرنا جو تم نے اپنے شیخ کے ساتھ کیا ہے۔

آپ کے دہلی قیام کے ۲۹؍ دن بعد حضرت دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ہوا پھر آپ سہارنپور واپس تشریف لے آئے اور دوبارہ مظاہر علوم میں اپنی علمی فقہی اور درسی مشغولیات میں مصروف ہو گئے۔

## حضرت مدنیؒ سے اکتساب فیض

ایک دفعہ شیخ الاسلام حضرت مدنی قدس سرہ قیام فرما تھے اور حضرت والا نے بھی حسب حکم حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ حضرت مدنی قدس سرہٗ کی خدمت میں ہی رات گزاری، صبح کو چائے پیتے وقت اپنی چائے میں سے کچھ پی کر ارشاد فرمایا ''آج تو ہمارا جی چاہتا ہے کہ اپنی جھوٹی چائے مفتی محمود کو دیں'' اور یہ فرما کر چائے حضرت والا کو عنایت فرمانا چاہتے تھے کہ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے جلدی سے اپنے ہاتھ میں لے لی اور خود بھی اس میں سے ایک گھونٹ پی کر اور اس کو دو آتشہ بنا کر حضرت والا کو عنایت فرمائی۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی انہیں عنایات اور حضرات اکابر کی انہیں شفقتوں کی بنا پر ان تمام اکابر سے حضرت والا نے خوب اکتساب فیض کیا، ہر ایک کی صفات کو اخذ کیا جس کی وجہ سے گویا ان سب اکابر کی صفات کا مجموعہ جس کو عطر مجموعہ یا گلدستۂ گلہائے رنگارنگ کا مصداق کہنا چاہئے، ہو گئے۔

## خرقۂ خلافت

حضرت شیخ نور اللہ مرقدہٗ کے پاس ایک جبہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ کا عنایت فرمایا ہوا تھا جس کو حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری نور اللہ مرقدہ نے روضۂ اقدس علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام پر تین روز تک رکھا تھا عنایت فرمایا۔

حضرت والا قدس سرہٗ نے ایک موقع پر ارشاد فرمایا۔

''حضرت نے جبہ (مشلح) مرحمت فرمایا تھا اور بہت



اہمیت کے ساتھ فرمایا تھا کہ یہ حضرت سہارنپوری نور اللہ مرقدہٗ کا ہے انہوں نے اس کو تین روز تک روضۂ اقدس پر رکھا تھا اس کے بعد مجھے عنایت فرمایا، بہت بوسیدہ تھا میں نے اس کے نیچے ایک اور کپڑا لگوا لیا تھا، پس میں نے کبھی کبھی رمضان کے مہینہ میں اس کو پہن کر تنہائی میں دو رکعت پڑھی ہے اس کے بعد اٹھا کے رکھ دیا''۔

اس عطیہ شاہی کے بارے میں بجز اس کے کیا کہا جائے۔

ایں سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

یہ سعادت زور بازو سے نہیں۔ جب تک بخشنے والا خدا نہ بخشے۔

## اعتماد شیخ

حضرت شیخ نور اللہ مرقدہٗ کو حضرت والا قدس سرہٗ پر اس درجہ اعتماد تھا کہ اپنے ذاتی اور خصوصی معاملات بلکہ قلبی کیفیات حتی کہ سفر حرمین وغیرہ کے سلسلہ میں بھی حضرت والا قدس سرہٗ سے استخارہ کراتے، مشورہ لیتے اور اس پر حد درجہ اطمینان فرمایا کرتے۔

## اخوان طریقت کے امیر

قطب الاقطاب شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا صاحب نور اللہ مرقدہٗ کے اکابر خلفاء نے حضرت اقدس مفتی صاحب قدس سرہٗ کو اپنا بڑا بھائی اور امیر تسلیم کیا اور طے کیا کہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہٗ کے مشورہ کے خلاف نہیں کریں گے اس سلسلہ میں حضرت مولانا منور حسین صاحب شیخ الحدیث دار العلوم لطیفی کٹیہار، بہار،

خلیفہ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہٗ اپنا اور حضرت مولانا عبد الجبار صاحب قدس سرہٗ شیخ الحدیث مدرسہ شاہی مرادآباد دو خلیفہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ بیان فرماتے ہیں، ملاحظہ ہو۔

ایک مرتبہ حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا عبد الجبار صاحب رحمۃ اللہ علیہ تشریف فرما تھے ناکارہ کی موجودگی میں بعض بزرگوں کے خلفاء کے اختلاف کا تذکرہ آیا تو صحیح طور پر تو یاد نہیں البتہ اجمالاً یاد ہے کہ فرمایا۔

"تم لوگ مل جل کر کام کرتے رہو گے تو اختلاف پیدا نہیں کرو گے۔"

چنانچہ اس مجلس سے اٹھنے کے بعد میں نے مولانا عبد الجبار صاحب سے کہا "میں نے مفتی صاحب کو اپنا بڑا بھائی اور امیر تسلیم کرلیا ہے، انشاء اللہ ان کی رائے کے خلاف نہیں کروں گا۔" مولانا عبد الجبار صاحب نے بھی غالباً فرمادیا کہ "میں نے بھی انہیں امیر تسلیم کرلیا، انشاء اللہ خلاف نہیں کروں گا۔"[1]

## عشق الٰہی

حق تعالیٰ شانہ نے حضرت والا قدس سرہٗ کے قلب مبارک کو بچپن ہی سے اپنی محبت کے لئے خاص فرمایا تھا، گویا آپ کا خمیر ہی عشق و محبت کے جوہر خاص سے گوندھا گیا تھا جو تمام اجزاء و عناصر سے زیادہ مقدار میں تھا اور یہ شعر حضرت والا قدس سرہٗ کے حسب حال تھا۔

[1] حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی نور اللہ مرقدہٗ اور ان کے خلفاء کرام ص: ۸۸، ج: ۲۔



آدم کا جسم جب کہ عناصر سے مل بنا
کچھ آگ بچ رہی تھی سو عاشق کا دل بنا

حضرت والا قدس سرہٗ پر بچپن ہی سے وحدۃ الشہود کا غلبہ تھا کہ تمام کائنات کو حق تعالیٰ شانہ کی ذات و صفات کا آئینہ سمجھتے تھے اور مخلوق کے ہر ذرہ سے محبوب حقیقی تعالیٰ شانہٗ کے جمال جہاں آرا کا مشاہدہ کرتے تھے۔ ہمارے اس دعویٰ پر حضرت والا قدس سرہٗ کی وہ حمد شاہد ہے جو بچپن میں حضرت والا کی زبان سے نکلی جس نے کیفیات قلب کی ترجمانی کرڈالی۔

## حمد

ساخت بہر دید حسن خویشتن مرأۃ الجمال
آدمی وسبزہ زار وآسمان زر نگار
بے محابا دیکھنا ممکن نہیں ان کا جمال
لن ترانی کی صدائیں آرہی ہیں بار بار
نور مطلق کا ہے پرتو سب مجازی حسن پر
ورنہ کب ہے پیکر خاکی میں حسن تابدار
حسن عالم سوز کا جلوہ اگر مطلوب ہے
رہ خموش اور بند کر چشم سراپا انتظار

بچپن ہی میں حمد خداوندی کی شکل میں کچھ اشعار موزوں ہوکر ترجمان قلب بن جایا کرتے تھے، بعض اشعار ملاحظہ ہوں۔

جدھر دیکھتا ہوں ادھر تو ہی تو ہے
ترے نور کا پرتو چار سو ہے

سمندر میں طوفان بن کر نمایاں
پہاڑوں کی چوٹی پہ تیرا علو ہے
کسی کی جستجو ہے اور میں ہوں
طواف کو بہ کو ہے اور میں ہوں

اور جس کے بچپن کا یہ حال ہو مجاہدات کے بعد اس کا کیا حال ہوا ہوگا۔
حضرت والا قدس سرہٗ کا حال عشق خداوندی میں اس شعر کا مصداق ہے۔

گر مرا ہیچ نہ باشد نہ بدنیانہ بہ عقبیٰ
چوں تو دارم ہمہ دارم وگرم ہیچ نباید

اگر دنیا وآخرت میں سے مجھے کچھ بھی نہ ملے تو کوئی پرواہ نہیں جب تو میرا ہے سب کچھ مل گیا اب مجھے کچھ اور نہیں چاہئے۔
ایک صاحب کو والا نامہ میں تحریر فرمایا۔

مرادردیست اندر دل اگر گویم زباں سوزد
وگردم در کشم ترسم کہ مغز استخواں سوزد

میرے دل میں ایسا درد ہے اگر بیان کروں زبان جل جائے اور اگر خاموش رہوں تو ڈر ہے کہ ہڈیوں کا گودا جل جائے۔

باوجودیکہ عشق ومحبت میں جوش وخروش ہوتا ہے اور بے اختیارانہ ظہور ہوتا رہتا ہے مگر حق تعالیٰ شانہ نے حضرت والا کو وہ ضبط تام اور اخفاء کامل کی دولت عطا فرمائی تھی کہ اس کمال عشق ومحبت کے باوجود ہمیشہ خموشی وسکوت کا پردہ ڈالے رکھا لیکن بعض دفعہ ضبط واخفا کی پوری کوشش کے باوجود آنکھ کے آنسوں سوز دروں کو ظاہر کردیا کرتے تھے۔ بقول شاعر۔



می تواں داشت نہاں عشق زمردم لیکن
زردیٔ رنگ رخ وخشکی لب را چہ علاج

اور بعض دفعہ اشعار موزوں ہوکر قلبی کیفیات وجذبات کی ترجمانی کردیتے، چنانچہ ''نغمہ توحید'' جس میں پچاس سے زائد اشعار ہیں اور ہر شعر عشق خداوندی کا آئینہ دار ہے اور اس میں بتایا ہے کہ جذب عشق ہر شئی کی فطرت سے ظاہر ہے اور عالم کا ہر ہر ذرہ عشق خداوندی سے مست وسرشار ہوکر ذکر خداوندی میں محو ومشغول ہے اور ''شاہد قدرت'' حضرت والا قدس سرہٗ کے اسی سے زائد اشعار کا مجموعہ ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ عالم کا ہر ذرہ حق تعالیٰ شانہٗ کے جلال وجمال قدرت وکمال کا مظہر وآئینہ ہے، ان اشعار سے حضرت والا قدس سرہٗ کے عشق خداوندی میں کمال فنائیت کا پتہ چلتا ہے۔[1]

## قرآن سے عشق وتعلق

اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات سے تعلق ومحبت کا لازمی نتیجہ اس کی کتاب سے عشق ومحبت ہے چونکہ قرآن شریف اللہ تعالیٰ کا کلام ہے، عشق کے لئے اس دار دنیا میں بجز کلام اللہ کے اور کوئی چیز تسلی کی نہیں کہ عشاق کو جب محبوب کا وصال نصیب نہیں تو اس کے کلام اور نام سے ہی تسلی اور لذت حاصل کرتے ہیں۔
حضرت والا قدس سرہٗ کے قلب میں عشق الٰہی کی جو قندیل روشن تھی اس کا روغن آپ قرآن پاک سے ہی حاصل فرماتے تھے، مشہور ہے ''مَنْ اَحَبَّ شَیْئاً اَکْثَرَ ذِکْرَہٗ'' جس کو جس شے سے تعلق ہوتا ہے اس کا ذکر کثرت سے کرتا ہے، حضرت والا قدس سرہٗ کو قرآن پاک سے وہ تعلق خاطر تھا کہ ہر وقت زبان مبارک پر

[1] یہ اشعار ترجمہ وشرح کے ساتھ شائع ہوچکے ہیں۔

قرآن پاک کی تلاوت جاری رہتی تھی سفر میں ہر وقت تلاوت کلام پاک کا محبوب ترین مشغلہ تھا، سہارنپور سے گنگوہ پیدل سفر فرمایا کرتے اور اس مسافت میں ۲۰/۲۲/ پارے ختم فرمالیتے۔

ایک لمبے عرصہ تک یومیہ تمام قرآن پڑھنے کا معمول رہا جس میں نصف قرآن نماز میں ہوتا تھا اور گھنٹوں نماز میں ایسی محویت ہوتی تھی گویا "قرۃ عینی فی الصلوۃ" (میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے) کی تفسیر سامنے آجاتی تھی اور "ارحنا بالصلوۃ یا بلال" (بلال ہم کو نماز کے ساتھ راحت پہنچاؤ) کا مفہوم سمجھ میں آجاتا۔

حضرت والا قدس سرہٗ کی نماز دیکھ کر یہ اندازہ ہوتا تھا کہ گویا حضرت والا قدس سرہٗ کا اس عالم سے رشتہ منقطع ہوکر محبوب حقیقی تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ وصال کی نعمت سے سرشار ہیں۔ اخیر میں کثرت امراض اور ضعف شدید کی بنا پر جب کہ چلتے ہوئے چکر پر چکر آتے تھے کھڑے ہوتے ہوئے چکر آتے تھے مگر نماز میں وہی سکون اور اطمینان کی کیفیت رہتی تھی بلکہ نماز میں ایک نئی تازگی اور نیا نشاط حاصل ہوتا تھا۔ ایک دفعہ ارشاد فرمایا، سجدہ سے کھڑا ہونا پہاڑ پر چڑھنے سے زیادہ مشکل نظر آتا ہے۔

مظاہر علوم ودار العلوم میں بہت سے طلبا اذان پر مسجد میں پہنچ کر قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہیں، حضرت والا قدس سرہٗ ہمیشہ اذان فجر پر بعض دفعہ اذان سے قبل مسجد پہنچ جاتے اور اذان پر فجر کی سنت پڑھ کر تلاوت وتسبیح میں مشغول ہوتے اور طلباء کی تلاوت کلام پاک کی آوازوں سے دل وجان کو سرور بخشتے اور محظوظ ہوتے۔

طالبین ومسترشدین کو خصوصاً روزانہ قرآن پاک کی تلاوت کی تاکید فرماتے، اور حفاظ کو کم از کم تین پارے نفلوں میں پڑھنے کی ترغیب دیتے۔



## خلوت در انجمن

دیوبند سے دہلی تک پورا سفر بعض مرتبہ ذکر جہری میں گزر جاتا، رفقاء بھی سب ذکر میں مشغول ہوجاتے کسی کو کوئی جملہ بھی فرمانے کی نوبت نہ آتی گویا کسی دوسرے شخص کی موجودگی کا بھی احساس نہ ہوتا اور جلوت میں رہ کر بھی آپ خلوت میں رہتے غالباً اسی کو مشائخ کے یہاں خلوت در انجمن سے تعبیر کرتے ہیں کہ سالک بظاہر مخلوق کے اور یہ باطن حق تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ رہے یعنی ہر حال میں متوجہ الی اللہ رہے۔ بقول خواجہ مجذوب علیہ الرحمہ۔

آشنا بیٹھا ہو یا نا آشنا
ہم کو مطلب اپنے سوز وساز سے

حضرت والا قدس سرہٗ کے اس شعر میں بھی اسی مضمون کو بیان کیا گیا ہے۔

فراق ووصل کیا واں تو حضوری کا یہ عالم ہے
کہ لاکھوں کی مجالس میں بھی ہے خلوت گزیں ساقی

حضرت والا بظاہر مخلوق کے ساتھ ہوتے مگر بباطن ہمیشہ خالق ومالک تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ مشغول ہوتے رات کو جب فراغت ہوجاتی اور کامل یکسوئی میسر آتی اپنے مالک کی یاد میں بلک بلک کر رویا کرتے، قریب میں دوسرا سونے والا ہوتا اس کے جاگنے کا اندازہ ہوتا تو بالکل خاموش ہوکر سوئے ہوئے بن جاتے۔

## عشق نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور اتباع سنت

حق تعالیٰ شانہٗ نے حضرت اقدس مفتی صاحب قدس سرہٗ کے قلب میں اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عشق کی چنگاری رکھی تھی جس کی وجہ سے قلب

مبارک اس حرارت سے ہمہ وقت سوزاں و بریاں رہتا تھا، مگر حق تعالیٰ شانہٗ نے حضرت والا کو وہ قوت برداشت اور اخفا کا کمال عطا فرمایا تھا کہ ''دریا ہا فرو برند و آروغ نمی آرند'' کا مقولہ پورے طور پر صادق آتا تھا، البتہ جب شعلہ عشق کی سوزش قلب وجگر کو کباب اور جسم ناتواں کو زیادہ بے تاب کرتی تھی تو بے اختیار محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اوصاف وکمالات کے بیان میں اشعار موزوں ہوکر زبان سے نکلتے۔ اور کچھ سکون میسر آیا کرتا۔ چنانچہ ''گلدستہ سلام علی صاحبہا الصلوۃ والسلام'' اور ''نعت محمود المقلب بہ وصف محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم'' اور ''ساقی نامہ'' (جو طبع ہوچکے ہیں) کا ایک ایک شعر شراب عشق نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چھلکتا ہوا جام اور سوز دروں کا آئینہ دار ہے۔

## اتباع سنت

حضرت والا قدس سرہٗ کے اندر اتباع سنت کا جو جذبہ اور شفتگی تھی اس کو اس شعر سے تعبیر کرسکتے ہیں۔

رشتہٗ در گردنم افگندہ دوست
می برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست

میری گردن میں دوست نے ایک رسی ڈال رکھی ہے۔ جہاں اس کی مرضی ہوتی ہے لے جاتا ہے۔

اتباع سنت میں حضرت والا کو گویا کمال فنائیت کا درجہ حاصل تھا۔ عبادات سے لے کر طبعی مرغوبات تک میں اتباع سنت کا پورا اہتمام رہتا تھا گویا سنت کے علاوہ نہ کسی چیز کی رغبت تھی نہ خواہش، خواہش ورغبت تھی تو سنت کی یہی آپ کے یہاں



اصل بزرگی اور ولایت کی نشانی تھی اور اتباع سنت کے بغیر بڑے بڑے مجاہدات اور ریاضتوں کی کوئی وقعت نہیں تھی۔

## عبادات میں آداب وسنن کا اہتمام

اس لئے حضرت والا قدس سرہٗ زندگی کے ہر شعبہ میں خواہ وہ عبادت سے تعلق رکھتا ہو یا معاشرت سے قدم قدم پر سنت نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی فرماتے تھے اور کسی حال میں بھی اس بارے میں سرمو فرق نہیں آنے دیتے تھے ہر وقت باوضو رہنا عادت شریفہ میں داخل تھا۔ عبادت میں ہر ہر رکن میں آداب وسنن کا پورا اہتمام فرمایا کرتے تھے مثلاً نماز میں قیام وقرأت سنت کے موافق (کمال خشوع وخضوع کے ساتھ) اس کے بعد رکوع بھی موافق سنت سجدہ بھی موافق سنت ہر رکن میں پوری تعدیل اور ہر جز میں کامل سکون غرض کہ سنت وآداب ومستحبات کی پوری رعایت فرماتے۔

## دعائے قنوت کے بعد درود شریف

ایک دفعہ حضرت مولانا ارشاد احمد صاحب مرحوم ومغفور مبلغ دار العلوم دیو بند نے فرمایا ''فلاں کتاب میں لکھا ہے کہ وتر میں دعائے قنوت کے بعد درود شریف پڑھنا چاہیئے، یہ ثابت ہے۔'' حضرت والا نے فرمایا ''ثابت ہے نور الایضاح میں لکھا ہے۔'' مولانا نے فرمایا ''آپ پڑھتے ہیں۔'' حضرت نے فرمایا ''نور الایضاح جب سے پڑھی ہے برابر پڑھتا ہوں۔''

## وضو میں ایک خاص ادب

حضرت والا قدس سرہٗ ان آداب وسنن پر بھی پابندی سے عمل فرماتے

تھے جن کی طرف عموماً نظر بھی نہیں جاتی، مثلاً وضو میں حضرت والا کو ہمیشہ دیکھا کہ ہاتھ دھوتے وقت ہاتھوں پر انگلیوں کی طرف سے کہنی کی طرف پانی ڈالتے ہیں کہنی سے انگلیوں کی طرف کو نہیں، فقہا نے اس کو افضل اور مستحب فرمایا ہے ''الی المرافق'' سے استدلال کرتے ہوئے اسی طرح پیر دھوتے وقت ہمیشہ اس کا اہتمام فرماتے کہ انگلیوں کی طرف سے ایڑی کی طرف کو پانی ڈالا کرتے تھے کہ فقہا نے اس کو مستحب فرمایا ہے۔ ''وارجلکم الی الکعبین'' سے استدلال کرتے ہوئے معذوری کے بعد جب کہ خدام ہی وضو کراتے تھے تب بھی حضرت والا اس کا اہتمام فرماتے کسی ناواقف خادم نے اگر اس کے خلاف کیا تو فوراً ہاتھ یا پیر ایک طرف ہٹا لیا اور فرمایا کون ہے، اس جملہ سے اس خادم کو تنبیہ مقصود تھی۔

## حوض سے وضو کا اہتمام

جس جگہ حوض ہوتا، حضرت والا حوض سے وضو کرنا پسند فرماتے، چونکہ فقہا نے اس کو افضل فرمایا ہے۔ مظاہر علوم کے قیام کے دوران نیز دار العلوم دیوبند میں جب احاطہ مسجد میں قیام تھا، نیز جامع العلوم کانپور میں قیام کے زمانہ میں عموماً حوض سے وضو فرماتے، انتہائی کمزوری کی حالت میں ایک دفعہ جامعہ محمودیہ میرٹھ تشریف آوری ہوئی خدام قیام گاہ پر ہی وضو کراتے تھے فجر سے قبل بعض خدام سے فرمایا تم نے یہاں حوض دکھایا ہی نہیں چلو حوض دیکھیں گے، دو تین خدام پکڑ کر حوض پر لے گئے حوض پر آتے جاتے کئی مرتبہ چکر بھی آیا مگر حوض دیکھنے کے بہانے حوض پر تشریف لے گئے اور وضو فرمایا۔



## ترک سنت پر تنبیہ

اتباع سنت پر اظہار مسرت کے ساتھ ہی کسی خادم یا متعلق کے عمل میں سنت کی مخالفت کا احساس ہوتا تو اس پر اظہار ناراضگی بھی فرماتے دسترخوان پر موجود ایک شاگرد اور منتسب عالم دین نے کھانے کے دوران پانی کی ضرورت پیش آنے پر بائیں ہاتھ سے پانی کا پیالہ لیا اور داہنا ہاتھ پیالے کے نیچے لگا کر پانی پی لیا اس پر حضرت نے ناراضگی کا اظہار فرماتے ہوئے فرمایا ''کیا دایاں ہاتھ نہیں تھا۔'' انہوں نے عرض کیا ''حضرت داہنے ہاتھ پر کھانا لگا تھا، پیالہ خراب ہو جاتا۔'' آپ نے ناراضگی کے لہجہ میں فرمایا ''کیا پیالہ سنت سے زیادہ قیمتی ہے۔''

## بائیں ہاتھ سے پانی پینے پر تنبیہ

ایک مولوی صاحب جو حضرت کے شاگرد ہیں کہتے ہیں کہ ایک بات مجھے ہمیشہ یاد رہتی ہے وہ یہ کہ پانی کبھی بائیں ہاتھ سے نہیں پیتا اس لئے کہ ایک مرتبہ حضرت قدس سرہٗ کے قیام مظاہر علوم کے دوران میں کھانے میں حضرت کا شریک تھا میں نے بائیں ہاتھ سے پانی پی لیا، حضرت قدس سرہٗ نے دیکھ کر نرمی سے سمجھایا فرمایا ''کہ بائیں ہاتھ سے پانی نہیں پیا کرتے، دائیں ہاتھ سے پینا چاہئے۔'' اس کے بعد ایک موقع پر پھر ایسا اتفاق ہو گیا تو حضرت نے پھر نرمی سے سمجھایا، تیسری بار جب ایسا ہوا تو حضرت نے زور سے ایک چپت رسید کیا جس کی بنا پر اس کے بعد میں نے کبھی بائیں ہاتھ سے پانی نہیں پیا جب کبھی بھول سے بائیں ہاتھ میں گلاس لیتا ہوں تو فوراً حضرت کا چپت یاد آ جاتا ہے، اس لئے منہ تک جانے سے پہلے ہی گلاس دائیں ہاتھ میں آ جاتا ہے۔

## عزیمت ہی عزیمت

حضرت والا کا معمول ہمیشہ عزیمت پر عمل کرنے کا ہی رہا ہے ہر موقع پر رخصت کے بجائے عزیمت کا پہلو ہی اختیار فرماتے تھے نماز میں، روزہ میں، حج میں، معاشرتی امور اور معاملات میں عزیمت کا وہ پہلو اختیار فرماتے جس کو انجام دینے میں جوان سے جوان اور بڑے سے بڑے دل گردہ والا انسان بھی ہمت چھوڑ بیٹھتا ہے سنن ومستحبات کا اہتمام کامل احتیاط ہر شعبہ میں تقویٰ اور ورع کے اعلیٰ درجہ کا التزام حضرت والا کی زندگی کا وہ اہم باب ہے جس کی مثال صرف اسلاف کی زندگیوں ہی میں مل سکتی ہے، اس سلسلہ کے چند نمونے پیش کئے جاتے ہیں۔

## نماز میں گرنے سے کولہے کی ہڈی میں ضرب

انتہائی ضعف ونقاہت کے باوجود جب کہ کھڑا ہونا انتہائی مشکل تھا بار بار چکر آ کر گر پڑتے، مگر ایسی حالت میں بھی ہمیشہ کھڑے ہو کر نماز پڑھتے جس کی وجہ سے ایک روز نماز فجر میں گر پڑے، ہڈی میں ضرب آئی حرکت تک کرنا دشوار ہو گیا آپریشن کرانا پڑا ایک مدت تک ہسپتال میں رہنا پڑا، اس سے بڑھ کر عمل بر عزیمت کی شکل اور کیا ہو سکتی ہے کہ اپنی جان، اپنی زندگی تک کی پروانہ کی جائے اس کو کمال عشق اور کمال فنائیت ہی سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔

## تنخواہ مدرسہ کی واپسی

دوسری جگہوں سے بڑی تنخواہوں کی پیشکش کے باوجود قلیل اور معمولی تنخواہ پر گزارا فرمایا اور اخیر میں جب دارالعلوم تشریف لائے تو مدرسہ سے تنخواہ وصول فرماتے (تاکہ نفس کو اس خیال کا موقع نہ ہو کہ تنخواہ نہیں لیتے) اور اپنی طرف سے مزید کچھ ملا کر



مدرسہ میں جمع فرماتے اس کے باوجود مدرسہ کی جانب سے جو کام سپرد کیا جاتا اس میں کمی تو کجا اس کی ایسی پابندی فرماتے کہ اس کی نظیر ملنا مشکل ہے۔

## مدرسہ کی چیز استعمال کرنے سے احتراز

مدرسہ کی کوئی چیز استعمال کرنا ہرگز گوارہ نہیں تھا اگر بجبوری استعمال کرنا پڑتی تو کسی بہانہ سے کچھ رقم اس کے بقدر بلکہ اس سے کچھ زائد ہی ضرور مدرسہ میں داخل فرما دیتے۔

بعض مدارس میں کسی ختم وافتتاح کے موقع پر یا اس کے علاوہ ارباب مدرسہ کے اصرار پر تشریف لے جانا ہوتا، اور ارباب مدرسہ ضیافت کرتے، اور اس میں مدرسہ کا پیسہ صرف ہوتا، حضرت والا کا معمول تھا کہ کچھ رقم اس مدرسہ میں ضرور عنایت فرماتے، جو ضیافت کے اخراجات سے کئی گنا زیادہ ہوتی۔

## آنکھ کا آپریشن بحکم شیخ

آنکھ میں موتیا اتر آنے کی وجہ سے بینائی جاتی رہی، حضرت والا آپریشن نہ کرانے پر مصر تھے اور لوگوں کے اصرار کرنے پر ارشاد فرماتے کہ آنکھوں کے لینے پر اللہ تعالیٰ نے جنت کا وعدہ فرمایا ہے میں اس کو کیوں ضائع کروں اور آپریشن کی صورت میں کچھ دن نمازیں اشارہ سے پڑھنا پڑتی ہیں سجدہ نہیں کر سکتے اس کو کیوں برداشت کروں۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب نوراللہ مرقدہٗ نے حکم فرمایا اولاً تب بھی معذرت ہی کی اور یہ جواب دیا اور عرض کیا حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے آپریشن نہیں کرایا اور لوگوں کے اصرار پر فرمایا کہ آنکھوں کے لینے پر اللہ تعالیٰ نے جنت کا وعدہ فرمایا ہے میں اسے کیوں ضائع کروں اس پر حضرت شیخ نوراللہ مرقدہٗ

نے فرمایا میں تو اپنی آنکھوں کا کام بھی آپ کی آنکھوں سے لیتا ہوں اس کے بعد حضرت قدس سرہٗ نے آنکھیں بنوائیں اور آپریشن کے بعد آنکھوں میں روشنی آجانے پر فرمایا اس کی تو مسرت ہے ہی آنکھوں میں روشنی آگئی مگر اس سے زیادہ مسرت اس کی ہے کہ شیخ کے حکم کی تعمیل ہوگئی۔

## اصلاح امت کی فکر

اسی قلبی شفقت ومحبت ورأفت ورحمت کا اثر ہے کہ حضرت والا کے قلب مبارک میں اصلاح امت کا جذبہ ہمہ وقت موجزن رہتا تھا اور امت کی بداعمالیوں، بداخلاقیوں میں مبتلا ہونے سے آپسی اختلاف وانتشار لڑائیوں، جھگڑوں کی وجہ سے حضرت والا قدس سرہٗ کی بےکلی وبےچینی شدید سے شدید تر ہوجاتی اور معلوم ہوتا کہ اصلاح کا جذبہ قلب ودماغ اور جسم کے تمام اعضاء واعصاب پر مستولی ہوگیا ہے اور وہ حال ہے جو اس شعر میں بیان کیا گیا ہے۔

شعلہا آخر زہر مویم ومید
از رگ اندیشہ ام آتش چکید

آخر میرے ہر بال سے بہت سے شعلے چمکے اور میرے اندیشہ کی آگ سے آگ ٹپک پڑی۔

اس دھن اور تڑپ نے حضرت والا کو مدت العمر بے قرار رکھا اور شب وروز کا کوئی لمحہ اصلاح امت کی فکر اور سوچ سے خالی نہیں رہا۔

## عظیم کارنامہ

فقیہ الامت حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کا عظیم کارنامہ رجال سازی ہے



حضرت والا قدس سرہ کے ذریعہ مفتیان کرام، مشائخ حدیث کی بڑی جماعت تیار ہوئی الحمدللہ ملک اور بیرون ملک بڑے مدارس میں حضرت فقیہ الامت نور اللہ مرقدہ کے تلامذہ حدیث وافتاء تزکیہ واصلاح نفس، دعوت وتبلیغ فرق باطلہ کی تردید وتعاقب کی اہم خدمات دینے میں مشغول ہیں۔

## فتاویٰ محمودیہ

فقیہ الامت نور اللہ مرقدہ کا ایک عظیم کارنامہ فتاویٰ محمودیہ کی ترتیب واشاعت ہے جس میں فقہ حنفی کا تمام ذخیرہ مدلل طریقہ پر اکتیس جلدوں میں جمع ہوگیا ہے۔ جس سے آج تمام دنیا کے مفتیان کرام علماء عظام اور طلبائے گرامی اور عوام وخواص رہنمائی حاصل کر رہے ہیں اور مستفیض ہو رہے ہیں "فالحمد للہ علیٰ ذالک۔"

## وفات

۱۸؍ربیع الثانی ۱۴۱۷ھ مطابق ۲؍ستمبر ۱۹۹۶ھ کے بعد شب سہ شنبہ میں بروز دوشنبہ جنوبی افریقہ میں وفات فرمائی، اور وہیں مدفون ہوئے۔

"انا للہ وانا الیہ راجعون"

## تاریخ وفات

مفتی محمود حسن نور اللہ مرقدہٗ

۱۴۱۷ھ

سے تاریخ وفات نکلتی ہے۔

# ابتدائیہ

## ﴿طبع اول﴾

## حضرت مولانا مفتی ظہیر الاسلام صاحب مرحوم

**نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم: اما بعد**

بیسوی صدی کے اس پرفتن دور میں جب کہ حیوانیت عریاں رقص کر رہی ہے اور جگہ جگہ انسانیت کی قتل گاہیں تعمیر ہو رہی ہوں۔ بھلا کیا یہ گمان کیا جاسکتا تھا کی انگلستان میں جہاں نئی تہذیب کی حیرت انگیز ترقیات اور دولت کی فراوانی نے لوگوں کو دین کے نام تک سے ناآشنا اور وجود باری تعالیٰ سے منکر ہی نہیں الحاد وزندقہ ہی متاع زندگی ہو۔ وہاں کے لندن جیسے شہر میں سیکڑوں طالب علم قال اللہ وقال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم میں مشغول ہوں گے، جگہ جگہ مکاتب ومدارس قائم ہوں گے، مسجدیں آباد ہوں گی بلکہ خانقاہوں کی بنیاد پڑے گی اور اصلاح نفس کی طرف عمومی توجہ ہوگی اور ایک دار العلوم کی بنیاد بھی پڑے گی۔

حیرت ومسرت سے یہ خبر سماعت فرمایئے کہ لندن میں شیخ العرب والعجم قطب وقت حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب دامت برکاتہم محدث سہارنپوری مہاجر مدنی کے ارشاد سے حضرت موصوف کے خلیفہ ومجاز حضرت مولانا محمد یوسف صاحب متالا مدظلہ نے دار العلوم کی بنیاد رکھی ہے اور اس سے الحاق شدہ



سیکڑوں مکاتب کا اجراء فرمایا ہے جس کے اثرات وہاں کے رہنے والے سیکڑوں مسلمانوں ہی پر نہیں پڑ رہے ہے بلکہ غیر مسلم تک داخل اسلام ہو رہے ہیں۔ اور عمومی طور پر دینی رجحان بڑھ رہا ہے مولانا محمد یوسف صاحب مدظلہ کی مساعی دیکھ کر بے اختیار زبان پر آجاتا ہے۔

بڑی مدت میں ساقی بھیجتا ہے ایسا مستانہ    بدل دیتا ہے جو بگڑا ہوا دستور میخانہ

خدائے پاک مولانا موصوف کے فیوض وبرکات کو عام وتام فرمائے اور دار العلوم کو خوب خوب ترقیات سے نوازے اور زمانہ کے ہر قسم کے شرور فتن سے محفوظ فرمائے۔ (آمین ثم آمین)

سیدی ومولائی حضرت اقدس مولانا مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی دامت برکاتہم صدر مفتی دار العلوم دیوبند سے حضرت مولانا محمد یوسف صاحب متالا مدظلہ نے دار العلوم لندن دیکھنے اور معائنہ فرمانے کا اصرار کیا ساتھ ہی حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم سے حضرت مفتی صاحب مدظلہ کو لندن تشریف لے جانے کی سفارش چاہی، حضرت اقدس مفتی صاحب دامت برکاتہم مولانا موصوف نیز حضرت اقدس شیخ الحدیث زید مجدہ کے ارشاد کی تعمیل میں دار العلوم کے معائنہ کے لئے لندن تشریف لے گئے۔

حضرت اقدس مفتی صاحب دامت فیوضہم کی فارسی نظم کی قادر الکلامی کو پیش نظر رکھتے ہوئے حضرت مولانا موصوف نے لندن کے دوران قیام حضرت مولانا یوسف صاحب مدظلہ نے حضرت مفتی صاحب سے درخواست کی کہ حضرت شیخ الحدیث زید مجدہم کے اوصاف عالیہ منظوم بیان فرمائیں حضرت مفتی صاحب نے موصوف کی درخواست پر شیخ العرب والعجم شیخ الحدیث دامت برکاتہم کے پاکیزہ

اوصاف فارسی میں نظم فرمائے۔ انہیں اشعار کا ترجمہ اور تشریح بسط و تفصیل کے ساتھ ہمارے محترم مولانا مفتی محمد فاروق صاحب مدرس دار العلوم جامع مسجد میرٹھ نے فرمایا ہے۔ مولانا موصوف نے بڑے اہتمام سے ہر چیز کا ماخذ اور حوالہ بقید صفحہ تحریر فرمایا خدائے پاک ان کے علم وعمل اخلاص وللّٰہیت میں برکت نصیب فرمائے اور دینی خدمات کی مزید توفیق سے نوازے۔ آمین۔

اس مجموعہ میں حضرت شیخ مدظلہ کے علاوہ دیگر اکابر حضرت مولانا خلیل احمد صاحب حضرت مولانا رشید احمد صاحب، حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی، حضرت مولانا شاہ عبد الرحیم صاحب، حضرت مولانا محمد الیاس صاحب نور اللہ مراقدہم اور سلاسل اربعہ کے صاحب سلسلہ مشائخ حضرت خواجہ معین الدین چشتی، خواجہ بہاالدین نقشبندی، شیخ شہاب الدین سہروردی، شیخ عبد القادر جیلانی نور اللہ مراقدہم کا تذکرہ اور فرقہائے ظاہریہ، خارجیہ، مرجیہ کی بحث، غوث وابدال کی تحقیق فن تصوف کی بعض اصطلاحات کا بیان بھی آگیا ہے، اس طرح یہ مجموعہ بیش بہا نادر معلومات کا خزانہ ہوگیا۔ **فللہ الحمد والشکر**.

ناظرین سے درخواست ہے کہ مولانا محمد یوسف صاحب متالا مدظلہ کہ اصل محرک کتاب کے وہی ہیں۔ نیز حضرت اقدس مفتی صاحب، مدظلہ کہ جن کے نتیجۂ فکر کا یہ ادنی کرشمہ ہے اور حضرت شیخ الحدیث مدظلہ جن کے اوصاف عالیہ کا یہ مرقع پیش خسمت ہے نیز مولانا مفتی محمد فاروق صاحب کے حق میں جنہوں نے فارسی اشعار کا ترجمہ وتشریح کر کے سہل الوصول بنایا۔ دعاء فرمائیں کہ خدائے پاک ان اکابر علماء اور شیوخ کاملین کے سایہ کو ہمارے سروں پر عفت وعافیت کے ساتھ قائم ودائم رکھیں اور ان کے فیوض عالیہ سے ہمیں مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین



مولانا مفتی محمد فاروق صاحب کی زبانی معلوم ہوا کہ سیدی مولائی حضرت اقدس مفتی صاحب دامت برکاتہم نے حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب محدث سہارنپوری مہاجر مدنی دامت برکاتہم کے خلفاء مجازین کو بھی فارسی میں نظم فرمایا جس کی اشاعت حضرت شیخ کی اجازت پر موقوف ہے اجازت کے بعد انشاء اللہ جلد ہی شائع کئے جائیں گے۔ خدائے پاک تمام حضرات کی سعی کو قبول فرما کر ماجور فرمائیں اور ہم سب کو اس سے سبق لینے، اپنی استعداد بھر اپنی زندگیوں میں اتار لینے کی توفیق سے نوازیں۔ **آمین یا رب العلمین**۔ فقط

بندہ ظہیر الاسلام غفرلہ

۱۰ر رمضان المبارک ۱۳۹۹ھ

مطابق ۴ر اگست ۱۹۷۹ء

بروز شنبہ مسجد چھتہ دیوبند

# پیش لفظ

## مختصر تذکرہ حضرت شیخ الحدیث نوراللہ مرقدہ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم: اما بعد

## ولادت باسعادت

۱۱ر رمضان المبارک ۱۳۱۵ھ شب پنج شنبہ گیارہ بجے تراویح کے دوران مشہور ''مردم خیز'' قصبہ کاندھلہ کے اس خاندان مشائخ میں (جو دو تین صدی سے زائد مدت سے علم وعمل کا مرکز ومسکن بنا ہوا ہے اور جہاں سے علم ومعرفت کے دریا اکناف عالم میں بہے اور جہاں سے بڑے بڑے اتقیا، اذکیا، اولیاء، صلحا، فضلا پیدا ہوئے اور نجوم ہدایت بن کر دنیا کو صراط مستقیم دکھائی، جس خاندان کا فیض دنیا کے چپہ چپہ پر پہنچا وہ خاندان جس کا پورا ہند نہیں بلکہ پورا عالم مرہون احسان ہے) ایک درخشاں ستارہ طلوع ہوا جسے بدر کامل بن کر علمی دنیا میں چمکنا اور ہزاروں لاکھوں راستہ بھٹکے ہوؤں کو راستہ دکھانا تھا، جس نے جب اس دنیا میں آنکھ کھولی تو اپنے اردگرد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین جیسی شکلیں صورتیں چلتی پھرتی دیکھیں اور وہ ماحول پایا جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے ماحول کے بہت مشابہ تھا، سب سے پہلے وہ گود ملی جس کے لئے علامۂ وقت رشیدی علوم ومعارف کے محافظ ونگہبان یعنی حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب قدس سرہ نے بڑی دعائیں کی تھیں، آپ بیتی نمبر ۴ ص ر ۱۳۵ پر یہ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔



## والدہ صاحبہؒ

یہ تو مجھ سے بھی والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کئی مرتبہ فرمایا کہ تیری خالہ کے انتقال کے بعد اس کے حسن صورت حسن سیرت کی وجہ سے تیری والدہ کے نکاح کے لئے بہت ہی دعائیں کیں اور بڑی ہی کوششوں سے تیری والدہ سے نکاح ہو۔

اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ کیسی خدا ترس متقی و پرہیزگار ہوں گی، یہ تو والدہ صاحبہ کا حال ہوا، دادی صاحبہ کا حال حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب قدس سرہ کے الفاظ میں سنئے۔

## دادی صاحبہؒ کے معمولات

مگر ہاں مولانا محمد یحییٰ صاحب نے ان کی بیٹی یعنی اپنی والدہ کے معمولات ایک مرتبہ بیان فرمائے جن کو سن کر میں تو حیران رہ گیا کہ عورت تو عورت ہی ہے، اگر باہمت مرد بھی سال دو سال اس کا نباہ کرلے تو بڑی مردانگی ہے، پھر صاحب اولاد عورت اور امور خانگی کی سرپرست منتظمہ کا آخر عمر تک اس پر مواظبت کرنا تو استقامت کا وہ بڑا نمونہ ہے جس سے نہ دیکھنے والوں کو ان کے نانا مولانا مظفر حسین صاحب کی استقامت وعبادت وزہد وقناعت اور خوف وخشیت کا پتہ چلتا ہے۔ اور وہ معمولات روزمرہ کے یہ ہیں۔

درود شریف پانچ ہزار، اسم ذات اللہ پانچ ہزار، ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' انیس سو، ''یا مغنی'' گیارہ سو، ''لاحول ولا قوۃ الا باللہ'' گیارہ سو، ''اللہ الصمد'' گیارہ سو، ''لا الہ الا اللہ'' بارہ سو، ''یا حی یا قیوم'' دو سو، ''حسبی اللہ ونعم الوکیل'' پانچ سو، ''سبحان اللہ'' دو سو، ''الحمد للہ'' دو

سو، "لا اله الا الله" دوسو، "الله اکبر" دوسو، استغفار پانچ سو، "افوض امری الی الله" سو، "حسبنا الله ونعم الوکیل" سو، "رب انی مغلوب فانتصر" سو، "رب انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین" سو، اور "لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین" سومرتبہ، اس کے علاوہ قرآن مجید کی ایک منزل روزانہ تلاوت کا معمول تھا کہ اور وہ حافظ قرآن تھیں، اور مانع نسوانی حائل نہ ہوتا تو ہر ہفتہ قرآن مجید ختم کر لیتی تھیں "فرحمہا اللہ رحمۃ واسعۃ"[1] "مشائخ کاندھلہ" میں یہ معمولات لکھنے کے بعد یہ بھی لکھا ہے۔

رمضان المبارک میں ہمیشہ چالیس پارہ روزانہ پڑھتی تھیں آپ رمضان المبارک ۱۲۶۹ھ میں پیدا ہوئیں اور بروز چہار شنبہ ۴ر شعبان ۱۳۳۶ھ کو کاندھلہ میں وفات پائی[2]

بی بی امۃ الرحمٰن عرف امی بی (حضرت مولانا محمد یحیی صاحب ومولانا محمد الیاس صاحب کی حقیقی نانی ہوتی تھیں) کے حالات حضرت مولانا احتشام الحسن صاحب تحریر فرماتے ہوئے لکھتے ہیں۔

## حضرت مولانا محمد یحیی صاحبؒ کی نانی صاحبہ امیؒ بی کے معمولات

حضرت امی بی صاحبہ کا یہ بڑھاپے کا زمانہ تھا بینائی جاتی رہی تھی، اس لئے گھر کا کام وکاج سب چھوڑ دیا تھا، اور پلنگ اور چوکی ان کی آرام گاہ اور نشست گاہ تھی، بیشتر وقت نماز میں گذرتا تھا، اور نماز اتنی طویل ہوتی تھی کہ شروع ہونے کے بعد کسی طرح ختم نہ ہوتی تھی، معمول تھا کہ سورج نکلنے کے بعد اشراق کی نماز شروع ہوتی تھی، نماز اشراق کے ختم ہونے کے تھوڑی دیر بعد چاشت کی نماز شروع ہوجاتی تھی، پھر کھانا کھا کر آرام فرماتی تھیں، اول وقت ظہر کی نماز شروع کرتیں اور اس کے اختتام پر عصر

۱ تذکرۃ الخلیل ص/۹۵،۹۶۔ ۲ حالات مشائخ کاندھلہ ص/۷/۱۲۔



کا وقت قریب ہوتا تھا، غرض نمازوں کے درمیان بہت کم وقت بچتا تھا، اور جو وقت بچتا تھا اوراد ووظائف میں گذرتا تھا یا کچھ دیر آرام فرماتی تھیں اور یہی روزآنہ کا معمول اور دستور تھا، نماز شروع کرنے کے بعد پھر وہ دنیا ومافیہا سے بالکل بے خبر ہو جاتی تھیں اور محویت واستغراق میں کسی بڑے سے بڑے حادثہ کی بھی خبر نہ ہوتی تھی،

حضرت مولانا محمد الیاس صاحب مرحوم فرمایا کرتے تھے۔

کہ میں نے امی بی کی نماز کی جھلک حضرت گنگوہیؒ کی نماز میں دیکھی، اور بس پانی کی گھڑیا پاس میں رکھی رہتی تھی، اور ہر نماز کے بعد اس میں پھونک مارا کرتی تھیں جس کو حاجت مند لوگ لے جاتے تھے اور دن بھر آنے والوں کا تانتا بندھا رہتا تھا، وہی پانی ہر مرض کی دوا تھا اور ہر مریض کے لئے پیغام شفا تھا، فرماتی تھیں کہ مجھے باوا جی نے سات سال کی عمر میں خود بیعت کیا اور نوافل مسنون اور اوراد وظائف مسنون بتلائے اور رمضان المبارک میں گھر کے گوشہ میں اعتکاف میں بٹھایا اس کے بعد سے میں آج تک ان کی پابند ہوں۔

سادہ لباس اور موٹا کپڑا پہنتی تھیں اور جو کچھ کھانے کے لئے لاکر رکھ دیا جاتا تھا اسی کو تناول فرمالیا کرتی تھیں اکثر یہ ہوتا تھا جب کھانا آتا تو نماز میں مشغول ہوتیں، کھانا ان کے پاس رکھ دیا جاتا تھا، جب کبھی نماز سے فارغ ہوتیں تو جس حالت میں ٹھنڈا یا گرم کھانا ہوتا ویسا ہی حسب خواہش کھالیتی تھیں اور اگر کوئی کھانا رکھنا بھول جاتا تھا، تو وہ خود بھی کھانا بھول جاتی تھیں اور کبھی از خود کھانا نہ مانگتی تھیں اور فرمایا کرتیں کہ سبحان اللہ اور الحمد للہ سے میری بھوک اور پیاس جاتی رہتی ہے۔

زہد وتقوی کا یہ حال تھا کہ کبھی والد صاحب اور تایا صاحب اور ماموں صاحب کی آمدنی کا پیسہ نہ کھایا اور نہ اپنے کام میں لگایا کہ انگریزی ملازمت کا پیسہ

مشتبہ مال ہے اپنا گذر صرف اس آمدنی پر کرتی تھیں جو والد بزرگوار اور خاوند سے ترکہ میں ملی تھی۔ اور جو کچھ یہ صاحبان دیتے تھے صدقہ وخیرات کردیتی تھیں۔

داد ودہش اور جود وسخا کا یہ عالم تھا کہ اگر قارون کا خزانہ بھی ان کے سامنے ڈال دیا جاتا تو شام تک بے دریغ خرچ کرڈالتیں ہمیشہ کا معمول تھا کہ گیہوں سے بھرا ہوا تسلا پلنگ کے نیچے رکھا رہتا تھا اور جو بھی غریب آتا تو اس میں سے حسب ضرورت دیا جاتا جب خالی ہوجاتا تو اور بھروالیا جاتا تھا۔ آخر زمانہ میں جب گھر والوں نے اس کو بند کردیا اور فضول خرچ سمجھا تو دن بھر حسب عادت خالی دوہتر دیتی رہتی تھیں گویا اناج لے کر کسی کو دے رہی ہیں اس انتظام کے بعد سے گھر کی خیر وبرکت جاتی رہی اور برابر آمدنی گھٹتی ہی رہی ذی قعدہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۸ر جون ۱۹۲۴ء بروز یک شنبہ وفات پائی۔ رحمها الله رحمة واسعة.

انتقال کے بعد وہ کوٹھری جس میں ان کا قیام رہتا تھا اور اس خیال سے کہ پائخانہ پیشاب کی بدبو کی وجہ سے متعفن ہوگی بند کردی گئی تھی۔ اس کو کھولا گیا تو ایک خاص قسم کی خوشبو اور مہک محسوس ہوئی جو ہفتوں تک باقی رہی۔[1]

مولانا اکبر صاحب کاندھلوی کی بیٹی کے حالات کے ذیل میں مولانا احتشام الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

خالہ صاحبہ بڑی دین دار متقی پرہیزگار صاحب فضل وکمال باخدا بی بی تھیں اور فہم وفراست اور ذکاوت وذہانت میں ممتاز تھیں۔ علمی حقائق ودقائق بے تکلف بیان فرمایا کرتی تھیں پوری صحاح ستہ اور ہدایہ اور درمختار اپنے چچا مولانا محمد سلیمان صاحب سے پڑھی تھیں۔ علمی ذوق اس قدر بڑھا ہوا تھا کہ بلاناغہ روزانہ کتب بینی کا معمول تھا

۱؎ حالات مشائخ کاندھلہ ص ر۵۰۔



جو آخر تک جاری رہا۔ وظائف واوراد اور اپنے معمولات کی پابندی مزید برآں۔

## مولانا اکبر علی صاحبؒ کی صاحبزادی صاحبہؒ

ایک دفعہ مجھے دہلی سے تقاضہ سے بلوایا اور فرمایا کہ میں سخت پریشان ہوں۔ مجھے حضرت مولانا اشرف علی صاحب کے پاس تھانہ بھون لے چل۔ تھانہ بھون پہنچ کر ایک عزیز کے یہاں قیام کیا اور مولانا کو بلوایا وہ وقت مولانا کی مجلس عام کا وقت تھا۔ مگر حضرت فوراً تشریف لائے۔

خالہ صاحبہ نے عرض کیا کہ حضرت میں آج کل بہت پریشان ہوں۔ میرے لطائف ستہ جاری تھے جو بند ہوگئے حضرت نے تھوڑی دیر سکوت اور مراقبہ کے بعد فرمایا بحمد اللہ بند نہیں ہوئے مگر کثرت مداومت کی وجہ سے اب ان کا احساس نہیں رہا۔ آپ فکر ہرگز نہ کریں۔ اسکے بعد حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اصرار کے ساتھ آٹھ روز تک ان کو ٹھرایا اور مستورات میں متعدد وعظ خالہ صاحبہ سے کہلوائے جن کا خود حضرت انتظام واہتمام فرماتے تھے اور ہر وعظ کے بعد اسکی روداد معلوم کراتے تھے۔

زہد وتقویٰ کا یہ حال تھا کہ ابتدائی زمانہ میں ایک مرتبہ تایا صاحب اپنے شوہر کے ہمراہ ملازمت پر گئیں تایا صاحب کی آمدنی میں انہیں کچھ کراہیت محسوس ہوئی تو اپنے ہمراہ جو مسور کی دال لائی تھیں۔ پورے چھ مہینے اسی پر گزار دیئے تھوڑی سی دال روزانہ ابالتی تھیں اور کھالیتی تھیں یہی روٹی تھی اور یہی سالن اور یہی ساری غذا۔ حالانکہ تایا صاحب کے لئے انواع واقسام کے کھانے تیار کرتی تھیں۔ اس لئے کہ تایا صاحب کے یہاں مہمان داری کا زور تھا مگر خود نہ چکھتی تھیں۔ چھ ماہ کے بعد وہ مسور کی دال بھی ختم ہوگئی تو ایک دن گھر کی نوکرانی نے سارا راز تایا صاحب پر کھول دیا اور کہا کہ میاں تحصیل دار تحصیل دارنی سے نہ کہنا وہ ناراض ہوں گی۔ لیکن اگر یہی حال رہا تو

وہ ہلاک ہو جائیں گی تایا صاحب کو جب یہ حقیقت حال معلوم ہوئی تو ان کو کاندھلہ پہنچا دیا اور پھر کبھی ملازمت پر نہیں لے گئے۔ اس میں تقویٰ سے زیادہ بڑا کمال یہ تھا کہ کبھی اس کو خاوند پر ظاہر نہ کیا کہ مبادا رنج واذیت کا باعث ہو اور پورے نشاط کے ساتھ یہ عرصہ دراز گذار دیا۔[1]

اسی خاندان کی مستورات کا حال حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ میں ملاحظہ فرمائیں۔

## خاندان کی مستورات کا حال

گھر میں بیبیاں عام طور پر نوافل میں اپنے اپنے طور پر قرآن مجید پڑھا کرتی تھیں اور عزیز مردوں کے پیچھے تراویح ونوافل میں سنتی تھیں۔ رمضان المبارک میں قرآن مجید کی عجیب بہار رہتی۔ گھروں میں جابجا قرآن مجید ہوتے اور دیر تک اس کا سلسلہ جاری رہتا۔ عورتوں کو علم کا اتنا ذوق تھا کہ قرآن مجید پڑھ پڑھ کر مزہ لیتیں اور نماز کے بعد اپنے اپنے مقامات کا ذکر کرتی تھیں۔ نماز میں ایسی محویت اور استغراق تھا کہ بسا اوقات بعض بیویوں کو گھر میں پردہ کرانے اور کسی حادثہ وغیرہ میں لوگوں کے آنے جانے تک کا احساس نہ ہوتا۔ قرآن شریف مع ترجمہ وارد وتفسیر مظاہر حق مشارق الانوار، حصن حصین یہ عورتوں کا منتہیانہ نصاب تھا۔ اس خاندان کا یہ عام رواج تھا اس وقت گھر باہر اور اندر کی مجلسیں اور صحبتیں حضرت سید صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان کے قصوں اور چرچوں سے گرم تھیں ان بزرگوں کے واقعات مردوں اور عورتوں کی زبان پر تھے مائیں اور گھر کی بیبیاں بچوں کو طوطے مینا کے قصوں کے بجائے یہی روح پرور واقعات سناتیں الخ۔

۱؎ حالات مشائخ کاندھلہ ص/۱۹۵۔



(حضرت مولانا محمد الیاس صاحب اور ان کی دینی دعوت ص/۱۴۱)

ایسے روح پرور ایمان افزا نورانی خاندان کے بارے میں یہ شعر پڑھنا بالکل برمحل ہے۔

این سلسلۂ طلائے ناب است
این خانہ ہمہ آفتاب است

یہ ایک سونے کی زنجیر ہے یہ گھرانہ تمام ہی آفتاب ہے۔

## حضرت گنگوہیؒ کی خدمت میں حاضری

اسی خالص دینی علمی ماحول میں حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ کے تقریبا ڈھائی سال گزرے مگر چونکہ اس نومولود بچہ کو مستقبل قریب میں قطب الارشاد ہونا تھا اس لئے ضروری تھا کہ کچھ وقت قطب الارشاد کی خدمت اور صحبت میں بھی گذرے اور "اَلتَّعْلِیْمُ فِیْ صِغَرِہٖ کَالنَّقْشِ فِی الْحَجَرِ" الحدیث. مشہور حدیث ہے چنانچہ اس وقت سے زیادہ موزوں اور کون سا وقت ہوسکتا تھا کہ مستقبل قریب میں بننے والا قطب الارشاد موجودہ قطب الارشاد کے صفات وکمالات کو اپنے اندر جذب کرے اور دوسرے وقت میں اس کا ظہور ہو اس لئے خالق ارض وسماء، رازق انس وجن نے اس سعید ازلی درخشاں ستارہ کو اس میں قطبیت کی شان وصلاحیت پیدا کرنے کے لئے گنگوہ ۱۳۱۸ھ میں قطب الارشاد حضرت مولانا رشید احمد صاحب قدس سرہ محدث گنگوہی کی خدمت بابرکات میں پہنچا دیا۔ محدث گنگوہی قدس سرہ کی جوہر شناس دوربین بصیرت نے بھانپ لیا۔ کہ یہ کیا کچھ ہونے والا ہے۔

۱؎ ولی کامل ص/۶۴،۶۵۔

بالائے    سرش    زہوش    مندی

می    تافت    ستارہ    بلندی

اس کے سر پر بچپن ہی سے بلندی کا ستارہ چمکتا تھا۔

اور حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب قدس سرہٗ سے غایت درجہ تعلق کی وجہ سے وہ پیار ومحبت اور شفقتیں ارزانی فرمائیں کہ جس کی مثال مشکل سے ملے گی۔

## حضرت گنگوہیؒ کی شفقتیں

آپ بیتی میں حضرت شیخ دام مجدہ تحریر فرماتے ہیں۔

حضرت قدس سرہ چارزانوں تشریف فرما ہوتے اور یہ بے ادب بدتمیز گستاخ حضرت قدس سرہ کے دونوں گھٹنوں پر ایک ایک پاؤں رکھ کر حضرت قدس سرہٗ کی گردن میں ہاتھ ڈال کر لپٹ کر کھڑا ہوجاتا تھا۔[1]

آپ بیتی میں حضرت گنگوہی قدس سرہ کی شفقتوں کے متعدد واقعات تحریر فرمائے ہیں، ولی کامل میں مفتی عزیز الرحمٰن نے حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت سے نقل کیا ہے۔

میرے پیٹنے پر ابّا جی قدس سرہٗ پر بہت مرتبہ حضرت گنگوہی خفا ہوئے۔[2]

غرض کہ محدث بے مثال "قطب الاقطاب" حضرت گنگوہی کے سایۂ عاطفت اور دامان شفقت میں آپ کا نشوونما ہوا اور محبت وشفقت اور تقوی وپرہیزگاری کے پرفضا وپرسکون ماحول میں تقریباً پانچ ساڑھے پانچ برس گذرے تھے کہ ۱۳۲۳ھ میں جب کہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی آٹھ برس کی عمر تھی۔

۱ آپ بیتی ص ۷/ جمع الفوائد ص ۲۳۔ ۲ ولی کامل ص ۱۱۳۔



قطب الاقطاب ساقی علوم ومعرفت اور آفتاب علم وہدایت حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ہوگیا۔ لیکن آپ اسی دینی علمی ماحول میں جس کی نظیر اس زمانہ میں کسی اور جگہ نہ تھی تیرہ برس کی عمر تک رہے۔

## والد ماجد حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحبؒ

قدرت نے باپ بھی وہ عطا فرمایا تھا جو رشیدی علوم ومعارف کا امین ومحافظ امام ربانی حضرت گنگوہی قدس سرہ کے خادم خاص اور کاتب خطوط وفتاوٰی ہونے کے ساتھ ساتھ حضرت گنگوہی قدس سرہ کو اس طرح تعلق خاطر تھا کہ اگر تھوڑی دیر نظروں سے اوجھل ہوجاتے تو بے چین ہوجاتے تھے۔ حضرت گنگوہیؒ فرمایا کرتے تھے کہ ''مولوی یحیٰ تو میری آنکھیں ہیں'' ایک مرتبہ کسی کام میں ذرا دیر لگ گئی تو حضرت نے کئی بار پکارا پھر فرمایا خدا جانے کہاں بیٹھ رہے آخر جب آئے تو حضرت نے یہ شعر پڑھا۔

مت آئیو او وعدہ فراموش تو اب بھی
جس طرح کٹا روز گذر جائے گی شب بھی

جس خاندان کا اوپر ذکر کیا گیا آخر اسی نورانی خاندان، علمی دینی گہوارہ میں پیدا ہوئے اور پرورش پائی۔ ذکاوت وذہانت، تقوی وطہارت گویا گھٹی میں پڑا ہوا تھا۔

## چھ ماہ ہر روز ختم کلام پاک

جب بولنا شروع کیا تو پاؤ پارہ حفظ تھا سات برس کی عمر میں مکمل حفظ کلام پاک کرلیا تھا۔ اس کے بعد مسلسل چھ ہفتہ تک والد صاحب کی طرف سے اس کے مامور رہے کہ پورا قرآن پاک حفظ پڑھ کر پھر کھانا کھائیں، چنانچہ روزانہ چھ ماہ برابر ظہر تک پورا قرآن پاک پڑھ لینے کے بعد کھانا کھاتے۔

## تحصیل علوم

مکمل یکسوئی کے ساتھ علمی تبحر حاصل کیا تھا مدرسہ حسین بخش دہلی میں حدیث



کی کتابوں کے علاوہ سب کتابیں پڑھی تھیں مشہور تھا کہ دہلی میں حدیث پڑھنے سے غیر مقلد ہوجاتا ہے۔ اس لئے وہاں حدیث کے اسباق میں شرکت نہیں کی تھی مگر ارباب مدرسہ نے آپ کا نام بھی فارغین میں لکھ دیا۔ حالاں کہ ایک سبق بھی آپ نے نہیں پڑھا تھا اور مدرسہ والوں نے مولانا محمد اسمٰعیل صاحب پر زور دیا تو مولانا نے فرمایا کہ محمد یحیٰ کیا حرج ہے ابھی پانچ مہینے باقی ہیں اسی میں پڑھ لو خود ارشاد فرماتے ہیں۔

## علمی انہماک کا عجیب واقعہ

چنانچہ وہ پانچ مہینہ میں نے نظام الدین کے حجرہ میں اس طرح گزارے ہیں کہ خود مسجد میں رہنے والوں کو معلوم نہ تھا کہ میں کہاں ہوں محض ان دو لڑکوں کے جن کے ذمہ میری روٹی اور وضو کا پانی لانا مقرر تھا۔ چنانچہ اسی دوران کاندھلہ سے میرے نکاح کا تار آیا تو لوگوں نے یہ کہہ کر واپس کردیا کہ مکتوب الیہ مدت سے یہاں نہیں ہے اور نہ معلوم کہاں چلا گیا غرض اسی دوران میں میں نے بخاری شریف سیرت ابن ہشام، طحاوی، ہدایہ، فتح القدیر بالاستیعاب اس اہتمام سے دیکھی ہے کہ مجھے خود حیرت ہے، اتفاق سے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب ممتحن مقرر ہوئے، اور تشریف لائے تو میرے جوابات دیکھ کر یہ لفظ فرمائے کہ ایسے جوابات مدرس بھی نہیں لکھ سکتا۔[1]

---

تذکرۃ الخلیل ص ۲۰۲۔

## حضرت گنگوہیؒ کی بے مثال خدمت

اسی بنا پر حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی سفارش پر حضرت گنگوہیؒ نے مولانا محمد یحییٰ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خاطر آخری دورہ پڑھایا جس کو آخری دور کا آخری منظر کہا جاتا ہے، اور آپ کے طفیل ایک کثیر جماعت فیض یاب ہوئی مولانا محمد یحییٰ صاحب کا گنگوہ آنا گویا حضرت کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو وقف کرنا تھا بارہ برس تک جانے کا نام نہ لیا، حتی کہ امام ربانی ہی دنیا سے سدھار گئے اور وہ بہار ہی ختم ہوگئی جس نے دنیا کو قدوسی منظر دوبارہ دکھانے کے لئے اپنی طرف کھینچا تھا۔

حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب میرٹھی قدس سرہٗ حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب قدس سرہٗ کے حالات بیان فرماتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

## اجازت وخلافت

آہ مولوی محمد یحییٰ صاحب مرحوم میرے محسن اور مخلص دوست تھے جن کے کمالات مخفیہ اور حالات سنیہ بیان کرنے کو مستقل تالیف کی ضرورت ہے۔ آخر کوئی چیز تھے کہ امام ربانی کو اولاد سے زیادہ پیارے ہوئے کہ حضرت ان کو بڑھاپے کی لاٹھی اور نابینا کی آنکھیں فرمایا کرتے اور کسی ضرورت سے وہ چند منٹ کے لئے اِدھر اُدھر ہو جاتے تو امام ربانی بے کل اور بے چین ہو جایا کرتے تھے۔ بارہ برس کامل اس لاڈ اور پیار میں گذرے کہ کوئی اس کی نظیر نہیں بیان کر سکتا۔ حتی کہ امام ربانی کا وصال ہوگیا اور مولانا خلیل احمد صاحب نے جن کی دور بیں



بصیرت بارہ برس پہلے سمجھ چکی تھی کہ مولوی یحییٰ کوئی چیز ہیں گنگوہ جا کر جو عمامہ آپ کو مرشد العرب والعجم کے دست مبارک سے عطا ہوا اور اصل پیچوں پر سیا ہوا اب تک محفوظ رکھا ہوا تھا۔ یہ کہتے ہوئے اپنے دست مبارک سے مولوی یحییٰ صاحب کے سر پر رکھ دیا کہ اس کے مستحق تم ہو اور میں آج تک اس کا محافظ اور امین تھا الحمد للہ کہ آج حق کو حقدار کے حوالہ کر کے بار امانت سے سبکدوش ہوتا ہوں اور تم کو اجازت دیتا ہوں کہ کوئی طالب آئے تو اس کو سلاسل اربعہ میں بیعت کرنا اور اللہ کا نام بتانا[1]

## قوت حفظ اور علمی شوق

محض اپنے حفظ سے طلبہ کو ادب کی اکثر درسی کتابیں لکھ کر دے دیا کرتے[2] علم کا یہ شوق کہ سلم جیسی کتاب کو ہاتھ میں تسبیح لے کر اس کی عبارت از اول تا آخر دو سو، دو سو مرتبہ پڑھا تھا[3]

## تربیت کا ملکہ

مگر اس علم وعمل تقویٰ وطہارت، ذکاوت وذہانت، یقین وتوکل زہد وقناعت، استغنا، صبر ورضا، تفویض وتسلیم کی مکمل تصویر ہونے کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے تربیت کرنے کا وہ عجیب وغریب ملکہ عطا فرمایا تھا جس کی نظیر ملنا مشکل ہے۔ ہر وقت یہ فکر رہتی تھی کہ عزیز فرزند میں رذائل کی ہوا بھی نہ لگے، اور جو محاسن وکمالات فطری طور پر ودیعت کئے گئے تھے، ان میں برابر ترقی اور جلا بڑھتی رہے کوئی آن ولمحہ بھی

۱ تذکرۃ الخلیل ص/۲۰۳،۲۰۴۔ ۲ تذکرۃ الخلیل ص/۲۹۔ ۳ تذکرۃ الخلیل۔

ضائع نہ ہو فرمایا کرتے۔

تیرا ہر سانس نخل مو سوی ہے

یہ جزر ومد جواھر کی لڑی ہے

حضرت شیخ زید مجدہ ''الاعتدال فی مراتب الرجال'' میں اپنی تربیت کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں۔

## تربیت کے عجیب اصول

میری ابتدائی تربیت جن اصولوں کے ماتحت ہوئی ہے وہ یہ تھے کہ مجھے سترہ برس کی عمر تک نہ کسی سے بولنے کی اجازت تھی نہ بلامعیت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ یا چچا جان کے کہیں جانے کی اجازت تھی حتیٰ کہ مدرسہ کی جماعت میں سبق بھی ان دو حضرات کے علاوہ کسی مدرس سے پڑھنے کی اجازت نہ تھی اور اس کی بھی اجازت نہ تھی کہ میں اپنے اکابر کے شیخ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نور اللہ مرقدہ کی مجلس میں بھی بلا والد صاحب یا چچا جان صاحب کے ساتھ ہوئے بیٹھ سکوں کہ مبادا میں سبق کی جماعت میں یا حضرت کی مجلس میں کسی کے پاس بیٹھنے والے سے کوئی بات کرلوں، مجھے دو تین آدمیوں کے سوا کسی سے بات کرنے کی اجازت نہ تھی، تنہا مکان جانے کی اجازت نہ تھی، یہاں تک کہ جماعت کی نماز میں بھی مخصوص حضرات کی زیر نگرانی شرکت کرتا تھا، اس دور کی آپ بیتی اگر میں سناؤں تو الف لیلہ بن جائے کہ کس قدر تشدد مجھ پر رہا۔ اور کس قدر سخت قیدیوں کی سی زندگی گزری مگر اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس کے فضل نے مجھے نباہنے کی توفیق عطا فرمائی جس کی برکات اب دنیا ہی میں



پار ہا ہوں۔[1]

ولی کامل میں آپ بیتی سے نقل کیا ہے۔

یہ تو میری مجال ہی نہ تھی کہ میں کسی کو سلام کروں یا میں از خود کسی ایسے شخص کے پاس جماعت کی نماز میں کھڑا ہوں جس کے پاس اس سے پہلی نماز میں کھڑا ہو چکا ہوں۔ کوئی دوسرا اجنبی آدمی مجھے سلام کر لیتا تو مجھ سے جواب طلب ہو جاتا کہ یہ کون ہے۔ اور اگر کوئی ایسا شخص جو پہلی نماز میں بھی میرے برابر ہوتا تھا اتفاقاً میرے پاس آ کر کھڑا ہو جاتا تو مجھے ڈر کے مارے نیت توڑ کر جانا پڑتا تھا۔ اس لئے کہ اس کو بھگتنا تو مجھے پڑتا تھا اور اس خیال سے کہ پاس والے کو یہ خیال ہوگا کہ کیا بات ہے کبھی کھانسنے کا بہانہ کرتا اور کبھی ناک پکڑ کر گویا نکسیر آ گئی وہاں سے نکلتا تھا۔[2]

## تکیہ کا عجیب واقعہ

چار سال کی عمر تھی والدہ صاحبہ نے بہترین خوبصورت تکیہ بنایا تھا جس کے متعلق خود حضرت زید مجدہ تحریر فرماتے ہیں۔

وہ (تکیہ) مجھے اتنا محبوب تھا کہ بجائے سر کے وہ میرے سینے کے اوپر رہا کرتا تھا اور اس کو پیار کرتا اور کبھی سینہ سے چمٹایا کرتا۔ والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے آواز دے کر فرمایا ذکریا مجھے تکیہ دے دو مجھ میں پدری محبت نے جوش مارا اور اپنے نزدیک انتہائی ایثار اور گویا دل پیش کر دینے کی نیت سے میں نے کہا میں اپنا تکیہ لاؤں فرمایا کہ ورے آ، میں انتہائی ذوق وشوق میں کہ ابا جان اس نیاز مندی اور سعادت مندی پر بہت خوش ہوں گے دوڑا ہوا گیا انہوں نے بائیں ہاتھ سے میرے دونوں ہاتھ پکڑ کر

۱ الاعتدال فی مراتب الرجال ص ۳۱۱۔ ۲ ولی کامل ص ۱۴، ۱۵۔

اور اپنے دائیں ہاتھ سے منہ پر ایسا زور سے تھپڑ رسید کیا کہ آج تک اس کی لذت تو بھولا نہیں اور مرتے وقت تک امید نہیں کہ بھولوں گا اور یوں فرمایا کہ ابھی سے باپ کے مال پر یوں کہتا ہے کہ اپنا لاؤں۔ کچھ کما کر ہی کہتا کہ اپنا لاؤں اللہ ہی کا فضل و کرم اور محض اس کا ہی فضل و کرم ہے کہ اس کے بعد سے جب کبھی یہ واقعہ یاد آجاتا ہے تو دل میں یہ مضمون پختہ ہوتا چلا جاتا ہے کہ اپنا اس دنیا میں کوئی مال نہیں اور اللہ کا شکر ہے کہ دن بدن یہ مضمون پختہ ہی ہوتا جاتا ہے۔[1]

## معمولات یومیہ

ایک اور واقعہ ملاحظہ فرمائیں۔

سنہ ۳۰ھ میں جب کہ میری عمر پندرہ برس کی تھی میری والدہ کی سخت علالت کی وجہ سے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے کاندھلہ بھیج دیا اور اتنا لمبا چوڑا کام میرے سپرد کردیا کہ پندرسولہ گھنٹے تک بھی پورا نہ ہوسکے، روزانہ تاریخ دار مقامات کے سو لغت لکھنا اور صراح وغیرہ دوسری کتب کی مدد سے ان کا ترجمہ بھی لکھنا پھوپھا مرحوم پھوپھا رضی الحسن صاحب سے سلم کا سبق پڑھنا ایک منزل روزانہ قرآن کی دو تین مرتبہ پڑھنے کے بعد دادی صاحبہ (جو کہ حافظ قرآن تھیں) کو سنانا اور دو تین سبق فارسی کے گلستاں، بوستاں، یوسف زلیخا، حاجی محسن مرحوم کو پڑھانا۔[2]

## عمدہ کپڑے پہننے پر تنبیہ

اسی وقت تربیت کا عجیب واقعہ پیش آیا جس کو ملخصاً نقل کرتا ہوں۔

چونکہ مجھے اچھا کپڑا پہننے کی نوبت نہ آئی تھی اور میری والدہ کی

[1] ولی کامل ص/۱۶، ۱۷۔ [2] ولی کامل ص/۲۵۔



انتہائی خواہش اور تمنا تھی کہ مجھے اچھا کپڑا پہنے ہوئے دیکھیں مگر والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے خوف سے وہ بھی نہیں بنا سکتی تھیں۔ چونکہ وہ ان کی رشدت علالت کی وجہ سے مایوسی کی حالت تھی اس لئے انہوں نے میری خالہ اور پھوپھیوں سے اپنی خواہش کا اظہار فرمایا۔ اور چونکہ ہر رشتہ دار اس وقت ان کی دل جوئی کا متمنی تھا۔ اس لئے سب نے مل کر ایک نہایت نفیس جوڑا میرے لئے بنایا میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ والدہ کی اور میری دونوں کی خیر خبر لینے کے واسطے کاندھلہ تشریف لے گئے اور صدر دروازہ کے بجائے چور کھڑکی میں کو ایک گھر سے دوسرے گھر میں پردہ کراتے ہوئے پہنچے۔ مابدولت اس شاہی جوڑے کو پہن کر اور اس کی نمائش کرنے کے واسطے اپنے دروازہ سے نکل رہے تھے کہ ایک دم ایک کی نگاہ دوسرے پر پڑی ان کی نگاہوں میں تو شیر ببر کی طرح سے خون کی لہر دوڑ گئی۔ اور میں لنگور کے سامنے بندر۔ ایسی حالت میں تھا کہ پاؤں نیچے زمین نہیں تھی اور انہوں نے للکار کر فرمایا آ، تعمیل کے سوا چارہ کیا تھا۔ اور وہ نہایت نفیس جوتا جو چار پانچ منٹ پہلے ہی پاؤں میں پڑا تھا وہ ان کے ہاتھ میں تھا اور بجائے پیر کے سر پر پڑ رہے تھے اور ایک لفظ زبان پر تھا کہ تجھے معشوق بننے کے واسطے بھیجا تھا اور دروازہ ایکدم بند کردیا گیا اور سارے گھروں کی مستورات مجھے چھڑانے کے واسطے وہاں جمع ہوگئیں۔ ابا جان نے ایک ڈانٹ پلائی کہ جو چھڑانے آئے گی اس کو جوتا ماروں گا۔

بلا مبالغہ سو کے قریب تو سر پر پڑے ہوں گے یہ اللہ کا احسان تھا ایڑی کی طرف سے نہیں پڑے بلکہ پنجے کی طرف سے پڑے جس سے سر نہیں پھٹا۔ البتہ ضبیع کی طرح دماغ کا بہترین علاج ہوگیا وہ عمامہ اسی وقت تہ کر کے چھوٹی ہمشیرہ کے نکاح لئے رکھا گیا اور اچکن کے کرتے کی دو کرتیاں بہن کی شادی کے لئے بنا کر رکھ دی گئیں اور وہ بنیان اور سلیپر عزیز ظہیر الحسن مرحوم کو نذرانہ ہوگیا۔ اور عمدہ لٹھے کا پاجامہ اس وقت تو جھک مار کر اتارنا ہی پڑا۔ اور ہم پھر وہی کھرپا وہی جالی۔

اللہ کے فضل واحسان سے اچھے کپڑے سے جو نفرت اس وقت بیٹھی تھی اس میں اضافہ ہی ہوتا رہا اور اب واقعی اس کے اندر تصنع نہیں کہ اب اچھے کپڑے سے کچھ اس قدر نفرت ہوگئی کہ اپنے ہی نہیں، دوسرے کے بدن پر بھی اچھا نہیں لگتا اور دماغ میں یہ چیز جم گئی کہ اچھے کپڑے کے اندر کیا فائدہ اگر اچھی غذا کھائے تو خیر دماغ وجسم کو طاقت دیتا ہے، مگر اچھے کپڑے سے نہ رنگ وروپ میں فرق پڑے اور نہ بدن میں طاقت آئے، پندرہ بیس دن بعد وہ اس سے زیادہ میلے ہوجائیں گے۔ جتنے کھدر کے بھی نہیں ہوتے [1]

اس قسم کے واقعات آپ بیتی میں حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے تفصیل سے ذکر فرمائے ہیں جسے شوق ہو وہاں دیکھ لے نمونہ اور اشارہ کے طور پر یہ چند باتیں ذکر کردی گئیں۔ اسی تربیت کا اثر تھا وہ رزائل (حب جاہ، حب مال، حرص وغیرہ) سے

[1] ملخصاولی کامل از ص/۲۵، تا ص/۲۸۔



جو بڑے بڑے مجاہدوں کے بعد بھی اگر کسی سے نکل جائیں تو مالک کا بڑا فضل ہے بچپن سے ہی شدید نفرت ہوگئی اور محاسن ومحامد تقوی وطہارت، یقین وتوکل، زہد وقناعت استغنا، صبر ورضا، تفویض وتسلیم وغیرہ (جو بڑے بڑے مجاہدوں کے بعد بھی اگر کچھ میسر ہوجائیں تو بڑا ہی غنیمت اور مالک کا فضل واحسان ہے) بچپن ہی سے ملکہ راسخہ بن گئے اور وہ دولت عظمیٰ (تعلق مع اللہ) (جس کے سامنے زمین وآسمان کے خزانے ہیچ در ہیچ ہیں جو زندگی بھر کی محنتوں مجاہدوں کے بعد بھی اگر حاصل ہوجائے تو بڑا سستا سودا ہے) حضرت کو بچپن ہی سے اس دولت عظمیٰ سے نواز دیا گیا۔

ایں سعادت بزور بازو نیست
تانہ بخشد خدائے بخشندہ

خود والد محترم قدس سرہ کی سند اس سلسلے میں ملاحظہ فرمائیں جسے خود حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے۔

## تعلق مع اللہ کی سند

اور یہ سارے مراحل والد صاحب نور اللہ مرقدہ کے وصال سے تقریباً ڈیڑھ سال پہلے ختم ہوگئے اس کے بعد سے گویا نگرانی ختم ہوگئی، انتقال سے تقریباً ایک سال پہلے یا اس سے بھی کچھ زائد حضرت شاہ عبد الرحیم صاحب نور اللہ مرقدہ وقدس سرہ کا شدید اصرار والد صاحب کے بار بار بلانے پر رہتا تھا۔ ان کے خط کے جواب میں والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا۔

"کہ اب تک عزیز زکریا کی بیڑی میرے پاؤں میں ایسی زنجیر بنی

ہوئی تھی کہ میں اس کی وجہ سے کہیں آ جا نہیں سکتا تھا۔ اللہ کا شکر ہے کہ اب اس کی طرف سے اطمینان ہوگیا'' حضرت کو چونکہ بہت اشتیاق رہتا تھا۔ اس لئے والد صاحب رائے پور طویل قیام کے لئے تشریف لے گئے۔ اس ناکارہ نے ان کی تشریف بری کے بعد سے ان کی یاد اور ان کی غیبت سے اپنے نقصان کا اظہار کیا تو جواب میں تحریر فرمایا کہ ''بڑوں کی نگرانی کی حاجت اس وقت تک رہتی ہے جب تک تعلق مع اللہ پیدا نہ ہو'' اور اس کے بعد ضرورت نہیں رہتی۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس کے فضل سے تمہارے اندر پیدا ہوگیا اب میری ضرورت نہیں رہی [1]

اور اسی کا اثر تھا کہ کمال یکسوئی اور کمال دل جمعی کے ساتھ وہ تبحر علمی حاصل کیا جس کی مثال تاریخ میں بہت کم ملے گی۔

## چھ مہینہ تک جوتہ خریدنے کی نوبت نہ آئی

الاعتدال فی مراتب الرجال میں خود تحریر فرماتے ہیں۔

ایک مرتبہ میرا اپنا جوتہ مدرسہ سے کسی نے اٹھالیا تو تقریباً چھ ماہ تک مجھے دوسرا جوتہ خریدنے کی ضرورت نہیں ہوئی۔ کیوں کہ اس مدت میں مجھے مدرسہ سے باہر قدم نکالنے کی نوبت ہی نہیں آئی۔ مدرسہ ہی کی مسجد میں جمعہ ہوتا تھا اور مدرسہ کی بیت الخلاء پر ایک دو جوتے جو کسی کے پرانے ہو جاتے ہیں وہ ڈال دیتا ہے جو اب تک بھی دستور ہے اس وجہ سے مجھے کسی ضرورت کے واسطے بھی

۱ ولی کامل ص/۳۲و۳۴۔



مدرسہ کے دروازہ سے نہ تو باہر قدم رکھنا پڑا نہ جوتے کی ضرورت ہوئی [1]

## مجمع سے وحشت اور خلوت نشینی

اسی تربیت اور نگرانی کا اثر تھا کہ خلوت نشینی کی وہ محبت دل میں بیٹھی مجلس ومجامع سے گویا وحشت ہوگئی اور اس میں بھی پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ سے موافقت ہوگئی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔

ثُمَّ حُبِّبَ اِلَیْهِ الْخَلَاءُ وَکَانَ یَخْلُوْ بِغَارِ حِرَآءَ فَیَتَحَنَّثُ فِیْهِ وَهُوَ التَّعَبُّدُ اللَّیَالِیْ ذَوَاتَ الْعَدَدِ قَبْلَ اَنْ یَنْزِعَ اِلٰی اَهْلِهٖ وَیَتَزَوَّدُ لِذَالِکَ ثُمَّ یَرْجِعُ اِلٰی خَدِیْجَةَ فَیَتَزَوَّدُ لِمِثْلِهَا حَتّٰی جَاءَهُ الْحَقُّ وَهُوَ فِیْ غَارِ حِرَآءَ الحدیث [2]

''پھر آپ کے لئے خلوت نشینی محبوب بنادی گئی، آپ غار حراء میں خلوت گزینی فرماتے اور کئی کئی رات گھر لوٹنے سے قبل عبادت الٰہی میں مشغول رہتے اور اس کے لئے توشہ لے جایا کرتے (جب ختم ہوجاتا) تو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لاتے اور پھر اس کے مثل توشہ لے جاتے یہاں تک کہ آپ کے پاس (وحی) آگئی جب کہ آپ صلی اللہ علیہ علیہ وسلم غار حراء ہی میں تھے''۔

خدائے پاک نے شیدائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور سچے وارث کو بھی یہ خلوت نشینی کی محبوبیت نصیب فرمائی چنانچہ خود حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

۱ الاعتدال فی مراتب الرجال ص/۳۱،۳۲۔ ۲ بخاری شریف جلد ۱/ص ۲/۔

اس کا اثر یہ ہے کہ اب مجھے مجمع سے وحشت ہے۔ کسی مجمع میں مجھے جانا میرے لئے انتہائی مجاہدہ ہے حتی کہ اپنے کمرہ میں اگر تنہا ہوں اور کمرہ کی زنجیر کھلی ہوئی ہو تو اس کی بہ نسبت مجھے اس میں زیادہ لطف اور سکون ہوتا ہے کہ اندر کی زنجیر لگی ہو۔ بھلا ایسا وحشی شخص کیا کہیں شریک ہو جلسہ جلوس کی خصوصیت نہیں ہے مجھے تقریبات میں بھی شرکت سے وحشت ہوتی ہے۔ ہر نوع کے مجمعوں کی شرکت میرے لئے دقت کا سبب ہے۔

قفس دانیم وبس راہ چمن از ماچہ می پرسی
کہ پیش از بال و پر برداشتند از آشیاں مارا[1]

ہم پنجرہ کو جانتے ہیں اور بس ہم سے چمن کا راستہ کیا پوچھتے ہو اس لئے کہ بال و پر نکلنے سے پہلے ہی ہم کو آشیاں سے اٹھالیا گیا۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہٗ کے وہ الفاظ جوانہوں نے اپنی طلب علم کے سلسلہ میں تحریر فرمائے ہیں۔ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ پر حرف بحرف صادق آتے ہیں۔ فرماتے ہیں۔

## شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کا علمی شوق

از ابتدائے ایام طفولیت نمی دانم کہ بازی چیست وخواب کدام مصاحبت کیست۔ وآرام چہ وآسائش کو وسیر کجا۔[2]

بچپن سے (میرا یہ حال ہے کہ) مجھے یہ نہیں معلوم کہ کھیل کود کیا ہے۔ خواب،

[1] الاعتدال ص ۳۲۔ [2] حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی ص ۸۴، بحوالہ المکاتیب والرسائل ص ۴۷۔



مصاحبت، آرام وآسائش کے کیا معنی ہیں میں نہیں جانتا کہ سیر کیسی ہوتی ہے۔

شب خواب چہ وسکوں کدامست
خود خواب بعاشقاں حرامست

شب کو نیند کیا ہوتی ہے اور سکون کہاں ہوتا ہے خود نیند عاشقوں پر حرام ہے۔

"ہرگز در شوق کسب وکار طعام بوقت نخوردہ وخواب در محل نبردہ"[1]

"تحصیل علم میں مشغولیت کی بنا پر کھانا کبھی بروقت نہیں کھایا۔ اور نیند بھر کر نہیں سویا"

اخبار الاخیار میں اپنی حالت کو اشعار میں اس طرح بیان فرمایا ہے۔

چہ دود ہائے چراغ کہ در دماغ نرفت — کدام بادۂ محنت کہ در ایاغ نرفت
کدام خواب وچہ آسائش وکجا آرام — چہ خار خار کہ در بستر فراغ نرفت
بحیرتم زدل خود کہ عمر رفت ولے — زکنج غمکدہ ہرگز بہ صحن باغ نرفت[2]

ترجمہ: چراغ کے کیا کیا دھوئیں ہیں جو دماغ میں نہیں گئے، کون سے بادۂ محنت ہیں جن کو نوش نہیں کیا، کون سی نیند اور کیا آسائش اور کہاں آرام، کیا کیا خار ہیں جو بستر فراغ میں نہیں پہونچے، میں اپنے دل سے حیرت میں ہوں کہ عمر گذر گئی لیکن، غمکدہ کی کوٹھری سے ہرگز صحن باغ میں نہیں گیا۔

رات دن کی محنت کو دیکھ کر والدین کا تقاضہ ہوتا تھا کہ کچھ دیر کھیل لو یا کچھ سو جاؤ۔ مگر حضرت محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو یہ ہرگز گوارہ نہ تھا کہ کچھ وقت ضائع ہو اور کھیلنے اور سونے کے بجائے پڑھنے لکھنے ہی میں آرام ملتا تھا۔ فرماتے ہیں۔

"دائم پدر و مادر من در پئے آن بودند کہ یک دم باکودکاں محلہ بازی کنم یا شب

[1] حوالہ بالا بحوالہ اخبار الاخیار ص ۳۰۲۔ [2] حوالہ بالا ص ۸۵، بحوالہ اخبار الاخیار ص ۳۰۳۔

بوقت متعارف پادراز کشم ومن می گفتم کہ آخر غرض از بازی خاطر خوش کردنست ومرا خاطر بہ ہمیں خوش است کہ چیزے بخوانم یا مشقے کنم"۔ ؎۱

میرے والدین ہر چند کہتے تھے کہ تھوڑی دیر محلّہ کے لڑکوں کے ساتھ کھیل لوں اور وقت پر سو جاؤں۔ میں کہتا تھا کہ آخر کھیلنے سے مقصد دل کا خوش کرنا ہی تو ہے۔ میری طبیعت اسی سے خوش ہوتی ہے کہ کچھ پڑھ لوں یا لکھ لوں۔

گاہے در اثنائے مطالعہ کہ از نیم شب درمی گذشت والدم قدس سرہ مرا فریاد می زد۔ کہ بابا چہ می کنی من فی الحال درازی کشیدم تا دروغ واقع نشود۔ ومی گفتم کہ خفتہ ام چہ می فرمایند باز بر نشستم ومشغول می شدم ؎۲

کبھی مطالعہ کے دوران ایسا بھی ہوا ہے کہ آدھی رات گذر گئی ہے میرے والد نے مجھ سے فریاد کی ہے کہ بابا! کیا کرتے ہو۔ میں سنتے ہی فوراً لیٹ جاتا کہ جھوٹ واقع نہو اور کہتا کہ میں سوتا ہوں آپ کیا فرماتے ہیں جب وہ مطمئن ہوجاتے تو پھر اٹھ بیٹھتا اور مشغول ہوجاتا۔

ایک جگہ نظم میں اپنا حال بیان فرماتے ہیں۔

من نہ دانم کہ زندگانی چیست　　کامرانی چہ وجاودانی چیست
روزگارے خوشی کرا گویند　　دل خوش در جہاں کجا جویند
وصل باکام دل چہ می باشد　　کامیاب از جہاں کہ می باشد
آنکہ اودید چہرۂ مقصود　　کیست در عالم وکہ خواہد بود
آنکہ مقصود یافت در عالم　　کہ بود ربنا بہ اعلم ؎۳

ترجمہ: میں نہیں جانتا کہ زندگانی کیا ہے، کامرانی کیا اور جاودانی کیا ہے، اہل

؎۱ حوالہ بالا ص/۸۶، بحوالہ اخبار الاخیار ص/۳۰۲، ۳۰۳۔ ؎۲ حوالہ بالا بحوالہ بالا۔ ؎۳ حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی ص/۲۷، بحوالہ کتاب المکاتیب ص/۸۱و۸۲۔



زمانہ خوشی کسے کہتے ہیں دل خوش دنیا میں کہاں ڈھونڈتے ہیں، کام دل کے ساتھ وصل کیا ہوتا ہے، دنیا سے کامیاب کون ہوتا ہے، جس نے چہرۂ مقصود دیکھا ہے، دنیا میں کون ہے اور کون ہوسکتا ہے، جس نے دنیا میں مقصود کو پایا، کون ہوتا ہے ہمارا رب ہی اس کو زیادہ جانتا ہے۔

ایک محدث کی طلب وشوق کی حالت دوسرے محدث پر کس طرح حرف بحرف صادق آتی ہے کہ گویا من وعن انہیں کا حال بیان کیا جارہا ہے۔ حضرت شیخ اپنا حال بیان فرماتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

## شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا علمی انہماک

۳۵ھ کی ابتداء سے اس ناکارہ کے طالب علمی کے ذوق کا دور شروع ہوا اور اس ذیل میں رات کا کھانا چھوڑا تھا۔ جس میں حرج ہوتا تھا۔ کچھ دنوں تک تو میری ہمشیرہ مرحومہ میرے پاس بیٹھی رہتی میں مطالعہ میں مشغول رہتا اور وہ لقمہ بنا کر کھلاتی رہتی۔ کئی سال تک تو محض حرج کی وجہ سے کھانا چھوڑا رہا۔ پھر عادت پڑگئی۔ ؎۱

## پوری رات جاگنا

اس ناکارہ کا دستور رات کو کام میں مشغول رہنے کا خوب رہا اور ساری رات جاگنا معمولی بات تھی۔

حضرت مدنی قدس سرہ بار بار فرمایا کرتے تھے کہ تمہاری اس چیز پر بڑا رشک آتا ہے۔ ؎۲

؎۱ آپ بیتی نمبر۲ ص/۲۰۱۔ ؎۲ آپ بیتی نمبر۴ ص/۹۹۔

## کھانا، یاد نہ آنا

طلب علم میں مطالعہ میں اس درجہ مشغولی ہوتی کہ کھانا یاد بھی نہ آتا فرماتے ہیں۔

اس ناکارہ کی ابتدائی مدرسی کے زمانہ میں مہمانوں کا ہجوم تو تھا نہیں بسا اوقات رات کو کچھ ضعف سا معلوم ہوتا۔ سوچنے پر معلوم ہوتا کہ دوپہر کو کھانا نہیں کھایا۔[1]

## کسی کے آنے سے ناگواری

مطالعہ میں اس درجہ انہماک اور مشغولی ہوتی کہ کسی کا آنا گراں گزرتا۔ فرماتے ہیں۔

وہ زمانہ میرے علمی انہماک کا تھا۔ اور صبح کی چائے کے بعد سے دوپہر کے گیارہ بجے تک بجز اکابر ثلاثہ حضرت مدنی رحمۃ اللہ علیہ حضرت رائے پوری، اور میرے چچا جان نور اللہ مرقدہم کے کسی شخص کی آمد مجھے گوارہ نہ تھی اور ان کے علاوہ کوئی اور پہنچتا تو واقف ہوتا تو ڈانٹ پڑتی اور اجنبی ہوتا تو روکھا جواب کہ اس وقت فرصت نہیں گیارہ بجے بات کرسکتا ہوں۔[2]

## حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ کی شفقتیں

پہلے معلوم ہو چکا کہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ تیرہ برس تک گنگوہ کے نورانی ماحول میں رہنے کے بعد ۱۳۲۸ھ میں سہارنپور جو حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری قدس سرہ کے فیوض و برکات اور انوارات سے جگمگا رہا تھا اور گویا

[1] آپ بیتی نمبر/۶ ص/۷۶۔ [2] آپ بیتی نمبر/۶ ص/۲۴۴۔



گنگوہ ثانی بنا ہوا تھا۔ تشریف لائے اور ابتداءً حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ کے منظور نظر اور چند ہی دن بعد اپنی فطری صلاحیتوں کی بنا پر محبوبیت کا مقام حاصل کرلیا اور شب و روز یہ تعلق و اعتماد بڑھتا ہی گیا اور شوق و محبت، سوز و گداز کی برق رفتار سواری پر سوار کرکے منزل مقصود تک پہنچا دیا۔

حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب رحمۃ اللہ علیہ قدس سرہ حضرت اقدس محدث سہارنپوری قدس سرہٗ برد مضجعہ کے طریق اصلاح اور محبوب و مقصود تک پہنچانے کے سلسلہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

## حضرت مولانا خلیل احمدؒ کی تربیت سالکین

حضرت اپنے متبعین کو نشست و برخاست، خواب و بیداری، دخول خروج، بول براز، صبح شام، دن رات غرض ہر وقت اور ہر حال کے متعلق جو دعائیں حدیث میں آئی ہیں۔ ان کی مواظبت پر اہتمام کی تعلیم دیتے اور عادات میں بھی اتباع سنت محمدیہ کے ہمہ وقت دھیان اور لحاظ قائم رکھنے کی تاکید فرمایا کرتے تھے کہ اس کی برکت سے محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت قلب میں پیدا ہوتی تھی اور چونکہ آپ ہی دربار خداوندی کے فیوضات تقسیم فرمانے کا واسطہ و وسیلہ ہیں اس لئے برکات محبوبیت کی بارش برسنے لگتی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ دوسرے پیدل یا بہل میں یا تانگہ میں یا موٹر میں یا ریل پسنجر پر راستہ قطع کرتے تھے تو آپ کے متبعین اس میل ٹرین میں سفر کرتے تھے جس کا زبردست انجن آندھی کی طرح بیسیوں اسٹیشنوں کو چھوڑتا ہوا جاتا تھا کہ سوئے

تھے وطن کے اسٹیشن پر اور آنکھ کھلی تو منزل مقصود پر کھڑے نظر آئے اور راستہ کا کوئی جنگل پہاڑ بستی باغ دریا جھیل شہر یا گاؤں کچھ بھی نظر نہ آیا۔[1]

ہمت بھی حضرت کی بہت عالی اور عزم اتنا قوی تھا کہ دنیوی معاملات میں بھی آپ جو ارادہ کر لیتے اس سے ہٹتے نہ تھے۔ اور دینی امور بالخصوص تربیت سالکین میں تو آپ کی توجہ اور ہمت ایک بڑی چیز تھی کہ قوی تر انجن بن کر ہزارہا من بوجھ سے لدی ہوئی بیسیوں گاڑیوں کو یکدم متحرک بنا دیتی اور آن کی آن میں کہیں کا کہیں پہنچا دیا کرتی تھی۔[2]

وہ لوٹ پوٹ ہی دیکھا نگاہ کی جس پر
کسی کے بس کا تیرا تیر بے کماں نہ ہوا

آخر کوئی تو بات تھی کہ سید الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ حضرت کو اپنے سلسلہ کا فخر فرماتے تھے۔

حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب قدس سرہٗ کا ملفوظ تحریر فرماتے ہیں۔

میں نے اعلیٰ حضرت حاجی صاحب کا ایک والا نامہ حضرت کی بیاض میں خود دیکھا ہے جس میں حضرت کی نسبت تحریر فرمایا تھا تم میرے سلسلہ کے فخر ہو مجھے تم سے بہت خوشی اور مسرت ہے۔[3]

---

۱ تذکرۃ الخلیل ص ۳۹۸، ۳۹۹۔ ۲ تذکرۃ الخلیل ص ۴۰۴۔ ۳ تذکرۃ الخلیل ص ۳۳۹۔



## حضرت مولانا یحییٰ صاحب کا رجوع

اور خود حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب نے جنہوں نے قطب الارشاد حضرت محدث گنگوہی کی خدمت میں بارہ سال گذارے تھے حضرت محدث گنگوہی قدس سرہٗ کے وفات کے بعد حضرت کو ہی اپنا شیخ بنایا "تذکرۃ الخلیل کی یہ عبارت ملاحظہ ہو"۔

ایک بار فرمایا تم سمجھ سکتے ہو کہ میں حضرت مولانا گنگوہی کی رحمۃ اللہ علیہ خدمت میں بارہ سال رہا ہوں اور حضرت کے ساتھ جو تعلق مجھے تھا اور جو حضرت کو مجھ سے تھا وہ بھی سب کو معلوم ہے اس صورت میں غور کرلو کہ مجھے حضرت گنگوہی کی معرفت کس قدر ہو سکتی ہے اس پر جو میں نے حضرت کے بعد مولانا خلیل احمد صاحب کو اپنا شیخ بنایا اور ان کی طرف رجوع کیا ہے اس سے جو کچھ نتیجہ نکلتا ہے تم خود سمجھ سکتے ہو۔ میاں ظفر بات یہ ہے کہ خدا کے نزدیک مراتب کا کم زیادہ ہونا تو کسی کو معلوم نہیں لیکن میرے نزدیک معرفت وسلوک میں مولانا خلیل احمد صاحب کا درجہ سب سے بڑھا ہوا ہے۔[1]

## مولانا خلیل احمد صاحبؒ حضرت گنگوہیؒ کی نظر میں

### نسبت صحابہؓ

اور آخر مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری قدس سرہٗ کوئی تو چیز تھے جن کے متعلق خود ان کے مرشد حضرت مولانا گنگوہی قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔

---

۱ تذکرۃ الخلیل ص ۳۳۸۔

اللہ تعالیٰ نے میرے قرۃ العین سعید ازلی خلیل احمد کو نسبت صحابہ سے نوازا ہے اور یہ کہ تمہاری نسبت کو میری نسبت سے زیادہ قرب ومناسبت ہے۔[1]

## التفات سائلانہ

ایک مکتوب گرامی میں تحریر فرماتے ہیں۔

تمہاری بہبودی سے توقع کرتا ہوں کہ خود بھی کچھ نفع پاؤں کہ تم نے بحسن ظن دلیل بنایا ہے ورنہ اپنی شومی کو کیا کہوں اول تو کچھ حاصل نہ ہوا تھا۔ اگر کچھ طفل تسلی کی تھی اب ضعف قوت اور ہمت نے جواب دیا سو خیر دوستوں کی وجہ سے شاید کچھ حصہ مل جاوے۔ اب التفات بندہ کا آپ کی طرف سائلانہ ہے نہ معطیانہ "مَنْ دَقَّ بَابَ الْكَرِيْمِ اِنْفَتَحَ" حق تعالیٰ آپ کو فتح باب نصیب فرمائے الخ۔[2]

ایک اور مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں۔

## نعمت کبریٰ

مولوی خلیل احمد صاحب مدفیوضہم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! آپ کا خط آیا حال معلوم ہوا، وارادت رجوع الی اللہ تعالیٰ موجب فرحت ہیں۔ حق تعالیٰ کا نہایت شکر کرنا لازم ہے کہ یہ بڑی نعمت کبریٰ ہے کہ بمقابلہ اس کے لاکھوں جہان مثل پرپشہ بھی نہیں اور اس احقر کو تو نہایت ہی باعث شکر وافتخار ہے کہ خود ایسی عطیات سے محروم ہے بارے احباب کو عطائے متواتر ہے۔

در گور برم از سر گیسوئے تو تارے
تا سایہ کند بر سر من روز قیامت[3]

تیرے گیسو کا ایک تار قبر میں لے کر جاؤں گا تاکہ قیامت کے دن تیرے

[1] تذکرۃ الخلیل ص ۳۹۶۔ [2] مکاتیب رشیدیہ ص ۶۰۔ [3] مکاتیب رشیدیہ ص ۵۸۔



سر پر سایہ کرے۔

## باعث نجات

ایک اور مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں۔

تم کو اپنا فخر وباعث نجات جانتا ہوں۔ کچھ نہیں ہوں مگر اچھوں سے مربوط ہوں۔[1]

## نسبت احسان

ایک اور مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں۔

پس یہ نسبت یادداشت واحسان تھی، کہ شمہ اس کا میرے سعید ازلی قرۃ العین خلیل احمد کو نصیب ہوئی جس پر ہزار فخر وناز یہ بندۂ ناساز کر کے اپنا وسیلہ قرار دئے مطمئن بیٹھا ہے۔ اگر چہ خود اس دولت سے محروم رہا۔ مگر ناؤدان اپنے دوستوں کا بنا اگر چہ سواقی کو ماء نہر سے حظ نہ ہو کہ مبداء حوض ہے اور منتہی مزرعہ، مگر تاہم کوئی حصہ سواقی کو بھی ہے، گو معتد بہا نہ ہو۔[2]

ایک مرتبہ ارشاد فرمایا۔

جو میں وہ مولوی خلیل احمد۔[3]

حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری قدس سرہ کی جلالت قدر کا اندازہ لگانے کے لئے حضرت مولانا ظفر احمد صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان فرمودہ واقعہ بھی ملاحظہ فرمائیں۔

## مولانا خلیل احمد صاحبؒ تو نور ہی نور ہیں

جس وقت حضرتؒ مسجد الحرام میں طواف قدوم کے لئے تشریف

[1] مکاتیب رشیدیہ ص ۶۲۔ [2] مکاتیب رشیدیہ ص ۶۸۔ [3] حیات خلیل ص ۵۱۹۔

لائے تو احقر مولانا محبّ الدین صاحبؒ کے پاس (جو کہ اعلیٰ حضرت حاجی صاحب کے خاص خلفاء میں تھے، اور صاحب کشف مشہور تھے) بیٹھا تھا۔ مولانا اس وقت درود شریف کی کتاب کھولے ہوئے اپنا ورد پڑھ رہے تھے دفعۃً میری طرف مخاطب ہو کر فرمانے لگے اس وقت حرم میں کون آ گیا کہ دفعۃً سارا حرم انوار سے بھر گیا میں خاموش رہا اتنے میں حضرت طواف سے فارغ ہو کر باب الصفا کی طرف سعی کے لئے چلے تو مولانا محبّ الدینؒ کے پاس کو آئے کہ وہی جگہ مولانا کے نشست کی تھی، مولانا کھڑے ہو گئے اور ہنس کر فرمایا کہ میں بھی تو کہوں آج حرم میں کون آ گیا، یہ کہہ کر مصافحہ و معانقہ ہوا اور حضرت سعی کے لئے آگے بڑھ گئے مولانا محبّ الدینؒ اپنی جگہ بیٹھ گئے اور مجھ سے فرمایا میاں ظفر مولانا خلیل احمد صاحب تو نور ہی نور ہیں۔ ان میں نور کے سوا کچھ نہیں پھر فرمایا کہ میں نے مولانا رشید احمد صاحبؒ کو نہیں دیکھا اور مجھ سے کہا گیا ہے کہ وہ قطب الارشاد تھے۔ مگر میں نے مولانا کے خلفاء کو دیکھ کر سمجھ لیا کہ واقعی وہ قطب الارشاد تھے جو ایسے ایسے کامل بنا گئے۔[1]

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کیا تھے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری قدس سرہ کو جو تعلق خاطر تھا اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

[1] تذکرۃ الخلیل ص/۳۳۹۔



## مولانا خلیل احمد صاحبؒ کی شفقتیں

دوسرے دور کے مشائخ کے حالات کیا لکھوں اور کس طرح لکھوں سب سے اول میرے مرشد میرے آقا سیدی وسندی حضرت الحاج مولانا خلیل احمد صاحب نور اللہ مرقدہ کی خدمت میں حاضری تو رجب ۲۸ھ سے ہو گئی تھی لیکن میرے والد صاحب قدس سرہٗ کے انتقال یا یوں کہوں کہ شوال ۳۳ھ تک براہ راست حضرت قدس سرہٗ کی خدمت کی جو شفقتیں تھیں وہ بے پایاں تھیں حضرت کی نگاہ محبت تو بہت شروع ہی سے تھی اسی کا وہ ثمرہ تھا جو میری تعلیم کے بارے میں گذر چکا کہ حضرت قدس سرہٗ نے مجھے منطق کی تعلیم کے لئے مولانا ماجد صاحب کی خدمت میں بھیجنے سے منع کر دیا اور ایک سال کے لئے بھی اپنے اقدام عالیہ سے جدا کرنا گوارا نہیں فرمایا۔ براہ راست حضرت اقدس سرہٗ سے تعلق والد صاحب کے انتقال کے بعد سے پیدا ہوا اور حضرت نے واقعی باپ بن کر دکھلا دیا۔

## باپ بن کر تو میں آیا ہوں

میری پہلی شادی کے سلسلہ میں ایک واقعہ گذر چکا کہ میں نے کاندھلہ جا کر اپنی پہلی شادی کے موقع پر اہلیہ مرحومہ کو یہاں لانے سے انکار کر دیا تھا کہ کاندھلہ میرا وطن ہے وہیں پانچ سات دن رہ کر چلا آؤں گا۔ اہلیہ کے لانے اور لے جانے کا جھگڑا مشکل

ہے تو حضرت قدس سرہٗ نے فرمایا کہ وہ کون ہے انکار کرنے والا باپ بن کر تو نکاح کرانے کے لئے میں آیا ہوں۔

## بیٹے سے بڑھ کر ہیں

ایک مرتبہ حضرت کی غایت شفقت اور میری کثرت حاضری کو دیکھ کر ایک صاحب نے حضرت قدس سرہٗ سے میرے سامنے یہ پوچھا کہ یہ حضرت کے صاحبزادے ہیں تو حضرت قدس سرہٗ نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ بیٹے سے بڑھ کر ہیں[1]

## ہمارے قلندر نے تو پہلے ہی مخالفت کی تھی

ایک مرتبہ مدرسہ کے ایک طالب علم کا اخراج حضرت قدس سرہٗ نے طے کیا۔ میں نے مخالفت کی اور عرض کیا کہ حضرت سے اس کے اندر یہ اندیشہ ہے حضرت ناظم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تردید فرمادی کہ نہیں حضرت کوئی اندیشہ نہیں حضرت نے اخراج فرمادیا۔ معاً وہی اندیشہ سامنے آگیا۔ حضرت قدس سرہٗ کو اس کا بڑا فکر ہوا اور حضرت ناظم صاحب کو بھی ندامت ہوئی میرے حضرت قدس سرہٗ نے فرمایا کہ ہمارے قلندر نے تو پہلے ہی مخالفت کی تھی ہم نے ہی نہ مانی۔ میں نے عرض کیا حضرت فکر نہ فرمائیں دعاء توجہ فرمائیں۔ "انشاء اللہ" یہ اندیشہ جاتا رہے گا حضرت کو اس جواب سے اتنی مسرت ہوئی کہ اس کی لذت اب

---

آپ بیتی نمبر:۴/ص/۱۴۷۔



تک مجھے معلوم ہے اور حضرت کی دعا و توجہ سے فوری خطرہ جو پیش آیا تھا وہ اسی طرح فوراً دور ہوگیا "الھم لک الحمد کلہ ولک الشکر کلہ"۔

## تجھ پر بڑا رشک آتا ہے

حضرت قدس سرہٗ کا ہندوستان میں بھی اور مدینہ پاک میں بھی بہت کثرت سے یہ معمول تھا کہ جب کبھی کھانے میں یہ سیہ کار شریک ہوتا تو حضرت قدس سرہٗ کوئی بوٹی یا کباب کا ٹکڑا بہت شفقت سے دست مبارک سے مرحمت فرمایا کرتے تھے، مجھے تو کبھی اس طرف التفات بھی نہیں ہوا کہ حضرت کی شفقتیں اس سے بہت زائد رہتی تھیں لیکن مدینہ پاک میں یہ ناکارہ تو دونوں وقت کھانے میں شریک ہوتا ہی تھا حضرت اقدس رائے پوری نور اللہ مرقدہٗ بھی بسا اوقات کھانے میں یا کسی دوسری چیز کے کھانے میں شرکت فرماتے حضرت رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے ارشاد فرمایا کہ تجھ پر بڑا رشک آتا ہے کہ جب حضرت تجھے کوئی چیز کھانے کو مرحمت فرماتے ہیں تو پہلے اس چیز کو خوب گھورتے ہیں پھر مرحمت فرماتے ہیں کاش مجھے بھی اس طرح سے گھور کر کوئی کھلاتا۔ اس کے بعد میں نے بھی خیال کیا تو واقعی حضرت اقدس رائے پوری نے صحیح فرمایا تھا[1]

---

[1] آپ بیتی نمبر۴/ص/۱۶،۱۷۔

# قرۃ عینی وقلبی

بذل المجہود کے مقدمہ میں حضرت اقدس محدث سہارنپوری قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں۔

وَاَعَانَنِیْ عَلَیْہِ بَعْضُ اَحْبَابِیْ خُصُوْصاً مِنْھُمْ عَزِیْزِیْ وَقُرَّۃُ عَیْنِیْ وَقَلْبِیْ اَلْحَاجُ اَلْحَافِظُ المولوی محمد زکریا بن مولانا الحافظ المولوی محمد یحیٰ الکاندھلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ فانی کنت لا اقدر علی الکتابۃ وَلَا عَلٰی التَّتَبُّعِ بِرَعْشَۃٍ حَدَثَتْ فِیْ یَدِیْ وَضُعْفٍ فِیْ دِمَاغِیْ وَبَصَرِیْ فَکُنْتُ اُمْلِیْ عَلَیْہِ وَھُوَ یَکْتُبُ وَیَتَتَبَّعُ الْمَبَاحِثَ الْمُشْکِلَۃَ مِنْ مَظَانِّھَا فَیَسْھُلُ عَلَیَّ اِمْلَائُھَا فَشَکَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی سَعْیَہٗ وَاَحْسَنَ جَزَاءَہٗ وَمَا بَذَلَ مِنْہُ جُھْدَہٗ وَاَکْرَمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی بِعُلُوْمِہِ الْبَاطِنَۃِ وَالظَّاھِرَۃِ النَّافِعَۃِ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ وَبِالْاَعْمَالِ الْمَبْرُوْرَۃِ الْمُتَقَبَّلَۃِ الزَّاھِدَۃِ۔[1]

اوراس پر میرے بعض احباب نے مدد کی ہے ان میں سے بالخصوص عزیزی قرۃ عینی وقلبی الحاج الحافظ المولوی محمد زکریا ابن مولانا الحافظ المولوی محمد یحیٰ کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس لئے کہ میں اپنے ہاتھ میں رعشہ پیدا ہوجانے اور اپنے ضعف دماغ اور ضعف بصر کی وجہ سے نہ کتابت پر قادر تھا نہ مضامین کی تلاش پر پس میں ان پر املا کرتا تھا اور وہ لکھتے بھی تھے اور مشکل مباحث کو ان کے مقامات (کتب) سے تلاش بھی کرتے تھے جس کی وجہ سے ان کا املا کرنا مجھ کو سہل ہوجاتا تھا پس اللہ تعالیٰ ان کی محنت اور سعی کو جو اس میں خرچ کی شکور فرمائے اور ان کو بہترین بدلہ عطا فرمائے اور ان

[1] مقدمہ بذل المجہود ص۲۔



کے علوم باطنہ اور ظاہرہ کے ذریعہ جو دنیا وآخرت میں نفع بخش ہوں اور اعمال مبرورہ متقبلہ زاہدہ کی توفیق دے کر ان کا اکرام فرمائے آمین۔

تقریباً ۱۷، ۱۸ برس حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہٗ کی خدمت میں رہے اس مدت میں کیا کیا حالات شافیہ وعالیہ، مقامات قرب وولایت حاصل ہوئے اسے ایک بے بصیرت کور باطن کیا جانے اور کیا بیان کرے، البتہ اتنا ضرور ہے جو بالکل ظاہر ہے اور اہل نظر اہل بصیرت جس کو کھلی آنکھوں دیکھتے ہیں کہ اس مدت میں حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ اس شعر کا مصداق ہوگئے۔

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جان شدی
تا کس نہ گوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

میں تو ہوگیا، تو میں ہوگیا، میں تن ہوگیا، تو جان ہوگیا، تاکہ کوئی اس کے بعد یہ نہ کہے کہ میں دوسرا ہوں تو دوسرا ہے۔

## نسبت اتحادی اور اجازت وخلافت

اور وہ نسبت اتحادی (جو سب سے قوی نسبت ہے) جس میں نسبت رشیدی وامدادی اور نسبت مشائخ سلاسل اربعہ اور نسبت صحابہ جلوہ گر تھی حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منتقل ہوگئی، اسی وجہ سے جب سراپا نور وکمال حضرت مرشد العرب والعجم محدث سہارنپوری قدس سرہٗ نے حضرت شیخ زید مجدہ کو ۴۵ھ میں خلافت واجازت سے سرفراز فرمایا اور چاروں سلسلوں میں بیعت وارشاد کی عام اجازت مرحمت فرمائی اور اپنے سر سے عمامہ اتار کر حضرت مولانا سید احمد صاحب فیض آبادی رحمۃ اللہ علیہ کو

دیا کہ شیخ کے سر پر باندھ دیں جس وقت وہ عمامہ شیخ کے سر پر رکھا گیا تو شیخ رحمۃ اللہ علیہ پر ایسا گریہ اور رقت طاری ہوئی کہ چیخیں نکل گئیں۔[1]

میرے اس خیال کی تائید خود حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی ہے جس کو مرشد العرب والعجم حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہ کو قریب سے دیکھنے کی سعادت میسر ہوئی ہو یا ان کے حالات کا تفصیلی مطالعہ کیا ہو تو وہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی ہر حالت ہر ہر جزئی میں نسبت خلیلیہ و رشیدیہ کی جھلک محسوس کرے گا اور پکار اٹھے گا۔

گر مصور صورت آن دلستاں خواہد کشید
لیک حیرانم کہ نازش را چساں خواہد کشید

اگر کوئی مصور اس محبوب کی تصویر کھینچنا چاہے لیکن میں حیران ہوں کہ اس کے ناز کی تصویر کس طرح کھینچے گا۔

اور جب حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے علم ہمت، مجاہدہ، ریاضت عزیمت واستقامت، قوت ارادی، متاع دنیا سے بے رغبتی مطالعہ میں استغراق وانہماک، تصنیف وتالیف، تعلیم وتدریس کے اشتغال، لایعنی وفضول اور کمتر درجہ کے کاموں سے پرہیز مکارم اخلاق، سماحت نفس، فراخی قلب کو دیکھے گا تو بس یہی کہے گا۔

حَاشا لِلّٰہ ماھٰذا بشراً اِن ھٰذا الّا مَلَکٌ کَرِیْمٌ.

حاشا ئبد! یہ شخص کوئی انسان نہیں ہے ایک قابل تکریم فرشتے کے سوا یہ کچھ اور نہیں ہوسکتا۔ (آسان ترجمہ)

حضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندوی نور اللہ مرقدہ کے یہ الفاظ بھی

۱؎ حیات خلیل ص ۱۳۲۔



ملاحظہ فرمائیں۔

## شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے متنوع کمالات

آج حضرت شیخ کی ذات گرامی برصغیر ہندوپاک میں علم حدیث کا مرکز ومرجع اور سرچشمۂ رشد وہدایت ہے۔ آپ کی وجہ سے اس میں نئی زندگی اور نئی تازگی ورعنائی نظر آتی ہے۔ اور آپ کے بابرکت وجود سے انقطاع الی العلم، علو ہمت، مجاہدہ وریاضت۔ عزیمت واستقامت، قوت ارادی متاع دنیا سے کنارہ کشی وبے رغبتی مطالعہ میں استغراق وانہماک تصنیف وتالیف اور تعلیم وتدریس کے اشتغال لایعنی وفضول اور کمتر درجہ کے کاموں سے پرہیز مکارم اخلاق سماحت نفس وفراخی قلب کا اعتبار و وقار قائم ہے۔ آپ نے جتنے تنوع اور بعض اوقات متضاد کاموں اور مشغولیتوں اور مختلف ذوق رکھنے والے افراد اور جماعتوں کو یکجا کیا ہے اور ان سب کا جس طرح حق ادا فرماتے ہیں وہ کوئی معمولی درجہ کی بات نہیں ہے۔

یہ عزیمت وجامعیت کا وہ مقام بلند ہے جس کی توفیق تاریخ اسلام کے طویل وقفوں میں مخصوص عالی ہمت اور قدسی نفوس بزرگوں کو ہوئی ہے۔[1]

ایسے ہی پاکیزہ صفات حضرات کے بارے میں کسی نے خوب کہا ہے۔

خدا یاد آئے جن کو دیکھ کر وہ نور کے پتلے
نبوت کے یہ وارث ہیں یہی ہیں ظل رحمانی

۱؎ حیات خلیل ص ۶۰۳، ۶۰۴ بحوالہ مقدمہ اوجز المسالک۔

یہی ہیں جن کے سونے کو فضیلت ہے عبادت پر
انہیں کے اتقاء پر ناز کرتی ہے مسلمانی
انہیں کی شان کو زیبا نبوت کی وراثت ہے
انہیں کا کام ہے دینی مراسم کی نگہبانی
رہیں دنیا میں اور دنیا سے بالکل بے تعلق ہوں
پھریں دریا میں اور ہرگز نہ کپڑوں کو لگے پانی
اگر خلوت میں بیٹھے ہوں تو جلوت کا مزہ آئے
اور آئیں اپنی جلوت میں تو ساکت ہو سخندانی



## خاتمہ

میرے آقا و مرشد سیدی وسندی ومولائی حضرت الحاج مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی دامت برکاتہم نے پیش نظر نظم میں مرشد العرب والعجم حضرت شیخ زید مجدہٗ کے اوصاف عالیہ حالات مبارکہ حضرت مولانا محمد یوسف صاحب متالا مجاز حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ مہتمم مدرسہ دار العلوم بری یو کے کے اصرار پر (جب کہ حضرت اقدس مفتی صاحب قدس سرہ ۱۹۷۸ء میں برطانیہ اسپتال میں آنکھوں کے آپریشن کے سلسلے میں تھے) بیان فرمائے ہیں۔ خدائے پاک ان دونوں بزرگوں کا سایہ ہمایوں زمانۂ دراز تک بصد ہزار عافیت قائم ودائم رکھے اور مخلوق کو زیادہ سے زیادہ استفاضہ کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین۔

ایں دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد[1]

اس ناکارہ درو سیاہ نے اپنی عدم اہلیت وکم مائگی کے باوجود مندرجہ بالا سطور کے لکھنے اور اس مبارک فارسی نظم کا ترجمہ کرنے کی جسارت صرف اس لئے کی۔

أُحِبُّ الصَّالِحِيْنَ وَلَسْتُ مِنْهُمْ
لَعَلَّ اللهَ يَرْزُقُنِيْ الصَّلَاحَا

میں نیک لوگوں سے محبت کرتا ہوں حالانکہ میں ان میں سے نہیں امید ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھ کو بھی نیکی کی توفیق عطا فرمادے۔

---

[1] ۱۳۹۸ھ میں ان سطور کے تحریر کے وقت دونوں حضرات حیات تھے۔ اب دونوں حضرات عالم برزخ میں وہاں کی نعمتوں کے مزے لوٹ رہے ہوں گے اور اپنے مالک وخالق تعالیٰ شانہ کے دیدار کی لذت سے لطف اندوز ہو رہے ہوں گے انشاء اللہ اللہ تعالیٰ دونوں حضرات کو جنت الفردوس میں اعلیٰ علیین بلند سے بلند ترین درجات نصیب فرمائے آمین۔

اسلئے قارئین کرام سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ زلات سے درگذر اور چشم پوشی فرمائیں۔

تیری رحمت سے الٰہی پائیں یہ رنگ قبول
پھول کچھ میں نے چنے ہیں ان کے دامن کے لئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا
وَحَبِیْبِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
وَاَتْبَاعِهٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔

فقط

**محمد فاروق غفرلہ**

مدرسہ دارالعلوم جامع مسجد شہر میرٹھ۔
۱۲ شعبان ۹۸ھ قبیل المغرب

❋❋❋



# وصف شیخ

## اوصاف عالیہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا محدث سہارنپوری ومہاجر مدنی نوراللہ مرقدہ

گفت یوسف وصف شیخ ما بنظمے کن بیاں ۔۔۔ تا دلے مضطر قرارے گیرد از تذکار آں
گفتم آرے آرے گویم قطرۂ از قلزمے ۔۔۔ گر خدا خواہد بساز دہم نواء دل زباں
بعد حمد ونعت بشنو وصف شیخ غوث وقت ۔۔۔ مہبط رحمت بگیتی برکت العصر است آں
آں بدائع، بحر رائق، زیلعی، را راز دار ۔۔۔ تحفہ وشرح مہذب، نیل ووضہ، پیش آں
باجی ومغنی ومحلی در منثور از رقی ۔۔۔ طیبی عینی عقلانی قسطلانی بر زباں
چوں سلف آں حافظ قرآن وتفسیر وحدیث ۔۔۔ فقہ بر اقوال واعمالش مسلسل ضوفشاں
قول مالکؒ شافعیؒ احمدؒ ہمہ در حفظ او ۔۔۔ ظاہر یہ، خارجیہ، مرجیہ، را راز داں
علم فوارہ نما جوشد زنوک خامہ اش ۔۔۔ بہرہ یاب اہل عرب اہل عجم در کل جہاں
از حکایات صحابہؓ زندگی پرنور کن ۔۔۔ ہم بیابی در فضائل روشنی قلب وجاں
ذکر، قرآں، صدقہ، روزہ، حج، نماز، دہم درود ۔۔۔ ہر یکے را بر طریق دل نشیں کردہ بیاں
اعتدالش فرقہائے مختلف را جمع کرد ۔۔۔ صلح کردہ دشمنے با دشمنے شد شادماں
حب دنیا از دل خود دور کن در یاد موت ۔۔۔ مال وعزت را ہمیں جا ترک کردہ رفتگاں
در وجوب لحیہ ہم دارد کتابے پر اثر ۔۔۔ ریش دشمن چوں بخواندش ریش را شد پاسباں
اوجز ولامع خصائل کوکب وحج وداع ۔۔۔ بر مؤطا بر بخاری ترمذی شرح عیاں
در مسائل در فتاویٰ بر عزیمت میرود ۔۔۔ اندرو ہر گز نیابی ہیچ کسلے را نشاں

گاہ رخصت را پسندد در عمل بہر خدا ۔۔۔ تا گمان حرمتش را دفع سازد از میاں
آں سراپا رشد وخلت نائب خیرالوریٰ ۔۔۔ نور عینین شہ رشید وشہ خلیل سروراں
شہ حسین احمد شہ الیاس شہ عبدالرحیم ۔۔۔ جامہائے عشق دادندش بجوش ساقیاں
بامشائخ ربط قلبی وقوی دارد مدام ۔۔۔ گریہ طاری می شود چوں نام آید برزباں
درنگہ دارد ہمہ اقوال واحوال شیوخ ۔۔۔ ہیچ گہ غافل نہ ماند از ادائے حق شاں
اضحیہ عمرہ تلاوت بہر ایصال ثواب ۔۔۔ ہست جاری درطریقش مثل معمولات شاں
صابری ونقشبندی سہروردی قادری ۔۔۔ چارنسبت جمع کردہ آن معین چشتیاں
آتش عشق الٰہی در دل او شعلہ زن ۔۔۔ چشم گریاں می چکاند روز وشب سیل رواں
گوہر حب محمد در دل او روشن است ۔۔۔ صاف گویم قلب اوروشن شدہ ہمرنگ آں
عاشقانہ می نشیند سمت اقدام حبیب ۔۔۔ مشفقانہ می نوازد سرور پیغمبراں
روئے انوراز جمال مصطفیٰ شد تابناک ۔۔۔ روح اطہر باکمال وبا وقار وشادماں
خاک طیبہ نزد وے محبوب از عیش نعیم ۔۔۔ قلب اواز ماسوا فارغ شدہ درشوق آں
خلق وفعل نطق از سنت منور سربسر ۔۔۔ معدن ایثار وشفقت راحت دل خستگاں
صحبت اوائے برادر کیمیائے بے مثال ۔۔۔ ہر کہ آید حسب استعداد یابد بہرہ ازاں
می فزاید بارش الطاف در ماہ صیام ۔۔۔ اعتکافش خلوتے درانجمن اے رازداں
می نشیند در مجالس بہر تنویر ظلم ۔۔۔ می رساند آفتابے در قلوب خادماں
چہرۂ پرنور او روشن ترازشمس وقمر ۔۔۔ لیک ظاہر می شود مقدار تاب طالباں
سطح ظاہر را منور می نماید آفتاب ۔۔۔ از شعاع روئے اوروشن شود خلق نہاں
کاسہ گیراں جادہ پیماں سوئے آن مینانواز ۔۔۔ دردلش خمخانۂ عشق ومحبت ایں زماں
مجلس او معرفت را بحرنا پیدا کنار ۔۔۔ برلآلی حسب طاقت ہر کسے غوطہ زناں



مجلس او آبشارے کشت دل سیراب ازو ۔۔۔ مجلس او رود بارے بر کنارش تشنگاں
مجلس او دلگدازے گرد او دلہا چو موم ۔۔۔ مجلس او دلنوازے گرد او دلدادگاں
مجلس او باغبانے گرد او انواع گل ۔۔۔ مجلس او سائبانے زیر او دل تفتگاں
مجلس او ہرزبانے وقف برذکر ودرود ۔۔۔ مجلس او پاسبانے بر قلوب سالکاں
مجلس او نردبانے بہر تیسیر وصول ۔۔۔ مجلس او مہربانے برہمہ آئندگاں
مجلس او آسمانے از کواکب زینتش ۔۔۔ مجلس او راہ دانے گرد او سیارگاں
مجلس او شمع روشن گرد او پروانہا ۔۔۔ مجلس او شاہ گل گردش عنادل درفغاں
مجلس او غم گسارے گرد اودل پارہا ۔۔۔ مجلس او تاجدارے گرد او فرزانگاں
مایۂ او اعتماد وعدہائے ذات حق ۔۔۔ تاج فقرش باتوکل روکش چتر شہاں
قلب طالب از نگاہش می کشد حب رسول ۔۔۔ تابع سنت شود ہر قول وفعلش بے گماں
از مودت ہر کرا بیند نگاہ لطف او ۔۔۔ قلب اوگردد مطیب مثل گل در گلستاں
در نوافل در تلاوت در دعاؤ در بکار ۔۔۔ حسب حالت ہر کسے یابد سکون قلب وجاں
ساغرعینش کسے نوشد شود مست وخراب ۔۔۔ سینہ بریاں دیدہ گریاں اللہ وردزباں
سوختہ گردد رزائل دل مجلّٰی می شود ۔۔۔ کیف احساں حاصل آید خوش نصیب دوستاں
روح سالک را بروح خود گرفتہ می برد ۔۔۔ پیش وے بعدے نماند از زمیں تا آسماں
نیز سالک از ہفت آسماں تاعرش اعظم می رسد ۔۔۔ با ادب داخل شود در بارگاہ لامکاں
ہم شفاعت می کند محبوب رب العالمین ۔۔۔ وا شود آغوش رحمت باہزاراں عزوشاں
در سراپردہ چسانش می نوازد لطف حق ۔۔۔ قلب گوید گر بگوید سر او سوزد زباں
سالک وارفتہ عارف می شود از وصل دوست ۔۔۔ خود خدا حافظ شود از ابتلاء دشمناں
در چنیں مشہد اگر خواہد خدا گردد مجاز ۔۔۔ قلب او آئینہ گردد بہر فیض عارفاں

گر کسے را راز مخفی داشتن خواہد خدا　　در حجابے داردش مثل عوام سالکاں

بارک اللہ مجمع ماہ مبارک در سلوک　　ہر کسے در طے منزل رہ روانست ودواں

یک اشیے بد زبانے بد نگاہے بدعمل　　ہم امید عفو دارد در طفیل دیگراں

اے خدائے قادر وقیوم رحمان وغفور　　بہر فیضاں ہر کسے کو آیدش کن کامراں

یا الٰہی روح وقلب شیخ ما مسرور باد　　فیض اولاد وتلامیذش بہ عالم در رساں

از شرور جملہ مخلوقات خود محفوظ دار　　علم، عزت، حلم، عفت کن عطا خورد وکلاں

مظہر جود وسخاوت دست دولت بخش او　　ابر نیساں بر عطائش از مسرت دور فشاں

سُفرہ اش را دیدہ حیراں می شود مرد کریم　　حق تعالیٰ می رساند رغبت ہر منہماں

ہر کہ آیدمی خورد از سفرہ اش مرغوب خویش　　می برد وبا خود طعام ومیوہ بہر دود ماں

چوں کسے نہ آید رسد مقسوم او بر جائے او　　پرورش یابند طفل وپیر وبیوہ نوجواں

بر یتیم وبر ضعیف وبر مسافر بر فقیر　　سایہ افگن ابر جودش بر مثال خانداں

گر خلد در پائے کس خارے شود قلبش ملول　　بہر خلقت رأفتے دارد دل او بیکراں

ضعف پیری کثرت امراض کردش مضمحل　　لیک بہر محنت دیں ہمتے وارد جواں

کرد اوقات عزیزش بر اشارت منقسم　　گاہ او در طیبہ آید گاہ در ہندوستاں

بےاجازت نقل وحرکت وصل ہجرت ہیچ نیست　　شد فنا قصدش بقصد سید پیغمبراں

خانقاہ ومدرسہ قائم نمودہ جابجا　　تربیت کردہ فرستد کارواں در کارواں

مکہ، طیبہ، پاک، افریقہ رسیدہ فیض او　　ساخت مرکز مورسش، رنگون، لندن انڈماں

خلق احسن شد عطائش بہر تسخیر قلوب　　نرمی وگرمی بہم حسب مزاج طالباں

درگزر در طبع عالی از حقوق ذات خویش　　در حقوق شرع جاری امر نہی رہبراں

کس نشنود از زبانش فقرۂ ناگفتنی　　کس نہ بیند در کتابش جملۂ ژولیدگاں



قلب پرغم، چشم پرنم، خندہ برلب، برملا　　آب وآتش دیدہ حیراں وارداں وصادراں

ورد پاک او درود وذکر قرآن وحدیث　　روز وشب شام وسحر ازیں ہمہ رطب اللساں

یک نفس از ذکر خالی نیست اورا اے عزیز　　ذکر قلبی، ذکر روحی، ذکر سری ہم رواں

درمیاں ذاکر ومذکور ربط بے قیاس　　گر بگویم مرغ جانم بر پرد بر آشیاں

خشت وچوب حجرۂ او مثل ناطق ذاکر اند　　از لحاف وتکیہ وبستر شنو ذکر نہاں

سجدہ اش گویا نہد سر در بر محبوب خویش　　ایں چنیں قرہ کجا حاصل شود درایں وآں

بر سجودش در ملائک رشک پیدا می شود　　مجمع کرد بیاں انگشت حیرت در دہاں

اے عزیز القدر بہر خاطرت کردم رقم　　خامہ اینجا در شکست وسار بانم شدرواں

ختم شد

# وصف شیخ

## شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا محدث سہارنپوری ومہاجر مدنی نور اللہ مرقدہ کے اوصاف عالیہ

بسم الرحمن الرحیم

## سبب تالیف

گفت یوسف وصف شیخ ما بنظمے کن بیاں
تادل مضطر قرارے گیرد از تذکار آں

ترجمہ: یوسف نے کہا کہ ہمارے شیخ کے اوصاف نظم میں بیان فرمادیجئے تاکہ بے قرار دل کوان کے ذکر سے قرار آئے۔ (اور سکون حاصل ہو)

تشریح: سیدی ومولائی فقیہ الامت حضرت اقدس الحاج مولانا مفتی محمود حسن صاحب نور اللہ مرقدہ جب ۱۳۹۸ھ مطابق ۱۹۷۸ء میں حضرت مولانا محمد یوسف متالا زید مجدہم کی دعوت پر برطانیہ تشریف لے گئے (اور اسی سفر میں وہاں آنکھ کا آپریشن بھی ہوا) تو وہاں حضرت مولانا محمد یوسف صاحب متالا زید مجدہم نے حضرت اقدس مفتی صاحب قدس سرہ سے درخواست کی کہ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے اوصاف عالیہ نظم میں بیان فرمادیجئے موصوف کی درخواست پر حضرت اقدس مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ نے ان اشعار میں غزالی زمان، جنید وقت حضرت شیخ سہارنپوری



نور اللہ مرقدہ کیا وصاف عالیہ اور حالات مبارکہ کو بیان فرمایا ہے۔ اس شعر میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔

گفتم آرے آرے گویم قطرۂ از قلزمے
گر خدا خواہد بسازد ہمنواء دل زباں

ترجمہ: میں نے کہاں ہاں! ہاں! اگر خدا چاہے کہ زبان کو دل کی ہمنوا بنادے تو ان کے دریاء کمالات میں سے ایک قطرہ کے بقدر کہوں گا (کہ ان کے تمام اوصاف وکمالات کا احاطہ اور بیان تو دشوار ہے) اس لئے کہ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے اوصاف وکمالات تو دریا کے مثل ہیں جس کا احاطہ کسی انسان کے بس کی بات نہیں مجبوراً اس کے چند قطروں پر ہی اکتفا کرنا پڑتا ہے۔

بعد حمد ونعت بشنو وصف شیخ غوث وقت
مہبط رحمت بگیتی برکۃ العصر ست آں

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کی حمد اور رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت کے بعد غوث زمانہ شیخ کا وصف سن (حضرت رحمۃ اللہ علیہ) زمین میں رحمت خداوندی کے اترنے کی جگہ اور زمانہ کی برکت ہیں۔

## غوث وابدال کی تحقیق

غوث سے متعلق تفصیل کے لئے علامہ ابن عابدینؒ کی کتاب۔
"اجابة الغوث ببیان حال النقباء والنجباء والابدال والاوتاد"
دیکھی جائے۔

اجمالاً اتنا جان لیا جائے کہ غوث! اصحاب تکوین کا سردار ہوتا ہے۔ اور بعض

دفعہ تو خلافت ظاہرہ وباطنہ دونوں اس کے سپرد ہوتی ہیں۔ اور بعض دفعہ صرف خلافت باطنہ اس سے متعلق ہوتی ہے۔ چنانچہ علامہ ابن عابدینؒ تحریر فرماتے ہیں۔

**وهو سيد الجماعة فی زمانه ومنهم من يكون ظاهر الحكم ويحوز الخلافة الظاهرة كما حاز الخلافة الباطنة كابی بكر وعمر وعثمان وعلی رضوان الله تعالیٰ عليهم ومنهم من يحوز الخلافة الباطنة فقط كاكثر الاقطاب الخ.**

(رسائل ابن عابدین ص۲۶۵/ ج۲)

''وہ اپنے زمانہ میں جماعت کا سردار ہوتا ہے اور ان میں سے بعض ظاہر الحکم ہوتے ہیں اور خلافت باطنی کے مثل خلافت ظاہری کو بھی جمع کر لیتے ہیں۔ جیسے حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان حضرت علی رضوان اللہ علیہم اجمعین اور ان میں سے بعض وہ ہوتے ہیں جو صرف خلافت باطنی کے جامع ہوتے ہیں۔ جیسے اکثر اقطاب''

اور غوث وقت کی وجہ سے رحمتوں برکتوں کا نزول ظاہر ہے، جب کہ ابدال (جو ان سے درجہ میں کم ہوتے ہیں) کے متعلق علامہ ابن عابدینؒ تحریر فرماتے ہیں۔

**وفی شرح التائية للقاشانی المراد بالابدال طائفة من اهل المحبة والكشف والمشاهدة والحضور يدعون الناس الی التوحيد والاسلام لله تعالیٰ مراجعت بوجودهم العباد والبلاد ويدفع عن الناس بهم البلاء والفساد كما جاء فی الحديث النبوی حكاية عن الله تعالیٰ انه قال (اذا كان الغالب علیٰ عبدی الاشتغالی**



**جعلت همه ولذته فی ذكری عشقنی وعشقته ورفعت الحجاب فيما بينی وبينه لايسهو اذا سهی الناس اولئک كلامهم كلام الانبياء واولئک هم الابدال حقا اولئک الذين اذا اردت باهل الارض عقوبة او عذابا ذكرتهم فيه فصرفته بهم وعنهم)** (رسائل ابن عابدین ص۲۶۶/ ج۲)

''ابدال سے مراد اصحاب کشف ومحبت اور اصحاب حضور ومشاہدہ کی ایسی جماعت ہے جو اپنے وجود سے بندوں کو توحید واسلام کی دعوت دیتے ہیں اور انہیں کی وجہ سے لوگوں سے بلا وفساد کو دفع کیا جاتا ہے جیسا کہ حدیث قدسی میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جب میرے بندہ پر میرے ساتھ مشغولی غالب ہوتی ہے تو میں اس کا قصد اور اس کی لذت اپنے ذکر میں کر دیتا ہوں تو وہ مجھ پر عاشق ہو جاتا ہے اور میں اس سے عشق کرنے لگتا ہوں اور میں اپنے اور اس کے درمیان سے حجاب اٹھا دیتا ہوں۔ کہ جب لوگ غافل ہوتے ہیں وہ غافل نہیں ہوتا۔ اور ایسے ہی لوگ حقیقت میں ابدال ہوتے ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں کہ جب میں زمین والوں کو سزا یا عذاب دینے کا ارادہ کرتا ہوں تو ان کو یاد کرتا ہوں۔ اور ان کی وجہ سے اس سزا وعذاب کو زمین والوں سے دفع کر دیتا ہوں''

علامہ ابن عابدینؒ نے اور بھی روایتیں ذکر کی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ انہیں کی وجہ سے بارش برسائی جاتی ہے انہیں کی وجہ سے دشمنوں کے مقابلہ میں مدد کی جاتی ہے، انہیں کی وجہ سے زمین والوں سے عذاب دفع کیا جاتا ہے۔ مطلق اہل ذکر پر بھی احادیث میں رحمتوں کے نزول کو بیان فرمایا گیا ہے۔ ابن ماجہ میں ہے۔

قال ما جلس قوم مجلسا یذکرون اللہ فیہ
الا حفتھم الملائکۃ وتغشتھم الرحمۃ
وتنزلت علیھم السکینۃ وذکرھم اللہ
فیمن عندہ. (ابن ماجہ ص/۲۷۷)

''رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو جماعت اللہ کے ذکر میں مشغول ہو فرشتے اس جماعت کو سب طرف سے گھیر لیتے ہیں اور رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور سکینہ ان پر نازل ہوتا ہے اور اللہ جل شانہٗ ان کا تذکرہ اپنی مجلس میں (تفاخر کے طور پر) فرماتے ہیں''

تو حضرت شیخ قدس سرہ کا (ایک تو غوث وقت ہونے کی وجہ سے، دوم حضرت خود بھی ہمہ وقت ذکر میں مشغول رہتے ہیں اور ذاکرین کی بڑی جماعت اکثر اوقات حضرت کے پاس ذکر میں مشغول رہتی ہے) یہاں تک کہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ اپنے مطالعہ یا تصنیفات وتالیف میں مشغول ہوتے ہیں اور ذاکرین کی ایک جماعت ذکر میں مشغول رہتی جس کی وجہ سے ہمہ وقت رحمتوں برکتوں کا نزول ہوتا ہے۔ پس حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا مہبط۔

رحمت اور برکت العصر ہونا خوب ظاہر ہے۔ اسی مضمون کو اس شعر میں بیان فرمایا گیا ہے۔



## ذکر بعض کتب زیر مطالعہ حضرت شیخؒ

بحر، برہان، رد، بدائع، زیلعی، فتح القدیر
تحفہ وشرح مہذب، نیل وروضہ پیش آن

ترجمہ: بحر الرائق، برہان، رد المحتار، بدائع الصنائع، زیلعی، فتح القدیر، تحفہ اور شرح مہذب، نیل الاوطار اور روضہ ان کے سامنے ہے۔ یہ سب کتابوں کے نام ہیں یعنی یہ کتابیں اکثر حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے زیر مطالعہ رہتی ہیں۔

تشریح: بحر الرائق! کنز الدقائق کی شرح ہے جس کی آٹھ جلدیں ہیں اصل سات جلدیں ہیں آٹھویں جلد تکملہ کی ہے۔ جس کے مصنف العلامہ الشیخ زین بن ابراہیم جو ابن نجیم سے مشہور ہیں جن کی ولادت مبارکہ ۹۲۶ھ میں قاہرہ میں ہوئی اور ۹۶۹ھ میں وفات پائی۔

بڑے عالم زاہد تھے فقہاء وصوفیاء نے ان کے ادب اور جلالت شان پر اتفاق کیا ہے، شیخ عارف باللہ سلیمان الخضیری سے طریق حاصل کیا۔ علامہ موصوف کی بحر الرائق کے علاوہ الاشباہ والنظائر مختصر التحریر، شرح المنار، الفوائد الزینیہ، رسائل الزینیہ، جیسی مایۂ روزگار کتابیں بھی تصانیف ہیں۔

برہان: سے اشارہ ''البرہان فی علوم القرآن'' کی طرف ہے جو علامہ بدر الدین زرکشیؒ کی چار جلدوں میں تالیف ہے جو ۷۴۵ھ میں قاہرہ میں پیدا ہوئے، علامہ نوویؒ کی کتاب ''المنہاج فی الفروع''، کو حفظ کیا جس کی وجہ سے ان کو المنہاجی کہا جانے لگا ۷۹۴ھ میں وفات ہوئی، علامہ سیوطیؒ نے ان کی مصنفات کی تعداد ۳۳ ذکر کی ہے۔

رد: پورا نام ''رد المحتار علی الدر المختار'' ہے فقہ حنفی میں بڑی مستند کتاب ہے

پانچ جلدوں میں ہے جو ''شامی'' کے نام سے مشہور ہے۔ فتاویٰ میں عموماً اسی کے حوالے دیئے جاتے ہیں۔ اصل کتاب شیخ الاسلام محمد بن عبداللہ التمر تاشی الحنفی المتوفی ۱۰۰۴ھ کی ہے۔ ''تنویر الابصار'' اس کی شرح ''الدر المختار شرح تنویر الابصار'' کے نام سے علامہ محمد علاء الدین الحصکفی المتوفی ۱۰۸۸ھ نے کی۔ اس کا تحشیہ جو شرح سے بھی زیادہ طویل ہے۔ علامہ محمد امین جو ابن عابدین سے مشہور ہیں ''ردالمحتار علی الدر المختار'' کے نام سے کیا ہے۔ علامہ ابن عابدین کی اس کتاب کے علاوہ متعدد کتب ورسائل، تنقیح الفوائد الحامدیہ وغیرہ علمی یادگار ہیں۔

**بدائع:** پورا نام ''بدائع الصنائع'' ہے فقہ میں بڑی جامع ومستند ومبسوط کتاب ہے سات جلدیں ہیں۔ مولانا امام علاء الدین ابی بکر ابن مسعود الکاسانی الحنفی جن کا لقب ''ملک العلماء'' المتوفی ۵۸۷ھ اس کے مصنف ہیں فقہ میں مہارت اور صیرت کے لئے اس کا مطالعہ بہت مفید ہے۔

**زیلعی:** اصل نام ''تبیین الحقائق مما اکتنز فیہ من الدقائق'' ہے زیلعی سے مشہور ہے چھ جلدوں میں ہے، علامہ فخر الدین عثمان بن علی الزیلعی الحنفی المتوفی ۷۴۳ھ اس کے مصنف ہیں اور یہ کتاب شرح ہے ابو البرکات حافظ الدین عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی کی کتاب ''کنز الدقائق'' کی جن کی وفات ۷۱۰ھ یا ۷۱۱ھ میں ہے۔

**فتح القدیر:** برہان الدین ابو الحسن علی بن ابی بکر بن عبد الجلیل (جن کی پیدائش ۵۱۱ھ اور وفات ۵۹۲ھ یا ۵۹۶ھ میں ہے) کی کتاب ''ہدایہ'' کی مبسوط، محقق، مفصل ومعتمد اور بے نظیر شرح ہے شیخ کمال الدین محمد بن عبد الواحد السیواسی معروف با بن ہمام الحنفی المتوفی ۸۶۱ھ اس کے مصنف ہیں۔ آٹھ جلدوں میں ہے۔

**تحفہ:** اس سے اشارہ ''تحفۃ المحتاج شرح منہاج'' کی طرف ہے، منہاج



امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے جو مدون مذہب شافعیہ ہیں۔ اس کی شرح تحفۃ المحتاج علامہ ابن حجر محقق مصر نے کی ہے ماتن وشارح علام کا نام نامی ذکر کر دینا ہی کتاب کی تعریف اور تعارف سے مستغنی کر دیتا ہے۔

**شرح مہذب:** امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے فقہ شافعیہ میں بہت زیادہ معتمد ہے۔

کثیر جزئیات پر مشتمل ہے اور زمانہ تالیف سے ہی فقہاء وعلماء میں مقبول ومرکوز نظر رہی ہے۔

**نیل الاوطار:** اصل نام ''نیل الاوطار من اسرار منتقی الاخبار'' ہے ''منتقی الاخبار'' علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے۔ اس کی شرح نیل الاوطار کے نام سے علامہ محمد بن علی شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے آٹھ جلدوں میں کی ہے، جو غیر مقلدین کا مرجع وماٗخذ ہے۔

**روضۃ:** اس سے اشارہ ''روضۃ المحبین ونزہۃ المشتاقین'' کی طرف ہے جو فن تصوف میں ابو عبداللہ شمس الدین محمد بن ابی بکر المعروف با بن قیم الجوزیۃ الحنبلی کی تصنیف ہے جن کی پیدائش ۶۹۱ھ میں اور وفات ۷۵۱ھ میں ہے۔

(ماخوذ از مقدمہ روضۃ المحبین)

یا اس سے اشارہ علامہ سید جمال حسینی کی شہرۂ آفاق نادر روزگار کتاب ''روضۃ الاحباب'' کی طرف ہے جو ۸۸۰ھ میں تصنیف کی گئی، فن سیرت میں بڑی مستند ومعتمد کتاب ہے اس کے مستند ہونے کے لئے اتنا کافی ہے کہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب مرقات میں اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی

کتاب ''مدارج النبوۃ'' میں جگہ جگہ اس کا حوالہ دیا ہے۔

باجی ومغنی، محلّی، در منثور، ازرقی
طیبی، عینی، عسقلانی، قسطلانی برزباں

ترجمہ: باجی ومغنی، محلی، درمنثور، ازرقی۔ اور طیبی، عینی عسقلانی۔ قسطلانی (یہ سب کتابوں کے نام ہیں) ان کی زبان پر رہتی ہیں کہ رات دن اکثر ان کتابوں کے حوالے دیتے رہتے ہیں۔

**تشریح: باجی** اس سے اشارہ قاضی ابوالولید سلیمان بن خلف بن سعد بن ایوب بن وارث التجیبی (بضم التاء وکسر الجیم) الباجی کی مشہور کتاب المنتقی شرح مؤطا کی طرف اشارہ ہے، جو سات جلدوں میں ہے۔ قاضی موصوف علماء مالکیہ میں بڑا مقام رکھتے ہیں مشہور ہے کہ قاضی عبدالوہاب کے بعد کوئی قاضی ابوالولید کے مثل علماء مالکیہ میں نہیں گذرا قاضی موصوف کی ولادت ۴۰۳ھ ووفات ۴۹۴ھ میں ہے۔

**مغنی:** فقہ حنبلیہ میں بڑی مبسوط وجامع مستند ومعتمد کتاب ہے فقہ حنبلیہ میں کوئی دوسری کتاب اس کے ہم پلہ نہیں۔ شیخ موفق الدین علامہ ابومحمد عبداللہ بن احمد بن محمد بن قدامۃ، المتوفی ۶۳۰ھ کی تصنیف ہے۔ جو ابن قدامہ کے ساتھ مشہور ہیں۔

**محلی:** فقہ میں علامہ ابومحمد علی بن احمد بن سعید بن حزم المتوفی ۴۵۶ھ کی گیارہ جلدوں میں تصنیف ہے۔

**درمنثور:** پورا نام ''الدر المنثور فی التفسیر المأثور'' ہے۔

صاحب ''الاتقان فی علوم القرآن'' وصاحب تفسیر ''جلالین'' (نصف اول) علامہ جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر سیوطی المتوفی ۸۱۱ھ کی فن تفسیر میں چھ جلدوں میں عمدہ تصنیف ہے۔



**ازرقی:** ''اخبار مکہ'' کتاب کا نام ہے، جس میں مکہ مکرمہ کی تاریخ بیان کی گئی ہے ازرقی اس کے مصنف ہیں۔ قدیم تاریخ ہے۔

مکہ مکرمہ (زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً) کے بعد کے مورخین نے بڑی حد تک اس سے استفادہ کیا ہے۔

**طیبی:** ''مشکوۃ شریف کی شرح ہے مصنف کے نام کے ساتھ طیبی کے ساتھ مشہور ہے۔ جس کا قلمی نسخہ مدرسہ مظاہر العلوم کے کتب خانہ میں ہے۔ مدرسہ کے منتظمین نے کثیر رقم خرچ کر کے اس کو نقل کرایا جو مدرسہ کی خاص روایت رہی ہے اب یہ شرح الحمد للہ بہت عمدہ طباعت کے ساتھ طبع ہو چکی ہے اور دستیاب ہے اہم بات یہ ہے کہ علامہ طیبی رحمۃ اللہ علیہ صاحب مشکوۃ کے استاذ ہیں اور استاد ہونے کے باوجود اپنے شاگرد کی کتاب کی شرح لکھی ہے یہ استاد وشاگرد دونوں کے اخلاص وللّٰہیت کا اعلیٰ نمونہ ہے۔

**عینی:** علامہ بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد العینی الحنفی المتوفی ۸۵۵ھ کی شرح بخاری ''عمدۃ القاری'' کے نام سے گیارہ جلدوں میں ہے اور عینی ہدایہ، کنز، طحاوی کی بھی شرح ہے۔

**عسقلانی:** یہ بھی بخاری شریف کی بڑی مبسوط تیرہ جز میں شرح ہے۔ ''فتح الباری'' کے نام سے مشہور ہے جس کو تقریباً ۲۹ برس کی مدت میں لکھا گیا ہے۔ چونکہ ان کی تالیف کی ابتداء ۸۱۳ھ اور انتہا ۸۴۲ھ ہے۔ اس کے مصنف احمد بن علی لقب حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی ہیں جن کی پیدائش ۷۷۳ھ اور وفات ۸۵۲ھ میں ہے۔

**قسطلانی:** یہ بھی علامہ احمد بن محمد الخطیب الملقب قسطلانی کی دس جلدوں میں بخاری شریف کی شرح ہے جو ''ارشاد الساری لشرح صحیح البخاری'' کے نام سے مشہور ہے۔

## حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا حفظ

قول مالک، شافعی، احمد ہمہ در حفظ او
ظاہر یہ، خارجیہ، مرجیہ را رازداں

ترجمہ: امام مالک امام شافعی امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ کے تمام اقوال انہیں حفظ ہیں۔ ظاہریہ، خارجیہ، مرجیہ (یہ فرقوں کے نام ہیں) کے رازداں ہیں یعنی ان کے مذاہب کے دلائل وماٴخذ کی حقیقت اور صحت وسقم سے خوب واقف ہیں۔

تشریح: حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ جن کی ولادت ۹۵ھ اور وفات ۱۷۹ھ میں ہے اور مدت عمر چوراسی ہے مشہور محدث اور فقیہ ہیں صاحب مذہب ہیں مؤطا امام مالک آپ ہی کی ہے۔

اور حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ جن کی ولادت ۱۵۰ھ وفات ۲۰۴ھ میں ہے، مدت حیات چون سال ہے مشہور محدث اور فقیہ ہیں صاحب مذہب ہیں۔

اور حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ جن کی ولادت ۱۶۴ھ اور وفات ۲۴۱ھ میں ہے اور مدت عمر ستہتر سال ہے مشہور محدث اور مشہور فقیہ صاحب مذہب ہیں مسند امام احمد رحمۃ اللہ علیہ آپ کی ہی ہے [1]

یہ تینوں حضرات جلیل القدر صاحب مذہب امام ہیں۔ اپنی شہرت کی بنا پر مستغنی عن التعارف ہیں۔

## فرق باطلہ ظاہریہ، خارجیہ، مرجیہ

**ظاہریہ:** وہ لوگ جو ظاہر حدیث پر عمل کرتے ہیں۔ جیسے حضرت داؤد

[1] ان تینوں حضرات کی سن ولادت وسن وفات ومدت عمر شریعت وطریقت ص/۵۲ سے ماخوذ ہے۔



ظاہری ہیں۔

**خارجیہ:** یہ بھی ایک فرقہ ہے جس کے بارے میں صاحب الطریقۃ المحمدیہ تحریر فرماتے ہیں۔

وَاَمَّا الْخَوَارِجِ فَمَنْ لَمْ يَرُدَّ قَوْلُهُمْ شَيْئاً مِنْ كِتَابِ اللهِ تَعَالىٰ وَكَانَ خطؤهم عَلٰى وجه التَاوِيْلِ يَتَاوَّلُوْنَ اَنَّ الْاَعْمَالَ اِيْمَانٌ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ الصَّلٰوةَ ايه انّ وَكَذَالِكَ الصَّوْمُ وَالزَّكٰوةُ وَكَذَالِكَ جَمِيْعُ الفرائضِ وَالطَّاعَاتِ. فَمَنْ اَتٰى بالايمان بالله تعالىٰ وَمَلَائِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَجَمِيْعِ الطَّاعَاتِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ وَمَنْ تَرَكَ شَيْئاً مِنَ الطَّاعَاتِ كَفَرَ وَيَقُوْلُوْنَ الزَّانِىْ يَكْفُرُ حِيْنَ يَزْنِى وَشَارِبُ الْخَمَرِ يَكْفُرُ حِيْنَ يَشْرَبُ وَكَذَا يَقُوْلُوْنَ فِى جَمِيْعِ مَانَهَى اللهُ تعالىٰ عَنْهُ وَيُكَفِّرُوْنَ النَّاسَ بِتَرْكِ الْعَمَلِ فَهُوَ لآءِ تَاوّ لواو اخطئوا فهم مُبْتَدِعَةٌ فَاِيَّاكَ وَقَوْلَهُمْ وَلَا تَقُلْ بِقَوْلِهِمْ وَاجْتَنِبْهُمْ وَاحْذَرْهُمْ وَفَارِقْهُمْ وَخَالِفْهُمْ (الطريقة المحمديه ص/۲۳و۲۴)

خوارج وہ ہیں جو کتاب اللہ میں سے کسی قول کو رد نہیں کرتے بلکہ کتاب اللہ میں تاویل کرنے کو اپنا وطیرہ بنائے ہوئے ہیں۔ تاویل کرتے ہیں کہ اعمال ایمان ہے، (یعنی اعمال ایمان کے اجزا ہیں) کہتے ہیں کہ بے شک نماز ایمان (یعنی ایمان کا جز ہے) اور اسی طرح روزہ زکوٰۃ اور تمام فرائض وطاعات کو (ایمان کا جزء مانتے

ہیں) پس جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور اس کے فرشتوں پر رسولوں پر یوم آخرت پر ایمان لائے اور تمام طاعات کو بجا لائے تو وہ مومن ہے۔ اور جو شخص طاعات میں کچھ بھی ترک کر دے تو وہ کافر ہو جاتا ہے۔ (اور استدلال کرتے ہوئے) کہتے ہیں کہ زانی زنا کے وقت کافر ہو جاتا ہے۔ شرابی شراب پیتے وقت کافر ہو جاتا ہے (اس سے اشارہ ایک حدیث شریف کی طرف ہے۔ "لایزنی الزانی حین یزنی وهو مؤمن ولا یشرب الخمر شاربها حین یشربها وهو مؤمن"[1] نہیں زنا کرتا زنا کرنے والا جب وہ زنا کرتا ہے درانحالیکہ وہ مومن ہو۔ اور نہیں شراب پیتا شراب پینے والا جب وہ شراب پیتا ہے دراں حالیکہ وہ مومن ہو" مطلب یہ ہے کہ گناہوں کے وقت ایمان کا نور اور ایمان کا کمال جاتا رہتا ہے مگر خوارج اس قسم کی حدیثوں کے ظاہر سے استدلال کرتے ہیں) اسی طرح وہ تاویل کرتے ہیں ان تمام چیزوں میں جن سے اللہ تعالیٰ نے نہی فرمائی ہے۔ اور لوگوں کو ترک عمل کی وجہ سے کافر کہتے ہیں پس ان لوگوں نے تاویل کی اور خطا کار ہوئے۔ پس یہ مبتدعہ ہیں۔ پس تو ان کی باتوں سے بچ ان کی باتوں کا (ہرگز) قائل مت ہو۔ اور ان سے پورا پورا اجتناب کر اور ان سے جدا رہ۔ اور ان کی مخالفت کر۔ انتہی۔

## مرجیہ

ان کے بارے میں صاحب "الطریقۃ المحمدیہ" تحریر فرماتے ہیں۔

واما المُرجِئَة فَاِنَّ ضَرباً مِنهُم يَقُولُونَ نُرجِی اَمرَ المُؤمِنِينَ وَالكَافِرِينَ اِلَى اللهِ تعالىٰ فَيَقُولُونَ الاَمرُ فِيهِم مُفَوَّضٌ اِلَى اللهِ تَعَالىٰ يَغفِرُ لِمَن يَشَآءُ مِنَ المُؤمِنِينَ

[1] نسائی شریف ص ۲۸۱/ ج ۲/۔



وَالكَافِرِينَ وَمُعَذِّبُ مَن يَشَآءُ وَيَقُولُونَ "لَهُ الآخِرَةُ وَالاُولىٰ" فَكَمَا تَرىٰ يُعَذِّبُ مَن يَشَآءُ مِنَ المُؤمِنِينَ فِي الدُّنيَا وَيُنعِمُ مَن يَشَاءُ مِنَ الكَافِرِينَ وَذٰلِكَ فِيهِ عَدلٌ فَكَذَالِكَ فِي الآخِرَةِ فَيَسوُّونَ حكم الآخِرَةِ وَالاُولىٰ.

فَهٰؤُلَآءِ ضَربٌ مِنَ المُرجِئة وهم كُفَّارٌ.

وَكَذَالِكَ الضَّربُ الآخر مِنهُمُ الَّذِينَ يَقُولُونَ حَسَنَاتُنَا مَقبُولَةٌ وَسَيئَاتُنَا مَغفُورَةٌ وَالاَعمَالُ لَيسَت بِفَرائِضِ وَلَا يَقِرُّونَ بِفَرَائِضِ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالصِّيَامِ وَسَائِرِ الفَرَائِضِ وَيَقُولُونَ هٰذِهٖ فَضَائِلُ مَن عَمِلَ بِهَا فَحَسَنٌ وَمَن لَم يَعمَلُ فَلا شَئَ عَلَيهِ فَهٰؤُلَآءِ اَيضًا كُفَّارٌ.

وَاَمَّا المُرجِئَةُ الَّذِينَ يَقُولُونَ لَانَتَوَلَّى المُؤمِنِينَ المُذنِبِينَ وَلَا نَتَبَرَّءُ مِنهُم فَهٰؤُلَاءِ المُبتَدِعَةُ وَلَا تُخرِجُهُم بِدعَتُهُم مِنَ الاِيمَانِ اِلَى الكُفر.

وَاَمَّا المُرجِئَةُ الَّذِينَ يَقُولُونَ نُرجِئُ اَمرَ المُؤمِنِينَ اِلىٰ اللهِ تَعَالىٰ فَلَا نُنزِلُهُم جَنَّةً وَنَاراً وَلَا نَتَبَرَّأُ مِنهُم وَنَتَوَلَّاهُم فِي الدِّينِ فَهُم عَلَى السُّنَّةِ فَالزَم قَولَهُم وَخُذ بِهٖ.

(الطریقة المحمدیه ص ۲۳/)

پس مرجیہ کی ایک جماعت تو وہ ہے جو کہتے ہیں کہ ہم مومنین کافرین کے معاملے کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے۔ مومن اور کافروں میں سے جس کی چاہے مغفرت فرمائے اور جسے چاہے عذاب

دیوے (اور استدلال میں) کہتے ہیں۔ "لہ الآخرۃ والاولی" دنیا و آخرت خدا ہی کے لئے ہے۔ پس جیسے ہم دیکھتے ہیں کہ وہ مومنوں میں سے جسے چاہتا ہے دنیا میں عذاب دیتا ہے۔ اور کافروں میں سے جس پر چاہتا ہے انعام کرتا ہے۔ اور یہ اس کی جانب سے عدل ہے۔

ایسے ہی آخرت میں (وہ مومن کافر میں سے جس کو چاہے بخشے جس کو چاہے عذاب دیوے یہ عدل ہی ہے) پس یہ جماعت دنیا و آخرت کے حکم کو برابر قرار دیتی ہے۔ مرجیہ کی یہ جماعت کافر ہے۔

اور ان کی ایک جماعت وہ ہے جو یوں کہتی ہے "حسناتنا مقبولة وسیئاتنا مغفورة"۔ ہماری نیکیاں قبول کی ہوئی اور ہماری برائیاں بخشی ہوئی ہیں۔ (یعنی ہماری نیکیاں ضرور قبول کی جائیں گی اور برائیاں ضرور بخشی جائیں گی) اور اعمال فرض نہیں ہیں، صلوۃ، زکوۃ، صیام اور تمام فرائض کی فرضیت کے قائل نہیں ہیں کہتے ہیں کہ یہ تو فضائل ہیں جو ان پر عمل کرے گا اچھا ہے اور جو عمل نہ کرے تو اس پر کوئی حرج نہیں۔ یہ جماعت بھی کافر ہے۔

ایک جماعت وہ ہے جو کہتی ہے گنہگار مسلمانوں سے نہ ہم دوستی کرتے ہیں اور نہ ان سے تبری کرتے ہیں۔ تو یہ مبتدعہ ہیں۔ مگر ان کی بدعت ان کو ایمان سے کفر کی طرف نہیں نکالے گی (یعنی یہ جماعت کافر نہیں)

ایک جماعت وہ ہے جو کہتے ہیں کہ مسلمانوں کے معاملہ کو اللہ کے سپرد کرتے ہیں نہ ہم ان کو جنت میں اتارتے ہیں نہ جہنم میں (یعنی نہ یوں کہتے ہیں کہ وہ لازمی طور پر جنتی ہیں نہ یوں کہتے ہیں کہ لازمی طور پر جہنمی ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ جسے چاہے جنت میں داخل فرمائے جسے چاہے عذاب دیوے) تو یہ جماعت سنت پر قائم ہے۔ ان کے



قول کو اختیار کر اور لازم پکڑ۔

چوں سلف آں حافظ قرآن وتفسیر وحدیث
فقہ بر اقوال واعمالش مسلسل ضوفشاں

ترجمہ: سلف کے مثل قرآن وتفسیر وحدیث کے حافظ ہیں۔ ان کے اقوال واعمال میں فقہ مسلسل ضوفشاں رہتا ہے۔

## ذکر بعض تصانیف حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ

علم فوارہ نما جوشد زنوک خامہ اش

بہرہ یاب اہل عرب اہل عجم در کل جہاں

ترجمہ: ان کی نوک قلم سے علم مثل فوارہ کے ابلتا ہے، تمام دنیا میں اہل عرب اہل عجم سب بہرہ یاب ہورہے ہیں۔

از حکایات صحابہ زندگی پر نور کن

ہم بیابی در فضائل روشنی جاوداں

ترجمہ: ''حکایات صحابہ'' سے زندگی منور بنایئے۔ فضائل کی کتابوں میں بھی (جن کا ذکر اگلے شعر میں ہے) دائمی روشنی پائیں گے یعنی ان پر عمل کے ذریعے دائمی روشنی حاصل ہوتی ہے۔

## حکایات صحابہ

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے جس میں حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین مردوں عورتوں اور بچوں کے زہد وتقوی، فقر وعبادت، علمی مشاغل، ایثار وہمدردی اور بے مثال جرأت وبہادری کے حیرت انگیز اور ایمان افروز واقعات کو بیان کیا گیا ہے جو بارہ ابواب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے اور تقریباً دوسو صفحات ہیں۔ جن پر عمل کرنے سے زندگی منور بن جاتی ہے مجیب مؤثر کتاب ہے۔

ذکر، قرآن صدقہ، روزہ، حج نماز دہم درود

ہر یکے را بر طریق دل نشیں کردہ بیاں

ترجمہ: فضائل ذکر، فضائل قرآن، فضائل صدقہ، فضائل روزہ، فضائل حج،



فضائل نماز، فضائل درود ہر ایک کو دل نشیں انداز پر بیان فرمایا ہے۔

## فضائل ذکر

جس کو حضرت شیخ المشائخ حضرت شیخ الحدیث قدس سرہ نے حضرت اقدس مولانا محمد الیاس صاحب نور اللہ مرقدہ کی تعمیل ارشاد میں تالیف فرمایا جس میں ذکر پاک کی برکات اور فضائل سے متعلق قرآن پاک کی آیات اور احادیث پاک کو جمع فرمایا ہے تاکہ وہ لوگ جو انفرادی طور پر یا اجتماعی طور پر پریشانیوں میں مبتلا ہیں۔ انہیں اپنے درد کی دوا اور اپنے مرض کا علاج معلوم ہوجائے کہ اللہ جل جلالہ عم نوالہ، کا ذکر پاک ہی پریشانیوں کا علاج ہے اس کے پاک نام کی برکت ولذت، حلاوت وسرور اور طمانیت سے ہی اجڑے ہوئے دل آباد ہوتے ہیں۔ یہ رسالہ دوسو بارہ صفحات پر مشتمل اور تین ابواب پر منقسم ہے، پہلا باب مطلق ذکر کے فضائل میں، باب دوم افضل الذکر کلمہ طیبہ کے بیان میں باب سوم کلمہ سوم یعنی تسبیحات فاطمہ کے بیان میں ہے۔

## فضائل قرآن

جس کو حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے حضرت الشاہ حافظ محمد یٰسین صاحب نور اللہ مرقدہ خلیفہ حضرت گنگوہی نور اللہ مرقدہ کی تعمیل ارشاد میں تالیف فرمایا جس میں قرآن پاک کے فضائل اور متفرق احکام پر مشتمل چالیس حدیثیں بیان کی گئی ہیں اخیر میں ایک اور مختصر چہل حدیث ہے جو مختصر ہونے کے باجود بہت جامع ہے نیز قرآن پاک کی تلاوت کے ظاہری باطنی آداب قوموں کے عروج وزوال میں قرآن پاک کا اثر قرآن پاک کا شفاعت فرمانا گذشتہ تمام کتابوں کا بدل قرآن پاک ہے ہر قسم کی رفعت وسربلندی دنیا وآخرت کی کامرانی وکامیابی قرآن پاک کے ساتھ وابستہ ہے۔

تمام فتنوں سے نجات قرآن پاک میں ہے جیسے اہم عنوانات مفصل ذکر کئے گئے ہیں۔ اور قرآن پاک حفظ کرنے کا خاص عمل بھی بیان فرمایا ہے جس کی برکت سے بہت جلد حفظ ہو جاتا ہے۔

## فضائل صدقات

حضرت مولانا محمد الیاس صاحب نور اللہ مرقدہ کے پر اصرار ارشاد کی تعمیل میں حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تالیف فرمائی یہ رسالہ دو حصوں میں ہے پہلے حصہ میں پانچ فصلیں ہیں۔ فصل اول مال خرچ کرنے کے بیان میں۔ دوسری فصل میں بخل کی مذمت تیسری میں صلہ رحمی چوتھی میں زکوۃ کی تاکید، پانچویں میں زکوۃ نہ دینے پر وعیدیں۔ دوسرا حصہ دو فصلوں پر مشتمل ہے۔ فصل اول میں زہد وقناعت اور فصل ثانی میں زاہدوں اور اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے والوں کی ستر حکایات درج کی گئی ہیں۔ ۲۴ رشوال ۱۳۶۶ھ بروز چہار شنبہ کو اس رسالہ کی نظام الدین دہلی میں ابتدا ہوئی۔ اس کا پہلا حصہ مالداروں کے لئے خاص طور سے مفید ہے۔ اور دوسرا حصہ علماء کے لئے خاص طور سے مفید ہے۔

## فضائل روزہ

یہ رسالہ ''فضائل رمضان'' کے ساتھ مشہور ہے اس رسالہ میں رمضان المبارک کے فضائل اور بعض بزرگوں کے معمولات، رمضان المبارک میں کیا ہوتے تھے، شب قدر کی فضیلت، اعتکاف کی فضیلت اور اس کے احکام کو بیان فرمایا ہے، اخیر میں ایک طویل حدیث ہے جو بہت سے مفید مضامین پر مشتمل ہے۔ اس رسالہ میں کل اکیس احادیث تین فصلوں میں بیان کی گئی ہیں پہلی فصل رمضان المبارک کے



فضائل میں ہے جس میں دس احادیث ہیں دوسری فصل شب قدر کے بیان میں ہے جس میں سات حدیثیں ہیں۔ تیسری فصل اعتکاف کے بیان میں ہے جس میں تین حدیثیں ہیں۔ اخیر میں ایک طویل حدیث پر رسالہ کو ختم کر دیا گیا ہے۔

## فضائل حج

یہ رسالہ امیر تبلیغ حضرت مولانا محمد یوسف صاحب قدس سرہ کے اصرار پر تالیف فرمایا۔ حضرت قدس سرہ کا سخت اصرار تھا کہ حج وزیارت کے فضائل میں بھی چند احادیث کا ترجمہ امت کے سامنے پیش کر دیا جائے تاکہ حج کو جانے والے حضرات ان احادیث کی برکت سے اسی ذوق وشوق کے ساتھ جائیں۔ جو اس مبارک اور نہایت اہم عمل کے مناسب ہو۔ اور حج سے واپسی بھی انہی دینی جذبات سے ہو جو اس مبارک اور نہایت اہم عمل کے مناسب ہوں۔ نیز ذوق وشوق کے ساتھ جانے والے حجاج کی کثرت ہو جو خود بھی دین کا جذبہ اپنے اندر پیدا کریں۔ اور وہاں کے قیام میں اہل عرب سے بھی ان کے اصل اور جدی کاموں میں اشتغال کی اور انہماک کی استدعا اور درخواست کریں۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے نظام الدین دہلی ہی میں ۱۳ رشوال ۶۶ھ چہار شنبہ کو اس کی ابتدا فرمائی۔ اور ۷ر۶ھ میں تکمیل ہوئی اس رسالہ میں دس فصلیں ہیں فصل اول حج کی ترغیب میں دوسری فصل حج نہ کرنے کی وعید میں۔ تیسری فصل سفر کی مشقت کے تحمل میں۔ چوتھی فصل حج کی حقیقت میں۔ پانچویں فصل حج کے آداب میں۔ چھٹی فصل مکہ مکرمہ اور کعبہ کے فضائل میں۔ ساتویں فصل عمرہ کے فضائل میں۔ آٹھویں فصل زیارت مدینہ طیبہ میں۔ نویں فصل آداب زیارت میں۔ دسویں فصل

مدینہ طیبہ کے فضائل میں ہے۔

## فضائل نماز

یہ رسالہ بھی حضرت مولانا الحافظ الحاج محمد الیاس صاحب نور اللہ مرقدہ کے ارشاد کے تعمیل میں تالیف کیا گیا جن میں ان حدیثوں کو بیان کیا گیا ہے جن میں نماز پڑھنے کی فضیلت، نماز چھوڑنے کا عذاب، جماعت کے ثواب اور اس کے چھوڑنے کی سزائیں آئی ہیں۔ یہ رسالہ تین بابوں پر منقسم ہے۔ پہلا باب نماز کی اہمیت کے بیان میں ہے جس میں دو فصلیں ہیں۔ فصل اول نماز کی فضیلت کے بیان میں دوسری فصل میں نماز کے چھوڑنے پر جو وعید اور عتاب حدیثوں میں آیا ہے اس کا بیان ہے۔

دوسرا باب جماعت کے بیان میں ہے جس میں دو فصلیں ہیں۔ فصل اول جماعت کے فضائل میں، فصل دوم جماعت کے چھوڑنے پر عتاب کے بیان میں۔

تیسرا باب نماز کے خشوع وخضوع کے بیان میں ہے۔ جس میں صوفیان کرام اور اہل اللہ کی نمازوں کی حکایات اور بزرگوں کے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کے واقعات اور دوسرے اہم مضامین ہیں۔

## فضائل درود

اس رسالہ میں درود شریف کے فضائل اور نہ پڑھنے پر وعیدیں اور خاص خاص درودوں کے فضائل اور روضہ اقدس پر صلوۃ وسلام پڑھنے کا طریقہ اور درود شریف کے متعلق پچاس قصے ذکر کئے گئے ہیں۔ یہ رسالہ پانچ فصلوں پر منقسم ہے پہلی فصل درود شریف کے فضائل وثواب میں ہے۔ دوسری فصل خاص خاص درود کے خاص خاص فضائل کے بیان میں اور خواب میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی



زیارت کرنے کے اعمال کے بیان میں۔ اور ایک چہل حدیث جو صلوۃ وسلام پر مشتمل ہے بیان کی گئی ہے۔ تیسری فصل ان احادیث کے بیان میں جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھنے کی وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔ چوتھی فصل فوائد متفرقہ کے بیان میں۔ پانچویں فصل درود شریف سے متعلق حکایات کے بیان میں ہے۔

اعتدالش فرقہائے مختلف را جمع کرد
صلح کردہ دشمنے با دشمنے شد شادماں

ترجمہ: ان کی کتاب اعتدال نے مختلف فرقوں کو جمع کر دیا اس کتاب کی وجہ ہی سے دشمن دشمن کے ساتھ صلح کر کے آپس میں خوش ہو گئے۔

## تشریح اعتدال

اس رسالہ کا پورا نام ”الاعتدال فی مراتب الرجال معروف بہ“ اسلامی سیاست ہے یہ ایک طویل مبسوط خط ہے جو حضرت اقدس شیخ المشائخ قدس سرہ نے اپنے ایک مخلص خادم وشاگرد کے نام جس میں سیاسی مسائل حاضرہ کے متعلق سات سوالوں کے جوابات کتاب وسنت کی روشنی میں انتہائی سنجیدگی اور متانت سے تحریر فرمائے گئے ہیں اور جس میں ہزاروں احادیث پاک اور بہت سی آیات پاک کا عطر نکال کر رکھ دیا ہے۔ اور جس میں علماء مخلصین کے باہمی اختلاف کی حیثیت کو واضح فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ ایسے وقت میں ہمیں کیا کرنا چاہئے یہ رسالہ ۱۳۵۷ھ میں تحریر فرمایا تھا۔ حضرت اقدس الشاہ عبدالقادر صاحب رائے پوری نور اللہ مرقدہ اور حضرت مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلوی نور اللہ مرقدہ کے تقاضہ اور اصرار پر اس کو شائع کیا گیا۔ بے نظیر رسالہ ہے ہر ہر فرد کو اس کا مطالعہ کرنا اور حرز جاں بنانا ضروری ہے۔

حب دنیا از دل خود دور کن در یاد موت
مال وعزت را ہمیں جا ترک کردہ رفتگاں

ترجمہ: دنیا کی محبت اپنے دل سے دور کر موت کی یاد میں۔ مال وعزت جانے والے یہیں چھوڑ کر گئے ہیں۔

## موت کی یاد

حب مال، حب جاہ یہی چیزیں ہیں جو انسان کو طاعات سے روک کر معاصی پر ابھارتی اور آمادہ کرتی ہیں اس رسالہ کا مطالعہ کرنے سے مال وجاہ کی حقیقت بے وقعت ہو کر آخرت کی رغبت پیدا ہوتی ہے۔ اور دنیا کی بے وقعتی بے ثباتی، ذہن میں بیٹھ جاتی ہے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ اب سے پہلے جو دنیا سے جا چکے ہیں جنہوں نے مال ودولت جاہ وعزت میں خوب خوب کمال حاصل کیا۔ اونچے اور مضبوط مکان وقلعے تعمیر کیے۔ بڑی بڑی جائدادیں حاصل کیں بڑے بڑے عہدے حاصل کئے لاکھوں کروڑوں کا خزانہ جمع کیا۔ مگر جب گئے تو سب چھوڑ گئے۔ کچھ بھی ساتھ نہ گیا۔ سکندر جب گیا دنیا سے دونوں ہاتھ خالی تھے۔ ہر ہر انسان کا یہی حال ہوتا ہے۔ یہ سب چیزیں یہیں چھوڑ کر جانا ہے۔

در وجوب لحیہ ہم دارد کتابے پر اثر
ریش دشمن چوں بخواندش ریش راشد پاسباں

ترجمہ: ڈاڑھی کے وجوب کے بیان میں بھی حضرت کی ایک بڑی مؤثر کتاب ہے۔ ڈاڑھی کے دشمن نے جب اس کو پڑھا تو وہ ڈاڑھی کا محافظ ہو گیا۔



## ڈاڑھی کا وجوب

حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کا رسالہ ہے جس میں ڈاڑھی کا وجوب اور اس کی فضیلت، ڈاڑھی منڈانے کی وعیدیں اور مضرتیں دل نشیں اور پر اثر انداز میں بیان کی گئی ہیں۔ اگر اس رسالہ کو ایسے لوگوں کے سامنے جو ڈاڑھی کے دشمن ہیں پڑھا جائے اور وہ دل کے کانوں سے سنیں تو وہ یقیناً سچی توبہ کر کے ڈاڑھی کے محافظ بن جائیں۔ بہت سے لوگوں نے اس رسالہ کی برکت سے توبہ کی اور داڑھی رکھ لی اور جو لوگ داڑھی کے دشمن تھے وہ خود داڑھی کے محافظ بن گئے۔

اوجز ولامع، خصائل، کوکب وجح ووداع

برموطا، بربخاری، ترمذی شرح عیاں

ترجمہ: اوجز المسالک، لامع الدراری، خصائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم الکوکب الدری، حجۃ الوداع، موطا پر بخاری پر، ترمذی پر واضح شرحیں ہیں۔

## اوجز

اس سے اوجز المسالک شرح عربی موطا امام مالک کی طرف اشارہ ہے۔ جو حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی مشہور تالیف ہے اپنی قدیم شہرت کی وجہ سے مستغنی عن التعارف ہے۔ چھ ضخیم جلدوں میں مکمل کتاب متعدد بار طبع ہو چکی ہے۔ ممالک عربیہ بالخصوص مغاربہ جو مالکی ہیں اس کتاب کے بڑے خواہش منداور مداح رہے ہیں۔ اس شرح میں جو خصوصیات اور خوبیاں ہیں وہ تو بیان سے باہر ہیں لیکن حل لغات حل مطالب وغیرہ لوازمات شرح کے بعد جن خاص امور کا اہتمام فرمایا گیا ہے وہ بالاجمال یہ ہیں۔

(۱) ہر راوی کی تحقیق نہایت مختصر طور پر کی گئی ہے۔

(۲) ہر باب میں ائمہ اربعہ کا مذہب خود صاحب مذہب کی کتابوں سے معہ حوالہ نقل کیا گیا ہے۔

(۳) مذہب حنفیہ کی ترجیح کے بعد مختصر طور سے دلائل بھی ذکر کئے گئے ہیں۔

(۴) ہر باب میں جملہ فقہی مسائل اور اصولی مباحث کے باوجود اختصار کی رعایت کی گئی ہے کہ جلد اکتا جانے والی طبائع طول کو پسند نہیں کرتیں۔

(۵) کتاب سے قبل ایک نہایت مبسوط مقدمہ ہے جس میں سات باب ہیں مختلف فوائد ہیں، جن میں علم حدیث کے خزائن جمع کر دیئے گئے ہیں۔ جس کی خوبیوں



کا اندازہ دیکھنے کے بعد ہی ہو سکتا ہے۔

یہ کتاب[۱] ۱۳۴۵ھ میں جبکہ مدینہ منورہ (زادہا اللہ شرفا وکرامۃ) میں حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کا اپنے شیخ ومربی حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری نور اللہ مرقدہ کے ساتھ قیام تھا وہاں ''بذل المجہود'' کی تالیف کا سلسلہ جاری تھا۔ ماہ ربیع الاول میں شروع کی گئی بذل المجہود فی حل ابی داؤد کے لکھنے سے جب فرصت ملتی تو حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ ''اوجز'' کی تالیف میں مشغول ہو جاتے اور جب ۲۱/ شعبان المعظم ۱۳۴۵ھ میں ''بذل المجہود'' سے فراغت ہوگئی تو پورا وقت اسی میں صرف ہونے لگا۔ عجیب اتفاق کہ جس کتاب کا امام الحرمین صاحب موطا رحمہ اللہ تعالیٰ نے مدینہ منورہ (زادہا اللہ شرفا وکرامۃً) میں درس دیا اس کی اس بے مثال شرح کی بھی وہاں ہی ابتدا کی گئی۔ اور اس مبارک جگہ کی بے انتہا برکتوں کی وجہ سے ہی تین ماہ سے کم ہی میں ڈیڑھ جلد تیار ہوگئی۔ اس کے بعد ۱۳۴۶ھ میں ہندوستان واپس آنا ہوا اور بقیہ ساڑھے چار جلدیں تیس سال کی مشقت میں تمام ہوئیں۔ اسی طرح حدیث نبوی سے متعلق بے انتہا معلومات کا ذخیرہ وخزانہ ''اوجز المسالک'' کی شکل میں جسے مستقل کتب خانہ کہنا بجا ہے امت کے ہاتھ آیا اور اب اس گنجینۂ علوم ومعارف کو حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے خاص شاگرد رشید اور معتمد خاص حضرت مولانا مفتی تقی الدین مظاہری ندوی دامت برکاتہم نے اپنی تحقیق وتعلیق کے ساتھ اٹھارہ ضخیم جلدوں میں بہت عمدہ کاغذ اعلیٰ معیار کے ساتھ طبع کرایا ہے۔ حق تعالیٰ شانہ حضرت مولانا مفتی تقی الدین رحمۃ اللہ علیہ کو اپنی شایان شان اس کا بدلہ عطا فرمائے صحت دی نیت کے ساتھ موصوف کا سایہ دراز فرمائے زیادہ سے زیادہ مستفیض فرمائے آمین۔

[۱] مقدمہ اوجز المسالک۔

## لامع

اس سے ''لامع الدراری شرح علی جامع البخاری'' کی طرف اشارہ ہے۔ اس میں حضرت قطب العالم وقطب الارشاد سید الطائفہ مولانا الحاج رشید احمد صاحب محدث گنگوہی نور اللہ مرقدہ کی وہ تقریرات ہیں جو حضرت قدس سرہ نے ۱۳ھ کے آخری دورہ حدیث شریف میں اردو میں ارشاد فرمائی تھیں اور چونکہ یہ آخری دورۂ حدیث شریف حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب قدس سرہ کی وجہ سے حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری قدس سرہ کی سفارش پر شروع فرمایا تھا۔ جیسا کہ پہلے گذر چکا ورنہ تو نزول ماء کی وجہ سے درس موقوف فرچکے تھے۔ اس لئے محدث گنگوہی قدس سرہ نے اس آخری اور بے مثال دروہ شریف میں علوم ومعارف کا خوب خوب مینھ برسایا اور حضرت اقدس محدث گنگوہی کے لائق اور قدرداں وحقیقت شناس شاگرد اور خادم خاص اور کاتب خطوط وفتاوی حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب نور اللہ مرقدہ نے زمانہ طالب علمی ہی میں ان تقریرات کو عربی میں قلم بند فرما کر علمی دنیا پر احسان عظیم فرمایا۔ اس طرح یہ قیمتی ذخیرہ حضرت اقدس شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ کے پاس پہنچا اور اکابر محدثین ہندوستان کو جب اس کا علم ہوا تو زر کثیر صرف کر کے اس کی قلمی نقلیں کرائیں اور اس کی اشاعت کا تقاضہ اور اصرار کیا۔ خصوصا شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی نور اللہ مرقدہ نے بہت زیادہ تقاضہ فرمایا گو ''اوجــز'' کی مشغولی کی وجہ سے فرصت نہ مل سکی آخر آخری ذی الحجہ ۷۵ھ کو لامع الدراری پر تحشیہ اور تعلیق کا کام شروع فرمایا مگر افسوس کہ حضرت مدنی نور اللہ مرقدہ کا ۱۲/جمادی الاولی ۷۶ھ کو وصال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔



حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں۔

لكِنْ كَثْرَةَ الْمَشَاغِلِ لَمْ تُمَكِّنِّي فِيْ حَيَاتِهِ مِنَ النَّظْرِ فِيْهِ غيرَ عِدَّةِ اَوْرَاقٍ طَبَعْتُ فِيهَا اَرْبَعَةَ اَوْرَاقٍ فِيْ حَيَاتِهِ وَلَمَّا قَدَّمْتُهَا اِلَيْهِ اِسْتَنَارَ وَجْهُهُ سُرُوْراً وَبَهْجَةً۔

لیکن کثرت مشاغل نے مجھے حضرت شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ کی حیات میں چند اوراق کے علاوہ اس میں نظر کرنے کی مہلت نہ دی۔ انہیں میں سے چار ورق طبع کرا کر حضرت کی خدمت میں پیش کیے تو آں محترم کا چہرہ خوشی سے دمک اٹھا۔

اس تالیف میں خاص طور سے امام بخاری کے تراجم کے اغراض اور احادیث کی مطابقت پر وضاحت سے کلام کیا گیا ہے۔ اور ایسی تحقیقات نادرہ بھی کی گئی ہیں جو دوسری شروح میں نہیں۔ مکمل کتاب تین جلدوں میں ہے۔ شروع میں ایک سو باون صفحہ کا بسیط مقدمہ ہے۔

حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے اپنی اس تعلیق کو سیکڑوں کتابوں سے جواہرات چن چن کر مزین فرمایا ہے۔ اس طرح یہ شرح لاجواب دوسری تمام شروحات بخاری سے بے نیاز کر دیتی ہے۔

جب اس کتاب کی تکمیل ہوئی تو حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو بے انتہا خوشی ہوئی۔ اپنی مسرتوں میں دوسروں کو بھی شریک کرنے کے لئے ۱۴/جون ۶۸ء جمعہ کے دن آپ نے ہندوستان کے مخصوص علماء کرام کو مدعو فرمایا اور دور دور سے علماء کرام اس تقریب سعید میں شرکت کرنے کے لئے سہارنپور آئے حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے شرکاء تقریب کی قسم قسم کے کھانوں اور میٹھائیوں سے ضیافت فرمائی۔[1]

[1] ولی کامل ص ۱۵۴/ تا ۱۵۸۔

حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے خلیفہ ارشد اور معتمد خاص حضرت مولانا عبدالحفیظ مکی حفظہ اللہ تعالیٰ نے بڑی محنت اور جانفشانی کے ساتھ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی تقریر بخاری شریف اردو جو بہت زیادہ مقبول ہے کو بھی عربی میں منتقل کر کے اس میں شامل فرما دیا نیز حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کو الابواب والتراجم، جو مائیہ ناز تصنیف ہے اور بخاری شریف کے ابواب وتراجم پر حاصل بحث کی گئی ہے کو بھی اس میں شامل فرما دیا اس طرح حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ دیگر تصانیف سے بھی حدیث پاک سے متعلق علوم ومعارف کو اس میں شامل فرما دیا اور مزید تصنیفات کے ساتھ ''الکنز المتواری کے نام سے اعلیٰ کاغذ اور اعلیٰ طباعت کے ساتھ شائع فرما رہے ہیں جس کی متعدد ضخیم جلدیں الحمدللہ شائع ہو چکی ہیں شروح بخاری شریف میں یہ بہت ہی ممتاز اور قیمتی اضافہ ہے۔ اللہ تعالیٰ بہت بہت قبول فرمائے آمین اور حضرت مولانا بلک عبدالحفیظ بکی حفظہ اللہ تعالیٰ کو پوری امت کی طرف سے بہت بہت جزائے خیر عطا فرمائے آمین۔

## خصائل

اس سے اشارہ ''خصائل نبوی شرح شمائل ترمذی'' کی طرف ہے ''شمائل ترمذی'' کو سیرت سرور کائنات فخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک خاص مقام حاصل ہے۔

احادیث پاک کی دوسری کتابوں میں بھی خصائل پاک اور سیرت مقدسہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ذکر کیا گیا ہے مگر منتشر طور، پر یکجائی طور پر خاص ترتیب کے ساتھ خصائل پاک اور سیرت مقدسہ صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق چار سو احادیث کو امام المحدثین الحافظ ابو



محمد بن عیسی بن سورۃ الترمذی نے چھپن بابوں میں جمع فرمایا ہے، مگر اس کا فائدہ اہل علم اور عربی داں حضرات تک ہی مخصوص تھا۔

حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ نے امت پر بڑا ہی احسان فرمایا کہ اردو میں اس کا ترجمہ اور شرح فرمائی کہ جس سے اردو داں حضرات بھی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں اور آقائے عالم سید البشر نبی اکرم علیہ الف الف صلوت وتحیات کے اخلاق، اوصاف عادات، معمولات سے واقفیت حاصل کر کے ان کو حرز جاں بنا سکتے ہیں خدائے پاک حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کو اس کا بہت بہت اجر عظیم عطا فرمائے اور اعلی سے اعلی مقامات سے نوازے آمین۔

[1] ۱۳۴۲ھ میں ''بذل المجھود فی حل ابی داوٗدؒ'' کی طباعت کے سلسلہ میں متفرق طور پر چند روز حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کا قیام نظام الدین ہوا۔ وہاں جناب محترم محمد عثمان صاحب (جن کے حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب نور اللہ مرقدہ سے خصوصی مراسم تھے) نے اصرار کیا بمقتضائے حدیث ''ان من ابر البر صلة الرجل اهل ود ابيه بعد ان يولى'' (رواہ مسلم)

ترجمہ: بہترین صلہ رحمی والد کے بعد اسکے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک ہے حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے قبول فرما لیا اور ۱۸/ جمادی الآخر ۱۳۴۴ھ شب جمعہ میں اس سے فراغت ہوئی[2] در خدائے پاک نے حضرت اقدس قدس سرہ کی دوسری تصنیفات کی طرح اس کتاب کو بھی وہ قبولیت عامہ بخشی کہ متعدد بار طبع ہونے کی نوبت آ چکی۔

## کوکب

''الکوکب الدری علی جامع الترمذی'' کی طرف اشارہ ہے یہ بھی امام

[1] خصائل۔ [2] خصائل نبوی ص/۲۶۴۔

المحدثین قطب الارشاد حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی قدس سرہ کی ان تقریرات کا مجموعہ ہیں جو درس ترمذی میں حضرت اقدس قدس سرہ نے فرمائی تھیں اور حضرت کے خادم خاص کاتب خطوط وفتاوی حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ نے ان نایاب جواہرات کو عربی زبان میں ضبط فرمالیا تھا (ترمذی کا درس حضرت قدس سرہ نے ۱۳۱۱ھ اوائل ذیقعدہ میں شروع فرمایا تھا اور ۱۳۱۲ھ ۱۸/ذی الحجہ کو کچھ کم ایک سال میں ختم ہوا۔ اس کے بعد دوسری حدیث کی کتابوں کا درس شروع فرمایا) امام المحدثین قدس سرہ نے اپنے قدرشناس شاگرد کی رعایت میں وہ علوم ومعارف بیان فرمائے کہ باید وشاید گویا زندگی بھر کے تجربات کا نچوڑ اور علوم ومعارف کے دریا اپنے قدرداں شاگرد کے سامنے انڈیل اور بہا دیئے اور لائق ترین شاگرد نے بھی پورا پورا حق ادا کردیا۔ اوران کوملت کی ایک امانت سمجھ کر بذریعہ تحریر اس قیمتی خزانہ کو محفوظ کردیا اور ان کی لائق ترین فرزند حضرت شیخ الحدیث صاحب نوراللہ مرقدہ نے پدری امانت کو تحشیہ وتعلیق کے ذریعہ مزید چار چاند لگا کر امت کے حوالہ کردیا اور شائع فرما کر زندہ جاوید بنا دیا۔ خدائے پاک ان تینوں حضرات کو خوب خوب اجر عظیم عطا فرمائے آمین۔

## حج وداع

"جزء حجۃ الوداع والعمرات" کی طرف اشارہ ہے جس کو حضرت اقدس شیخ الحدیث نوراللہ مرقدہ نے اپنی ابتداء مدرسی ۴۲ھ میں ایک دن ڈیڑھ رات میں لکھا تھا جس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے سفر حج کے قصہ کو مسلسل متن بنایا ہے اور اس کے متعلق اختلاف وروایات ائمہ اربعہ کے مذاہب اور مختلف روایات میں جمع کی طرف اشارات بھی کئے گئے ہیں اور مجمل رعایات کا محمل بتایا گیا ہے۔ اور بہت سے



ایسے واقعات میں احکام کی تعیین کی گئی ہے جس سے عام طور سے شراح نے کوئی تعرض نہیں کیا ہے۔ تالیف کے بعد سے اکابر مدرسین کتاب الحج پڑھاتے وقت اس رسالہ کو زیر نظر رکھتے تھے، بہت سے حضرات نے اس کی طباعت کا مشورہ دیا۔ مگر حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ کہہ کر انکار فرمایا کہ یہ مجمل اشارات ہیں۔ طباعت کے لئے نہیں ہیں بلکہ بطور یادداشت کے ہیں ۸۹ھ میں مدینہ پاک کے قیام میں بلا کسی سبب کے اس کی طباعت کا داعیہ پیدا ہوا اور مدینہ پاک سے واپسی پر ذی قعدہ ۸۹ھ میں اس کا از سر نو سننا شروع کیا جس میں کئی ماہ لگ گئے اور اس کے اختتام پر حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ نے خواب دیکھا کہ اس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے عمروں کا ذکر ضرور ہونا چاہئے اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمروں کا ذکر تالیف فرما کر اضافہ کیا گیا۔

حضرت اقدس قدس سرہ کی تصنیفات وتالیفات ان کے علاوہ بھی ہیں جیسے تاریخ مشائخ چشت، تاریخ مظاہر، فضائل تبلیغ، قرآن عظیم اور جبریہ تعلیم، آپ بیتی جو حضرت اقدس قدس سرہ کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ بے بہا معلومات اور بزرگوں کے حالات کا نایاب ذخیرہ ہے جس کا ہر طالب علم کو مطالعہ کرنا ضروری ہے۔ رسالہ اسٹرائک وغیرہ اختلاف الائمہ الابواب والتراجم صحیح البخاری، تبلیغی جماعت پر اعتراضات اور ان کے جوابات، شریعت وطریقت وغیرہ وغیرہ۔

## عمل بر عزیمت

در مسائل در فتاویٰ بر عزیمت میرود
اندر و ہرگز نیابی ہیچ کسلے را نشاں

ترجمہ: مسائل وفتاویٰ میں (دینی امور میں) عزیمت پر عمل فرماتے ہیں۔

(دینی امور میں) تو حضرت قدس سرہ کے اندر ہرگز بھی کسی سستی کا نام ونشان نہیں پاسکتا۔

تشریح: یوں تو حضرت قدس سرہ کی پوری زندگی عمل برعزیمت کے واقعات سے بھرپور ہے۔ مگر تقریباً نصف صدی تک تدریسی اہم خدمت انجام دینے پر کبھی تنخواہ نہ لینا اور جو ابتداءً اکابر کے حکم اور اصرار پر تنخواہیں لیں بعد میں ان سب کو بھی واپس کردینا حضرت کے عمل برعزیمت کی روشن دلیل ہے۔

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں۔

مدرسی کی تنخواہ آپ نے کبھی قبول نہ کی جب آپ کے شیخ و مرشد نے یہ حکم دیا کہ آپ یہ رقم لے لیں اور اس کو دوسرے حج (۱۳۴۴ھ جس میں آپ اپنے استاد کے معاون ورفیق کار کی حیثیت سے بذل المجہود کی تکمیل کے لئے تشریف لے گئے تھے) خرچ کریں۔ تو آپ نے تعمیل ارشاد میں اس کو قبول تو کرلیا لیکن بعد میں پھر کل رقم مدرسہ میں داخل کردی۔ اس طرح حدیث کی یہ خدمت اس پورے طویل عرصہ تک آپ نے بلا معاوضہ اور خالصۃ اجر وثواب کی نیت سے انجام دی اور اس کا مادی بدلہ قبول کرنے کے بھی روادار نہ ہوئے۔ دو مرتبہ آپ کو دوسری جگہوں سے بڑے گرانقدر مشاہرہ پر مدرسی کی پیش کش ہوئی جو اس برائے نام تنخواہ سے بہت زیادہ تھی اور اخلاص وعالی ہمتی کے اس سخت امتحان سے آپ کو گزرنا پڑا۔ اس لئے کہ یہ وہ پیش کش تھی جس کے بہت سے



لوگ دل وجان سے متمنی تھے۔ لیکن آپ نے پورے عزم واستقامت اور یقین واعتماد کے ساتھ اس سے معذرت کردی۔ اس کا صلہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو پھر ایسا دیا جس کا شاید تصور بھی اس وقت آپ کو نہ آنا ہوگا۔ اور ہر طرح کے انعامات والطاف سے آپ کو سرفراز فرمایا۔[1]

یہی کیا حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی پوری زندگی ہی عمل برعزیمت کا نمونہ ہے جس کی تفصیل کے لئے مستقل تصنیف کی ضرورت ہے۔ اور حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ میں عمل برعزیمت کا یہ اعلیٰ وصف نسبت رشیدی وخلیلی کا آئینہ دار ہے۔ آپ بیتی نمبر ۶/ میں تحریر فرماتے ہیں۔

## حضرت گنگوہی قدس سرہ کے عمل برعزیمت کا واقعہ

حضرت گنگوہی نور اللہ مرقدہ کے متعلق تذکرۃ الرشید میں لکھا ہے کہ اپنے معاملہ میں آپ کا تقوی اور احتیاط اس قدر تھا کہ مسئلہ مختلف فیہا میں قول راجح پر اقرب الی الاحتیاط کو اختیار فرماتے تھے۔ باوجود ضرورت کے احتیاط کو ہرگز نہیں چھوڑتے تھے۔ آپ کی احتیاط کی ادنی مثال یہ ہے کہ آپ نے اپنے امراض میں کیسا ہی شدید مرض کیوں نہ ہوا کبھی بیٹھ کر نماز نہیں پڑھی۔ مرض الموت میں جب تک اس قدر طاقت رہی کہ وہ آدمیوں کے سہارے کھڑے ہو کر نماز پڑھ سکیں اس وقت تک اسی طرح پڑھی کہ دو تین آدمیوں نے بمشکل اٹھایا اور دونوں جانبوں سے کمر میں ہاتھ

[1] حیات خلیل ص/۶۰۷۔

ڈال کر لے کر کھڑے ہوگئے اور قیام ورکوع وسجود انہیں کے سہارے سے نماز ادا کی۔ ہر چند خدام نے عرض کیا کہ حضرت بیٹھ کر نماز ادا کر لیجئے۔ مگر نہ کچھ جواب دیا نہ قبول فرمایا ایک روز مولوی محمد یحییٰ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اگر اس وقت بھی جائز نہیں تو پھر وہ کون سا وقت اور کون سی حالت ہوگی جس میں بیٹھ کر نماز پڑھنا شرعاً جائز ہے۔ آپ نے فرمایا کہ قادر بقدرۃ الغیر تو قادر ہوتا ہے۔ اور جب میرے دوست ایسے ہیں کہ مجھ کو اٹھا کر نماز پڑھاتے ہیں تو میں کیوں کر بیٹھ کر نماز پڑھ سکتا ہوں۔ آخر جب نوبت ضعف اس قدر پہنچ گئی کہ دوسروں کے سہارے بھی کھڑے ہونے کی قدرت نہ رہی اس وقت چند وقت کی نمازیں آپ نے بیٹھ کر پڑھیں۔ گویا بتلا دیا کہ اتباع شرع اس کو کہتے ہیں۔ تقویٰ اس کا نام ہے۔ اختیار احوط اسی طرح ہوتا ہے۔

(تذکرۃ الرشید ص/۶۴)

## دوسرا واقعہ

قطب الاقطاب حضرت گنگوہی نور اللہ مرقدہ کا ایک اور واقعہ حضرت اقدس سیدی ومولائی حضرت اقدس الحاج مولانا مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی نور اللہ مرقدہ کے واسطہ سے نقل فرمایا ہے۔

مفتی محمود حسن صاحب نے بروایت اپنے والد صاحب حضرت قطب عالم مولانا گنگوہی کا ایک اور واقعہ بیان فرمایا کہ نزول آب کے بعد حضرت سے آنکھ بنوانے کے لئے عرض کیا گیا



تو آپ نے انکار فرمایا۔ ایک ڈاکٹر صاحب نے وعدہ کیا کہ حضرت کی کوئی نماز قضا نہ ہونے دوں گا۔ فجر اول وقت اور ظہر آخر وقت میں پڑھ لیں گے۔ البتہ چند روز تک سجدہ زمین پر نہ فرماویں۔ اونچا تکیہ رکھ کر اس پر کر لیں۔ اس پر ارشاد فرمایا کہ چند دن کی نمازیں تو بہت ہوتی ہے ایک سجدہ بھی اس طرح گوارہ نہیں کسی خادم نے عرض کیا کہ حضرت آپ درس حدیث دیتے تھے۔ اب یہ فیض بند ہوگیا آنکھ بنوانے سے پھر یہ فیض جاری ہوجائے گا۔ اس پر ارشاد فرمایا کہ اس میں میرے کسی عمل کو کیا دخل ہے۔ جب تک قدرت نے چاہا جاری رہا جب چاہا بند ہوگیا۔ پھر کسی نے عرض کیا کہ حضرت اس میں حرج ہی کیا ہے۔ فرمایا کہ حدیث شریف میں بصارت سلب ہونے پر جنت کی بشارت ہے۔ مجھ کو یہ نعمت ملی ہے۔ میں اس کو کیوں ضائع کروں۔ چنانچہ اخیر تک آنکھ نہ بنوائی۔

(آپ بیتی نمبر:۶ ص/۲۱۲)

## حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ کے عمل برعزیمت کا واقعہ

سیدی ومولائی حضرت اقدس مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی نور اللہ مرقدہ مفتی اعظم دار العلوم دیوبند کے واسطہ سے ہی حضرت اقدس الحاج مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری نور اللہ مرقدہ وبرد اللہ مضجعہٗ کا واقعہ ''آپ بیتی'' میں بیان کیا گیا ہے ملاحظہ ہو۔

مفتی محمود حسن صاحب نے ایک اور واقعہ بروایت مولوی منفعت صاحب وکیل۔ بیان کیا سخت ترین گرمی اور لو کا زمانہ تھا۔

رمضان مبارک کا مہینہ تھا حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہٗ کی طبیعت ناساز چل رہی تھی پیچش کی شدید تکلیف تھی حضرت نے کئی روز تک دوا سے افطار پر قناعت کی کوئی غذا انہیں کھائی جمعہ کا دن آیا۔ مولوی عبداللہ جان وکیل بھی مدرسہ جمعہ پڑھنے کیلئے آئے انہوں نے دیکھا کہ چہرہ نہایت پژمردہ ہے اور ضعف ونقاہت کے آثار نمایاں ہیں وہ تو یہ حالت دیکھ کر ستون کے پیچھے ہوکر رونے لگے۔ مولانا حافظ عبداللطیف صاحب (ناظم مدرسہ مظاہر العلوم) نے عرض کیا کہ حضرت کا کئی روز سے فاقہ ہے۔ تکلیف زیادہ ہے روزہ قضا فرمادیتے آخر فقہا نے رخصت لکھی ہی ہے اور مولوی عبداللہ جان تو رو رہے ہیں۔ حضرت قدس سرہ کا چہرہ فوراً متغیر ہوگیا اور فرمایا کہ حافظ صاحب کیسی بات کہتے ہیں۔ ارے روزہ اور پھر رمضان کا روزہ پھر ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مقلب القلوب ہیں کہ مولوی عبداللہ جان جیسا کوہ وقار انسان بھی متاثر ہوجائے۔

انہیں کے اتقاء پر ناز کرتی ہے مسلمانی

(آپ بیتی نمبر:۶ص ۲۱۲)

حضرت اقدس شیخ المشائخ حضرت سہارنپوری نوراللہ مرقدہ کی ذات گرامی دوسرے اوصاف عالیہ کے مثل عمل بر عزیمت میں بھی ان دونوں بزرگوں کا نمونہ ہے اور عمل بر عزیمت حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کی زندگی کے ہر شعبہ میں نمایاں ہے۔



## عمل بر رخصت کی وجہ

گاہ رخصت را پسندد در عمل بہر خدا
تاگمان حرمتش را دفع سازد از میاں

ترجمہ: کبھی خدا کے لئے رخصت پر عمل کرنے کو اختیار فرماتے ہیں تا کہ اس کی حرمت کے گمان کو دفع فرمادیں۔

تشریح: اور تاکہ اس حدیث پاک کے مقتضا پر عمل ہوجائے۔

عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ، اَنَّہٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ. اَنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ اَنْ تُوْتٰی رُخْصُہٗ کَمَا یُحِبُّ اَنْ تُوْتٰی عَزَائِمُہٗ. (الطریقة المحمدیة ص ۱/۶۱)

"حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ اپنی رخصتوں پر عمل کئے جانے کو ایسا ہی پسند کرتا ہے جیسا اپنی عزیمتوں پر عمل کئے جانے کو پسند کرتا ہے"۔

ایک روایت میں ہے۔

عَنْ اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا اَنَّ النَّبِیَّ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی یُحِبُّ اَنْ تُوْتٰی رُخْصُہٗ کَمَا یُکْرَہُ اَنْ تُوْتٰی مَعْصِیَتُہٗ وَفِیْ رِوَایَۃِ خُذَیْمَۃَ کَمَا یُحِبُّ اَنْ تُتْرَکَ مَعْصِیَتُہٗ. (حوالہ بالا)

"حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی رخصتوں پر عمل کئے جانے کو ایسا ہی پسند کرتا ہے جیسا کہ اپنی نافرمانی کئے جانے کو ناپسند کرتا ہے۔ اور خزیمہ کی روایت میں ہے، جیسا کہ اپنی نافرمانی ترک کئے جانے کو پسند کرتا ہے"۔

اور حضرت ابو درداء اور واثلہ بن اسقع اور ابو امامۃ اور انس رضی اللہ عنہم اجمعین سے روایت ہے۔

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ. اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ اَنْ تُقْبَلَ رُخْصَۃُ کَمَا یُحِبُّ الْعَبْدُ مَغْفِرَۃَ رَبِّہٖ. (حوالہ بالا)

"کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تبارک تعالیٰ اپنی رخصتوں کے قبول کئے جانے کو ایسا ہی پسند کرتا ہے جیسا بندہ اپنے رب کی مغفرت کو پسند کرتا ہے"۔

## نور عینین

آن سراپا رشد وخلت نائب خیر الوری
نور عین شہ رشید وشہ خلیل سروراں

ترجمہ: آپ سراپا رشد وخلت خیر الوری صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نائب ہیں۔ شاہ رشید احمد وشاہ خلیل احمد سرداروں کی آنکھ کا نور ہیں۔

تشریح: خیر الوریٰ (مخلوق میں سب سے بہتر) یعنی حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نائب ہونا ظاہر ہے حدیث شریف میں ہے۔

اَنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَاءِ لَمْ یُوَرِّثُوْا دِیْنَاراً وَلَا دِرْهَمًا وَلٰكِنْ وَرَّثُوْا الْعِلْمَ فَمَنْ اَخَذَہُ اَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ. (جمع الفوائد ج/۱ ص/۲۰)

"بے شک علماء انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے وارث ہیں اور انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام نے دینار ودرہم کا وارث نہیں بنایا اور لیکن علم کا وارث بنایا پس جس نے اس کو لیا اس نے بڑا حصہ لیا (یعنی بڑی قیمتی چیز حاصل کی)



## حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہیؒ

شہ رشید: اس سے اشارہ قطب زمانہ حضرت مولانا رشید احمد صاحب نور اللہ مرقدہ محدث گنگوہی نور اللہ مرقدہ کی طرف ہے جو گنگوہ کے انصاری ایوبی خانوادے کے چشم وچراغ تھے۔

## خاندان

جن کا دادھیال اور نانیہال دونوں حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر منتہی ہوتے ہیں حضرت محدث گنگوہیؒ کے اسلاف دراصل قصبہ رامپور نہاران ضلع سہانر پور کے رہنے والے تھے آپ کے دادا حاجی پیر بخش دلیری، شجاعت جرأت وہمت کے پیکر تھے۔ اور کئی قصبوں میں اپنے ان اوصاف کی بنا پر مشہور تھے وہ کسی موقع پر گنگوہ منتقل ہوئے اور وہیں مستقل بودوباش اختیار کرلی۔

حاجی پیر بخش کے صاحبزادہ مولانا ہدایت احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ تھے۔ جو اپنے زمانہ میں اہل فضل وکمال میں شمار کئے جاتے تھے۔ حضرت شاہ غلام علی صاحب مجددی نقشبندی کے خلیفہ اور مجاز تھے۔ انہوں نے ۱۲۵۲ھ میں ۳۵ سال کی عمر میں انتقال کیا۔ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی ان ہی کے صاحبزادے تھے۔

## ولادت

آپ کی ولادت ۱۲۴۴ھ میں ہوئی سات سال کے تھے کہ والد ماجد کا انتقال ہوگیا۔

## طلب علم اور اساتذہ

ابتدائی تعلیم قصبہ گنگوہ میں ہی حاصل کی، اس کے بعد دہلی جا کر استاد العلماء

حضرت مولانا مملوک العلی صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا اور مفتی صدرالدین آزردہ رحمۃ اللہ علیہ سے بھی کچھ کتابیں پڑھیں۔ حضرت شاہ عبد الغنی صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے علم حدیث حاصل کیا اور علوم حدیث کی تکمیل کے بعد گنگوہ میں درس وتدریس کا مشغلہ جاری کیا۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ اجازت وخلافت حاصل کر کے مسند ارشاد پر متمکن ہوئے۔ حضرت مولانا سید عبدالحی صاحب رحمۃ اللہ علیہ ''نزہۃ الخواطر میں لکھتے ہیں''۔

اَحَدُ الْعُلَمَاءِ الْمُحَقِّقِيْنَ وَالْفُضَلاءِ الْمُدَقِّقِيْنَ لَمْ يَكُنْ مِثْلُهُ فِىْ زَمَانِهٖ فِى الصِّدْقِ وَالْعَفَافِ وَالتَّوَكُّلِ وَالْفِقْهِ وَالشَّهَامَةِ وَالْاِقْدَامِ فِى الْمَخَاطِرِ وَالصَّلابَةِ فِى الدِّيْنِ وَالشِّدَّةِ فِى الْمَذْهَبِ وَكَانَ آيَةً بَاهِرَةً وَنِعْمَةً ظَاهِرَةً فِى التَّقْوٰى وَاتِّبَاعِ سُنَّةِ النَّبَوِيَّةِ وَالْعَمَلِ بِالْعَزِيْمَةِ وَالْاِسْتِقَامَةِ عَلَى الشَّرِيْعَةِ وَرَفْضِ الْبِدَعِ وَالْمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ وَمُحَارَبَتِهَا بِكُلِّ طَرِيْقٍ وَالْحِرْصَ عَلٰى نَشْرِ السُّنَّةِ وَاَعْلاءِ شَعَائِرِ الْاِسْلامِ وَالصَّدْعِ بِالْحَقِّ وَبَيَانِ حُكْمِ الشَّرْعِى اِنْتَهَتْ اِلَيْهِ الْاَمَامَةُ فِى الْعِلْمِ وَالْعَمَلِ وَرِيَاسَةِ تَرْبِيَّتِ الْمُرِيْدِيْنَ وَتَزْكِيَّةِ النُّفُوْسِ وَالدُّعَاءِ اِلَى اللهِ وَاِحْيَاءِ السُّنَّةِ وَاِمَاتَةِ الْبِدَعِ.

(نزھة الخواطر جلد/۸ ص/۱۵۰، ۱۵۱)

ترجمہ: وہ علم وتحقیق کے ماہر علماء میں تھے اور ایسے فضلاء میں تھے کہ جن کو بحث وتحقیق کا ذوق تھا۔ ان جیسا عالم جو صدق وپاکبازی توکل اور فہم دین بلند کردار اور خطرہ کی پرواہ نہ کرنے والا، دین میں پختگی کا ثبوت دینے والا اور مسلک میں مضبوط



کوئی دوسرا شخص نظر نہیں آتا۔ وہ ایک روشن نشانی تھے اور اللہ تعالیٰ کا کھلا ہوا انعام تھے۔ تقوی ہو یا اتباع سنت، عزیمت پر عمل ہو یا شریعت پر استقامت، ترک بدعات ہو یا ان کا مقابلہ سنت کی نشر واشاعت کی کوشش ہو اور شعائر اسلام کی بلندی کی فکر حق کا اعلان ہو یا حکم شرعی کی وضاحت۔ ان کی ذات وہ ذات تھی کہ جن میں ہر علم وعمل، کی قیادت وامامت اور مریدین اور سالکین کی تربیت کا آخری مرتبہ نظر آتا ہے۔ ان میں دعوت الی اللہ اور احیاء سنت اور محو بدعت بدرجہ اتم موجود تھی۔

مولانا سید عبدالحی صاحب رحمۃ اللہ علیہ ۱۳۱۲ھ کو علمی مراکز کے دورہ میں جب کہ ان کی عمر چھبیس سال کی تھی حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئے تھے۔ آپ نے جو دیکھا اور حضرت کی شخصیت سے جتنا متأثر ہوئے انہیں کے الفاظ میں پڑھیے وہ لکھتے ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ مولوی صاحب بقیۃ السلف ہیں ان کا وجود مغتنمات میں سے ہے۔ اس تورع استقامت کا دوسرا شخص ان کے سواء اس زمانہ عالم پُر آشوب میں نظر نہیں آتا۔ علم الہیٰ میں جو کوئی ہو اس کی خبر نہیں مولوی صاحب کے اوصاف میں سب سے بڑا وصف تورع ہے جو تمام اوصاف کو شامل ہے، کف لسان اور صدق گفتار میں مولوی صاحب ضرب المثل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان بزرگوں کے صدقے میں اس روسیاہ کے حال پر رحم فرمائے اس کے دل کی تاریکی دور ہو اور کسی قدر چاشنی احسان کی عطا فرمائے۔

الھیٰ عبدک العاصی اتاک
مقراً بالذنوب وقد دعاک

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ۔[1]

شاہا[2] زکرم بر من درویش نگر
بر حال من خستہ ودل ریش نگر

ہر چند نیم لائق، بخشائش تو
بر من منگر بر کرم خویش نگر

## حضرت گنگوہیؒ حضرت حاجی امداداللہ صاحبؒ کی نظر میں

امام العارفین قدوۃ الکاملین، زبدۃ الواصلین حاجی امداداللہ صاحب مہاجر مکی نوراللہ مرقدہ وبرداللہ مضجعہ کے یہ الفاظ جوانہوں نے اپنے مریدین ومتعلقین اور عقیدت مندوں کوبطور نصیحت ''ضیاء القلوب'' میں تحریر فرمائے ہیں ملاحظہ ہوں۔

ہر کس کہ ازیں فقیر محبت وعقیدت دارادت دار و مولوی رشید احمد صاحب سلمہٗ، مولوی محمد قاسم صاحب سلمہ راکہ جامع جمیع کمالات، علوم ظاہری وباطنی اند بجائے من فقیر راقم اوراق بلکہ بمدارج فوق ازمن شمارند اگر چہ بظاہر معاملہ برعکس شد کہ اوشاں بجائے من ومن بمقام ادشاں شدم وصحبت اوشاں راغنیمت دانند

[1] اے ہمارے رب ہم نے اپنا بڑا نقصان کیا اور اگر آپ ہماری مغفرت نہ کریں گے اور ہم پر رحم نہ کریں گے تو واقعی ہمارا بڑا نقصان ہو جاوے گا۔ بیان القرآن۔ [2] اے بادشاہ مجھ فقیر محتاج پر نظر کرم فرما مجھ خستہ وزخمی دل کی حالت زار پر نظر فرما، ہر چند کہ میں تیری بخشائش کے لائق نہیں ہوں۔ مگر مجھے مت دیکھ اپنے کرم پر نظر فرما۔



کہ ایں چنیں کسان دریں زمان نایاب اند واز خدمت بابرکت ایشاں فیضیاب بودہ باشند وطریق سلوک کہ دریں رسالہ نوشتہ شد در نظرشان تحصیل نمایند ان شاء اللہ بے بہرہ نخواہند ماند اللہ تعالیٰ در عمر ایشاں برکت دہاد واز تمامی نعماء عرفانی وکمالات قربت خود مشرف گرداناد و بمراتبات عالیات رساناد واز نور ہدایت شاں عالم رامنور گرداناد وتا قیامت فیض اوشاں جاری دارد بحرمۃ النبی وآلہ الامجاد۔ الخ (ضیاء القلوب ص ۶۰)

''جو شخص اس فقیر سے محبت وعقیدت وارادت رکھتا ہے۔ مولوی رشید احمد صاحب سلمہٗ، مولوی محمد قاسم صاحب سلمہ کو جو تمام علوم ظاہری وباطنی کمالات کے جامع ہیں۔ مجھ فقیر کے قائم مقام بلکہ مجھ سے بہت درجے اوپر سمجھیں اگر چہ بظاہر معاملہ برعکس ہو گیا کہ وہ میری جگہ اور میں ان کی جگہ ہوں (کہ وہ مجھ سے بیعت ہو گئے) اور ان کی صحبت کو غنیمت جانیں کہ ایسے حضرات اس زمانہ میں نایاب ہیں۔ اور ان کی بابرکت خدمت سے فیضیاب ہوتے رہیں۔ اور طریق سلوک جو اس رسالہ میں لکھا گیا ہے۔ ان کی زیر نگرانی حاصل کریں ان شاء اللہ بے بہرہ نہ رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کی عمر میں برکت دیوے۔ اور اپنی تمام عرفانی نعمتوں اور کمالات قربت سے مشرف فرماوے۔ اور مراتب عالیہ تک پہنچاوے اور ان کے نور ہدایت سے عالم کو منور بناوے اور قیامت تک ان کے فیض کو جاری فرماوے۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بزرگ آل کے صدقے میں۔ (آمین)''

اور فیصلہ ہفت مسئلہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

اور اہل اللہ کی صحبت وخدمت اختیار کریں خصوصاً عزیزی جناب

مولوی رشید احمد صاحب کے وجود بابرکت کو ہندوستان میں غنیمت کبریٰ اور نعمت عظمیٰ سمجھ کر ان سے فیوض وبرکات حاصل کریں۔

مولوی صاحب موصوف جامع کمالات ظاہری اور باطنی کے ہیں اور ان کی تحقیقات محض للّٰہیت کی راہ سے ہیں۔ ہرگز اس میں شائبہ نفسانیت نہیں۔ (فیصلہ ہفت مسئلہ ص/۱۲)

ایک اور مکتوب مبارک میں تحریر فرماتے ہیں۔

مگر تعلق قلبی وہمت باطنی ہروقت آپ کے ساتھ ہے۔ (حوالہ بالا ص/۱۰)

ایک مکتوب مبارک میں تحریر فرماتے ہیں۔

ایک ضروری اطلاع یہ ہے کہ فقیر آپ کی محبت کو اپنی نجات کا ذریعہ سمجھتا ہے۔ اور الحمد للہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی محبت کو میرے دل میں ایسا مستحکم کردیا ہے کہ کوئی شئی اس کو ہلا نہیں سکتی ہے۔ (مکاتیب رشیدیہ ص/۶)

اور مکاتیب مبارکہ کے شروع میں۔

منبع علوم وشریعت وطریقت محدث گنگوہی سلمہ اللہ تعالیٰ۔

جامع فضل وکمال، عارف باللہ، سراپا خیر وبرکت، جامع شریعت وطریقت، جیسے القاب وخطابات کثرت سے موجود ہیں۔ ملاحظہ ہو مکاتیب رشیدیہ۔

ایک مکتوب والا میں یہ شعر بھی موجود ہے۔

سلام[1] علیکم، چو در خاطری
گرز چشم دوری بدل حاضری

(مکاتیب رشیدیہ ص/۱۴)

[1] آپ پر سلامتی ہو جب کہ آپ میرے دل میں ہیں، اگرچہ آپ میری آنکھ سے دور ہیں مگر دل میں حاضر ہیں۔



ایک مکتوب مبارک میں تحریر فرمایا۔

مولانا ضیاء القلوب میں جو کچھ آپ کی نسبت تحریر ہے وہ آپ سے نہیں لکھا گیا جیسا القاء ہوا ہے ویسا ہی ظاہر کردیا گیا ہے پس بدیہیات کو نہ ماننا اور اپنے ذریعہ نجات ووسیلہ فلاح دارین سے علیحدگی کرنا سخت جہالت ومحرومی وادبار ہے۔ خارج کرنا چہ معنی، فقیر تو تم علماء صلحاء کی جماعت میں اپنا داخل ہو جانا موجب فخر دارین وذریعہ نجات ووسیلہ فلاح کونین یقین کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے بھی یہی دعا ہے کہ تم صالحین کی محبت میں جلاوے ومارے، وہ شخص مدبر ہے جو تم مقدس ومقتدائے زمان سے کچھ دل میں کینہ یا سوءظن یا بدعقیدگی یا عداوت ورنج رکھے۔

فقیر تو آپ کی سب حرکات وسکنات وافعال واقوال کو منتج حسنات وبرکات وموافق شریعت وطریقت سمجھتا ہے۔ اور کل امور میں مخلص وصادق یقین کرتا ہے۔ الخ۔

(تذکرۃ الرشید دوسرا حصہ ص/۱۸۲، ص/۱۸۷)

ایک مرتبہ کسی شخص نے اعلیٰ حضرت کی خدمت میں شکایت کی تھی کہ حضرت مولانا رشید احمد صاحب میں باوجود عالم ہونے کے خلق نہیں پایا جاتا۔ اعلیٰ حضرت نے یوں جواب دیا تھا کہ۔

میاں غنیمت سمجھو کہ مولانا آبادی میں ہیں۔ میرا رشید تو درجہ ملکوتیت پر پہنچ لیا تھا۔ اگر حق تعالیٰ کو اصلاح خلق کا کام لینا نہ ہوتا تو آج خدا جانے کس پہاڑ کی کھو میں بیٹھا ہوتا۔ علمی خدمت اور خدا تعالیٰ کو

ایک بڑا کام لینا منظور تھا اس لئے کمر پکڑ کر نیچے اتارا گیا اور بستی میں رکھا گیا ہے۔ (تذکرۃ الرشید ص ر ۵۷)

غرض کہ بے شمار خلق خدا کو صحیح انسانیت کا سبق پڑھا کر اور لاکھوں مسلمانوں کے قلوب کو زندہ، دماغوں کو صیقل اور اخلاق کو آراستہ کر کے، لاکھوں بندگان خدا کو خدا کا راستہ دکھا کر ہزاروں سالکان طریق کو محبوب حقیقی تعالیٰ شانہ سے ملا کر اور سیکڑوں نجوم ہدایت کو روشن ومنور بنا کر اور بہت سوں کے سینوں کو اسرار ومعارف سے بھر کر اور کسی کو علم وعرفاں کے دریا کے دریا پلا کر رشد وہدایت کا آفتاب ومہتاب بنا کر ۱۳۲۳ھ میں وہ قطب الاقطاب اپنی عمر کے اٹھتر سال سات ماہ تین یوم پورے کر کے ۸ یا ۹ جمادی الثانیہ بروز جمعہ بعد اذان جمعہ رفیق اعلیٰ سے جاملا۔

انا للہ وانا الیہ راجعون



## حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ

**شہ خلیل**: اس سے اشارہ جامع کمالات علوم ظاہری وباطنی حضرت اقدس الحاج مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری نور اللہ مرقدہ وبرد اللہ مضجعہ کی ذات بابرکت کی طرف ہے۔

## ایوبی خاندان

علامہ موصوف والد ماجد کی طرف سے انصاری ایوبی اور والدہ ماجدہ کی طرف سے صدیقی تھے آپ کا پدری سلسلہ نسب حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر منتہی ہوتا ہے۔ جن کا نسبی تعلق قبیلہ خزرج کی شاخ بنی النجار سے تھا۔ جس کو یہ شرف حاصل ہے کہ جد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عبد المطلب ابن ہاشم کی والدہ اسی شاخ سے تعلق رکھتی تھیں اور جن کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین میں رحمت دو عالم محبوب کبریا حضرت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی میزبانی کا شرف حاصل ہوا۔ اور سات مہینے تک ان کا گھر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مبارک قیام گاہ بنا رہا۔

مبارک منزلے کاں خانہ راما ہے چنیں باشد
ہمایوں کشورے کاں عرصہ را شاہے چنیں باشد

کیا مبارک منزل ہے جس گھر کے لئے ایسا چاند ہو، کیا مبارک ملک ہے جس کے لئے ایسا بادشاہ ہو۔

میزبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی اولاد میں اللہ تعالیٰ نے ایسی خیر وبرکت عطا فرمائی کہ مسلسل اولیاء اللہ اور اہل فضل وکمال پیدا ہوتے رہے ہیں۔

# خاندان کی بعض مشہور شخصیتیں

غازی ابومنصور بن ابی ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی چھٹی پشت میں شیخ الاسلام ابو اسماعیل عبداللہ انصاری ایک عظیم علمی اور روحانی شخصیت کے مالک گذرے ہیں جنہوں نے علم وعمل، معرفت وسلوک، زہد وتقوی اور توحید وسنت کی مشعلیں روشن کیں اور ہزاروں بندگان خدا کی ہدایت کا ذریعہ بنے، وہ مدتوں شیخ الاسلام کے منصب پر فائز رہے ہم عصر علماء اور مشائخ ان کے علم وفضل، زہد وتقوی جرأت وبیباکی، اظہارحق، استغناء وقناعت پر متفق تھے۔

شیخ الاسلام ابو اسماعیل عبداللہ انصاری کے اخلاف میں سے مختلف زمانوں میں مختلف لوگوں نے عرب وعجم کے ممالک میں سکونت اختیار کی اور سیف وقلم، تلقین وارشاد سے خلق خدا کی خدمت کی

خواجہ جمال الدین جو شیخ الاسلام کے پر پوتے تھے۔ ہندوستان تشریف لائے ان کی اولاد میں مخدوم بدرالدین نے دہلی کو اپنا وطن بنایا اور قطب مینار کے قریب مدرسہ قائم کر کے درس وتدریس کا مشغلہ جاری کیا۔

علماء فرنگی محل (لکھنؤ) بھی اسی خانوادۂ ایوبی سے تعلق رکھتے ہیں اور شیخ الاسلام ابواسماعیل عبداللہ ہروی کے اخلاف میں ہیں ان کے مورث اعلی جو سب سے پہلے سیہالی ضلع بارہ بنکی (یو،پی) میں منتقل ہوئے وہ ملا نظام الدین بن علاء الدین ہیں انہیں کی اولاد میں ملا قطب الدین شہید سیہالوی گذرے ہیں۔ ملا قطب الدین سیہالی میں پیدا ہوئے اور زندگی بھر درس وتدریس کا مشغلہ جاری رکھا یہ ۱۱۰۵ھ میں شہید ہوئے، ان کی شہادت کے بعد ان کے فرزند رشید ملا نظام الدین چودہ پندرہ برس



کی عمر میں اپنے گھر کے لٹے پٹے قافلے کو لے کر لکھنو پہنچے اور فرنگی محل میں قیام کیا۔ یہ ملا نظام الدین وہ ہیں جن کو علمی دنیا بانی درس نظامی استاد الہند ملا نظام الدین محمد محل فرنگی کے نام کے ساتھ عقیدت واحترام سے یاد کرتی ہے، اور انہیں کا درس نظامی ہمارے اطراف کے مدارس میں پڑھایا جاتا ہے۔

ملا نظام الدین کے اخلاف میں مسلسل ایسے اہل علم اور اصحاب قلم حضرات گذرے ہیں جن سے ہندوستان کیا عرب ممالک کے اصحاب فضل وکمال نے بھی استفادہ کیا اور آج بھی ان حضرات کی تصانیف سے اہل علم مستغنی نہیں ہیں۔

ملا نظام الدین کے بلند پایہ صاحبزادے اور خلف الرشید ملک العلماء مولانا عبد العلی بحر العلوم کا نام لینا ہی کافی ہے آخر میں اس خاندان کے چشم وچراغ، فخر المتأخرین عبدالحی فرنگی محلی ۱۳۰۴ھ تھے جن کی تصانیف کی تعداد ایک سو دس ہے جن میں سے چھیاسی کتابیں عربی میں ہیں۔

مولانا عبدالحی فرنگی کے علاوہ مولانا عبدالحق، مولانا انوار الحق مولانا عبد الوالی، مولانا عبدالرزاق، مولانا اظہار الحق، ملا حسن، ملا مبین، مفتی ظہور اللہ، مفتی محمد یوسف، مولانا ولی اللہ مولانا جمال الدین مولانا محمد نعیم، مولانا عبدالباری، مولانا عبد الوہاب ابن مولانا عبدالرزاق کے صاحبزادہ تھے (جو مدرسہ نظامیہ فرنگی محل کے بانی ہیں) انجمن خدام الکعبہ اور جمعۃ علماء ہند کی بنیاد رکھی غرض کہ اس مبارک خاندان میں برابر علماء اہل فتاوی اصحاب درس اور اہل قلم پیدا ہوتے رہے ہیں، اسی خان وادے کے چشم وچراغ شیخ المشائخ قطب الاقطاب حضرت مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی نور اللہ مرقدہ برد اللہ مضجعہ تھے۔ جیسا کہ اوپر گذرا اور مولانا انصار علی جنہوں نے پورے خاندان میں علم وفضل میں امتیاز حاصل کیا اسی خاندان سے تھے۔

شاہ ابوالمعالی (جونسلاً حسنی سید تھے خاندان چشتیہ کے ایک نامور شیخ تھے) کے پوتے شاہ نظام الدین کی صاحبزادی سے شیخ غلام محمد ایوبی کی شادی ہوکر اس ایوبی خانوادے کو خاندانِ سیادت سے تعلق کا شرف حاصل ہوا جو کوئی معمولی شرف نہیں۔

## نانیہالی سلسلہ اور اس کی مشہور وممتاز شخصیتیں

عمدۃ المحققین فخر المحدثین علامہ مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری نور اللہ مرقدہ کا نانیہالی خاندان قصبہ نانوتہ ضلع سہارنپور کا مشہور ممتاز صدیقی خاندان تھا۔ جس کا سلسلہ نسب حضرت قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر منتہی ہوتا ہے۔ اس خاندان کے مورث اعلیٰ شیخ محمد ہاشم صدیقی نے قصبہ نانوتہ ضلع سہارپور کو اپنا وطن بنایا۔ صدیقیوں کا یہ خانوادہ جو نانوتہ میں قیام پذیر ہوا در حقیقت علمی اور دینی شخصیتوں کا خانوادہ تھا، آخر دور میں استاذ العلماء مولانا مملوک العلی صاحب جو حضرت مولانا خلیل احمد صاحب کے حقیقی نانا تھے اور مولانا محمد یعقوب صاحب جو آپ کے حقیقی ماموں تھے، نیز مولانا محمد مظہر صاحب نانوتوی مولانا محمد منیر صاحب نانوتوی مولانا محمد احسن صاحب نانوتوی مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی (بانی دار العلوم دیوبند) اسی خانوادہ صدیقی کے چشم وچراغ تھے ان میں کا ہر ایک میدان علم وعمل کا شہسوار اور کاروان فضل وکمال کا امیر تھا۔ گویا حضرت مولانا خلیل احمد صاحب کا پورا نانیہالی علم وعمل کا کہکشاں اور سلوک ومعرفت کا بحر رواں تھا۔ ان میں سے کوئی مدرسہ دار العلوم کا بانی بنا اور کوئی مدرسہ مظاہر العلوم کا۔ ہر ایک نے مسند علم دار شاہ بچھائی اور بزم معرفت وسلوک سجائی، اس خاندان کے بزرگوں نے علمی ودینی خدمات کے ساتھ ساتھ ہندوستان کی آزادی اور راہ حق میں ایثار وقربانی کی ایسی مثالیں قائم کیں جو آنے والی نسلوں کے لئے مشعل راہ کا کام دیتی ہیں۔ ان دونوں خاندان کی تفصیل کے لئے تو



بڑی تصنیف کی ضرورت ہے۔

ایں سلسلہ طلائے ناب است
ایں خانہ ہمہ آفتاب است

## حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ

اس ایوبی وصدیقی دونوں خاندان کے چشم وچراغ بقیۃ السلف حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نور اللہ مرقدہ تھے۔

## ولادت اور بسم اللہ

اواخر صفر ۱۲۶۹ھ مطابق اوائل دسمبر ۱۸۵۲ء میں اپنی نانیہال قصبہ نانوتہ ہی میں پیدا ہوئے۔ آپ کے نانا حضرت مولانا مملوک العلی صاحب (جو فلک علم نیرین امام ربانی حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی اور قاسم الخیرات حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی اور مولانا محمد مظہر صاحب صدر المدرسین مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور جیسی مقدس ومشہور ہستیوں کے استاذ تھے) نے پانچ سال کی عمر میں بسم اللہ پڑھائی۔

## تکمیل علوم اور اساتذہ کرام

اس کے بعد اپنے زمانہ کے ارباب فضل وکمال مولانا انصار علی صاحب مولانا محمد یعقوب صاحب صدر المدرسین دار العلوم دیوبند، مولانا سعادت علی صاحب فقیہ سہارنپوری۔ مولانا سخاوت علی صاحب مولانا محمد مظہر صاحب نانوتوی مولانا سعادت حسین بہاری، مولانا فیض الحسن صاحب سے علم حاصل کیا اور ان کے علاوہ حضرت مولانا عبدالقیوم صاحب بڑھانوی (جو حضرت شاہ محمد اسحاق صاحب کے ارشد تلامذہ

ہونے کے علاوہ داماد بھی تھے) اور شیخ المشائخ مولانا الشیخ احمد وحلان مفتی شافعیہ اور محدث دار الہجرت استاد الکل الشیخ اسماعیل الرومیؒ اور حضرت مولانا سید احمد البرزنجی مفتی الشافعیہ بلدۃ الرسول اور شیخ بدر الدین محدث دمشق سے سند حدیث حاصل کی۔

## بیعت وسلوک

اور قطب علام قطب الاقطاب حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ سے بیعت ہوئے درخواست بیعت پر حضرت محدث گنگوہی نور اللہ مرقدہ نے بغرض امتحان طلب صادق فرمایا۔

کہ میاں تم پیرزادہ ہو خود پیر ہو تمہیں کسی سے مرید ہونے کی کیا ضرورت، مگر اللہ کے خلیل کی قابلیت کہ یہ سن کر آنکھوں میں آنسو بھر لائے اور عرض کیا۔

"کہ حضرت کیسی پیرزادگی میں تو اس دربار کے کتوں کے برابر بھی نہیں، بیعت کا حاجت مند ہی نہیں بلکہ سرتاپا احتیاج ہوں، چھاتی سے لگائیے یا دھکے دیجئے۔ میں تو حضرت کا غلام بن چکا"

یہ الفاظ آپ کی زبان سے نکلتے تھے اور حضرت قدس سرہ کے چہرے پر انبساط کی لہر دوڑتی تھی کہ حضرت نے فرمایا بس، بس بہت اچھا اور اس کے بعد فوراً بیعت کرلیا۔

طلب گار باید صبور وحمول
کہ نشنیدہ ام کیمیا گر ملول

طلب گار کو بہت صبر وتحمل والا ہونا چاہئے اس لئے کہ میں نے کسی کیمیا گر کو اکتا جانے والا نہیں سنا۔



غلام نواز آقا کی محبانہ کشش نے ہاتھ میں ہاتھ ڈالتے ہی آپ کو محبوب بنالیا اور آپ یہ عہد کئے ہوئے گنگوہ سے رخصت ہوئے کہ حضرت نے جو کچھ ارشاد فرمایا یا آئندہ فرمائیں گے اس پر مرمٹوں گا اور جان کھپادوں گا کہ طلب کا منتہیٰ یہی ہے۔

بحرے است بحر عشق کہ ہیچش کنارہ نیست
آنجا جز ایں کہ جان بسپارند چارہ نیست

دریائے عشق ایسا دریا ہے کہ اس کا کوئی کنارہ نہیں اس جگہ جان سپرد کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔

اور اس کو حقیقت بنا کر دکھادیا اور بالکل اس شعر کا مصداق ہوگئے۔

سپردم بتو مایۂ خویش را
تو دانی حساب کم وبیش را

میں نے اپنی پونجی تیرے سپرد کردی کم زیادہ کا حساب تو جان۔

اور اپنے شیخ مرشد سے نسبت خاصہ تامہ حاصل ہوئی۔ جس کو فنائیت تامہ، اعتماد کامل اور آخری درجہ میں فنافی الشیخ اور نسبت اتحادی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

## حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ حضرت گنگوہیؒ کی نظر میں

اسی کا نتیجہ تھا کہ آپ کو اپنے شیخ کی جامعیت وہمرنگی کا، بلکہ ایک درجہ میں محبوبیت کا شرف ملا جس کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ حضرت محدث گنگوہی قدس سرہ فرمایا کرتے تھے۔

"میاں جو میں وہی خلیل احمد"

اور یہ شروع میں بھی گذر چکا کہ ایک مکتوب میں تحریر فرمایا۔

اب التفات بندہ کا آپ کی طرف سائلانہ ہے، نہ معطیانہ۔

من دق باب الکریم الفتح (مکاتیب رشدیہ)

ایک دوسرے مکتوب میں تحریر فرمایا۔

تم کو اپنا فخر و باعث نجات جانتا ہوں۔ کچھ نہیں ہوں مگر اچھوں سے مربوط ہوں۔ (ایضاً)

ایک مکتوب میں اس طرح تحریر فرمایا۔

پس نسبت (یادداشت واحسان) کہ شمہ اس کا میرے سعید ازلی قرۃ العینین خلیل احمد کو نصیب ہوئی جس پر ہزار فخر وناز یہ بندہ ناساز کر کے اپنا وسیلہ قرار دئے مطمئن بیٹھا ہے۔ (ایضاً)

## حضرت حاجی امداداصاحب مہاجر مکیؒ کی جانب سے اجازت وخلافت

حتی کہ ۱۲۹۷ھ میں جب آپ دوسرے حج کے لئے مکہ مکرمہ روانہ ہوئے تو حضرت امام ربانی مرشد العرب والعجم اعلیٰ حضرت حاجی امداداللہ شاہ صاحبؒ قدس سرہ کی خدمت میں لکھا کہ۔

مولوی خلیل احمد حاضر خدمت ہوتے ہیں حضرت ان کی حالت پر مطلع ہو کر مسرور ہوں گے۔

چنانچہ جب آپ حاضر ہوئے تو اعلیٰ حضرت آپ کی باطنی کیفیت کا مشاہدہ فرما کر نہایت خوش ہوئے اور جب آپ رخصت ہونے لگے تو چھاتی سے لگایا اور اپنی دستار مبارک سر سے اتار کر آپ کے سر پر رکھ دی۔ امام ربانی کے نام مبارک باد کا خط اور حضرت کے نام خلافت نامہ مزین بمہر آپ کے حوالہ فرما کر رخصت کیا۔



## حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ کا کمال ادب

حضرت نے اس شاہی عطیہ کو ایک خاص احترام کے ساتھ قبول کیا اور وہ دستار مبارک اسی بندش پر جو اعلیٰ حضرت کی باندھی ہوئی تھی جگہ جگہ سوئی سے سی لیا کہ اس سے بل جدا نہ ہونے پائیں۔

جب گنگوہ حاضر ہوئے تو دونوں عطیئے امام ربانی کے سامنے رکھ دیئے حضرت نے فرمایا ''مبارک ہو'' یہ تو اعلیٰ حضرت کا عطیہ ہے۔ آپ نے عرض کیا کہ بندہ تو اس لائق نہیں، یہ حضور کی بندہ نوازی ہے اور میرے لئے تو وہی مبارک ہے جو حضرت کی طرف سے عطا ہو، حضرت امام ربانی آپ کے اس حسن ادب سے بہت خوش ہوئے اور خلافت نامہ پر دستخط فرما کر مع دستار آپ کے حوالہ کیا۔

## مولانا خلیل احمد صاحبؒ حضرت حاجی امداداللہ صاحبؒ کی نظر میں

سید الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی قدس سرہ نے ایک مکتوب میں تحریر فرمایا۔

''تم میرے سلسلہ کے فخر ہو مجھے تم سے بہت خوشی اور مسرت ہے''

## مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوریؒ کی نظر میں

شیخ المشائخ حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحبؒ رائے پوری جیسے مبصر اور شیخ کامل نے اپنے جانشیں حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ رائے پوری قدس سرہ کو وفات کے وقت یہ فرمایا تھا کہ۔

سیاسیات میں جو کچھ مراجعت کرنی ہو حضرت شیخ الہند کی طرف کی جائے مگر سلوک میں حضرت سہارنپوری کی طرف میں نے حضرت

کو اس لائن میں بہت اونچا پایا۔

(سوانح حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ)

ان شہادتوں سے ناظرین کسی قدر اندازہ لگا سکتے ہیں کہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہ کیا تھے اور آج تو جو سلسلہ چشتیہ صابریہ کا چراغ روشن ہے اور سلوک وتصوف کی جو کچھ رونق اور گرم بازاری نظر آتی ہے وہ دراصل آپ ہی کا فیض ہے۔ آپ کے دو چیدہ اور برگزیدہ خلفاء کی مختلف الجہت کوششوں اور مقبولیت کا نتیجہ ہے۔

میری مراد حضرت مولانا محمد الیاس کاندھلوی قدس سرہ اور حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب نوراللہ مرقدہ سے ہے۔ اول الذکر نے اپنی عہد آفریں اور عالم گیر دعوتی اور تبلیغی تحریک وجدوجہد سے جو مراکش سے لے کر انڈونیشیا تک اور ایشیا وافریقہ سے لے کر یورپ وامریکہ تک پہنچ چکی ہے، اور آخر الذکر نے اپنی تصنیفات، درس حدیث اور بیعت وارشاد کے ذریعہ اس طریق اور سلسلہ کے فیوض اس طرح عام کئے ہیں کہ اس سے پہلے اس کی نظیر آسانی سے تلاش نہیں کی جاسکتی۔ (مقدمہ حیات خلیل)

## مولانا خلیل احمد صاحبؒ تو ’’نور ہی نور ہیں‘‘

اعلی حضرت حاجی امداداللہ مہاجر مکی ۱۳۱۷ھ کے ایک خلیفہ ومجاز جو صاحب جذب اور صاحب کشف وکرامت بزرگ تھے ان کا واقعہ حضرت مولانا ظفر احمد صاحب تھانوی قدس سرہ کے واسطے سے پہلے گذر چکا کہ۔

جس وقت (حضرت مولانا خلیل احمد صاحب) مسجد الحرام میں طواف قدوم کے لئے تشریف لائے تو احقر مولانا محبّ الدینؒ کے پاس بیٹھا تھا۔ مولانا اس وقت درود شریف کی کتاب کھولے ہوئے



اپنا درود پڑھ رہے تھے کہ دفعۃً میری طرف مخاطب ہوکر فرمانے لگے کہ اس وقت حرم میں کون آ گیا کہ دفعۃً سارا حرم انوار سے بھر گیا۔ میں خاموش رہا کہ اتنے میں حضرت طواف سے فارغ ہوکر باب الصفا کی طرف سعی کے لئے چلے تو مولانا محبّ الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس کو آئے کہ وہی جگہ مولانا کے نشست کی تھی مولانا کھڑے ہو گئے اور ہنس کر فرمایا کہ میں بھی تو کہوں کہ آج حرم میں کون آ گیا یہ کہہ کر مصافحہ ومعانقہ ہوا اور حضرت سعی کے لئے آگے بڑھ گئے۔ مولانا محبّ الدین صاحب اپنی جگہ بیٹھ گئے اور مجھ سے فرمایا میاں ظفر مولانا خلیل احمد صاحب تو ’’نور ہی نور ہیں‘‘ ان میں نور کے سوا کچھ نہیں پھر فرمایا کہ میں نے مولانا رشید احمد صاحب کو نہیں دیکھا اور مجھ سے کہا گیا ہے کہ قطب الارشاد تھے، مگر میں نے مولانا کے خلفاء کو دیکھ کر سمجھ لیا کہ وہ واقعی قطب الارشاد تھے جو ایسے ایسے کامل بنا گئے۔

(حیات خلیل ص/۳۳۷)

## مراقبہ کے وقت انوار کی بارش کی کثرت حضرت مولانا محبّ الدین صاحبؒ کی شہادت

حضرت اقدس سیدی ومولائی حضرت الحاج مولانا مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی نوراللہ مرقدہ نے یہ بھی سنایا۔

کہ حضرت مولانا محبّ الدین صاحب قدس سرہ نے یہ بھی فرمایا کہ جب مولانا خلیل احمد صاحب کعبہ کی طرف متوجہ ہوکر مراقب ہوکر

بیٹھتے ہیں تو انوار کی اس قدر بارش ہوتی ہے کہ میں دوپہر کے وقت سورج کی طرف تو دیکھ سکتا ہوں مگر اس وقت مولانا کے چہرہ کی طرف نظر نہیں کر سکتا۔

## وفات وتدفین

غرض کہ اپنی عمر کے ستتر سال ڈیڑھ ماہ پورے کر کے سراپا تسلیم ورضا، نور مجسم، آفتاب علم وعمل ۱۶ ربیع الثانی ۱۳۴۶ھ یوم چہارشنبہ کو اپنے محبوب حقیقی تعالیٰ شانہ سے جاملا اور دیرینہ تمنا وآرزو پوری ہوئی جو صدہا مرتبہ آپ کی زبان اور قلم سے نکلی تھی کہ کاش میری مٹی بقیع کی خاک پاک میں مل جائے الحمدللہ پوری ہوگئی اور قبۂ اہل بیت کے متصل، عشاء سے قبل تدفین عمل میں آئی تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تذکرۃ الخلیل ''حیات خلیل''۔

ان دونوں حضرات کی حضرت شیخ قدس سرہ سے شفقت ومحبت کا ذکر قدرے شروع کتاب میں ہو چکا ہے اور تفصیل کے لئے آپ بیتی نمبر۴ ملاحظہ ہو۔

شہ حسین احمد، شہ الیاس، شہ عبد الرحیم
جامہائے عشق دادندش بجوش ساقیاں

ترجمہ: شہ حسین احمد، شہ الیاس، شہ عبد الرحیم نے حضرت قدس سرہ کو جامہائے عشق ساقیوں کے جوش کے ساتھ دیئے ہیں۔



## حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی رحمۃ اللہ علیہ

شہ حسین احمد: اس سے مراد علم وعمل شریعت وطریقت کے مجمع البحرین شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی نور اللہ مرقدہ وبرد اللہ مضجعہ کی ذات گرامی ہے۔

## ولادت

۱۲۹۶ھ ماہ شوال کی انیسویں تاریخ کی شب میں گیارہ بجے دوشنبہ کے دن گذر جانے کے بعد یعنی شب سہ شنبہ میں مقام بانگر مؤ ضلع اناؤ (جہاں حضرت کے والد صاحب بسلسلۂ ملازمت مقیم تھے) میں پیدائش ہوئی آبائی وطن قصبہ ٹانڈہ ضلع فیض آباد ہے۔

## خاندان

اس خاندان سادات حسینی قصبہ ٹانڈہ کے مورث اعلیٰ شاہ نور الحق رحمۃ اللہ علیہ (جو حضرت شاہ داؤد چشتی قلندر چشتی قدس سرہ کے مرید وخلیفہ تھے) ہیں جو الہداد پور قصبہ ٹانڈہ میں پہلے اقامت گزیں ہوئے، اس زمانہ میں قوم جھر کا ٹانڈہ کے گردونواح میں تمام دیہات وغیرہ پر قبضہ اور تصرف تھا۔ اور وہ مسلمانوں کو ستاتے رہتے تھے۔ حضرت شاہ نور الحق صاحب مرحوم نے پہنچ کر ان کو دعوت اسلام دی۔ مگر وہ لوگ اور راجہ مقابلہ پر آئے۔ آپ نے بزور کرامت ان کو زک دی۔ ان کا راجہ قلعہ چھوڑ کر بھاگ گیا آپ نے وہیں اقامت فرمائی اور اس موضع کا نام الہداد پور رکھا، جس کی وجہ تسمیہ ظاہر ہے، قلعہ کے آثار اب تک موجود ہیں۔ شمالی دیوار اور مشرقی برجوں کے باقی ماندہ پتھر وغیرہ باقی ہیں اسی قلعہ میں آپ کے اور تمام اولاد کے مزار اب تک بنتے

چلے آئے ہیں۔

حضرت مخدوم سید نور الحق ٹانڈوی قدس سرہ العزیز حضرت سید احمد توختہ تمثال رسول صلی اللہ علیہ وسلم (قدس سرہ) کی اولاد سے تھے اور وہ حضرت سید حسین اصغر بن حضرت امام علی زین العابدین ابن شہید کربلا حضرت امام حسین علی جدہ وعلیہم السلام کی اولاد سے تھے، یہ متفق علیہ نسابین ہے۔ (عمدۃ الطالب، منبع الانساب، کنزالانساب)

حضرت سید احمد توختہ (تمثال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کے کوئی اوپر کے اجداد سے حضرت سلطان الطائفہ جنید بغدادی قدس سرہ کے خلیفہ تھے ان کو حضرت نے دعا دی تھی کہ تمہاری نسل میں بکثرت اولیاء اللہ ہوں گے اور ہمیشہ ایک قطب ہوا کرے گا۔ (چنانچہ ان کی نسل میں بکثرت اولیاء کرام گذرے ہیں)

## شیخ الاسلام کے والد سید حبیب اللہ صاحبؒ

ولادت: حضرت شیخ الاسلام زید مجدہ کے والد بزرگوار حضرت سید حبیب اللہ ہیں جو "الہداد پور" ہی میں ۷۵ھ سے چار پانچ سال قبل پیدا ہوئے۔

## حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مرادآبادی سے تعلق

حالات کی ناسازگاری کی وجہ سے علوم عربیہ کی تکمیل نہ کرسکے۔ حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب قدس اللہ سرہ سے بیعت ہوئے اور ان کی بارگاہ میں حاضر ہوکر ذکر وفکر ومراقبہ میں جدوجہد کی اور بڑے درجہ تک اس میں کامیاب ہوئے کشف ان کا بہت قوی اور زیادہ تھا۔ متعدد مکاشفت ان کے صحیح ثابت ہوئے۔

حضرت مولانا فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی قدس سرہ سے کمال عشق تھا اور گویا



فنافی الشیخ کا درجہ حاصل تھا۔ خود حضرت مولانا فضل الرحمٰن قدس سرہ کو ان سے بڑا تعلق خاطر تھا۔ ایک روز بھرے مجمع میں فرمایا۔

مدرس (حضرت مولانا سید حبیب اللہ صاحب) تو سید اور پیر زادے ہیں ان کے مورِ اعلیٰ شاہ نور الحق رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے اولیاء اللہ میں سے ہیں۔ رات میرے پاس وہ آئے تھے اور مجھے کہتے تھے کہ میرے بیٹے حبیب اللہ کا خیال رکھو۔ بھئی یہ تو بڑے پیر زادے ہیں۔

اس کے بعد سے مولانا فضل الرحمٰن صاحب قدس سرہ کی نظر التفات ان پر اور زیادہ ہوگئی اور حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب قدس سرہ نے زندگی میں ظاہراً تو خلافت واجازت نہیں دی۔ مگر بعد از وفات خواب میں اجازت مرحمت فرمائی جس کی وجہ سے ٹانڈہ میں انہوں نے دو شخصوں کو بیعت بھی کیا تھا۔

حضرت مولانا گنج مرادآبادی قدس سرہ کی وفات کے بعد فراق مرشد میں بڑے مغموم و بے چین رہتے تھے، اور ایسے دل برداشتہ ہوئے کہ عزم مصمم کرلیا کہ اب ہندوستان نہیں رہنا۔ اور عشق محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی آگ بھڑک اٹھی ہردم یہی پیچ وتاب رہنے لگا اور یہ دھن پیدا ہوگئی کہ تمام گھرانہ کو لے کر مدینہ منورہ (زادہا اللہ شرفا وکرامۃ) ہی چلنا چاہئے دوستوں رشتہ داروں نے سمجھایا مگر۔

مریض عشق پر رحمت خدا کی
مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

یہاں تک ان کا جوش اور عشق بڑھا کہ زمانہ سفر حجاز میں جب کہ گورنمنٹ کی طرف سے سختیاں بہت ہو رہی تھیں۔ الہٰ آباد کے قرنطینہ کی سختیاں دکھلا کر ایک

صاحب نے کہا کہ اس سال ارادہ نہ کیجئے۔ تو فرمانے لگے کہ اگر مجھ کو یہ کہا جائے کہ تم کوتوپ کے منہ پر باندھ کر گولا چلائیں گے۔ اور تو مدینہ منورہ پہنچ جائے گا تو میں اس کے لئے بھی تیار ہوں۔ غرض کہ جائداد وغیرہ فروخت کر کے مدینہ منورہ کا سفر کیا اور وہیں مستقل بودوباش اختیار کی بڑی بڑی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا مگر سب کو برداشت کیا۔

## فراق مرشد میں اشعار کا نمونہ

فراق مرشد میں متعدد قصائد لکھے جن سے ان کے کمال عشق وفنائیت کا پتہ چلتا ہے جن میں سے چند یہ ہیں۔

ایں جمال وحسن عالم سوز تو
ایں رخ پر نور دل افروز تو
کرد بسمل صد ہزاراں جبرئیل
ناوک مژگاں سینہ دوز تو

دیگر

جان ودل را می برد یک آن تو
ایں چہ حسن است عجائب شان تو
سوخت از دردت حبیب ارچہ عجب
اے بسا جبرئیل شد قربان تو

دیگر

اے بہار باغ رضواں کوئے تو
بلبل سدرہ اسیر سوئے تو



سجدہ ریزاں آمدہ سویت حبیب
اے ہزاراں کعبہ درا بروئے تو

دیگر

چار ونا چار جو محفل سے تیری جاتے ہیں
حسرت ورنج وقلق ساتھ وہ لے جاتے ہیں
جان سے جانا ہے تیرے پاس سے جاناں جانا
جیئے جاتے ہیں مگر مردہ بنے جاتے ہیں

ایک ہم ہی رہے اس بزم میں باقی ساقی
لوگ میخانے سے پی پی کے چلے جاتے ہیں

اے رسول عربی آپ کی فرقت کے قتیل
پل محشر سے سبک پار اتر جاتے ہیں

سر رہے یا نہ رہے پر رہے سودا سر میں
عشق احمد کا خدایا یہی ہم چاہتے ہیں

اس حبیب دل خستہ پہ نظر ہو جائے
درد مندوں کی دوا آپ کئے جاتے ہیں

## جذبۂ جہاد

کمال تدین کی وجہ سے اپنے بیٹوں کو دینی تعلیم ہی میں لگایا۔ ایک دفعہ اپنی

سب اولاد کو جمع کر کے فرمایا میں نے تم سبھوں کو اس لئے پرورش کیا ہے کہ تم اللہ کے راستہ میں جہاد کرو اور کچھ کر کے شہادت حاصل کرو۔

## علم دین کی قدر و عظمت

بعض احباب نے حضرت شیخ الاسلام کے متعلق طب پڑھانے کا مشورہ دیا تو فرمایا۔

کہ کیا حسین احمد کو گھوڑے پر سوار کرانے کے بعد میں گدھے پر سوار کروں گا، اس کو علوم دینیہ کی تعلیم دلائی گئی ہے، اس سے بڑھ کر کون سی تعلیم ہے۔

حالات کی ناسازگاری اور پھر سفر ہجرت کی وجہ سے بڑی بڑی پریشانیاں جھیلیں مگر اپنے تینوں بیٹوں (مولانا محمد صدیق صاحب مولانا سید احمد صاحب، شیخ الاسلام مولانا مدنی صاحب) کی علوم دینیہ سے تکمیل کرائی۔

## حضرت گنگوہیؒ کے دربار سے وابستگی

اور اس کے بعد قطب الاقطاب حضرت گنگوہی نور اللہ مرقدہ کے دربار سے وابستگی کرائی اور نہ صرف ہندوستان میں رہتے ہوئے بلکہ مدینہ منورہ سے مستقل اسی مقصد کے لئے سفر مصارف برداشت کر کے ہندوستان حضرت قطب عالم کے دربار دُربار کی خاک روبی کے لئے بھیجا اور جب کہ اخیر میں مولانا سید احمد صاحب کو کئی برس گنگوہ شریف کے قیام میں لگ گئے تو حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو لکھا کہ سید احمد اگر کسی قابل ہو گیا ہو تو اس کو اجازت دے کر یہاں بھیج دیجئے مجھ کو اس کی ضرورت ہے اور اگر کسی قابل نہیں ہوا تو بہتر ہے کہ آپ کی چوکھٹ پر سر مار مار کر وہیں مرجائے۔ اس



کلام پر حضرت گنگوہی قدس اللہ سرہ العزیز بہت خوش ہوئے اور فرمایا مولوی سید احمد صاحب کے والد چونکہ سلوک اور طریقت سے واقف ہیں اس لئے اس کی قدر و منزلت جانتے ہیں۔

## اجازت وخلافت

آخر حضرت مولانا سید محمد صدیق صاحب، اور حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب نور اللہ مراقدہما۔ ہر دو بھائی کو بارگاہ رشیدی سے خلافت واجازت کی نعمت عظمی میسر آئی اور حضرت مولانا سید احمد صاحب نور اللہ مرقدہ کو گو حضرت قطب عالم حضرت گنگوہی کے دربار سے شرف اجازت حاصل نہ ہوا مگر بعد میں حضرت شیخ الہند اور حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہما نے اجازت عطا فرمائی۔

## مدرسہ شرعیہ کی بنیاد

حضرت مولانا سید احمد صاحب مرحوم نے مدرسہ شرعیہ کی بنیاد ڈالی جس کا نام مدرسۃ العلوم الشرعیہ لیتامی المدینۃ النبویہ رکھا جس سے بڑا فیض پہنچا اور خدائے پاک تا قیامت اس کے فیض کو جاری رکھے۔ (آمین)

## شیخ الاسلام صاحبؒ کا دارالعلوم دیوبند میں تحصیل علوم اور اساتذہ کا تذکرہ

حضرت اقدس شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی قدس اللہ سرہ نے دار العلوم دیوبند میں صفر ۱۳۰۹ھ سے شعبان ۱۳۱۶ھ تقریبا ساڑھے چھ برس کی مدت میں مختلف علوم وفنون سے متعلق سڑسٹھ کتابیں جو سترہ فنون سے متعلق تھیں پڑھیں زیادہ تر حضرت شیخ الہند قدس اللہ سرہ العزیز سے استفادہ کیا اور ان کے علاوہ مولانا ذوالفقار علی صاحب والدہ ماجدہ حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہما مولانا عبدالعلی

صاحب مولانا خلیل احمد صاحب مولانا الحکیم محمد حسن صاحب مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب مولانا غلام رسول صاحب، مولانا منفعت علی صاحب، مولانا حافظ احمد صاحب مولانا حبیب الرحمٰن صاحب (نور اللہ مراقدہم) سے بھی اور اپنے بڑے بھائی مولانا محمد صدیق صاحب وغیرہم سے بھی علم حاصل کیا۔

## محنت وجفاکشی

اور زمانہ طالب علمی میں بڑی محنت وجفاکشی کے ساتھ کمال حاصل کیا۔ خود تحریر فرماتے ہیں۔

میں نے ایام امتحان میں یہ طریقہ اختیار کیا کہ رات کو کتاب ابتداء سے اخیر تک مطالعہ کرتا تھا۔ اور تمام رات میں صرف ایک گھنٹہ یا اس سے بھی کم سوتا تھا۔ نیند کے دور کرنے کے لئے نمکین چائے کا انتظام کرتا تھا۔ جب بھی نیند غالب آتی تھی اس چائے کو پیتا تھا جس سے گھنٹہ دو گھنٹہ کو نیند جاتی رہتی ہے۔

(نقش حیات ج ۱ ص ۴۶/۴۷)

اس محنت وجفاکشی اور علمی انہماک کو دیکھ کر تمام اساتذہ شفقت فرماتے اور حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ تو اولاد کی طرح شفقت فرماتے تھے۔

## مدینہ منورہ کے لئے واپسی

آخر ۱۳۱۶ھ میں فراغت کے بعد مدینہ منورہ کے لئے واپسی ہوئی۔ واپسی سے قبل حضرت قطب الاقطاب محدث گنگوہی قدس اللہ سرہ العزیز سے بیعت ہو چکے تھے۔ مگر محدث گنگوہی قدس سرہ نے ذکر وغیرہ تلقین نہ فرمایا تھا۔ بلکہ فرمایا تھا کہ ذکر



سید الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی قدس سرہ سے حاصل کر لینا۔

## حضرت شیخ الہندؒ کی ہدایت

جب ہندوستان سے واپسی ہوئی تو حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ نے پرزور طریقہ پر ہدایت فرمائی کہ پڑھانا ہرگز نہ چھوڑنا چاہے ایک دو طالب علم ہی ہوں۔

## سلسلۂ تدریس اور حضرت حاجی صاحبؒ سے اکتساب فیض

چنانچہ مدینہ منورہ (زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً) پہنچ کر گمنامی کے ساتھ تدریس کا سلسلہ بھی رہا اور سید الطائفہ قطب عالم حضرت حاجی امداد اللہ صاحب نور اللہ مرقدہ سے حضرت محدث گنگوہی قدس سرہ کا سلام وپیام پہنچایا اور عرض کیا کہ حضرت نے ہم کو بیعت تو کر لیا تھا مگر تلقین ذکر آپ سے حاصل کرنے کو فرمایا تھا۔ حضرت حاجی صاحب قدس سرہ نے پاس انفاس کی تلقین فرمائی۔

## گنگوہ کا سفر اور اجازت وخلافت

۱۳۱۸ھ میں حضرت قطب عالم حضرت محدث گنگوہی قدس سرہ کا والا نامہ پہنچا کہ اگرچہ وہاں سب کچھ ہے مگر بہتر ہوتا کہ تو ایک مہینہ کے لئے گنگوہ آجاتا۔ چنانچہ پھر گنگوہ کا سفر فرمایا۔ پہلے دیوبند حاضری دی پھر پیدل چل کر گنگوہ آستانہ رشیدی پر حاضری دی اور اشغال طریقت میں ہمہ تن مشغول ہو کر کمال حاصل کیا اور حضرت قطب عالم نے اجازت وخلافت سے مشرف فرمایا۔

## مدینہ منورہ کا قیام اور حلقۂ درس کی وسعت ومقبولیت

اس کے بعد ۱۳۲۰ھ میں پھر مکہ مکرمہ (زادہا اللہ شرفاً وکرامۃ) حج سے فراغت

کرتے ہوئے مدینہ منورہ (زادہا اللہ شرفا وکرامۃ) پہنچے اور ۱۳۲۶ھ تک برابر درس وتدریس میں مشغول رہے حتی کہ روز آنہ چودہ چودہ اسباق مختلف فنون کی کتابوں کے پڑھاتے اور رات دن میں تین گھنٹہ تقریبا سوتے اور بقیہ وقت علمی مشغولی ہی میں گذرتا۔ اور خدائے پاک نے وہ قبولیت عام نصیب فرمائی کہ روز بروز حلقہ درس وسیع ہوتا چلا گیا۔ حتی کہ دوسرے حلقہائے درس میں اس کی مثال نہ تھی جس کی وجہ سے لوگوں کو حسد بھی ہوا اور لوگوں نے مختلف تدبیریں بھی کیں۔ ناکام کرنے کی اور مختلف افواہیں بھی پھیلائیں۔ حکام کو بدظن کرنے کی کوشش بھی کی گئی کہ کسی طرح ان کو نکلوادیا جائے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے حفاظت فرمائی اور حضرت کے حلقہ درس پر اس کا کوئی اثر نہ ہوا۔

## شیخ الہندؒ سے بخاری شریف ترمذی شریف پڑھنے کے لئے حاضری اور دار العلوم دیوبند کی مدرسی

۱۳۲۶ھ میں پھر ہندوستان واپسی ہوئی دار العلوم دیوبند حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ سے ترمذی وبخاری شریف دوبارہ پڑھی اور ایک مدت تک مختلف فنون کو پڑھانے کی وجہ سے مختلف علوم وفنون متحضر ہونے کی وجہ سے جو شبہات واشکالات ہوئے ان کو حل کیا۔ اس کے بعد ۱۳۲۷ھ شوال میں دار العلوم دیوبند میں تدریسی خدمت سپرد کی گئی اور سفر حضر میں حضرت شیخ الہند قدس سرہ کی خدمت گزاری کا موقع نصیب ہوا۔

## حجاز وہند کا سفر

۱۳۲۹ھ میں بارادہ حج پھر حجاز مقدس کا سفر ہوا اور ۱۳۳۱ھ میں اواخر محرم میں پھر دیوبند واپسی ہوئی اور ۳۱ھ میں پھر مدینہ منورہ (زادہا اللہ شرفا وکرامۃ) کا ارادہ



ہوا اور مکہ مکرمہ (زادہا اللہ شرفا وکرامۃ) میں حج سے فارغ ہو کر ۱۳۳۲ھ ۲ محرم میں مدینہ منورہ (زادہا اللہ شرفا وکرامۃ) پہونچے۔

## شیخ الہندؒ کی گرفتاری اور شیخ الاسلام کا حق خدمت

۱۳۳۳ھ میں مولانا محمود الحسن صاحب شیخ الہند قدس اللہ سرہ العزیز سفر حجاز مقدس فرمایا اور حج سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ (زادہا اللہ شرفا وکرامۃ) پہنچے۔ حضرت شیخ الاسلام نور اللہ مرقدہ کے مکان پر ہی قیام ہوا۔

۱۳۳۴ھ جمادی الثانیہ کو حضرت شیخ الہند قدس سرہ اپنے رفقاء کے ساتھ واپسی کے ارادہ سے جدہ پہنچے مگر اس وقت وہاں بدامنی پھیلی ہوئی تھی جس کی وجہ سے کوئی سواری کا انتظام نہ ہوسکا۔ آخر مکہ مکرمہ واپسی ہوئی اور رمضان المبارک طائف میں گذرا بعدہ حج سے فارغ ہونے کے بعد واپسی تھی مگر شیخ الہند قدس اللہ سرہ کے متعلق افواہیں پھیلی ہوئی تھیں اس لئے حضرت کو گرفتار کرلیا گیا۔ ۳۵ھ سے لے کر ۳۸ھ تک بند رکھا گیا۔ ۳۸ھ میں رہائی ہوئی پوری مدت میں حضرت شیخ الاسلام استاد محترم حضرت شیخ الہند قدس سرہ کے ساتھ رہے اور وہ حق خدمت ادا فرمایا جس کی نظیر ملنی مشکل ہے۔ جس طرح حضرت شیخ الاسلام کی علمی زندگی کا منبع فیض حضرت شیخ الہند قدس اللہ سرہ العزیز تھے اسی طرح سیاست سے تعلق اور برطانوی سامراج کے مقابلہ میں عزم انقلاب کا سرچشمہ بھی۔

## خلق خدا کے ساتھ ہمدردی وغم خواری

حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کے افکار وخیالات اور جذبات ہی تھے کہ شیخ الاسلام قدس سرہ کی پوری زندگی تدریسی خدمات کے ساتھ ساتھ جذبات حریت، ترقی

ملت حب وطن، ہمدردی خلق خدا، غم خواری نوع انسانیت اور ان کے لئے بے پناہ ایثار وقربانی جیسے اوصاف سے معمور رہی اور دینی ملی جذبات نے جس طرح خوف وخشیت الٰہی کی کھٹک اس مقدس، ہستی کے دل میں پیدا کی اسی طرح خدمت خلق کے پاک احساسات اس کے قلب حق آگاہ پر کچھ کم اثر انداز نہیں ہوئے اور درد وکرب کی یہی ملی جلی کیفیت پیہم کی صورت میں نمودار ہوئی جس نے اس کو چین وآرام، راحت وسکون سے قطعاناآشنا بنادیا تھا۔

## ہمدردی خلق کا عجیب واقعہ

گو شیخ الاسلام قدس سرہ کی پوری زندگی اسی درد وکرب میں گذری مگر ۱۹۴۷ھ میں جب کہ لوگ ہندوستان چھوڑ کر پاکستان جارہے تھے اس وقت کا ایک واقعہ حضرت اقدس الحاج مولانا زکریا صاحب شیخ الحدیث سہارنپور نوراللہ مرقدہ نے بیان فرمایا ہے جس سے حضرت شیخ الاسلام کی بے پناہ ہمدردی خلق کا پتہ چلتا ہے۔

حضرت تحریر فرماتے ہیں۔

اس لئے یہ دونوں حضرات (یعنی شیخ الاسلام حضرت مدنی اور حضرت رائے پوری قدس اللہ سرہما) مشترک طور پر واپس تشریف لائے اور بعد مغرب کچے گھر میں یہ سیہ کار اور دونوں اکابر مشورہ کے لئے جمع ہوئے اور اس کی ابتدا حضرت رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ نے اس عنوان سے کی کہ حضرت (خطاب حضرت مدنی کو تھا) آپنے سے تعلق رکھنے والے تو سارے مشرقی اور مغربی پنجاب کے تھے اور حضرت قدس سرہ اعلیٰ حضرت رائے پوری کے متعلقین بھی زیادہ تر ان ہی دو جگہ کے تھے۔ مشرقی تو سارا مغربی



کے طرف منتقل ہوگیا۔ ان سب حضرات کا بہت اصرار ہورہا ہے کہ میں بھی پاکستان چلا جاؤں۔ رئیس الاحرار مولانا حبیب الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ بھی حضرت اقدس رائے پوری کو پاکی مسلمانوں کی ضرورتوں کا بار بار احساس دلاتے تھے اور خود اپنا جانا بھی حضرت رائے پوری کے تشریف بری پر محمول کئے ہوئے تھے اور یہ بھی حضرت نے فرمایا کہ میرا تو مکان بھی مغربی میں ہے اور ان سب مظلوموں کی دلداری بھی اسی میں ہے۔ شروع رمضان ہی سے ان کا اصرار ہورہا ہے مگر آپ دونوں حضرات کے مشورہ پر میں نے معلق کرر کھا ہے۔ یہاں تو پھر بھی اللہ کے فضل سے اہل اللہ ہیں۔ مگر وہاں اللہ اللہ کرنے والوں کا سلسلہ تقریبا ختم ہوگیا کچھ شہید ہوگئے کچھ اجڑ گئے اور تقریبا حضرت کی گفتگو کا رخ یہ تھا کہ وہاں قیام ضروری ہے۔ اس سب کو سن کر حضرت مدنی قدس سرہ نے ایک ٹھنڈا سانس بھرا اور آبدیدہ ہوکر فرمایا کہ ہماری اسکیم تو فیل ہوگئی ورنہ نہ تو یہ قتل وغارت ہوتا اور نہ یہ تبادلہ آبادی ہوتا۔ حضرت مدنی کا فارمولہ یہ تھا کہ صوبے سب آزاد ہوں۔ داخلی امور میں سب خود مختار خارجی امور، فوج ڈاک خانہ وغیرہ سب مرکز کے تحت، مرکز میں ہندو مسلم کی تعداد سب برابر ہوں گے، ۴۵، ۴۵ اور دس جملہ اقلیتیں گاندھی جی نے تو اس کو منظور کرلیا تھا مگر مسٹر جناح نے اس کا انکار کردیا حضرت قدس سرہ نے فرمایا کہ اگر ہماری تجویز مان لیتے تو نہ کشت وخون کی نوبت آتی اور نہ تبادلہ آبادی کی۔ اب میں تو کسی کو جانے سے نہیں روکتا اگر چہ میرا وطن مدینہ اور محمود

(چھوٹے بھائی) وہاں بلانے پر اصرار بھی کر رہا ہے مگر ہندوستانی مسلمانوں کو اس بے سروسامانی اور دہشت اور قتل وغارت گری میں چھوڑ کر میں نہیں جاسکتا اور جسے اپنی جان ومال عزت وآبرو ودین اور دنیا یہاں کے مسلمانوں پر نثار کرنی ہو وہ یہاں ٹھہرے اور جس کو تحمل نہ ہو وہ ضرور چلا جاوے۔ حضرت قدس سرہ کے اس ارشاد پر میں جلدی سے بول پڑا کہ میں تو حضرت ہی کے ساتھ ہوں۔

حضرت اقدس رائے پوری نے فرمایا کہ تم دونوں کو چھوڑ کر میرا جانا بھی مشکل ہے۔ (آپ بیتی نمبر:۸ص/۲۹)

## شیخ الاسلامؒ کے شیخ الحدیثؒ کے ساتھ بے پناہ تعلق کے چند واقعات

حضرت شیخ الاسلام الحاج مولانا سید حسین صاحب مدنی قدس اللہ سرہ العزیز کو حضرت اقدس شیخ الحدیث شیخ زکریا صاحب نور اللہ مرقدہ سے جو بے پناہ تعلق تھا اس کی نظیر ملنی مشکل ہے۔

## تعلق کی ابتداء

جس کی ابتداء اس وقت سے ہوئی جب کہ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی عمر بارہ برس سے بھی کم تھی، اور گنگوہ اپنے والد محترم قدس سرہ کے پاس قیام تھا۔ ۲۷ھ میں حضرت مدنی قدس سرہ نے تقریباً دو ماہ قیام گنگوہ شریف میں کیا مسلسل روزے رکھا کرتے تھے۔ معمول یہ تھا کہ حضرت عصر کی نماز خانقاہ کی مسجد میں پڑھا کر سیدھے حضرت قطب عالم کے مزار پر تشریف لے جاتے۔ مغرب تک وہاں مراقب رہتے اور غروب آفتاب سے سات منٹ پہلے اٹھتے۔ حضرت مولانا یحییٰ صاحب قدس اللہ



سرہ العزیز کا مکان خانقاہ کے راستہ میں تھا حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی والدہ نور اللہ مرقدہا کئی نوع کی افطاری پھلکیاں وغیرہ تیار کر کے رکھتیں اور دسترخوان بچھا کر اس پر آٹھ دس طرح کی افطاریاں رکھ دیتیں اور حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ دروازہ کے باہر کھڑے ہوجاتے اور جب دور سے حضرت مدنی رحمۃ اللہ علیہ کو آتا دیکھتے تو والدہ سے کہتے کہ آگئے آگئے والدہ محترمہ جلدی سے پردہ میں ہوجاتیں اتنے میں حضرت مدنی قدس سرہ دروازہ تک پہنچ جاتے اور حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ دروازہ سے آجاؤ، تشریف لے آؤ کا شور مچاتے حضرت مدنی قدس سرہ اندر تشریف لاتے اور بہت اطمینان سے افطار فرما کر مسجد تشریف لے جاتے۔

اس کے بعد سے تعلق ومحبت میں برابر اضافہ ہوتا گیا۔

## حضرت مدنیؒ کا ایک معمول

حضرت مدنی قدس سرہ کا دیوبند سے رڑکی یا پنجاب یا چھوٹی لائن پر جانے آنے میں اگر ایک گھنٹہ کا بھی وقفہ ملتا تو واپسی کا تانگہ لے کر حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ سے ملاقات کے لئے مکان پر ضرور تشریف لاتے۔

## حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا ملفوظ

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے آپ بیتی میں تحریر کرایا ہے۔

اور انہیں شفقتوں نے مجھے اپنے دو اکابر حضرت مدنی اور حضرت رائے پوری قدس سرہما کی شان میں بہت گستاخ بنا دیا تھا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں معاف فرمائے۔ ان دونوں اکابر کا اس سیہ کار کے ساتھ تعلق اور اس ناکارہ کا ان دونوں بزرگوں کے ساتھ

گستاخانہ برتاؤ دیکھنے والے ابھی تک ہزاروں موجود ہیں۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے آپ بیتی میں حضرت مدنی قدس سرہ کی شفقت و محبت سے متعلق متعدد واقعات لکھوائے ہیں مختصراً چند عرض کرتا ہوں۔

## رات بارہ بجے تشریف آوری

تقسیم سے پہلے جو آخری حج حضرت مدنی قدس سرہ کا ہوا تو بندہ کے نام تار آیا کہ میں فلاں تاریخ کو فرنٹیر سے پہنچوں گا۔ اور وہ صبح کے چار بجے اسٹیشن پر آتا تھا۔ میں بہت اطمینان سے اوپر بیٹھا لکھ رہا تھا کہ بارہ بجے کے قریب میرے زینے پر نہایت شدت سے زور زور پاؤں مار کر کسی کے چڑھنے کی آواز آئی میں نے دیکھا تو حضرت شیخ الاسلام صاحب میرے کمرے پر پہنچ گئے ہیں۔ ایک دم اٹھا اور اپنی حماقت سے گستاخانہ لفظ کہا کہ مشائخ حدیث، مشائخ سلوک حج سے آتے ہوئے بھی تو جھوٹ اور دھوکہ دہی سے احتراز نہیں فرماتے۔ یہ فرنٹیر کا وقت ہے اور یہ کہہ کر کھڑا ہی ہوا تھا کہ حضرت ایک دم چمٹ گئے اور خوب معانقہ فرمایا جس کی لذت اب تک یاد ہے حضرت قدس سرہ نے (اللہ تعالیٰ بہت بلند درجات عطا فرمائے اور حضرتین مولانا مدنی ورائے پوری کی شفقتوں کا بہتر سے بہتر بدلہ عطا فرمائے) یہ ارشاد فرمایا کہ جب کراچی میل میں لاہور پہنچا تو کسی نے کہا کہ کلکتہ میل سامنے چھوٹ رہا ہے۔ وہ دو گھنٹہ لیٹ تھا میں چھڑی اور مشلح ہاتھ میں لے کر چلتی



گاڑی میں کلکتہ میل میں سوار ہو گیا ساتھیوں کو بھی ایک دو کے سوا جنکو میں لاہور کے اسٹیشن پر ریل سے اترتے ہوئے کہہ کے آیا کہ میں سہارنپور اسٹیشن پر ملوں گا کسی کو خبر نہیں ہے مستورات اور سامان فرنٹیر سے آ رہا ہے۔ میں نے سوچا کہ دو گھنٹہ تم سے مل لوں گا۔

(آپ بیتی نمبر:۴ص/۸۵،۸۶۔)

## حضرت مدنیؒ اور اساتذۂ دار العلوم کی آمد

ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں۔

ایک مرتبہ دوپہر کا وقت گرمیوں کا زمانہ ایک بجے دوپہر کو میں اپنے گھر کے دروازہ میں سویا کرتا تھا کیوں کہ بجلی کے پنکھے کا دور نہیں شروع ہوا تھا میں سونے کے لئے لیٹا سرہانے کی طرف سر اٹھا کر دیکھا تو حضرت مدنی قدس سرہ کھڑے ہیں میں نے جلدی سے اٹھ کر مصافحہ کیا اور پہلا سوال یہ کیا کہ حضرت کھانا۔ تو ارشاد فرمایا کہ اگر کھانا کھا لیتے تو تمہارے یہاں کیوں آتے حضرت کے پیچھے پیچھے علامہ ابراہیم مرحوم اور ان کے پیچھے نائب مہتمم دار العلوم دیوبند مولانا مبارک علی صاحب مرحوم اور یکے بعد دیگرے ایک لائن لمبی تھی میں نے اس وقت شمار بھی نہ کیا بعد میں معلوم ہوا کہ بارہ تھے۔ حضرت قدس سرہ تو کچے گھر میں آ گئے اور پیچھے پیچھے جملہ رفقاء اور میں ننگے پاؤں اندر گیا اور اپنی بچیوں سے پوچھا کہ حضرت کئی آدمیوں کے ساتھ ہیں کچھ کھانے کو ہے انہوں نے کہا

کہ نہ روٹی کا کوئی ٹکڑا اور نہ کچھ سالن جس کی وجہ یہ تھی کہ کھانے کے وقت بے اطلاع آٹھ دس مہمان عین وقت پر پہونچے تھے اس لئے کچھ نہیں رہا تھا۔ بلکہ بچیوں نے بھی آدھی بھوک کھائی تھی۔ اللہ جل شانہ ہر دو میری بیویوں اور سب بچیوں کو بہت ہی جزائے خیر دے مہمانوں کے سلسلے میں ان سے بہت ہی راحت پہنچی ہے۔

تیس چالیس مہمانوں کا کھانا آدھ پون گھنٹے میں تیار کر دینا ان کے یہاں بہت ہی معمولی بات رہی بشرطیکہ گھر پر کئی ہوں میں نے ان سے کہا کہ جلدی سے ایک آٹا گوندھے اور ایک جلدی سے دیگچی میں مصالحہ بھونے اور میں باہر ننگے پاؤں گیا۔ حضرت قدس سرہ کی کرامت کہ سڑک پر پہنچتے ہی میں نے دیکھا کہ میرا قدیمی قصاب صوفی کرم الٰہی جو ہمیشہ سے میرے یہاں گوشت لاتا ہے اور مجھے بھی اس سے محبت و تعلق ہے اس کے سوا کسی کا گوشت پسند نہیں آتا بہت آہستہ آہستہ بہت دور سے آرہا ہے میں ننگے پاؤں اس کی طرف بھاگا اور اس کو آواز دی کہ جلدی آ وہ جلدی سے آیا۔ میرے سوال پر اس نے کہا کہ گوشت بھی ہے اور قیمہ بھی ہے۔ میں نے کہا کہ قیمہ مجھے دے اور جلدی سے دونوں ہاتھوں میں سارا قیمہ جو تین سیر کے قریب ہوگا لے کر گھر پہنچا تو دونوں چولہوں میں آگ جل چکی تھی ایک پر توا رکھا تھا اور ایک پر مصالحہ بھن رہا تھا۔ میں نے جلدی سے وہ گوشت مصالحہ میں ڈال کر کہا کہ جلدی سے پکاؤ اور دو بچیوں سے کہا کہ توے پر بیٹھو ایک پیڑے بنا کر روٹی



بنائے اور دوسری توے پر سینکے وہ بجائے دو کے تین بیٹھ گئیں ایک گوشت بھون رہی تھی اور اس وقت چار ہی گھر پر تھیں اور میں نے باہر آکر شور مچایا کہ بھائی کسی نے دستر خوان نہیں بچھایا ارے بھائی دستر خوان بچھاؤ اور ہاتھ دھلاؤ۔ حضرت قدس سرہ سمجھے کہ کھانا تیار رکھا ہوگا۔ سب کے ہاتھ دھلائے اور ترتیب سے بیٹھنے اور دستر خوان بچھانے میں دو تین منٹ لگ گئے میں اندر گیا تو دس بارہ روٹی تیار ہو چکی تھیں اور قیمہ بھی نیم برشت ہو چکا تھا۔ میں اطمینان سے تین رکابی میں قیمہ لایا اور تین جگہ روٹیاں رکھیں ایک دم حضرت قدس سرہ کو خیال ہوا کہ پہلے کا کچھ نہیں حال ہی کا پکا ہوا ہے۔ حضرت کو تعجب نہیں ہوا کہ بارہا حضرت کو سابقہ پڑ چکا تھا۔ لیکن علامہ ابراہیم مرحوم جو فن معقول کے مشہور امام تھے فرمانے لگے کہ کیا آپ کو ہمارے آنے کا پہلے سے علم تھا یا آپ کو کشف ہو گیا تھا۔ میں نے کہا کہ جناب کے یہاں بیٹھنے کے بعد یہ گوشت قصاب کے یہاں سے خریدا گیا ہے فرمانے لگے کہ یہ بات عقل میں نہیں آتی۔ میں نے کہا کہ ہر بات معقول نہیں ہوتی کچھ معقول سے بالاتر بھی ہوتی ہیں حضرت مدنی نے علامہ سے فرمایا کہ مناظرہ نہ کرو جلدی سے کھالو دیر ہو رہی ہے۔ ان کے یہاں تو یہ قصے چلتے ہی رہتے ہیں اور پھر مجھ سے فرمایا کہ ان میں سے میرے ساتھ کوئی نہیں مولانا محمد اشفاق صاحب (اعلی حضرت رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ کے بھانجے دار العلوم کے ممبر شوری) کا جب سے

انتقال ہوا جس کو کئی روز گذر گئے روز رائے پور جانے کا ارادہ کرتا رہا لیکن جب سبق کے بعد گھر جاتا تو کوئی نہ کوئی اہم مہمان یا کوئی مانع پیش آجاتا تھا۔ اسی لئے آج میں نے ارادہ کیا کہ سبق پڑھا کر درسگاہ سے سیدھا ریل پر چلا جاؤں میں رائے پور کا ارادہ کئی دن سے کر ہی رہا تھا۔ ان لوگوں میں سے جس جس نے سنا پیچھے ہوگئے۔ ان میں سے بعض سے ملاقات دیوبند کے اسٹیشن پر ہوئی۔ اور بعض سے سہارنپور کے اسٹیشن پر میرے ساتھ ان میں سے کوئی نہیں، کھانا کھا کر جب ہی رائے پور چلے گئے۔ اتنا مجھے خوب یاد ہے اور اس میں کوئی مبالغہ نہیں کہ حضرت مدنی قدس سرہ کے دروازے میں مصافحہ کے وقت سے گیارہویں منٹ پر دسترخوان بچھ گیا تھا۔

## حضرت مدنیؒ کی بے تکلفی کا عجیب واقعہ

میرے حضرت مدنی قدس سرہ نور اللہ مرقدہ کے صرف کھانے ہی کے مد میں اگر شفقتیں اور واقعات گنواؤں تو ان کا احاطہ بھی بہت دشوار ہے۔

بارہا اس کی نوبت آئی کہ حضرت تشریف لائے اور میں دار الطلبہ میں سبق میں تھا حضرت نے دروازہ پر کسی بچہ کو آواز دے کر ارشاد فرمایا کہ حسین احمد کا سلام کہہ دو اور کہہ دو کہ جو کھانے کو رکھا ہے جلدی بھیج دو گاڑی کا وقت قریب ہے اور جب اندر سے بچیوں کی یہ آواز سنتے کہ ابا جی کو جلدی سے مدرسہ سے بلا لاؤ تو حضرت للکار کر فرماتے کہ مجھے ابا جی کی ضرورت نہیں ہے کھانے کی



ضرورت ہے۔ ہو تو بھجوا دو ورنہ میں جا رہا ہوں کئی دفعہ اس کی نوبت آئی کہ میرے دار الطلبہ سے آنے تک حضرت کھانا شروع فرما دیتے یا تناول فرما لیتے تھے اور ارشاد فرماتے کہ آپ کا آپ کے گھر والوں نے حرج کیا ہے میں نے نہیں بلوایا۔

## ایک دوسرے کی رعایت

حضرت قدس سرہ کا معمول جمعرات کے سفر کا ہمیشہ سے تھا اور کبھی جمعہ کو بھی آتے جاتے سہارنپور کا نمبر آجاتا میری عادت اپنے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہی کے زمانہ سے جمعہ کے دن جمعہ کے بعد کھانے کی ہمیشہ رہی۔ مجھے پہلے کھا کر جمعہ کی نماز میں لطف نہیں آتا اور حضرت قدس سرہ کا معمول ہمیشہ جمعہ سے پہلے کھانے کا تھا خواہ وقت قلیل ہی ہو۔ سفر میں تو ہمیشہ میزبان ان کی رعایت کرتے اور میں تابع ہوتا مگر سہارنپور میں خوب رسہ کشی ہوتی میری خاطر حضرت تو فرماتے کہ میں جمعہ کے بعد کھاؤں گا اور میں کہتا کہ نہیں حضرت میں جمعہ سے پہلے کھاؤں گا۔ مگر اس میں حضرت قبول نہ فرماتے اور غلبہ جمعہ کے بعد کو ہو جاتا اور میں بھی جھوٹا سچا اصرار کر کے خاموش ہو جاتا۔

## گھر سے کھانا منگوانا

ایک مرتبہ حضرت سفر سے تشریف لائے جمعہ کا دن گیارہ بجے کے قریب فیصلہ جمعہ کے بعد کھانے پر ہو گیا کھانے کے

دوران میں ایک صاحب شہر کے آگئے اور بہت اصرار سے اپنے ادارہ میں چند منٹ کے لئے تشریف لے جانے کا وعدہ لے گئے میں نے مخالفت بھی کی کہ حضرت وہاں جاکر دیر بہت ہو جائے گی یہ صاحب جلدی نہیں چھوڑیں گے۔ حضرت قدس سرہ کو ساڑھے چار بجے کے ایکس پریس سے سیدھے دہلی جانا تھا کہ وہاں کسی اجتماع میں عشاء کے بعد شرکت کا وعدہ تھا۔ مگر حضرت مدنیؒ اور حضرت رائے پوری نور اللہ مرقدہما تو دلداری ودل جوئی کے پتلے تھے قبول فرمالیا تین بجے کے قریب ان کی کار میں ان کے ادارے میں گئے۔ کار نے راستہ میں بہت پریشان کیا۔ اور ان صاحب نے حسب عادت بہت تاخیر کی اور جب اسٹیشن پہنچے تو گاڑی چھوٹ چکی تھی مگر چہرہ انور پر ذرا بھی ناگواری یا ملال کا اثر نہ تھا۔

دہلی تو حضرت نے تار دیا کہ دوسری گاڑی سے آؤں گا۔ اور خادم کو توشہ دان دے کر بھیجا کہ شیخ الحدیث صاحب سے کہو جو کچھ رکھا ہو دیدیں۔ معلوم ہوا کہ اسٹیشن پر بہت سے مخلصوں نے خوشامد اور منت سماجت کی کہ کھانا ہم لائیں۔ مگر حضرت نے فرمایا کہ کھانا وہیں سے آئے گا کس کس شفقت کو یاد کروں اور رؤوں اور رولاؤں۔

## بخیل کا مال ہے جتنا ہو وصول کرلو

ایک دفعہ حضرت تشریف لائے۔ گرمی کا موسم میں نے حضرت کے خادم سے پوچھا کہ تھرمس میں برف ہے وہ یہ سمجھے کہ



پینے کے واسطے پوچھا۔ وہ کہنے لگے کہ تھوڑا سا ہے لاؤں۔ میں نے کہا کہ پینے کو نہیں پوچھتا بلکہ میرے تھرمس میں سے اپنے تھرمس میں بھرلو وہ کوئی نئے خادم تھے کہنے لگے کہ نہیں حضرت اس میں ہے۔ حضرت نے فرمایا جتنی جگہ ہے اس میں بھرلو بخیل کا مال ہے جتنا ہو وصول کرلو۔

## گاجر کے حلوے کا واقعہ

ایک مرتبہ میرے پاس دہلی کے ایک صاحب نے گاجر کے حلوے کا ایک پیکٹ بذریعہ ڈاک بھیجا اور اسی دن معلوم ہوا کہ حضرت تشریف لا رہے ہیں میں نے احترام واشتیاق میں اس کو اپنے کمرہ کے سامنے چھینکے پر رکھوا دیا۔ اس زمانہ میں میرا قیام مستقل اوپر کے کمرہ میں شب وروز رہتا تھا حضرت کے تشریف لاتے ہی میں نے ایک مخلص سے کہا کہ بھائی چھینکے سے پیکٹ اٹھا کر کھول کر حضرت کی خدمت میں پیش کرو حضرت نے خود ہی پیش قدمی فرمائی اور چھینکے پر سے اس کو اتار لیا۔ اور اس کپڑے کو پھاڑ کر پھینک دیا۔ وہ تو بادشاہ تھے ان کی نگاہ میں ایسی معمولی چیزیں کیا تھیں۔ اور میں بقول ان کے بخیل اول تو مجھے اس کپڑے پر قلق ہوا کہ کیسا ضائع ہوا اور حضرت نے ایک دو انگلی تو اس میں سے خود نوش فرمائیں اور باقی سارا جس کی مقدار اندازاً دو سیر ہوگی ایک ایک لقمہ سارے مجمع کو جو حضرت قدس سرہ کے ساتھ ان کے آنے پر ہمیشہ ہو جاتے تھے تقسیم فرمادیا اور میری نہ تواضع فرمائی اور نہ

فرمائی اور نہ چکھایا۔ اور سارا ختم کر کے ارشاد فرمایا کہ یہ بخیل اس کو پھر چھینکے پر رکھ دیتا۔

## کھدر پہننے کی وجہ

حضرت نور اللہ مرقدہ کو کھدر سے تو عشق تھا اور ولایتی کپڑے سے نفرت تھی یہ تو ساری دنیا کو معلوم ہے لیکن اس سیاہ کار کے حال پر ایک مزید شفقت یہ تھی کہ میرے بدن پر جب بھی ودیسی کرتا دیکھتے گریبان میں ہاتھ ڈال کر ایسے زور سے چاک فرماتے کہ نیچے تک وہ پھٹ جاتا۔ حضرت قدس سرہ کی حیات تک ڈر کے مارے کھدر کا میرے یہاں بہت اہتمام رہا۔ چونکہ حضرت قدس سرہ کی آمد کا کوئی وقت مقرر نہ تھا نہ دن نہ رات اس لئے گرمی میں بھی کھدر کا کرتا جھک مار کر پہننا پڑتا۔

## میرا اسامان کچے گھر میں جائے گا

جب اعلیٰ حضرت حکیم الامت تھانوی قدس سرہ نے بعض اعذار کی وجہ سے مدرسہ کے جلسہ میں تشریف آوری سے عذر فرمادیا تو میرے حضرت قدس سرہ حضرت مدنی کو تار دیا جو اس وقت کلکتہ تشریف فرما تھے کہ جلسہ میں تمہاری شرکت ضروری ہے۔ حضرت مدنی کو اللہ تعالیٰ بہت ہی جزائے خیر عطا فرمائے کسی دوسری جگہ تشریف لے جانا تھا وہاں التواء کا تار دے کر فوراً سہارنپور تشریف لے آئے چونکہ خاص طور سے بلائے گئے تھے اس لئے مدرسہ کے



مہمان خانہ میں حضرت مدنی کے قیام کا اہتمام میرے حضرت قدس سرہ نے فرمایا تھا۔ تانگہ سے اتر کر حضرت مدنی مدرسہ میں تشریف لے گئے میرے حضرت سے مصافحہ اور دست بوسی فرمائی خدام سامان لے کر پیچھے پیچھے آرہے تھے میرے حضرت نے فرمایا سامان اوپر مہمان خانہ میں لے جاؤ، حضرت مدنی نے ارشاد فرمایا کہ میرا اسامان کچے گھر میں جائے گا۔

## مدرسہ کے سالانہ جلسہ میں شرکت نہ فرمانے کی وجہ

اس کے بعد سے جب تک مظاہر العلوم کا سالانہ جلسہ ہوتا رہا جو تقسیم ہند تک بڑے اہتمام سے ہوتا رہا اور اس کے بعد سے بعض مجبوریوں کی وجہ سے بند ہوگیا۔ حضرت ہمیشہ دو مرتبہ کے علاوہ سالانہ جلسہ میں تشریف لاتے رہے اور گویا حکیم الامت کے بعد مدرسہ کے سالانہ جلسہ کے واعظ حضرت شیخ الاسلام ہی بن گئے تھے دو مرتبہ تشریف نہ لاسکے ایک مرتبہ تو جلسہ کے موقعہ پر حضرت مدح صحابہ کے سلسلہ میں لکھنؤ جیل میں تھے اس سال جلسہ میں بعض مقررین نے کچھ خلفشار پھیلا کر جلسہ کو بند کرنے کی کوشش بھی کی اور ایک مرتبہ باوجود دیوبند تشریف فرما ہونے کے میری حماقت سے تشریف آوری نہ ہوئی۔ میں تو مطمئن رہا کہ حضرت کو جلسہ کی تاریخ معلوم ہے دفتر سے ضابطہ کا خط اور اشتہار جا چکا ہے اور خود حضرت کو بھی مدرسہ کے جلسہ کا اہتمام رہتا تھا مجھ سے اکثر ایک دو

ماہ قبل دریافت کرلیا کرتے تھے کہ اپنے جلسہ کی تاریخ نوٹ کرادو کبھی میری تاریخ کہیں دوسری جگہ کی ہوجائے اور تم خفا ہو اس لئے میں بالکل مطمئن تھا۔ حضرت تشریف نہ لائے اور دیوبند میں مقیم رہے۔ جلسہ کے دن شام کو تشریف لائے اس لئے کہ بعض خصوصی مہمانوں سے خود حضرت کو بھی ملنا تھا میں نے عرض کیا کہ حضرت آج تو بڑا انتظار کرایا خیر تو ہے۔ حضرت نے فرمایا تم نے بلایا ہی نہیں میں نے عرض کیا کہ حضرت مدرسے سے مطبوعہ اشتہار اور خط دونوں گئے۔ حضرت نے فرمایا وہ تو گئے تھے مگر اب تک کا معمول ہمیشہ یہ رہا کہ مدرسہ کے خط کے ساتھ یا علیحدہ مستقل حکم نامہ تمہارا بھی جاتا تھا اب کے نہیں گیا میں نے سمجھا کہ میری آمد تمہارے نزدیک مناسب نہیں ہے مجھے اس وقت اپنی حماقت پر بہت ہی قلق ہوا اس کے بعد سے کبھی مستقل عریضہ نہیں چھوڑا۔

اتنے واقعات اس وقت ذہن میں ہیں کہ اوجز کی چھ جلدیں حضرت مدنی ورائے پوری کے حالات میں آسکتی ہیں۔

## اوجز وکوکب دیکھنے کا اہتمام

حضرت مدنی قدس سرہٗ کو ترمذی کے سبق میں کوکب الدری دیکھنے کا بہت اہتمام تھا اور طلبہ کو ترغیب بھی فرمایا کرتے تھے اور کبھی کبھی مستقل سفر دیوبند سے سہارنپور کا اوجز وکوکب کے سلسلہ میں فرمایا کرتے تھے۔

ایک مرتبہ ارشاد فرمایا کہ آپ نے کوکب کا حاشیہ لکھا ہے یا



اوجز کا اشتہار دیا ہر جگہ دو تین لفظ لکھ کر لکھ دیتے ہیں کہ "والبسط فی الاوجز" ایک دفعہ کوکب دیکھو اور ایک دفعہ اوجز دیکھو۔ حضرت اکثر بہت ہی شفقت سے کوکب اور اوجز کے مضامین پر اصل مأخذ کا بھی مطالعہ فرمایا کرتے تھے۔ یہ آپ نے کہاں سے لکھ دیا اس کا مأخذ دکھلایئے اس کے متعلق بعض واقعات تالیفات میں گذر گئے، ایک اہم واقعہ تو جزء الاستحاضہ میں گذر گیا۔

## امام بخاریؒ کے جملہ اعتراضات اُٹھ گئے

ایک مرتبہ حضرت قدس سرہ نے میری دیوبند حاضری پر یہ ارشاد فرمایا کہ تم نے اوجز کی کتاب الحج میں ایک ایسی اچھی بات لکھی ہے جس سے بہت ہی دل خوش ہوا اور امام بخاری کے بہت سے اعتراضات تمہاری تقریر سے اٹھ گئے۔ حضرت سبق کو تشریف لے جارہے تھے۔ اور میرے حضرت کے ارشاد پر ندامت سے کچھ ایسا سر جھکا کہ تفصیل نہ پوچھ سکا کہ میری کون سی تحریر تھی جس سے امام بخاری کے جملہ اعتراضات ختم ہوگئے بعد میں بھی کئی مرتبہ خیال آیا مگر حیاء کی وجہ سے نہ پوچھ سکا۔

## لامع الدراری کی وجہ تالیف

لامع الدراری بھی دراصل حضرت کے شدید اصرار پر لکھی گئی۔ کوکب کے بعد سے حضرت اس کی طباعت کا بہت ہی اصرار فرمارہے تھے اور میں اوجز کی تکمیل کا عذر کردیتا۔ ایک مرتبہ بہت

یہی مصیبت ہے کہ جہاں عشاء کے بعد کتاب ہاتھ میں لی نیند کا اس قدر غلبہ ہوجاتا ہے کہ بیٹھنا مشکل ہوتا ہے۔ اخیر شب میں کتاب دیکھنے کی حضرت کو خصوصی عادت تھی۔ اور یہ ناکارہ اس سے عاجز تھا۔ تھوڑی دیر سو کر ایک دو بجے اٹھ کر صبح تک کتاب دیکھنا حضرت کے یہاں بہت معمولی چیز تھی۔ بسا اوقات اس کی نوبت آئی کہ حضرت تشریف لائے اور ارشاد فرمایا کہ ایک مضمون لکھنا ہے۔ اس کے مأخذ نشان رکھ کر میرے سرہانے رکھ دو۔ اس وقت شروع رات میں دیکھنا میرے بس کا نہیں اٹھ کر دیکھوں گا میں جن جن کتابوں میں فوراً ملتا وہ حضرت کے سرہانے رکھ دیتا۔ ایک دفعہ ارشاد فرمایا کہ معاہدات یہود کی ضرورت ہے اس کی روایات جہاں جہاں ہوں اور اس قسم کے جہاں مضامین ہوں نشانات لگا کر رکھ لینا کل رات کو یہاں سوؤں گا۔ حوالہ نقل کر کے لے جاؤں گا۔

## سونے کے لئے تشریف آوری

میرے حضرت مدنی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک بڑا عجیب دستور میرے ساتھ سالہا سال یہ رہا اکثر مہینے دو مہینے میں ایک پھیرا کبھی تو سونے کی مد میں ہوتا اور کبھی کوئی اہم مضمون لکھنے کے واسطے حضرت تشریف لاتے اور فرماتے تین راتیں ہوگئیں سوئے ہوئے نیند کا بڑا خمار ہے دیوبند میں سونے کی جگہ بالکل نہیں۔ میں نے



سوچا تیرے یہاں سوؤں گا۔ میں نے عرض کرتا ضرور میں کچے گھر میں گرمی میں باہر اور سردی میں اندر کمرے میں چارپائی بچھا کر حضرت کو لٹا کر کسی تیل ملنے والے کو سرہانے بیٹھا کر اور باہر کا قفل لگا کر تالی اپنے ساتھ لے کر اوپر چلا جاتا۔

حضرت قدس سرہ کا معمول گرمی ہو یا سردی اگر شب کو سونے کی نوبت آتی تو کچے گھر ہی میں آرام فرماتے تھے سردی میں تو کوئی دقت نہ تھی لیکن گرمی میں بہت ہی اصرار کرتا کہ مدرسہ کی چھت پر بہت ہی اچھی ہوا آئے گی منت خوشامد کرتا۔ حضرت فرماتے کہ مجھے جیل کی کوٹھریوں کی عادت ہے۔

ایک دفعہ حضرت قدس سرہ اور مولانا عزیز گل صاحب اور دو مہمان مغرب کے وقت تشریف لائے۔ علی الصباح گنگوہ جانا تھا۔ میں نے عرض کیا کہ گرمی بڑی شدید ہے۔ برسات کا زمانہ تھا۔ آج تو مدرسہ کی چھت پر بڑے کمرے میں چارپائی بچھوا دوں بڑی اچھی ہوا آئے گی۔ حضرت نے فرمایا کہ میں تو کچے گھر ہی میں سوؤں گا ان لوگوں کیلئے بچھوا دیجئے۔ میں نے مولانا عزیز گل صاحب سے اللہ ان کو بہت ہی خوش رکھے پوچھا کہ آپ کی وہاں چارپائیاں بچھوا دوں۔ جو مولانا عزیز گل سے کبھی مل چکا ہوگا وہ ان کے طرز گفتگو سے خوب واقف ہوگا کہنے لگے ہم بھی وہیں مریں گے جہاں یہ مرے گا۔

## آبھہ کے سفر کا واقعہ

حضرت مدنی رحمۃ اللہ علیہ وحضرت رائے پوری ثانی کا معمول یہ رہا کہ سفر ہو یا حضر ان دونوں حضرات کی چارپائی مجمع سے علیحدہ ہوتی تھی۔ اور یہ ناکارہ اس ضابطہ سے دونوں کے یہاں مستثنیٰ تھا۔

ایک مرتبہ آبھہ حضرت مدنی تشریف لے گئے یہ سیہ کار بھی ساتھ تھا۔ حسب معمول رفقاء کی چارپائیاں مختلف کمروں میں بچھیں۔ حضرت قدس سرہ نے فرمایا کہ ان کی چارپائی میرے ہی کمرہ میں ہوگی۔ آبھہ والے بھی حضرت قدس سرہ کے ساتھ بے تکلف تھے کہنے لگے کہ حضرت جی یہ کیا بات ہے کہ خادم لوگوں کی چارپائیاں تو دور ہوں۔ ان کی کیا خصوصیت ہے کہ حضرت ہی کے پاس ہوں قبل اس کے کہ حضرت قدس سرہ جواب مرحمت فرماویں میں بول پڑا کہ میں اسی کی وجہ بتلاؤں وہ یہ ہے یہ دونوں حضرات رات کو بہت مشغول رہتے ہیں۔ اور آدمیوں کے قرب سے ان کا حرج ہوتا ہے اور میں تو ایسا ہوں جیسے تمہاری یہ بکری یہاں بندھ رہی ہے۔ ایک چارپائی کے قریب وہ بھی بندھی ہوئی ہے۔ ایک میں بھی ہوں۔ جانوروں سے حرج نہیں ہوتا۔ آدمیوں سے ہوتا ہے۔

## حضرت مدنیؒ کا رات کو رونا

میں نے اپنے اکابر میں اپنے والد صاحب اور حضرت



مدنی قدس سرہ کو اخیر شب میں بہت ہی آواز سے روتے سنا۔ بسا اوقات ان اکابر کے رونے سے مجھ جیسے کی آنکھ بھی کھل جاتی تھی جس کی آنکھ سونے کے بعد بڑی مشکل سے کھلتی ہے۔ حضرت مدنی قدس سرہ ہندی کے دوہے بڑے درد سے پڑھا کرتے تھے میں ہندی سے واقف نہیں اس لئے مضامین کا تو پتہ نہیں چلتا تھا لیکن رونے کا منظر اب تک کانوں اور دل میں ہے جیسے کوئی بچہ کو پیٹ رہا ہو اور وہ رو رہا ہو ہمت وجفاکشی اور مشقت سے اٹھنا تو میں نے اپنے سارے اکابر میں حضرت مدنی کے برابر کسی کو نہیں دیکھا۔

## ہر ہفتہ تشریف آوری

ایک مرتبہ ۱۲ر ربیع الاول کے موقع پر حضرت سہارنپور تشریف لائے ہوئے تھے اہل شہر نے اصرار کیا کہ آج ہمارے یہاں سیرت کا جلسہ ہے۔ ذکریا نے کہہ دیا کہ اب مولود کا نام سیرت ہوگیا۔ نہ معلوم حضرت مدنی قدس سرہ کس خیال میں تھے سختی سے انکار فرمادیا کہ میں نہیں آؤں گا اور خوب ڈانٹا کہ تم لوگوں کو عقیدت ساری ۱۲ر ربیع الاول ہی کو آتی ہے۔ سال میں کبھی توفیق ہوتی ہے جلسہ کرنے کی۔ لوگوں نے کہا حضرت ہم تو ہر وقت متمنی رہتے ہیں۔ کوئی مانتا نہیں۔ سنتا نہیں۔ حضرت نے فرمادیا کہ کوئی سننے کے لئے تیار ہو تو میں سنانے کے لئے تیار ہوں۔ لوگوں نے

اپنی حماقت سے استقبال کا خوب اظہار کیا۔ حضرت قدس سرہ نے ہر ہفتہ تشریف لانے کا وعدہ فرمالیا۔ اور جمعرات کی رات اس کے لئے متعین ہوگئی۔ اس لئے کہ جمعہ حضرت کا کئی کئی ماہ کا پہلے موعود ہوتا تھا۔ تقریبا چارہ ماہ مسلسل اگر دوسری جگہ کا طویل سفر نہ ہوتا تو حضرت جمعرات کی شب میں ساڑھے آٹھ بجے کی گاڑی سے تشریف لاتے اسٹیشن سے سیدھے جامع مسجد جاتے اور نماز کے بعد وعظ شروع فرماتے ساڑھے بارہ ایک بجے اس سیہ کار کے مکان پر تشریف لاتے۔ چونکہ مجھے معمول معلوم تھا اور میری پہلی اہلیہ مرحومہ کو حضرت قدس سرہ کے لئے کھانے یا پینے کی چیزوں کا بہت ہی زیادہ اہتمام تھا۔ وہ بارہ بجے چائے کا پانی رکھ دیتی اور حضرت کی آواز اوپر چڑھنے کی جب آتی کہ میرا قیام اس وقت اوپر کے کمرہ میں تھا چائے دم کرتی اور زور سے کھڑکا کرتیں اور میں جلدی سے آکر چائے لے جاتا حضرت کو اس وقت چونکہ تعب ہوتا تھا اس لئے پیتے تو تھے رغبت سے اور بار بار مجھ سے فرماتے کہ آپ اس غریب کو ناوقت ستاتے ہیں۔ میں عرض کرتا کہ میں نے نہیں کہا اس نے اپنے شوق سے خود پکائی۔ اور چونکہ مجھے معمول معلوم تھا۔ اس لئے چار پائی اور بستر پہلے سے تیار ہوتا۔ حضرت چائے پی کر آرام فرماتے۔ میں نے اختیاری سونا اور اختیاری جاگنا اپنے اکابر میں صرف اپنے حضرت قدس سرہ اور حضرت مدنی میں دیکھا حضرت سہارنپوری قدس سرہ کو بار ہا دیکھا کہ ریل پر



تشریف لے جاکر گاڑی اگر دس پندرہ منٹ لیٹ ہوتی تو حضرت فرماتے کہ میں تو اتنے میں سولوں گا اور کوئی خادم جلدی سے بستر پلیٹ فارم پر کھول دیتا اور حضرت تکیہ پر سر رکھتے ہی سو جاتے اور دس منٹ کے اندر خود اٹھ جاتے۔ میرے حضرت قدس سرہ کبھی کبھی یہ بھی ارشاد فرماتے کہ سونے کے ارادے کے بعد مجھے تکیہ پر سر رکھنے کی خبر نہیں ہوتی ہے۔

## حضرت مدنیؒ کا نیند پر قابو

بہر حال حضرت مدنی قدس سرہ کی نیند اس قدر قابو کی تھی کہ سیکڑوں دفعہ میرے یہاں رات دن میں آرام فرمانے کی نوبت آئی اور میں نے حضرت کی راحت کی وجہ سے اسکی کوشش کی کہ کوئی حرکت نہ ہو اور کوئی نہ بولے چاہے گاڑی نکل جائے۔ مگر حضرت قدس سرہ گاڑی سے آدھ گھنٹہ پہلے ایک دم اٹھ کر بیٹھ جاتے اس ہفتہ واری آمد میں بھی رات کو ساڑھے چار پر گاڑی جاتی تھی۔ اور چار بجے سے پانچ سات منٹ قبل اٹھ جانا طے شدہ تھا میں حضرت کے اٹھتے ہی کسی شخص کو تانگہ کیلئے بھیجتا اور پہلی اہلیہ مرحومہ اس وقت بھی چائے تیار رکھتی اس وقت کی چائے پر حضرت زیادہ ناراض ہوتے تھے کہ میں دیوبند جاکر پی لوں گا۔ چائے کے وقت پہنچ جاؤں گا۔ میرے اصرار پر کبھی تو پی لیتے اور کبھی عتابا انکار فرمادیتے۔ کیا کیا مناظر آنکھوں کے سامنے آگئے پرانی یادیں تازہ ہوگئیں۔

## درخت خرید نے کے لئے تشریف آوری

ایک دفعہ حضرت قدس سرہ تانگہ پر تشریف لائے۔ اور فرمایا کہ وقت تنگ ہے مدینہ پاک کیلئے درخت خرید نے ہیں کہ حج کیلئے تشریف لے جارہے تھے۔ فرمایا کہ تانگہ پر بیٹھ جاؤ۔ تانگہ ہی میں ملاقات ہو جائے گی ٹھہرنے کا وقت نہیں ہے جلدی واپسی ہے میں نے جلدی سے مولوی نصیر کو آواز دی اور ان کو بھی تانگہ میں اس خیال سے بٹھالیا کہ حضرت تو درخت خرید کر خود ہی اٹھالیں گے۔ اور مجھے شرم آئیگی اور مجھ سے اٹھنے مشکل ہوں گے۔ اسلئے مولوی نصیر اٹھالیں گے۔ راستہ میں حضرت نے فرمایا حج کو نہیں چلتے میں نے عرض کیا کہ حضرت مجھے تو اسوقت بڑی مشغولی ہے اسے نصیر کو لیتے جائیں۔ کرایہ میرے ذمہ اور بقیہ اخراجات کھانے پینے کے آپ کے ذمے حضرت نے فرمایا کہ ضرور میں نے اور حضرت قدس سرہ نے نصیر پر اصرار کیا مگر اس نے بھی عذر کر دیا۔ اتنے میں ایک بہت لمبی چوڑی تعمیر آ گئی۔ قربان خاں مرحوم کے باغ میں جانا تھا۔ جن کا دفتر تو شاہ مدار میں تھا پہلے وہاں گئے ان کا دوسرا باغ کچہری سے دور تھا وہاں جاتے ہوئے اس تعمیر کو گذرے میں نے پوچھا کہ یہ کیا ہے اسلئے کہ مجھے چالیس سالہ قیام سہارنپور میں وہاں جانے کی نوبت نہیں آئی تھی۔ حضرت نے فرمایا آپ اس کو نہیں جانتے میں نے عرض کیا کہ نہیں حضرت میں تو یہاں کبھی نہیں



آیا فرمایا کہ یہ کچہری ہے وہ دیوانی ہے یہ کلکٹری ہے وغیرہ وغیرہ۔ میں نے کہا "انا للہ وانا الیہ راجعون" حضرت کی برکت نے کچہری تک تو پہنچا دیا۔ آپ جیل بھی پہنچا کر رہیں گے۔ فرمایا تم لوگوں کی اس بے تعلقی نے انگریزوں کو ہم پر مسلط کر رکھا ہے۔ تم کچہری سے اتنا ڈرتے ہو جیسے سانپ سے ڈرتے ہو۔

فرمایا کہ ہمارے مفتی عزیز الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک دفعہ ایک میراث کے مسئلے کی تصدیق کے لئے سمن پہنچ گیا۔ کچہری آنے کے ڈر سے بخار آ گیا میں نے عرض کیا کہ حضرت والی قوت کہاں سے لاویں۔ فرمایا کہ یہ سب بزدلی کی باتیں ہیں۔ غرض بہت پودے خریدے حضرت قدس سرہ کا ہمیشہ کا معمول رہا کہ جب کبھی مدینہ پاک تشریف لے جاتے تو سید محمود صاحب کے باغ کیلئے بہت سے پھلوں اور پھولوں کے اور بہت سے پودے کثرت سے لے جاتے مگر ہمیشہ خراب ہوگئے۔ بالآخر حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی برکت سے دو تین درخت بارآور ہو گئے گذشتہ سال ۸۲ھ میں جب مدینہ پاک قیام تھا تو سید صاحب زید مجدہم نے اپنے باغ کے آم خوب کھلائے۔ اللہ تعالیٰ بہت جزائے خیر عطا فرمائے۔

## عطر عود لانے کا معمول

حضرت مدنی قدس سرہ کی کیا کیا شفقتیں لکھواؤں حضرت

اقدس کا معمول تقسیم اسباق سے پہلے تک سلہٹ کثرت سے تشریف بری کا تھا۔ اور جب بھی تشریف لے جانا ہوتا تھا تو اس سیہ کار کے لئے ایک عطر عود کی شیشی لانے کا معمول تھا۔ ۶۰ھ میں حضرت قدس سرہ نے ایک عطر عود کی شیشی مرحمت فرمائی اور یہ ارشاد فرمایا کہ یہ ستر سال کا ہے۔ اور ستر روپیہ تولہ اس کی قیمت ہے اس کا قانون یہ ہے کہ اس کی قیمت میں ایک روپیہ سالانہ کا اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ اب چونکہ یہ ستر سال کا ہے اس لئے اس وقت اس کی قیمت ستر روپیہ ہے میں نے بھی اس کو بڑی احتیاط سے اس پر چٹ لگا کر اور یہی عبارت لکھ کر ایک ڈبہ میں محفوظ رکھ دیا تھا۔ اپنے بخل کی وجہ سے خود تو اب تک استعمال نہیں کیا۔ البتہ گذشتہ سال ۸۹ھ میں حضرت قدس سرہ کے برادر خورد حضرت الحاج سید محمود صاحب کی خدمت میں اس کا ایک ربع پیش کیا تھا۔ اگر میرے مرنے کے وقت کسی کو یاد رہے اور مل جاوے تو اس میں سے تھوڑا سا میرے کفن پر بھی مل دیں۔ اس وقت ۹۰ھ میں تو اس کی قیمت سو روپے فی تولہ ہوگئی ہوگی کیوں کہ اس کی عمر سو سال ہے۔ واقعی شیشی کھولنے سے کمرہ مہک جاتا ہے۔

## جنت میں میرے بغیر جانا نہ ہوگا

ایک قصہ لکھوانے کا تو نہیں ہے۔ مگر میرے دوستوں کا اصرار ہے کہ ضرور لکھواؤں۔ حضرت کی شفقتیں تو بے پایاں تھیں اور جتنی



حضرت کی شفقتیں بڑھتی جاتی تھیں۔ میری گستاخیاں بڑھتی جاتی تھیں۔ ایک دفعہ کچھ تذکرہ اکابر کا اور جنت کا چل رہا تھا۔ میں نے عرض کیا کہ حضرت جنت میں میرے بغیر جانا نہیں ہوگا۔
حضرت نے نہایت سادگی میں بلا تامل فرمایا کہ ہاں ضرور ایک سال بعد بلکہ اس سے بھی زیادہ میرے تو ذہن میں ھی نہیں رہا۔ حضرت تشریف لائے میں دار الطلبہ میں تھا۔ مجھے آدمی بلانے گیا۔ اتنے میں آتا رہا ایک صاحب مدرسہ کے قریب ہی اپنے گھر آموں کے لئے لے گئے میں جب دار الطلبہ سے آیا تو معلوم ہوا کہ فلاں صاحب کے یہاں چلے گئے ہیں۔ وہاں پہنچا تو آم بھیگے ہوئے تھے اور حضرت تشریف فرما میرا انتظار فرما رہے تھے۔ میں نے کہا ایسا کیا تقاضہ تھا پہلے ہی تشریف لے آئے۔ حضرت نے فرمایا ہر جگہ ساتھ لے جانے کا وعدہ تو نہیں کر رکھا جہاں کا وعدہ ہے وہاں کا ہے۔ مجھے اس قدر مسرت اور حیرت ہوئی کہ حضرت کو ایک سال کے بعد تک کیسے یاد رہا۔ اس کے بعد تو پھر انشاء اللہ ثم انشاء اللہ اپنی مغفرت کی بھی ڈھارس بندھ چلی ورنہ "وامتازو الیوم ایھا المجرمون" کا خوف غالب رہتا تھا اور ہے اللہ تعالیٰ ان اکابر کی جوتیوں میں اس سیہ کار کو بھی جگہ دیدے تو اس کے لطف وکرم سے کیا بعید ہے۔ حضرت مدنی قدس سرہ کی شفقت ومحبت کے قصے لاتعداد ولاتحصی ہیں اور یاد بھی بہت ہیں بہت سی چیزوں میں خودنمائی بھی مانع ہوجاتی ہے۔

## بخار کی خبر سن کر تشریف آوری

ایک، دفعہ اس سیہ کار کو معمولی سا بخار ہوا۔ کسی جانے والے طالب علم سے حضرت نے خیریت دریافت کی اس نے کہہ دیا بخار ہورہا ہے۔ حضرت اسی وقت اسی گاڑی سے تشریف لے آئے اور کچے گھر کے دروازہ میں قدم رکھتے ہی یہ شعر پڑھا۔

تَعَالَلْتِ کَیْ اَشْجٰی وَمَا بِکِ عِلَّةٌ [1]
تُرِیْدِیْنَ قَتْلِیْ قَدْ ظَفَرْتِ بِذَالِکَ

میں ایک دم حضرت کی آمد پر کھڑا ہوگیا۔ فرمایا اچھے خاصے ہو شور مچا رکھا ہے بخار کا میں نے عرض کیا میں نے حضور کی خدمت میں کون سا تار یا ٹیلیفون کیا تھا کہ میں مر رہا ہوں۔ فرمایا ساری دنیا میں شور مچ گیا بخار کا۔ بخار والا یوں نہیں کھڑا ہوا کرتا، میں نے عرض کیا۔

ان کے دیکھنے سے جو آجاتی ہے منہ پر رونق
وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے

اور واقعی ہوا بھی ایسا ہی حضرت کی تشریف آوری کی برکت سے بخار جاتا رہا۔

## ماہ مبارک میں اہتمام

حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ نے شیخ الاسلام حضرت مدنی قدس سرہ کا ماہ مبارک کا معمول نقل فرمایا ہے۔ وہو ہذا۔

اور حضرت شیخ الاسلام مدنی قدس سرہ کا تو یہ بھی اہتمام تھا

[1] تو بہ تکلف بیمار بن گئی تا کہ میں رنجیدہ ہو جاؤں۔ حالانکہ تجھے کوئی بیماری نہیں۔ بے شک تو اپنے مقصد میں کامیاب ہوگئی۔



کہ حضرت اقدس باوجود اپنے مشاغل اور ماہ مبارک کے اہتمام کے ایک کارڈ ماہ مبارک میں اگر میں نہ لکھوں تب بھی حضرت اقدس شیخ الاسلام قدس سرہ تحریر فرمایا کرتے تھے عموماً اس میں ایک یا دو شعر ہوا کرتے تھے یہ سارے کارڈ کہیں محفوظ ہیں اور وہ اشعار اتنے اونچے ہوتے تھے کہ یہ ناکارہ اس کا مصداق ہرگز نہیں بن سکتا۔ مگر حضرت شیخ الاسلام قدس سرہ کے تعلق کے اظہار اور شفقت کو یاد کرکے رونے کے سوا اب کچھ نہیں ایک کارڈ کا مضمون جو حضرت نے متعدد رمضانوں میں لکھا تھا۔ یہ تھا۔

آنانکہ خاک را بہ نظر کیمیا کنند
آیا بود کہ گوشۂ چشمے بما کنند

وہ حضرات جو کہ خاک کو ایک نظر میں کیمیا بنا دیتے ہیں، کیا اچھا ہو کہ ایک گوشہ چشم ہماری طرف بھی فرماویں۔

ایک ماہ مبارک کے کارڈ کا یہ شعر تھا۔

گل پھینکے ہیں اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی
اے ابر کرم بحر سخا کچھ تو ادھر بھی

مجھے یہ شعر اسی طرح یاد ہے کارڈ سامنے نہیں بعض خطوط میں عربی کے اشعار تحریر فرمائے۔ (آپ بیتی نمبر: ۵/ص: ۱۳۱)

## شاہ الیاس

اس سے مراد حضرت اقدس الحاج شاہ مولانا محمد الیاس صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کی ذات گرامی ہے۔

## حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحبؒ

جو رئیس المبلغین اور امام تبلیغ کے نام سے پکارے جاتے ہیں حضرت اقدس شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے حقیقی چچا ہوتے ہیں۔

## خاندان کی بعض شخصیتیں

اور اس خاندان مشائخ کے ہونہار فرزند ہیں جس کے نامور فرزند حضرت مفتی الٰہی بخش (جن کی ولادت ۱۱۶۲ھ اور وفات ۱۲۴۵ھ میں ہے) اور حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کے مشہور وممتاز تلامذہ میں سے تھے اور علوم عقلیہ ونقلیہ میں اعلیٰ دستگاہ رکھتے تھے اور کمال اخلاص وللّٰہیت کی وجہ سے شیخ وقت ہونے کے باوجود ساٹھ پینسٹھ برس کی عمر میں اپنے شیخ کے جواں سال خلیفہ حضرت سید احمد شہید (جو حضرت مفتی صاحب سے تقریباً ۳۸ سال چھوٹے تھے) سے بیعت ہوئے۔

اور مفتی صاحب کے فرزند مولانا ابو الحسن صاحب جن کی مثنوی گلزار ابراہیم جو ان کی مشہور تالیف بحر حقیقت کا ایک جز ہے۔ بڑی مقبول عارفانہ مثنوی ہے۔ جس کے متعلق حضرت قطب عالم محدث گنگوہی قدس سرہ فرماتے تھے کہ مجھے اس طریق (معرفت وسلوک) کا شوق اس مثنوی سے ہوا۔

اور ان کے صاحبزادے مولانا نور الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے چاروں صاحبزادے مولانا ضیاء الحسن، مولانا اکبر، مولانا سلیمان، حکیم مولوی ابراہیم صاحب۔

اور حضرت مولانا مظفر حسین صاحب (جو مفتی صاحب کے حقیقی بھیجتے تھے اور محدث زمانہ حضرت شاہ اسحاق صاحب کے نہایت عزیز شاگرد حضرت مولانا شاہ محمد یعقوب صاحب کے مجاز تھے۔ اور تقوی اور تورع جن کا خاص جوہر تھا۔ مشہور ومسلم



بات ہے کہ ان کے معدہ نے کبھی مشتبہ چیز قبول نہیں کی جیسے حضرات ہیں۔ ذہن وذکاوت، علم وادب سے فطری مناسبت اور خدا کی طرف رجوع وانابت اس خاندان کی خصوصیات ہیں (جس کی طرف اشارہ اس کتاب کی ابتدائی سطور میں گذرا۔ اور تفصیل کے لئے مشائخ کاندھلہ دیکھی جائے)

## حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحبؒ

خود حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحب قدس سرہ کے والد محترم حضرت مولانا اسماعیل صاحب اونچے درجہ کے بزرگ تھے، ذکر وعبادت، آئے گئے مسافروں کی خدمت اور قرآن مجید ودین کی تعلیم شب وروز کا مشغلہ تھا۔ خدمت وتواضع کا یہ عالم تھا کہ جو مزدور بوجھ لادے ہوئے پیاسے ادھر آنکلتے ان کا بوجھ اتار کر رکھتے۔ اپنے ہاتھ سے ڈول کھینچ کر پانی پلاتے پھر دو رکعت نماز شکرانہ ادا فرماتے کہ اے اللہ تو نے مجھے اپنے بندوں کی اس خدمت کی توفیق دی میں اس قابل نہ تھا۔ عام اجتماع وہجوم کے زمانہ میں پانی اور لوٹوں کا خاص اہتمام رکھتے اور رضاء الٰہی اور قربت خداوندی کا ذریعہ سمجھ کر خلق خدا کی راحت رسانی اور خدمت میں مشغول رہتے۔ ہر وقت ذاکر وشاغل اور باخدا رہتے، مختلف اوقات وحالات کے متعلق حدیث پاک میں جو اذکار واوراد وارد ہوئے ہیں ان کی پابندی کرتے تھے اور آپ کو اس طرح مرتبہ احسان حاصل تھا۔

## حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد

اسی وجہ سے جب انہوں نے قطب عالم حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ سے طریق سلوک کے حصول کی خواہش کی تو حضرت نے فرمایا۔

آپ کو اس کی حاجت نہیں جو اس طریق اور ان ذکر و اذکار کا مقصود ہے وہ آپ کو حاصل ہے اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص قرآن مجید پڑھنے کے بعد یوں کہے کہ قاعدہ بغدادی میں نے نہیں پڑھا اس کو بھی پڑھ لوں۔

## رات کا اہتمام

رات کو اس کا خاص اہتمام تھا کہ گھر والوں میں سے کوئی نہ کوئی جاگتا رہے۔ ۱۲/۱ بجے تک منجھلے صاحبزادے مولانا یحییٰ صاحب مطالعہ میں مشغول رہتے۔ اس وقت مولانا اسماعیل صاحب بیدار ہو جاتے اور مولانا یحییٰ صاحب سو جاتے پچھلے پہر بڑے صاحبزادے مولانا محمد صاحب کو بیدار کر دیتے۔

## تبلیغ کی ابتداء

میوات سے تعلق بھی حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب قدس سرہ کے زمانہ حیات سے ہی شروع ہوا چونکہ دہلی سے باہر حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے مرقد کے قریب چونسٹھ کھنبہ کے نام سے جو تاریخی عمارت ہے اس کے سرخ پھاٹک پر ایک عمارت میں مرزا الٰہی بخش صاحب (جو بہادر شاہ کے سمدھی تھے) کے بچوں کی تعلیم کے سلسلہ میں قیام تھا۔ ایک مرتبہ اس فکر و تلاش میں نکلے کہ کوئی مسلمان آتا جاتا نظر پڑے تو اس کو مسجد میں لے آئیں اور اس کے ساتھ جماعت سے نماز پڑھ لیں چند مسلمان نظر آئے ان سے پوچھا کہاں جاتے ہو۔ انہوں نے کہا مزدوری کے لئے کہا کیا مزدوری ملے گی۔ انہوں نے بتایا۔ فرمایا اگر اتنی مزدوری یہیں مل جائے تو پھر جانے کی کیا ضرورت ہے۔ انہوں نے منظور کر لیا ان کو مسجد میں



لے آئے اور نماز سکھانے اور قرآن پاک پڑھانے لگے۔ یومیہ مزدوری ان کو دے دیتے اور ان کو پڑھنے سیکھنے میں مشغول رکھتے کچھ دنوں کے بعد نماز کی عادت پڑ گئی اور مزدوری چھوٹ گئی یہ بنگلہ والی مسجد کے مدرسہ کی بنیاد تھی اور یہی پہلے طالب علم تھے اس کے بعد دس بارہ میواتی طالب علم برابر مدرسہ میں رہتے اور ان کا کھانا مرزا الٰہی بخش مرحوم کے یہاں سے آتا۔ کسے خبر تھی کہ یہ مسجد کبھی تبلیغی جماعت کا مرکز بنے گی۔

## وفات

۴؍شوال ۱۳۱۵ھ، ۲۶؍فروری ۹۸ء انتقال فرمایا "غفرلہ" تاریخ وفات ہے۔ کثرت ہجوم کی وجہ سے کئی بار نماز جنازہ پڑھی گئی جس کی وجہ سے دفن میں تاخیر ہوگئی تو ایک صاحب اور ایک بزرگ نے یہ دیکھا کہ مولانا اسماعیل صاحب فرماتے ہیں کہ مجھے جلدی رخصت کرو میں بہت شرمندہ ہوں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابہ کے ساتھ میرے انتظار میں ہیں۔

## اولاد

مولانا محمد اسماعیل صاحب رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃً کے تین صاحبزادے تھے پہلی بیوی سے مولانا محمد صاحب جو سب سے بڑے تھے اور اپنے والد کے جانشین ہوئے اور دوسری بیوی سے (جو حضرت مولانا مظفر حسین صحب قدس سرہ کی نواسی تھیں جن سے پہلی بیوی سے انتقال کے بعد نکاح کیا تھا) دو صاحبزادے مولانا محمد یحییٰ صاحب (حضرت شیخ الحدیث نوراللہ مرقدہ کے والد محترم) اور حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہم۔

## حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ ولادت اور بچپن

حضرت مولانا محمد الیاس صاحب قدس سرہ کی ولادت ۱۳۰۳ھ میں ہوئی اختر الیاس تاریخی نام ہے حضرت کا بچپن اپنے ننہال کاندھلہ اور اپنے والد صاحب مرحوم کے پاس نظام الدین میں گذرا اس وقت کاندھلہ کا یہ صدیقی شیوخ کا خاندان دینداری کا گہوارہ تھا۔ مرد تو مرد عورتوں کی دین داری، عبادت گذاری، شب بیداری، ذکر وتلاوت کے قصے اور ان کے معمولات اس زمانہ کے پست ہمتوں کے تصور سے بلند ہیں (جس کا کچھ حال اس کتاب کی ابتدائی سطور میں گذرا) حضرت مولانا محمد الیاس صاحب قدس سرہ نے ایک روز اس قسم کے حالات بیان فرمانے کے بعد فرمایا یہ وہ گودیں ہیں جن میں ہم نے پرورش پائی ہے۔ اب وہ گودیں دنیا میں کہاں سے آئیں گی۔ (حضرت مولانا محمد الیاس اور ان کی دینی دعوت)

بچپن ہی میں خاندان کے دستور ورواج کے مطابق قرآن پاک حفظ کرلیا۔ چونکہ قرآن پاک کے حفظ کا خاندان میں عام رواج تھا کہ خاندان کی مسجد کی ڈیڑھ صف میں مؤذن کے سوا کوئی غیر حافظ نہ ہوتا تھا۔

## اختر تجھ سے صحابہ کی خشبو آتی ہے

حضرت مولانا محمد الیاس صاحب کے اندر بچپن سے ہی نجابت وسعادت اور بزرگی کے آثار موجود تھے امی بی (جو حضرت کی نانی اور حضرت مولانا مظفر حسین صاحب قدس سرہ کی صاحبزادی تھیں اور رابعہ سیرت بی بی تھیں) حضرت پر بہت ہی شفیق تھیں فرمایا کرتی تھیں کہ اختر مجھے تجھ سے صحابہ کی خوشبو آتی ہے کبھی پیٹھ پر محبت سے ہاتھ رکھ کر فرماتیں کیا بات ہے کہ تیرے ساتھ مجھے صحابہؓ کی سی صورتیں چلتی پھرتی



نظر آتی ہیں۔

## حضرت شیخ الہندؒ کا ارشاد

اور حضرت میں ابتداء سے ہی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی والہانہ شان کی ایک ادا اور ان کی دینی بے قراری کی ایک جھلک تھی جس کو دیکھ کر حضرت مولانا محمود حسن شیخ الہند قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ۔

جب میں مولوی الیاس کو دیکھتا ہوں تو مجھے صحابہؓ یاد آجاتے ہیں۔

## بچپن سے جذبۂ جہاد

حضرت کے ہم عمر وہم مکتب ریاض الاسلام صاحبؒ کاندھلوی متولی ریاض الاسلام بیان کرتے ہیں کہ۔

جب ہم مکتب میں پڑھتے تھے ایک دن آپ لکڑی لے کر آئے اور کہا آؤ میاں ریاض الاسلام چلو بے نمازیوں پر جہاد کریں۔

بالائے سرش زہوش مندی
می تافت ستارہ بلندی

اس کے سر پر ہوش مند ہوتے ہی بلندی کا ستارہ چمکتا تھا۔

## قیام گنگوہ

۱۳۱۴ھ یا ۱۳۱۵ھ کے شروع میں حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب قدس سرہ تعلیم کا معقول انتظام نہ ہونے کی وجہ سے اپنے ہمراہ گنگوہ لے گئے جو اس وقت علماء وفضلاء کا مرکز تھا۔ حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب قدس سرہ اور قطب الاقطاب محدث گنگوہی قدس سرہ کی صحبت اور مجالس کی دولت حضرت کو شب وروز حاصل تھی دینی

جذبات کی پرورش نیز دین کی سمجھ اور اس کا سلیقہ پیدا کرنے میں ان کیمیا اثر صحبتوں اور مجالس کو جو دخل ہے وہ اہل نظر سے پوشیدہ نہیں مولانا کی دینی اور روحانی زندگی میں اس ابتدائی ماحول کا فیض برابر شامل رہا انسان کی زندگی میں مقام و ماحول کا اثر قبول کرنے کے لئے جو بہترین زمانہ ہوسکتا ہے حضرت قدس سرہ کا وہ زمانہ گنگوہ شریف کے روحانی ماحول میں گذرا حضرت گنگوہی قدس سرہ کی وفات ہوئی تو بیس سال کے جوان تھے تو گویا دس برس کا عرصہ قطب الاقطاب قدس سرہ کی صحبت میں گذرا۔

حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب قدس سرہ کامل استاد اور مربی تھے۔ جو تعلیم میں مجتہدانہ شان رکھتے تھے۔ ابتدائی تعلیم میں درسی کتب اکثر نہیں پڑھاتے تھے۔ بلکہ خود اصول و قواعد لکھ کر سہ حرفی و دو حرفی لفظ بناتے تھے کہ ان کی گردانیں اور تعلیلیں بناؤ استعداد آفرینی اور قوت مطالعہ کی طرف مولانا کی اصل توجہ تھی۔ بے حاشیہ شرح کی کتاب عموماً طالب علم کو پڑھنے کو دیتے تھے۔ حضرت مولانا محمد الیاس صاحب قدس سرہ کچھ تو ابتداء سے لاغر و نحیف تھے۔ گنگوہ کے قیام میں صحت اور خراب ہوگئی درد سر کا خاص قسم کا دورہ پڑا جس کی وجہ سے مہینوں سر جھکانا حتی کہ تکیہ پر سجدہ کرنا بھی ناممکن تھا۔ حضرت گنگوہی کے صاحبزادے حکیم مسعود احمد صاحب نے اپنے خصوصی طرز کے مطابق پانی پینے کا پرہیز بتایا جسے مولانا قدس سرہ نے خوب نبھایا اور کامل سات برس پانی نہیں پیا اسی شدت علالت اور خاص طور پر دماغی کمزوری کی وجہ سے تعلیم منقطع ہونے کا بڑا صدمہ اور بے کلی رہتی تھی آپ کا پڑھنے کے لئے اصرار تھا۔ اور ہمدردوں کا مشورہ مسلسل آرام کرنے کا مولانا قدس سرہ فرماتے تھے کہ ایک روز بھائی نے کہا کہ آخر پڑھ کر ہی کیا کرو گے۔ میں نے کہا۔ جی کر کیا کروں گا۔ اس اصرار اور طلب کی بنا پر پڑھنے کی اجازت ہوگئی۔ اور سلسلہ تعلیم پھر جاری ہوگیا۔



## حضرت گنگوہیؒ سے بیعت

حضرت قطب عالم محدث گنگوہی قدس سرہ باوجودیکہ بچوں اور طالب علموں کو بیعت نہ فرماتے تھے۔ مگر غایت تعلق اور حضرت مولانا قدس سرہ کے غیر معمولی حالات کی بنا پر ان کی خواہش و درخواست پر بیعت فرمالیا۔

## حضرت گنگوہیؒ سے قلبی تعلق

حضرت مولانا الیاس صاحب قدس سرہ کی فطرت میں شروع ہی سے محبت کی چنگاری تھی کہ حضرت قطب عالم قطب الاقطاب محدث گنگوہی قدس سرہ سے ایسا قلبی تعلق ہوگیا تھا کہ حضرت کے بغیر تسکین نہ ہوتی فرماتے تھے کہ کبھی کبھی رات کو اٹھ کر صرف چہرہ دیکھنے کے لئے جاتا زیارت کرکے پھر آکر سو رہتا۔

حضرت محدث گنگوہی قدس سرہ کو بھی آپ کے حال پر ایسی ہی شفقت فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ میں نے بھائی سے کہا کہ اگر حضرت اجازت دے دیں تو میں حضرت کے قریب بیٹھ کر مطالعہ کیا کروں۔ مولانا محمد یحییٰ صاحب قدس سرہ نے حضرت سے ذکر کیا تو فرمایا مضائقہ نہیں۔ الیاس کی وجہ سے میری خلوت میں فرق اور طبیعت میں انتشار نہیں پیدا ہوگا۔

## حالت ذکر

حضرت مولانا قدس سرہ فرماتے تھے کہ جب میں ذکر کرتا تھا تو مجھے ایک بوجھ سا محسوس ہوتا تھا حضرت سے کہا تو حضرت تھرا گئے اور فرمایا کہ مولانا محمد قاسم صاحب نے یہی شکایت حاجی صاحب سے کی تو حاجی صاحب نے فرمایا کہ اللہ آپ سے کوئی کام لے گا۔

بس بے اختیار اسی وقت پیدل دہلی روانہ ہوگیا۔ یہ یاد نہیں رہا کہ میں اس قدر بیمار اور کمزور تھا کہ بالا خانہ سے اترنا دشوار تھا۔ دہلی کے راستہ میں مجھے یاد آیا۔ (مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ اوران کی دینی دعوت ص/۵۱)

## اکابر کی نظر میں خاص امتیاز واعزاز

ذکر واشغال، نوافل وعبادات کے ساتھ شروع سے ہی مجاہدانہ جذبات سینہ میں موجزن تھے، اور جذبۂ وشوق، عزم وہمت سے آپ کی زندگی کا کوئی دور خالی نہیں رہا۔ اسی وجہ سے حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب قدس سرہ کے ہاتھ پر بیعت جہاد کی انہیں اوصاف کی وجہ سے شیوخ واکابر کے حلقہ میں بھی حضرت قدس سرہ خاص امتیاز اوراعزاز کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ اسی وجہ سے کبھی کبھی اکابر کی موجودگی میں امامت کے لئے حضرت قدس سرہ کو ہی بڑھایا جاتا۔

خود ان کی اپنی شادی کے موقع پر کاندھلہ میں حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری، حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مراقدہم موجود تھے۔ نماز کا وقت آیا تو امامت کے لئے آپ کو بڑھایا۔ مولوی بدرالحسن صاحب نے از راہ ظرافت کہا کہ اتنی بڑی بڑی گاڑیاں اور ایسا ہلکا پھلکا انجن جوڑ دیا۔ حضرات میں



سے کسی نے کہا کہ یہ تو انجن کی طاقت پر ہے۔ (مولانا محمد الیاس صاحبؒ اوران کی دینی دعوت)

## حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحبؒ سے کام نہ کرنے کی شکایت

حضرت اقدس قدس سرہ چونکہ نحیف وزار تھے اس لئے جسمانی مشقت کے کاموں میں حصہ نہ لے سکتے تھے اور مطالعہ اور ذکر وعبادت ہی میں زیادہ وقت صرف کرتے تھے ایک دفعہ حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ کے کتب خانہ کے منتظم (جو بڑے مخلص وہمدرد تھے) نے حضرت قدس سرہ کے کچھ کام نہ کرنے کی شکایت کی تو حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ نے سنا تو بہت تکدر کا اظہار فرمایا اور فرمایا۔ حدیث میں آتا ہے "هَلْ تُرْزَقُوْنَ وَتُنْصَرُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَائِكُمْ" (تم کو جو رزق ملتا ہے اور تمہاری خدکی طرف سے جو مدد کی جاتی ہے وہ تمہارے کمزور افراد ہی کی برکت سے تو ہوتی ہے) مجھے اعتقاد ہے کہ مجھے اسی بچہ کی برکت سے رزق مل رہا ہے۔ آئندہ اس سے کچھ نہ کہا جائے جو کچھ کہنا ہو مجھ سے کہا جائے۔ (حوالہ بالا)

## مدرسہ مظاہر العلوم میں تقرر

شوال ۱۳۲۸ھ میں سہارنپور سے ایک بڑا قافلہ حج کو روانہ ہوا جس میں مدرسہ مظاہر العلوم کے اکثر بڑے بڑے مدرسین تھے اس موقع پر متعدد نئے اساتذہ کا تقرر ہوا۔ اسی سلسلہ میں حضرت قدس سرہ بھی مدرسہ کے نئے مدرسین میں شامل ہوئے۔ اور متوسط کتابیں آپ کو دی گئیں۔ حضرات حجاج کی واپسی کے بعد دوسرے جدید اساتذہ سبکدوش ہوگئے۔ مگر حضرت قدس سرہ بدستور تدریس کی خدمت انجام دیتے رہے۔ پڑھانے کے زمانہ میں مطالعہ کی طرف بڑی توجہ تھی۔ چنانچہ کنز الدقائق کے

لئے بحرالرائق، شامی اور ہدایہ دیکھتے تھے اور نورالانوار کے لئے حسامی کی شروح وتوضیح وتلویح تک مطالعہ میں رہتی تھیں۔ (حوالہ بالا)

## سفر حج کے لئے بے قراری

۱۳۳۳ھ میں حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری اور مولانا محمود حسن شیخ الہند قدس سرہما نے حج کا قصد فرمایا۔ حضرت قدس سرہ کو اس کا علم ہوا تو حج کے لئے بہت بے قرار ہوئے فرماتے تھے کہ۔

مجھے ان حضرات کے بعد ہندوستان تاریک ہوتا نظر آیا۔ اور یہاں کا رہنا مشکل معلوم ہونے لگا۔ لیکن اجازت کا مرحلہ در پیش تھا۔ عجب کش مکش کی حالت تھی۔ ہمشیرہ (والدہ مولوی اکرام الحسن) نے یہ بے قراری دیکھی تو کہا کہ میرا زیور لے لو اور چلے جاؤ امید نہ تھی کہ والدہ صاحبہ آسانی سے اجازت دیں گی۔ اور اتنی طویل مفارقت اور اتنا دور دراز کا سفر گوارہ کریں گی۔ مگر الحمدللہ انہوں نے بھی اجازت دے دی۔ دوسرا مرحلہ بھائی مولانا محمد یحیٰ صاحب کی اجازت کا تھا۔ انہوں نے یہ سمجھ کر کہ والدہ اجازت نہ دیں گی۔ ان کی اجازت پر محمول کیا وہ اجازت دے چکی تھیں۔ آخری مرحلہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب کی اجازت کا تھا ان کی خدمت میں خط لکھا اور سامان سفر کی سب صورتیں لکھ دیں کہ ایک صورت یہ ہے کہ ہمشیرہ کا زیور لے لیا جائے۔ دوسرے قرض۔ تیسرے بعض اعزہ روپیئے دے رہے ہیں۔ مولانا نے سفر کی



اجازت دی اور آخری صورت کو ترجیح دی۔ (حوالہ بالا)

خلاف امید شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب قدس سرہ کی ہمرکابی ہوگئی۔ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہ پہلے جہاز سے تشریف لے جا چکے تھے۔ آپ دوسرے جہاز سے شوال ۱۳۳۳ھ میں مولانا کے ہمراہ روانہ ہوئے اور ربیع الثانی ۳۴ھ میں واپس آ کر مدرسہ میں فرائض تدریس میں بدستور مشغول ہوگئے۔ (حوالہ بالا)

## حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحبؒ کی وفات

حج کے دوسرے سال ۱۰/ذی قعدہ ۳۴ھ میں حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب نے انتقال فرمایا۔ یہ سانحہ حضرت مولانا کے لئے بڑا صبر آزما تھا حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ مربی بھی تھے۔ استاد بھی شفیق بھائی بھی تھے۔ اپنی خصوصیات اور محبوبیت ومقبولیت کی وجہ سے پورے حلقہ احباب کو مولانا کی مفارقت کا سخت صدمہ ہوا۔ لیکن حضرت مولانا محمد الیاس صاحب قدس سرہ کے دل پر اس صدمہ کی جو چوٹ لگی اس کا درد آخر تک محسوس ہوتا تھا۔ معمول تھا کہ جب مرحوم بھائی صاحب کا ذکر کرتے تو ایک محویت سی طاری ہوجاتی اور سب کچھ بھول جاتے، ان کے اوصاف وکمالات اوران کے واقعات کا مزہ لے کر ذکر کرتے اور فرماتے۔

حضرت میرے بھائی ایسے تھے۔ خصوصیت کے ساتھ ان کی جامعیت مصالحانہ روش، اعتدال طبیعت مختلف عناصر بظاہر اضداد کو جمع کرنے اور جمع رکھنے کی خدا داد قابلیت، غیر معمولی ذکاوت اور سلامت فہم کے واقعات بڑی تفصیل اور دلچسپی سے سناتے اور علوم میں آپ کے بعض تحقیقی کلمات وکلیات کا حوالہ

دیتے۔ (حوالہ بالا)

## حضرت مولانا محمد صاحبؒ کی وفات

حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ کی وفات کے دو سال بعد ۲۵؍ ربیع الثانی ۱۳۳۶ھ شب جمعہ میں عشاء کی نماز کے بعد وتر کے سجدہ میں بڑے بھائی مولانا محمد صاحب قدس سرہ نے انتقال فرمایا۔ جو ایک فرشتہ سیرت انسان تھے۔ حلم وتواضع رحمت وشفقت اور خشیت وانابت کی مجسم تصویر اور "عِبَادُ[1] الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا (الآیۃ) کا نمونہ، کم گو، بے آزار عزلت پسند، بڑی خوبیوں کے جامع بزرگ تھے باپ کی جگہ بنگلہ والی مسجد میں مقیم تھے۔

## نظام الدین بنگلہ والی مسجد میں قیام

بھائی کے انتقال کے بعد حضرت مولانا محمد الیاس صاحب قدس سرہ نے اس خاندان کے محبین ومعتقدین کے سخت اصرار اور وہاں کی ضرورت کے احساس کی بنا پر باجازت حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری قدس سرہ وہاں قیام فرمایا۔ مدرسہ کی کوئی مستقل آمدنی نہ تھی جس سے آسانی کے ساتھ اخراجات پورے ہوں۔ بڑی سختی اور تنگی سے گذران ہوتی تھی کبھی کبھی فاقہ کی نوبت آجاتی مگر حضرت قدس سرہ کے ابرو پر بل نہ آتا۔ بعض اوقات اعلان فرمادیتے کہ آج کھانے کو نہیں ہے۔ جس کا جی چاہے چلا جائے۔ اور اپنا کہیں اور انتظام کرلے طلبہ کی بھی ایسی روحانی تربیت ہورہی تھی کہ کوئی جانے کے لئے تیار نہ ہوتا۔ بعض اوقات جنگلی پھلوں (گولر وغیرہ) سے

۱؎ رحمان کے بندے وہ ہیں جو زمین پر عاجزی کے ساتھ چلتے ہیں (بیان القرآن)



پیٹ بھر لیا جاتا۔ طلبہ خود جنگل سے جاکر لکڑی کاٹ کر لاتے روٹی پکاتے اور چٹنی سے کھاتے۔

حضرت قدس سرہ کی تعمیر کی طرف بالکل توجہ نہ تھی۔ آپ کے رفیق قدیم مدرسہ کے سابق طالب علم حاجی عبدالرحمٰن نومسلم مرحوم کی سعی پر حضرت قدس سرہ کی طبیعت کے خلاف دہلی کے بعض حضرات نے کچھ حجرے تعمیر کرادیئے۔ حضرت واپس تشریف لائے تو سخت ناراض ہوئے مدت تک حاجی صاحب سے نہیں بولے اور فرمایا۔

"اصل چیز تعلیم ہے...... کے مدرسہ کی عمارت جب سے پکی ہوئی تعلیم کچی ہوگئی" (حوالہ بالا)

## درس حدیث کی عظمت

حدیث کا درس دیتے تو پہلے وضو کرتے پھر دو رکعت نماز پڑھتے اور فرماتے کہ حدیث کا حق تو اس سے زیادہ ہے یہ اقل درجہ ہے۔ حدیث پڑھاتے وقت کسی سے بات نہ کرتے۔ کوئی معزز آدمی آجاتا تو درس چھوڑ کر اسکی طرف التفات نہ فرماتے۔ مدرسہ کے اسباق اور طلبہ کی طرف ہمہ تن متوجہ رہتے بڑی جانکاہی اور جان فشانی کے ساتھ طلبہ کو چھوٹے بڑے سبق خود پڑھاتے بعض ایام میں اسی، نوے طلبہ خود پڑھاتے یا طالب علموں سے پڑھواتے مشغولیت اور انہماک کا اندازہ اس سے ہوگا کہ کسی زمانہ میں مستدرک حاکم کا درس صبح کی نماز سے پہلے ہوتا تھا۔ (حوالہ بالا)

## میوات میں قیام مکاتب

اور حضرت قدس سرہ نے اسی پر بس نہ کیا بلکہ میوات کے علاقہ میں جگہ جگہ

قرآن پاک کی تعلیم کے مکاتب قائم کئے اور ان کے اخراجات کا بندوبست فرماتے۔ اولاً اپنی آبائی جائداد کی آمدنی خرچ کرڈالی پھر لوگوں کی امداد قبول کی۔ (حوالہ بالا)

## عمومی دعوت و تبلیغ

مگر مؤ قوم غفلت و جہالت کی وجہ سے بے دینی کے اس مقام پر پہونچ چکی تھی جس کا حضرت قدس سرہ کو احساس تھا اور بڑی بے کلی رہتی تھی۔ حضرت قدس سرہ نے ان مکاتب کے سلسلہ کو بھی ایسی قوم کی اصلاح کے لئے ناکافی سمجھا اس لئے عمومی دعوت و تبلیغ کا سلسلہ شروع فرمایا۔

## دوسرا سفر حج اور بے چینی و اضطراب

شوال ۴۲ھ میں حضرت قدس سرہ دوسرے سفر حج کے لئے حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہ کی ہمرکابی میں تشریف لے گئے۔ مدینہ منورہ کے قیام کا زمانہ جب ختم ہوا اور رفقاء چلنے کے لئے جب تیار ہوئے تو انہوں نے مولانا کو عجیب بے چینی و اضطراب میں پایا۔ آپ کسی طرح مدینہ منورہ سے جدا ہونے پر راضی نہ تھے کچھ دن توقف کے بعد رفقاء نے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہ سے ذکر کیا۔ آپ نے مولانا کی حالت دیکھ کر فرمایا کہ تم ان سے چلنے کے لئے اصرار نہ کرو ان پر ایک حالت طاری ہے یا تو تم اتنا انتظار کرو کہ یہ از خود تمہارے ساتھ چلے جائیں یا تم خود پہلے چلے جاؤ یہ بعد میں آجائیں گے۔ چنانچہ رفقاء ٹھہر گئے۔

## ہم تم سے کام لیں گے

حضرت قدس سرہ فرماتے تھے کہ مدینہ طیبہ کے اس قیام کے دوران میں مجھے اس کام کے لئے امر ہوا اور ارشاد ہوا کہ ہم تم سے کام لیں گے۔ کچھ دن میرے اس



بے چینی میں گذرے کہ میں ناتواں کیا کرسکوں گا کسی عارف سے ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ پریشانی کی کیا بات ہے یہ تو نہیں کہا گیا کہ تم کام کروگے۔ یہ کہا گیا ہے کہ ہم تم سے کام لیں گے۔ بس کام لینے والے کام لیں گے۔ اس سے بڑی تسکین ہوئی۔ اور مدینہ منورہ سے مراجعت فرمائی اور تبلیغی گشت شروع فرمادیا۔

## منظّم جدو جہد

۵۱ھ میں تیسری بار زیارت حرمین سے مشرف ہوئے اس حج سے حضرت اپنے کام اور نظام کے متعلق مزید وثوق واطمینان اور یقین لے کر آئے اور کام کی رفتار کو بڑھادیا۔ حج سے واپسی پر تشریف لاکر حضرت نے بڑی جماعت کے ساتھ میوات کے دودورے کئے کم سے کم سو آدمی اس سفر میں ہروقت ساتھ رہتے تھے باقی جابجا مجمع بہت ہوجایا کرتا تھا۔ ایک دورہ ایک مہینہ کا تھا دوسرا دورہ کچھ کم ایک مہینہ کا سفر کے وقت جماعتوں کو گانوؤں میں تقسیم کردیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ گشت لگاکر آؤ۔

حضرت قدس سرہ نے میوات کی تحصیلوں کے نقشے اور پورے ضلع گوڑگاؤں کا نقشہ تیار کرایا۔ سمتیں اور لائنیں قائم کی گئیں اور حضرت قدس سرہ نے ہدایت کی کہ تمام مبلغین کارگذاری قلم بند کریں۔ گاؤں کی آبادی اور ایک گاؤں کا دوسرے سے فاصلہ لکھا جائے آس پاس کے بڑے بڑے گاؤں اور ان کے نمبرداروں کے نام لکھے جائیں اور بتلایا جائے کہ کون لوگ زیادہ آباد ہیں۔

## جدو جہد کا اثر

غرض اس طرح منظّم طریقہ پر جدو جہد کی گئی کہ میوات کے اندر و باہر دورہ کرنے کے لئے جماعت بکثرت بننے لگیں۔ مناسب مقامات پر جلسے واجتماعات کئے

جاتے جس سے کچھ نئی جماعتیں تیار ہو کر اطراف وجوانب یا یوپی کا گشت کرنے کے لئے نکلتیں تھوڑی مدت میں اس وسیع علاقہ میں دین اور دین داری کی ایسی عام اشاعت ہوئی اور اس تاریک خطہ میں جو صدیوں سے تاریک چلا آرہا تھا۔ ایسی روشنی پھیلی جس کی نظیر دور دور نہیں مل سکتی۔

جس علاقہ میں کوسوں مسجد نظر نہیں آتی تھی۔ وہاں گاؤں گاؤں مسجدیں بن گئیں اور دیکھتے دیکھتے اس ملک میں ہزاروں مسجدیں بن کر کھڑی ہو گئیں صدہا مکتب اور متعدد عربی کے مدرسے قائم کئے گئے حفاظ اور فارغ التحصیل علماء کی ایک بڑی جماعت تیار ہو گئی۔ ہندوانہ وضع ولباس سے نفرت ہو کر اسلامی وشرعی لباس کی وقعت دلوں میں پیدا ہو گئی ہاتھوں سے کڑے اور کانوں سے مرکیاں اتر گئیں۔ ڈاڑھیاں رکھنا شروع کر دیا۔ سود خوری وشراب نوشی اور دیگر جرائم ورسومات ختم کر دئے گئے۔ اور اب تو میوات ویوپی ہی کیا دنیا کے ہر ملک کا ہر خط ہر بستی ہر شہر اس سے فیضیاب ہو رہا ہے اور ہر جگہ دینی شعور، دینی طلب اس جماعت کی برکت سے بڑھ رہا ہے۔

اس میں ذرا شبہ نہیں کہ اگر کوئی اسلامی سلطنت اپنے پورے وسائل استعمال کرتی اور لوگوں کو دین کے قریب کرنے اور واقف کرنے کے لئے بہت بڑا تنخواہ دار عملہ رکھتی یا سیکڑوں کی تعداد میں مدارس ومکاتب قائم کرتی تو اپنی سلطنت کے کسی علاقہ میں اس خوبی کے ساتھ دین نہیں پھیلا سکتی تھی اور زندگی کا انقلاب تو مادی وسائل کے قابو سے بالکل ہی باہر ہے۔ (حوالہ بالا)

## مرکز اسلام میں دعوت دینے کی آرزو

حضرت قدس سرہ کو اس کی بڑی آرزو تھی جو آخر وقت تک قائم رہی (اور اب



بحمد اللہ پوری ہو گئی) کہ اگر ہندوستان کا کام کچھ جم جائے تو آپ اپنے چند مخصوص رفقاء کے ساتھ اسلام کے مرکز میں جا کر اس کام کی دعوت دیں اور وہاں اس کو شروع کریں کہ یہ دین کی سوغات ہے اور وہاں کے رہنے والے اس کے سب سے زیادہ مستحق ہیں کہ "بضاعتنا ردت الینا" کہہ کر اس کا استقبال کریں۔ اور پھر ان کے ذریعہ سے یہ دولت عالم اسلام میں گھر گھر بٹے۔ ۵۶ھ میں آپ کے دل میں بڑی شدت سے اس کا داعیہ پیدا ہوا اور آپ ۱۸/ ذی قعدہ کو حج کے لئے روانہ ہوئے اور وہاں جا کر یہ دعوت پیش کی۔

## اپنے کام پر وثوق واعتماد

حضرت قدس سرہ کو اپنے اس کام پر یقین بے حد بڑھ چکا تھا اور جوش حد سے فزوں تھا مگر اہل علم اس کام کے شایان شان توجہ نہ کر سکے تھے۔ جس کا حضرت کو بڑا قلق اور بے چینی رہا کرتی تھی۔ روز بروز یہ یقین بڑھتا ہی جاتا تھا کہ وقت کے تمام فتنوں کا علاج اور زمانہ کے ہر تقاضے کا جواب اصل دین کی یہی کوشش ہے۔ جب کوئی نیا فتنہ پیدا ہوتا تو دل کا یہ جوش زبان اور قلم پر آجاتا۔ ایک ایسے ہی موقع پر ایک دینی مدرسہ کے ایک ذمہ دار کو تحریر فرمایا۔

> میں کون سی قوت سے سمجھاؤں اور کون سی زبان سے بیان کروں اور اس کے علاوہ کون کون سی قوت سے اپنے دماغ میں بساؤں اور متیقن اور بدیہی اور معلوم کو مجہول اور مجہول کو معلوم کیوں کر بناؤں میرے نزدیک صاف صاف ان فتنوں کے دریائے اٹک اور ان ظلمات کی جمنا کے سیل کے روکنے کی سد سکندری سوا

میری والی تحریک میں قوت کے ساتھ اپنی قوت جہد کو اور اندرونی جذبات کو اور ہمت کے ساتھ جملہ مساعی کو متوجہ کردینے کے علاوہ کوئی صورت نہیں۔ غیب سے اس صورت کا نمایاں ہوجانا ہی صرف اس وباء کا علاج ہے۔ جیسا کہ عادت ازلیہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہ وباء کے مناسب علاج بھی پیدا فرمایا کرتے ہیں حق تعالیٰ شانہ کے یہاں کے پیش کئے ہوئے علاج اور نعمت کا توجہ سے استقبال نہ کرنا کچھ بہتر نہیں ہوا کرتا۔

ایک مکتوب گرامی۔

از بندۂ حقیر فقیر ناکارۂ دوجہاں محمد الیاس غفرلہ۔

**الحمد للہ الذی بعزتہٖ وجلالہٖ تتم الصالحات اللّٰھم لک الحمد شکراً ولک المنّ فضلاً۔**

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں آپ کو کن الفاظ کے ساتھ ظاہر کروں کہ میں آپ کو اس وقت کس بے کلی کے ساتھ خط لکھ رہا ہوں۔ میرے عزیز دوست بات یہ ہے کہ اس تحریک میں کھڑے ہونے سے جس قدر اللہ جل جلالہ کی رضا اور اس کے قرب اور اس کی نصرت اور اس کا فضل وکرم کھلا اور کثرت سے نظر آتا ہے۔ وہیں مجھے یہ ڈر پیدا ہوتا ہے کہ اللہ کے اس قدر بڑے مہمان کا استقبال اور اکرام وتشریف اس کے مناسب نہ ہوکر موجب حرمان وخسران وبدنصیبی نہ ہو۔

(حوالہ بالا)



## ایک تحریر

حضرت قدس سرہ کی قربانی اور محنت وکوشش کا اندازہ لگانے کے لئے حضرت کی یہ تحریر جو حضرت نے چند میواتی احباب کو لکھی۔ ملاحظہ فرمائیں۔

میں اپنی قوت وہمت کو تم میواتیوں پر خرچ کرچکا۔ میرے پاس بجز اس کے کہ تم لوگوں کو اور قربان کردوں۔ کوئی اور پونجی نہیں میرا ہاتھ بٹاؤ۔ (حوالہ بالا: ص/۱۲۳)

## بیماری کی خاص وجہ

ایک صاحب نے حضرت مولانا سید ابوالحسن صاحب علی ندوی نوراللہ مرقدہ کو حضرت قدس سرہ کی حالت لکھی جب کہ حضرت آخری مرض الوفات میں مبتلا تھے۔

بفضلہٖ تعالیٰ حضرت کو اب کافی افاقہ ہے۔ مگر ضعف بہت ہے۔ باوجود حکماء کی تاکید کے بولنا بند نہیں کرتے۔ فرماتے ہیں تبلیغ کے لئے بول کر مرجانا پسند کرتا ہوں بہ نسبت اس کے کہ اس سے خاموش رہ کر صحت حاصل کروں۔

فرماتے ہیں کہ میری بیماری کی خاص وجہ یہی ہے کہ علماء توجہ نہیں کررہے ہیں۔ علماء آئیں جو سمجھنے کے اہل ہیں اگر اس کے لئے ان کو قرض لینا پڑے تو نہ گھبرائیں اللہ تعالیٰ برکت دے گا۔ میری بیماری نعمت ہے۔ اسی کو سن کر لوگ آئیں۔ مگر لوگ نہیں آتے اس کی برکتوں کا کھلا ہوا مشاہدہ کررہا ہوں۔ ان کلمات کو فرماتے وقت حضرت کی وہ حالت تھی کہ میں بیان نہیں کرسکتا خاص

کر آخری جملہ (حوالہ بالا: ص ۱۴۳)

## مرض الوفات میں بے چینی

حضرت مولانا سید ابو الحسن صاحب ندوی قدس سرہ حضرت کے مرض الوفات کے وقت کے حالات لکھتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

اس موضوع (احیاءِ دین) کے سوا کوئی بات کہنا تو درکنار سننا تک گوارہ نہ تھا اگر کوئی شخص دوسری بات سامنے شروع کر دیتا تو اکثر اوقات برداشت نہ فرماتے۔ اور فوراً روک دیتے خدام میں سے کوئی خیریت مزاج پوچھتا تو فرماتے۔

بھائی تندرستی بیماری تو انسان کے ساتھ لگی ہوئی ہے اس میں کیا خیریت، خیریت تو جب ہے کہ جس کام کیلئے پیدا کئے گئے ہیں وہ کام ہو اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو چین ہو۔ صحابہ کرامؓ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس حال میں چھوڑا تھا۔ اس میں ادنیٰ تغیر آنے کو بھی وہ خلاف خیریت سمجھتے تھے۔

حافظ عبد الرحمٰن صاحب راوی ہیں کہ مولانا کے وطن کاندھلہ سے آپ کے کچھ اعزہ عیادت کیلئے آئے۔ مولانا نے پوچھا کس لئے آئے کہنے لگے آپ کی خیریت دریافت کرنے کیلئے فرمایا جو مٹنے کیلئے بنا ہے اس کی خیریت پوچھنے کیلئے کاندھلہ سے یہاں تک آؤ اور رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دین جو مٹنے والا نہیں وہ مٹا جا رہا ہے اور تم اس کی خبر نہیں لیتے۔ (حوالہ بالا: ص ۱۶۷)



## دعوت وتبلیغ سے قلبی تعلق

حضرت قدس سرہ کو اس دینی دعوت وتبلیغ سے جو قلبی تعلق تھا۔ اس کا اندازہ اس سے بھی کیا جا سکتا ہے۔ حجاز مقدس سے ایک والا نامہ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے پاس آیا جس کا یہ جملہ ملاحظہ ہو۔

عین الحسن کا خط آیا جس میں تبلیغ کا ذکر نہیں تھا بھلا کیا دیکھا جا تا۔[۱]

حضرت قدس سرہ کو اگر کسی بات سے یہ اندازہ ہوتا کہ کسی شخص کو بس ذات سے تعلق ہے تو بہت ناراض ہوتے اور فرماتے کہ دین سے تعلق ہونا چاہئے۔ کسی ایسے شخص کی خدمت قبول کرنے اور اس سے راحت حاصل کرنے کے روادار نہ تھے جو محض جسمانی خدمت پر اکتفا کرتا ہو۔

ایک مرتبہ ایک میواتی سر پر تیل کی مالش کر رہے تھے تھوڑی دیر کے بعد ان پر نظر پڑی۔ پہچان لیا فرمایا۔ تم کبھی تبلیغ میں حصہ نہیں لیتے۔
میں تم سے کام نہیں لے سکتا چھوڑ دو۔

ایک پیر مرد ایک مرتبہ آگے بڑھے۔ مولانا محمد منظور صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا کہ ان کو مجھ سے بہت تعلق ومحبت ہے مگر کبھی انہوں نے میری یہ بات نہیں مانی اور میری دعوت قبول نہیں کی یوں دل وجان سے میری خدمت کے لئے حاضر ہیں آپ ان کو لے جا کر سمجھائیے کہ اس کام میں حصہ لیں۔ اور ان سے گفتگو کی انہوں نے کہا کہ میں تو تہیہ کر کے آیا ہوں کہ اب حصہ

[۱] اکابر کے خطوط ص ۶۱۔

لوں گا۔ مولانا نے جا کر اطلاع کی۔ آنے کی اجازت دی اور ان کے ہاتھ چوم لئے [1]

## عوام کے ساتھ ہمدردی کا اعلیٰ نمونہ

فقیہ الامت حضرت اقدس مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی قدس سرہ نے بیان فرمایا کہ۔

ایک دفعہ میوات کے سفر میں حضرت کے ساتھ تھا اور ایک صاحب تھے سخت گرمی کا موسم تیز لو، دوپہر کا وقت چل کر ایک بستی میں پہنچے۔ انہوں نے پتھر کے مکان میں قیام کا انتظام کیا۔ حضرت کو ایک چارپائی پر لٹادیا اور ہم ایک چارپائی پر برابر ہی لیٹ گئے ہمیں تو کیا نیند آتی سوچا تھا کچھ دیر حضرت آرام فرمالیں نیند آجائے تو کچھ تکان دور ہوجائے۔ تھوڑی ہی دیر گذری تھی کہ میواتیوں کی جماعت کی جماعت ملاقات کے لئے شور کرتے ہوئے آئے۔ میں جلدی سے اٹھا اور ان کو اندر آنے سے روکا اور آہستہ سے کہا کہ حضرت آرام فرمارہے ہیں۔ تھوڑی دیر میں ملنا۔ حضرت کو آواز پہنچ گئی اور فوراً اٹھ کر بے قراری سے فرمایا مفتی جی روکومت آنے دو آنے دو اور کھڑے ہو کر سب سے مصافحہ ومعانقہ فرمایا خیریت معلوم کی۔ ان کے چلے جانے کے بعد فرمایا مفتی صاحب جب تک طالب کے دل میں اتنی طلب پیدا نہ کردو کہ وہ جوتی کو چپاتی سمجھنے لگے جب تک سختی کا حق نہیں۔

[1] حوالہ بالا: ص/۱۷۲،۱۷۳۔



## دعوت وتبلیغ میں فنائیت

مرض الوفات کی حالت تحریر فرماتے ہوئے حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں۔

جس قدر وقت موعود قریب آتا جاتا طبیعت کی نزاکت اور بے تابی اور کام کی سرگرمی بڑھتی جارہی تھی دعوت کے سواء کسی چیز کے سننے اور دیکھنے کا تحمل جاتا رہا تھا۔ انتہائی ضعف وناطاقتی کے باوجود بستر علالت پر پڑے ہوئے پورے کام کی خودنگرانی فرمارہے تھے اور برابر دن رات میں کئی کئی بار بلا کر اس کے متعلق جزئی ہدایات اور لوگوں کے نام پیغامات دیتے رہتے تھے، اس کا بھی اندازہ لگاتے تھے اور برابر خیال رکھتے تھے کہ مجلسوں میں حلقہ درس میں اور دسترخوان پر تبلیغ ودعوت کے سواء کوئی اور گفتگو تو نہیں ہوتی۔ اگر کبھی اس کا علم ہوجاتا تو طبیعت نازک پر بڑا گراں گذرتا۔ ذکر وتعلیم وتبلیغ میں مصروف رہنے کی تاکید فرماتے رہتے اور بجائے زجر وتنبیہ اور ملامت کے وعظ وترغیب سے کام لیتے اور اکثر کسی واسطہ اور کنایہ سے فرماتے اور متوجہ کرتے۔ (حوالہ بالا ص/۱۷۳،۱۷۴)

## حضرت مولانا محمد یوسف صاحبؒ کا انتخاب

۱۲/ جولائی چہار شنبہ کے دن شیخ الحدیث صاحب، مولانا عبدالقادر صاحب اور مولانا ظفر احمد صاحب کو یہ پیام پہنچا کہ مجھے اپنے آدمیوں میں سے ان چند پر

اعتماد ہے آپ لوگ جسے مناسب سمجھیں اس کے ہاتھ پر ان لوگوں کو بیعت کرا دیں جو مجھ سے بیعت ہونا چاہتے ہیں حافظ مقبول حسن صاحب، قاری داؤد صاحب مولوی احتشام الحسن صاحب، مولوی یوسف صاحب مولوی انعام الحسن صاحب مولوی سید رضا حسن صاحب۔

ان حضرات نے دوبارہ مشورہ کر کے مولانا کی خدمت میں عرض کیا کہ مولوی محمد یوسف صاحب ماشاء اللہ ہر طرح اہل ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے خلافت کے لئے ''القول الجمیل'' میں جو شرائط لکھے ہیں وہ سب بحمد اللہ ان میں پائے جاتے ہیں۔ عالم ہیں متورع ہیں اور علوم دینیہ سے اشتغال رکھتے ہیں۔ فرمایا۔

اگر تم نے یہی انتخاب کیا ہے تو اللہ تعالیٰ اسی میں خیر و برکت فرمائیں، مجھے منظور ہے یہ بھی فرمایا کہ پہلے مجھے بڑا کھٹکا اور بے اطمینانی تھی، اب بہت اطمینان ہو گیا، امید ہے کہ ان شاء اللہ میرے بعد کام چلے گا۔

شام کو فرمایا کہ جس کو مجھ سے بیعت کرنا ہے بیعت کر لے مشورہ ہوا کہ اس وقت تکان بہت ہے کل پر مؤخر رکھا جائے۔ ''وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا''۔

## آخری شب

رات سے سفر کا اہتمام تھا پوچھا کہ کیا کل جمعہ ہے عرض کیا گیا جی ہاں! فرمایا کہ میرے کپڑوں کو دیکھ لو کہیں کوئی نجاست تو نہیں ہے۔ یہ معلوم کر کے کہ نہیں ہے۔ اطمینان و خوشی ہوئی۔ چارپائی سے اتر کر وضو کے ساتھ نماز پڑھنے کی خواہش کی۔ مگر



تیمارداروں نے منع کیا۔ جماعت کے ساتھ عشاء کی نماز شروع کی۔ مگر قضائے حاجت پیش آ گئی۔ بعد میں دوسری جماعت سے حجرہ میں نماز پڑھی۔ فرمایا آج کی رات دعاء اور دم کثرت سے کراؤ۔ یہ بھی فرمایا کہ آج میرے پاس ایسے لوگ رہنے چاہئیں جو شیاطین اور ملائکہ کے اثرات میں امتیاز کر سکیں۔ مولوی انعام الحسن صاحبؒ سے پوچھا کہ وہ دعا کس طرح ہے ''اللّٰھم انّ مغفرتک''۔ انہوں نے پوری دعا یاد دلائی۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّ مَغْفِرَتَكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ.

ترجمہ: اے اللہ تیری مغفرت میرے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے مجھے اپنے عمل سے زیادہ تیری رحمت کا آسرا ہے۔

آج یوں جی چاہتا ہے کہ مجھے غسل کرا دو اور نیچے اتار دو، اور دو رکعت نماز پڑھ لوں۔ دیکھو پھر نماز کیا رنگ لاتی ہے۔

## یوسف آ مل لے ہم تو چلے

۱۲؍ بجے گھبراہٹ کا ایک دورہ پڑا جس پر ڈاکٹر کو فون کیا گیا ڈاکٹر آئے اور گولی دی رات کو بار بار ''اللہ اکبر، اللہ اکبر'' کی آواز آتی رہی پچھلے پہر مولوی یوسف صاحب اور مولوی اکرام الحسن صاحب کو یاد فرمایا مولوی یوسف صاحب سے فرمایا۔ یوسف آ مل لے ہم تو چلے۔ اور صبح کی اذان سے پہلے جان جاں آفریں کے سپرد کی اور عمر بھر کا تھکا مسافر جو شاید کبھی اطمینان کی نیند نہ سویا ہو۔ منزل پر پہنچ کر میٹھی نیند سویا۔

يَا اَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً

مَرۡضِيَّةً فَادۡخُلِي فِي عِبَادِي وَادۡخُلِي جَنَّتِي.

ترجمہ: اے اطمینان والی روح تو اپنے پروردگار کی طرف چل اس طرح تو اس سے خوش اور وہ تجھ سے خوش پھر تو میرے بندوں میں شامل ہوجا، اور میری جنت میں داخل ہوجا۔ (بیان)

## حضرت شیخ الحدیثؒ کے ساتھ کمال عقیدت

پیارے محبوب بھائی کی یادگار ونشانی، اور اپنے داماد اور شاگرد اور بھتیجے سے جب کہ وہ شیخ وقت اور غوث زمانہ بھی ہو ایک مربی عالم شیخ وقت کو کتنا سرور کتنی خوشی ہوگی اس کا اندازہ اس وقت لگانا مشکل ہے۔ اور ان بے پناہ شفقت ومحبت کے ساتھ جو ضروری تھی شاگردی ودامادی وبھتیجہ ہونے کے رشتوں کے باوجود حضرت مولانا محمد الیاس صاحب نور اللہ مرقدہ برد اللہ مضجعہ کا معاملہ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے ساتھ ایسا تھا جیسا بزرگوں کے ساتھ ہوتا ہے۔ چنانچہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

میرے صنو الاب، نائب الشیخ، مربی واستاد کی شفقتیں تو میرے حال پر جتنی بھی ہونی چاہئے تھیں ظاہر ہے، مگر ان شفقتوں کے ساتھ ساتھ ان کا طرز ایسا ہوگیا تھا جس نے مجھے بہت ہی شرمندہ کر رکھا تھا۔ (آپ بیتی نمبر:۳/رو:۴/ص:۱۵۴)

## حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحبؒ کے بعض مکاتیب حضرت شیخ الحدیثؒ کے نام

حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے نام ایک مکتوب گرامی ملاحظہ ہو۔



بخدمت شریف عزیز محترم گرامی قدر ادام اللہ فیوضکم۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ، موجب مسرت وعزت ہوا۔ آنعزیز کی تشریف آوری کا بے حد اشتیاق ہے۔ اگر بقول آپ کے میں حضرت ہوں تو آپ تو ماشاء اللہ حضرت گر ہیں۔ ورنہ مجھ نکمے اور ناکارہ کو کون پوچھتا اگر آپ کی توجہ اور کرم نہ ہوتا۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے بعد سب سے پہلے آپ نے ہی الطاف واکرام فرمایا پھر شیخ جی نے اظہار تعلق کیا۔ اور یہ سب آپ ہی حضرات کا طفیل ہے۔ آپ کی تشریف آوری کا جس قدر اشتیاق ہے اسی قدر خیال ہے کہ سامنے ہونے سے میری گندگیاں اور ظاہر ہوں گی۔ مگر اس امید پر جی چاہتا ہے کہ آپ جیسوں کی مجالست اور ہم نشینی سے شاید اپنی بھی اصلاح ہوجائے۔

فقط والسلام

بندہ محمد الیاس

(مہر ڈاک خانہ ۵/فروری ۱۹۳۱ھ) (اکابر کے خطوط: ص/۶۲)

## مکتوب نمبر:۲

ایک دوسرا مکتوب عالی ملاحظہ ہو۔

بعزیز محترم شیخ الحدیث زادت محاسنکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرے عزیز اس تبلیغ کے بوجھ کو بھاری سمجھتے ہوئے بطور اضطرار کے آپ کی خدمت میں دعاء اور ہمت کا سائل ہوکر یہ خط لکھ رہا ہوں۔

میرے عزیز اس میں شک نہیں کہ آپ کی ہر طرح کی ہمت اور ہر طرح کی شرکت اس کے فروغ کا سبب ہے، اللہ جل شانہ نے یہ تبلیغ کی نہایت فائدہ بخش اور اصول اسلام کو حاوی، نہایت سہل اور نہایت عظیم صورت اس ناچیز کو عنایت فرمائی ہے۔ یہ ناچیز اس نعمت عظیمہ وجلیلہ کی قدر دانی اور شکر گذاری اور تواضع میں اپنے نفس کو بہت ہی کمزور پا کر اس نعمت کے کفران سے بہت خائف ہے نیز تمہاری اس ہمت کا اظہار بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ بندۂ ناچیز کو اس تبلیغ کے اصول قرار دینے میں آپ کی صحبت کو بہت زیادہ دخل ہے، حق تعالیٰ مجھے آپ کے شکر کی توفیق بخشیں۔

اللہ کو منظور ہوا اور جیسے کہ آثار ہیں یہ تبلیغ فروغ پکڑے گی۔ تو ان شاء اللہ یہ تمہاری تصانیف اور فیوض ہندوستان ہی میں نہیں بلکہ عرب وعجم کو سیراب کریں گیں۔ اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دیں۔ میری اس میں دعا سے ضرور مدد کی جیو اور میں بھی دعا کرتا ہوں۔

فقط والسلام: بندہ محمد الیاس

(مہر ڈاک خانہ ۹ رنومبر ۱۹۲۹ھ مطابق ۲۲ ررمضان المبارک ۱۳۵۳ھ) (حوالہ بالا)

## مکتوب نمبر:۳

ایک مکتوب گرامی میں تحریر فرماتے ہیں۔

مجھے آپ کے اور حضرت حافظ صاحب کے خط کا خصوصیت سے انتظار رہتا ہے۔ کیوں کہ اصل بنیاد تبلیغ کی آپ کے قلوب کی اہمیت آپ کی متابت اور سراحت استقلال ہر دل



تسلیم کئے ہوئے ہے باقی سب آپ کے قلوب کی کٹھ پتلی ہیں۔

(حوالہ بالا ص ر ۵۷)

## مکتوب نمبر:۴

ایک مکتوب گرامی میں تحریر فرمایا۔

میرا جی یوں چاہے کہ تبلیغ کے ہر نمبر کے متعلق ایک رسالہ آپ لکھ دیں۔ (حوالہ بالا ص ر ۵۴)

اسی مکتوب گرامی کے شروع میں یہ جملہ بھی ہے۔

آپ غور فرمائیں گے تو آپ نہایت تصدیق فرمائیں گے میں آپ کی دعوات اور توجہات کا سخت ترین محتاج ہوں۔ (حوالہ بالا)

## مکتوب نمبر:۵

ایک مکتوب گرامی۔

از بندہ حقیر وفقیر، ناکارۂ دوجہاں محمد الیاس غفرلہٗ۔

**الحمدللہ بعزتہٖ وجلالہ تتم الصالحات اللھم لک الحمد شکراً ولک المن فضلاً۔**

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں آپ سے کن الفاظ کے ساتھ ظاہر کروں کہ میں آپ کو اس وقت کتنی بے کلی کے ساتھ خط لکھ رہا ہوں۔

میرے عزیز دوست بات یہ ہے کہ اس تحریک میں کھڑے ہونے سے جس قدر اللہ جل جلالہ کی رضا اور اس کا قرب

اور اس کی نصرت اور اس کا فضل وکرم کھلا اور کثرت سے نظر آتا ہے۔ وہیں مجھے یہ ڈر پیدا ہوتا ہے کہ اللہ کے اس قدر بڑے مہمان کا استقبال اور اکرام تشریف اس کے مناسب نہ ہو کر موجب حرمان وخسران وبدنصیبی نہ ہو ان ہی میں چند امور جلسوں میں پیش آتے ہیں خصوصاً جو قریب ترین جلسوں اور اس کے دس میل کے قریب رام گڑھ میں جو پیش آئے ہیں وہ بھی انہی میں سے ہیں اور اسی میں جو موجودہ اہم قابل تحریر ہے وہ یہ ہے کہ اس جمعہ کو طرفین کے میؤ میں خاص تبلیغی غرض کے لئے پہاڑ گنج کی جماعتوں کی طرف سے انعقاد جلسہ قرار پاکر نہایت فضل عظیم یہ ہے کہ اس کی پہلی شب میں مولانا حسین احمد صاحب مبلغ، محرک، محرض قرار پائے ہیں۔ خدا جانے کیوں میرے دل پر ان کی اس مقصد کے لئے تشریف آوری پہلی مرتبہ اور انوکھی ہونے کی بناء پر اثر عظیم کر رہی ہے۔ اور اسی اثر کی بنأ پر سائل وطالب عاجز ہو کر آپ کی بارگاہ کی طرف ملتجی ہوں کہ اس جلسہ کے مقررین وسامعین کے باستقلال وطمانینت تامہ اس پر جمنے اور نہایت جمنے اور چالو ہونے کے لئے بارگاہ ایزدی میں ملتجی وداعی بخشوع وخضوع بہت استقلال سے رہیں اور اس کے لئے پوری طرح صرف ہمت فرمادیں اور بھی جس کو مناسب سمجھیں اور موقعہ ہو تو اس کی کامیابی کی دعاء، صرف ہمت میں مشغول رکھیں۔ نیز ظاہری کوئی تدبیر اس کی تثبیت تنشیط کی ذہن میں آوے اس میں سعی کریں۔ گھر میں سب بچیوں



کو اور سب ملنے والوں کو ماوجب۔ (۲ رجمادی الاولیٰ: ۱۳۵۸ھ)

ایک گرامی نامہ میں یہ القاب درج ہیں۔

گرامی قدر، عزیز محترم، منبع الاخلاق والشیم، معدن جود د کرم مخزن فضل وعلم مولانا الشیخ الحافظ الحاج شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔

ایک مکتوب عالی کے شروع میں ہے۔

"ستارۂ نیر من عزیزی سلمکم اللہ" (حوالہ بالا ص ۵۲)

## اہم امور میں مشورہ

حضرت اقدس مولانا محمد الیاس صاحب قدس سرہ اپنے اکثر اہم امور میں حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے ضرور مشورہ لیا کرتے حضرت اقدس شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں۔

ان کے یہاں تبلیغی سلسلہ میں بھی جب کوئی بات آتی تو وہ بلا تکلف فرمادیتے کہ شیخ کے یہاں جب تک پیش نہ ہو اس وقت تک فیصلہ نہیں کرسکتا۔ میرے دہلی کے ہر سفر میں کئی کئی مسئلے ایسے ہوا کرتے تھے کہ جن کے متعلق میں سنتا تھا کہ وہ میرے مشورہ اور منظوری پر رکے ہوئے ہیں۔ ایک دفعہ میں حاضر ہوا تو چچا جان نے فرمایا ہمارے دوستوں کا اصرار یہ ہے کہ تبلیغی جماعت جب گشت کے واسطے جائے تو ایک مختصر سا جھنڈا ان کے پاس ہونا چاہئے میں نے عرض کیا کہ بالکل نہیں۔ فرمایا کہ کیوں میں نے کہا

کہ آپ کی جماعتیں تو نماز کیلئے بلانے جاتی ہیں اور مسجد میں جمع کرتی ہیں اور نماز کے لئے جھنڈ انصاً رد ہو چکا ہے۔ فرمایا کہ جزاکم اللہ بس بھائی ملتوی۔ (آپ بیتی نمبر:۴ص/۱۷۸،۱۷۹)

## مشکوٰۃ و ترمذی شریف کی بسم اللہ

ایک دفعہ اتفاقیہ حضرت شیخ الحدیث زید مجدہ کو دہلی جاتے ہوئے تاخیر ہوئی تو حضرت مولانا محمد الیاس قدس سرہٗ نے حضرت مولانا محمد یوسف صاحب نور اللہ مرقدہ اور مولانا انعام الحسن صاحب مدظلہ کی مشکوۃ شریف کا شروع حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے کرانے کی وجہ سے کئی ماہ مؤخر فرمایا۔ حضرت اقدس شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

چچا جان نور اللہ مرقدہ نے عزیزان مولانا یوسف صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا انعام الحسن صاحب سلمہ کی مشکوۃ شریف کی بسم اللہ کئی ماہ تک مؤخر کی کہ مجھے اتفاقیہ حاضری میں دیر ہوتی رہی اور پھر اپنی موجودگی میں میرے شدید انکار کے باوجود خود پاس بیٹھ کر مجھ سے کرائی اور ترمذی شریف کی بسم اللہ قبل از وقت یہ کہہ کر اس سیہ کار سے کرائی کہ تمہارا دوبارہ آنے کا انتظار نہ کرنا پڑے۔ ترمذی شریف کی بسم اللہ کراتے جاؤ۔

عزیزان کو صرف ابوداؤد پڑھنے کیلئے ایک سال کے لئے سہارنپور بھیجا جس میں انہوں نے ابوداؤد کے علاوہ حدیث کی دوسری کتابیں بھی دوسرے اکابر حدیث سے پڑھیں یا سنیں۔



(آپ بیتی نمبر:۵ص/۱۱۹)

## ایک مقولہ اور اس کی شرح

حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں۔

اس ناکارہ کے چچا جان قدس سرہ کا ایک مشہور مقولہ تھا جو بار بار فرمایا کرتے کہ میری تبلیغ کا جتنا یہ (زکریا) مخالف ہے اتنا بڑے سے بڑا مخالف بھی مخالف نہ ہوگا اور میری تبلیغ کی تقویت اور حمایت جتنی اس سے حاصل ہے اتنی میرے کسی موافق سے موافق اور معین و کارکن سے بھی حاصل نہیں ہے۔ اور دونوں ارشاد ان کے بالکل صحیح تھے۔ پہلے جملہ کی شرح تو یہ ہے کہ یہ ناکارہ سیہ کار، نابکار علمی زور پر اشکالات خوب کیا کرتا تھا، یہاں بھی ایک جملہ معترضہ آ گیا میرے مخلص دوست قاری مفتی سعید مرحوم نے ایک مرتبہ مجھ سے یوں فرمایا کہ حضرت دہلوی کی چیزوں پر جتنا تم اعتراض کرتے تھے مولوی یوسف مرحوم کی باتوں پر اتنا اعتراض نہیں کرتے۔ میں نے کہا کہ بالکل صحیح کہا۔ چچا جان کے سامنے تو میری حیثیت تو ایک شاگرد اور خورد کی تھی، میرے اعتراض سے نہ تو ان کی شان پر کوئی اثر پڑتا تھا اور نہ کام پر، عزیز یوسف کے ساتھ میرا معاملہ بڑائی کا ہے، مجمع میں اس پر اعتراض کرنے سے کام پر بھی اثر پڑے گا اور اس کے وقار پر بھی اس لئے مجھے جو کہنا ہوتا ہے تنہائی میں کہتا ہوں۔

چچا جان نور اللہ مرقدہ کے دوسرے جملہ کا مطلب یہ تھا جس کو انہوں نے بار بار مجمع میں بھی فرمایا کہ میری یہ نسبت میرے معاصرین خاص طور سے حضرت مدنی، حضرت میرٹھی نور اللہ مراقدہما وغیرہ جتنا اس سے دبتے ہیں مجھ سے نہیں دبتے یہ میرے لئے وقایہ ہے، اگر یہ نہ ہوتو وہ مجھے دبالیں۔ اور یہ بالکل صحیح فرمایا ان دونوں اکابر کے یہاں اس سیہ کار کی بہت شنوائی تھی۔

## ایک خواب کی تعبیر

ایک دفعہ نظام الدین میں یہ ناکارہ اور حضرت رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ تشریف فرما تھے چچا جان قدس سرہ نے خواب دیکھا کہ سب سے آگے چچا جان چل رہے ہیں ان کے پیچھے میں چل رہا ہوں میرے پیچھے حضرت اقدس مرشدی ومولائی سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ چل رہے ہیں۔ فرمایا کہ تعبیر دو۔ حضرت اقدس رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ نے عادت کے موافق فرمادیا کہ اس کی تعبیر تو حضرت شیخ دیں گے۔ میں نے عرض کیا کہ پہلا جزء تو صاف ہے کہ میں تو آپ کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرتا ہوں۔ مگر چلا نہیں جاتا۔ مگر دوسرا جزء بالکل سمجھ میں نہ آیا۔ فرمانے لگے کہ بس یہ خواب تو بہت صاف اور واقعہ ہے کسی تعبیر کا محتاج نہیں۔ میری پشت پناہی صرف تم سے ہورہی ہے اگر تم نہ ہو تو میرے معاصرین مجھ کو دبالیں گے۔ اور تمہاری پشت پناہی حضرت نور اللہ



مرقدہ سے ہورہی ہے کہ حضرت کی وجہ سے یہ حضرات تم سے دب جاتے ہیں۔ اور یہ بالکل صحیح فرمایا۔ بیسیوں واقعات اس قسم کے پیش آئے جن کا لکھوانا اب بے ادبی ہے۔

(آپ بیتی نمبر:۴/ ص:۱۶۵/۱۶۷)

شاہ عبد الرحیم! اس سے مراد حضرت مولانا الحاج الشاہ عبد الرحیم صاحب رائے پوری قدس اللہ سرہ العزیز خلیفہ ومجاز قطب اقطاب محدث گنگوہی قدس سرہٗ کی ذات گرامی ہے۔

## حضرت مولانا شاہ عبد الرحیم صاحب رائے پوریؒ

جن کا تذکرہ حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب میرٹھی قدس سرہٗ اس طرح فرماتے ہیں۔

زباں پہ بار خدایا یہ کس کا نام آیا
کہ میرے نطق نے بوسے میری زباں کے لئے

حضرت ممدوح اس صدی کی وہ مقتدر ہستی تھی جو گذشتہ صدیوں کے بزرگان مشاہیر کا نمونہ بن کر دنیا میں آئی تھی۔ شان تفویض کی مجسم تصویر، بحر توحید کی غواص، تسلیم ورضا میں غرق اور توکل واعتماد میں فنا، شریعت میں آپ عالم متبحر تھے۔ مگر طریقت کا آپ پر غلبہ تھا کہ دیکھنے والا آپ کو مولوی وعالم نہ سمجھتا تھا، یکسوئی اور وحدت نشینی آپکی طبیعت ثانیہ تھی مگر حق تعالیٰ کو آپکے نور فیضان سے عالم کو منور کرنا تھا اسلئے جس گمنامی وپنہائی کے آپ متمنی وشیدا تھے اس میں کامیاب نہ ہوئے، مخلوق کو قدرتی طور پر آپ کی طرف کشش ہوتی اور آپ جتنا دنیا سے بھاگتے، گھبراتے اور دامن چھڑاتے تھے اسی قدر دنیا آپ کا تعاقب کرتی لپکتی اور دامن پکڑتی تھی آپ کے حالات عجیبہ بیان کرنے سے زبان عاجز ہے،



محبوبیت آپ پر سایہ افگن تھی اور اس لئے مخلوق کو آپ کے وجود باوجود سے ظاہری وباطنی ہر قسم کا ہر وقت نفع پہنچتا رہتا تھا۔ آپ کا قیام قصبہ رائے پور ضلع سہارنپور میں بستی سے باہر ایک باغ میں تھا۔ جس کے نیچے نہر جاری تھی اور دنیا ہی میں حق تعالیٰ نے آپ کو "جنت تجری من تحتها الانهار" کا مصداق بنا رکھا تھا۔

آپ حضرت گنگوہی قدس سرہ کے اجل خلفاء میں تھے اور غلبہ کتمان واخلاص کی وجہ سے نقشبندیت کا آپ پر غلبہ تھا۔ کہ باغ کے پتہ پتہ اور نہر کے قطرہ قطرہ سے ذکر اللہ سنائی دیتا اور بے وبے حس شخص بھی حاضر خدمت ہو کر اس اندرونی لذت کو محسوس کرتا تھا۔ جس میں آپ کا اور آپ کے متوسلین کا ہر لحظہ گذرا کرتا تھا۔

نقشبندیہ عجب قافلہ سالار اند
کہ برندا زرہ پنہاں بحرم قافلہ را

نقشبندیہ عجیب قافلہ سالار ہیں اس لئے کہ قافلہ کو پوشیدہ راستہ سے حرم میں لے جاتے ہیں۔

## قرآن وسنت سے عشق

آپ سنت نبویہ کے عاشق تھے اور تعلیم قرآن مجید سے بالخصوص مانوس کہ تمام علوم دینیہ بلکہ دین کی اصل یہی ہے اور عام طور پر اس کی طرف توجہات کے قلیل ہو جانے سے آپ کی توجہ اس کی طرف اور زیادہ بڑھ گئی تھی۔ جگہ جگہ مکاتیب قرآنیہ جاری کرنے کے آپ حریص تھے۔ اور بچوں کو صحیح صاف، سادہ لہجہ میں قرآن مجید

پڑھتا ہوا دیکھ کر آپ بہت خوش ہوا کرتے تھے۔

## مثالی مدرسہ قرآن

خود آپ کے باغ میں بھی ایک مدرسہ تھا جو توکل کا مجسمہ تھا کہ نہ کوئی جائداد اس کے لئے وقف تھی نہ کہیں سے چندہ مقرر تھا بلکہ حاضر ہونے والے مخلصین میں کوئی اہل مال یا خوش حال حاضر ہوتے تو ان کے سامنے مدرسہ کا تذکرہ کرنا بھی آپ کو گراں گذرتا تھا کہ یہ تذکرہ بھی ایک قسم کا سوال ہے اور مخلوق پر اپنی حاجت کا پیش کرنا یا اس میں کسی قسم کی ان سے مدد چاہنا آپ کی طبعی غیرت کو گوارہ نہ تھا۔ بایں ظاہری بے سروسامانی کے بستی کا یا باہر کا جو بچہ بھی پڑھنے کے خیال سے آتا وہ بشوق ورغبت لیا جاتا اور اس کو اپنا محسن سمجھ کر محبت وشفقت کیساتھ فوراً داخل کرلیا جاتا تھا۔ ماشاء اللہ اس مکتب میں ستر سے زائد طلبہ تھے جن کے کھانے اور کپڑے کی تمام ضروریات خزانہ غیب سے پوری ہوا کرتی تھیں۔ ان طلبہ میں اندھے اور معذور بھی ہوتے تھے۔ جن کی کفالت والدین اور کنبہ کو بھی بار معلوم ہوتی تھی۔ اور اس لئے وہ مدرسہ میں آجاتے تھے کہ یہاں ماں باپ سے زیادہ شفقت کرنے والے ان کو ملتے تھے۔ نیز یہاں ایسے چھوٹے نوعمر بچے بھی تھے جن کو منہ دھونا بھی اچھی طرح نہیں آتا تھا اور ان کے ماں باپ ناداری کی وجہ سے ان کو مکتب میں پہنچا دیتے تھے یہ دیکھ کر حیرت ہوتی تھی کہ مدرسہ میں پہنچ جانے کے بعد ان بچوں کا ایسا دل لگتا تھا کہ پھر نکالے بھی نہ نکلتے تھے ہر خوردسال اور نابینا ومعذور بچہ کسی سمجھ دار بڑے طالب علم کی نگرانی میں دے دیا جاتا تھا کہ وہی اس کی بول وبراز وخورد ونوش کی تمام ضروریات کا کفیل بنتا۔ ہاتھ پکڑ کر جنگل لے جاتا واپس لاکر حمام وسقایہ بتاتا لوٹہ میں پانی لیکر منہ دھوتا اور آہستہ آہستہ ہر



ستھرائی وصفائی کی پیار کے ساتھ اس کو تعلیم دیتا رہتا تھا۔ تمام عموماً گاؤں کے باشندے ہوتے تھے جن کی گذران سادہ اور جفاکشی طبعی عادت تھی۔ اس لئے حضرت کو اس کا لحاظ بھی زیادہ تھا کہ طلبہ کاہل نہ بنیں لہذا ان کی اور مدرسہ کی تمام ضروریات کا بار خود انہیں پر تھا کہ چند طلبہ کے متعلق روٹی پکانا اور وہ مدرسہ سے چھٹی ملتے ہی سارے مدرسہ کی روٹیاں پکایا کرتے اور چند طلبہ کے ذمہ پانی لانا تھا کہ وہ وقت آتے ہی گھڑے لے کر نہر پر جاتے اور جس قدر پانی کی بھی مدرسہ کے تمام طلبہ کو ضرورت ہوتی وہ گھڑے اور مٹکے لبریز کردیا کرتے تھے مسجد کا سقایہ بھی وہی بھرتے اور جنگل سے خود لکڑی کاٹ کر یا چن کر بھی طلبہ ہی لاتے تھے آٹھویں دن اپنے اور اپنے ان ناسمجھ بچوں کے جو ان کی تحویل میں ہوتے کپڑے دھوتے اور نہر پر جاکر خود نہاتے اور ان کو مل مل کر نہلایا کرتے تھے۔

غرض ضروریات بشریہ کا کوئی کام ایسا نہ تھا جو ان سے نہ لیا جاتا ہو۔ اور اس طرح پر نہ ان میں کاہلی آنے پاتی تھی اور نہ ان میں وہ مادہ پیدا ہوتا تھا جس کی وجہ سے آئندہ اپنی ضروریات پورا کرنے میں ان کو عار آوے یا کسی کام کو خلاف شان سمجھیں۔ خس پوش مکان جس کی دیواریں بھی پھونس اور بانس کی تھیں ان کا مدرسہ تھا اور جنگل کی زمین جو نہ کبھی میلی ہو کہ دھلنے کی ضرورت پڑے نہ پھٹے اور نہ پرانی ہو کہ بدلنے کی حاجت پیش آوے ان کا فرش تھا۔ جس پر دینی ودنیوی ضروریات سے فارغ ہو کر آرام سے لیٹتے اور ہنسی خوشی سو کر ہنستے خوش ہوتے اٹھ بیٹھا کرتے تھے۔

صبح صادق سے ڈھائی گھنٹہ قبل آخر شب میں سب کو جگا دیا جاتا اور وہی وقت ان بچوں کے اپنا سبق یاد کرنے کا ہوتا تھا کہ چار چار پانچ پانچ طلبہ دائرہ بنا کر ایک چراغ بیچ میں رکھ کر تھوڑے تھوڑے فصل پر بیٹھ جاتے اور دن میں پڑھا ہوا سبق یاد

کرتے تھے اس طرح بچپن ہی سے ان کو اخیر شب میں اٹھنے کی عادت ہوجاتی اور وہ برکات جو اس مبارک وقت میں قدرت نے رکھی ہیں باسانی ان کو حاصل ہوجاتی تھیں۔ نو وارد طلبہ شروع شروع میں کسمساتے مگر ساٹھ ستر طلبہ کا آواز بلند پڑھنا ان کو میٹھی نیند سونے نہ دیتا اور آخر چار دن کے بعد وہ خود اپنے زمرہ میں شامل ہوجاتے تھے کہ نہ نیند رہتی تھی نہ خمار، یہ سنسان گھڑیوں کے چند منٹ جس میں معدہ بھی صاف اور ہلکا ہوتا تھا اور یکسوئی بھی بدرجہ کمال تھی۔ وہ دن کے چند گھنٹوں سے بڑھ کر حفظ میں مدد دیتے اور صبح کو سبق ایسا فرفر سناتے تھے کہ تمام دن رٹنے والا کبھی ایسا نہیں سنا سکتا۔

## صبغۃ اللّٰہی مکتب

مکتب کیا تھا نائب رسول جامع شریعت وطریقت شیخ کی خانقاہ تھی۔ جس میں کچی لکڑیوں کو باآسانی سیدھا کیا جاتا اور ان اخلاق حسنہ کو عادت وخو بنا کر دلوں میں رچایا جاتا تھا جو بڑے ہو کر برسوں کے مجاہدہ سے بھی حاصل نہیں ہوسکتیں۔

ایثار وشفقت علی الخلق کا ان بچوں میں ایک خاص مضمون ہوتا تھا اور قناعت وصبر کا ایک مخصوص رنگ۔ ایک مرتبہ صبح سویرے بندہ خس پوش مسجد میں چلا گیا جو خس پوش مدرسہ کے متصل تھی تو میں نے ایک بچہ کے رونے کی آواز سنی جس کی عمر سات آٹھ برس کی تھی سسکیاں لے رہا اور اس کا نگران طالب علم بڑے پیارے لہجہ میں اسی اپنی دیہاتی سادہ زبان میں اس سے پوچھ رہا تھا کیوں رو رہے ہو۔ کیا ماں یاد آرہی ہے یا پیٹ میں درد ہے۔ میں تو تیرے پاس موجود ہوں اور تیری ہر خدمت کو حاضر ہوں کچھ تو بتا کیوں پریشان ہے تاکہ اس کا انتظام کروں۔ دیر ہوگئی کہ نہ بچہ کی سسکیاں تھمیں اور نہ طالب علم پوچھنے اور بہلانے پھسلانے سے اکتایا آخر جماعت کا وقت



آیا تو اس کو گود میں اٹھا کر باہر لایا اور خدا جانے کہ کیا تدبیر کی کہ اس کو منالیا اور وضو کرا کے اس کو سنتیں پڑھانے میں لگا دیا۔ سلام پھیر کر دیکھتا ہوں تو وہ پیچھے بچوں کی صف میں بیٹھا دعا مانگ رہا ہے۔

## مسجد نبوی کا نقشہ

صرف یہی ایک جگہ تھی جہاں مسجد نبوی کا نقشہ نظر آتا تھا اور بارش میں ٹپک کر سجدہ گذار پیشانی کو تر زمین سے مانوس کیا کرتی تھی اور بلا مبالغہ کہتا ہوں کہ جو لطف پھونس کے سایہ میں اس ستھرے ریتیلے فرش پر نماز پڑھنے میں نصیب ہوا وہ آج تک کبھی اور کہیں نصیب نہیں ہوا۔[1]

## انعام خداوندی کا عجیب واقعہ

حضرت کو حق تعالیٰ نے توکل کی نعمت نصیب فرمائی تھی اور اس لئے مدرسہ کا یہ بڑا کارخانہ نہ کسی محصل کا حاجتمند تھا نہ سفیر ومبلغ کا بمقتضائے۔

"ہر کسے را بہر کارے ساختند"

آپ کا ایک رنگ خاص تھا جس میں آپ مستغرق تھے اور اس لئے بلا اسباب ظاہری آپ کے سارے کام منجانب اللہ انجام پایا کرتے تھے۔

ایک مرتبہ ملا عبدالعزیز صاحب نے جو کہ آپ کے قدیم مخلص خادم اور مدرسہ کے نگران اعظم تھے آکر اطلاع دی کہ آٹا بھی ختم ہوچکا اور لکڑیاں بھی تمام ہوگئیں کل کے لئے نہ جنس کا دانہ ہے نہ پاس کوئی پیسہ۔ آپ سن کر خاموش ہوگئے اور کچھ جواب نہ

[1] از تذکرۃ الخلیل ص/۲۳۶،۲۳۹۔

دیا مگر خود فرماتے تھے دل میں اپنے مالک سے یہ دعاء ہوئی کہ اے کریم آقا تیری مخلوق جو تیرے کلام کی تلاوت و تعلیم میں مشغول ہے۔کیا فاقہ کرے گی اس کے بعد فوراً ہی یہ مضمون دل پر جما کہ تو جان، تیرا کام اگر فاقہ ہی کرانا منظور ہے تو صبر کی توفیق بخشئے کہ یہ بھی آپ ہی کے ہاتھ میں ہے۔رات ہوئی اور موجودہ غلہ پک پکا کر مٹکے خالی ہو گئے۔مگر آپ کی طبیعت پر نہ ہراس نہ پریشانی آئی نہ کسی سے قرض مانگنے کا وسوسہ ہوا۔

صبح نہ ہوئی تھی کہ طالب علم جو نہانے کیلئے ندی پر گئے تھے دوڑے ہوئے آئے اور کہا حضرت جی ندی میں لکڑیاں بہی چلی آ رہی ہیں۔خوشی کے مارے چہرہ دمک اٹھا۔اور آپ نے فرمایا کہ کریم رازق نے تمہاری روزی کا سامان بھیجا ہے جاؤ جتنی سمیٹی جائیں۔سمیٹ لاؤ چنانچہ سارے طالب علم دوڑ پڑے اور روک لگا کر لکڑیاں لادنا شروع کر دیں کہ دو گھنٹے میں اتنا اونچا ڈھیر لگ گیا کہ جس سے زیادہ کی گنجائش بھی نہیں تھی۔لکڑیوں کی آمد بھی بند ہو گئی اور اب آٹے کی ضرورت رہ گئی۔دو گھنٹہ بعد ڈاکیہ آیا اور ڈیڑھ سو روپیہ کا منی آرڈر پیش کیا جس میں لکھا تھا کہ مدرسۃ القرآن کے لئے بھیجتا ہوں۔اس کے خرچ میں لائیں۔آپ فرماتے تھے کہ بھیجنے والے کا نام پوچھا تو ایسا شخص جس کو میں جانتا بھی نہ تھا میں نے بار بار کہا کہ کسی اور کا ہوگا۔کیوں کہ بھیجنے والا میرے ذہن میں نہیں آیا مگر ڈاکیہ نے کہا کہ پتہ آپ کا، نام آپ کا مرسل کو آپ



پہچانیں یا نہ پہچانیں، مگر اس میں کوئی شک ہی نہیں کہ آپ کا ہے۔پس آپ نے وصول فرما لیا اور یہ کہہ کر ملا عبدالعزیز کے حوالے کیا لو ملا جی اللہ نے اپنے مہمانوں کے آٹے لکڑی کا سامان کر دیا۔روٹی کا وقت آ گیا ہے اس لئے جلدی سے آٹا منگا لو کہ لکڑی موجود ہے۔موٹی موٹی روٹیاں پکا کر نمک سے سب کھا لیں۔آپ فرمایا کرتے تھے کہ وہ لکڑیاں پورے چھ مہینے کام آئیں اور روپیہ کا تو آج تک پتہ نہ چلا کہ کس نے بھیجا تھا۔الحمدللہ اس کے بعد مدرسہ کو کبھی ایسی صورت پیش نہیں آئی اور نہ میں نے جانا کہ مولیٰ کریم کہاں سے بھیجتے ہیں۔اور کس سے دلواتے ہیں۔

کارساز مابساز کارما
فکر مادر کارما آزارما

صبر و شکر، قناعت، اخلاص، علم و یقین، تفوض و توکل، رضا و تسلیم کی آپ مجسم تصویر تھے۔''ہر چہ از دست دوست می رسد نیکو است'' آپ کی خو تھی، مرض اور تکلیف کا کتمان آپ میں اتنا بڑھا ہوا تھا کہ اس کا ظاہر کرنا یا زبان سے نکالنا بھی آپ اپنے اللہ جل جلالہ کی شکایت کرنا سمجھتے اور مخلص سے مخلص حاضر باش کو بھی پتہ نہ چلتا تھا کہ آپ کو تکلیف ہے۔

## صبر و تحمل

ایک بار حاضرین نے دیکھا کہ نماز کیلئے مسجد کو جاتے وقت آپ کے پاؤں میں کنگ ہوتی ہے اور پوچھا بھی کہ حضرت

کیا کچھ تکلیف ہے۔ مگر آپ نے فرمایا کہ نہیں الحمدللہ ہر طرح راحت ہے کئی دن متواتر اس حال پر گذر گئے۔ آخر چھٹے ساتویں دن مسجد کو جاتے ہوئے پاجامہ پیپ اور خون سے بھر گیا اور اس وقت خدام کو پتہ چلا کہ دنبل تھا جو اندر ہی اندر پک رہا تھا۔ اور آپ زبان سے ذکر فرماتے تھے نہ چلنے میں اثر محسوس ہونے دیتے تھے کہ بزبان حال اظہار نہ ہو جائے۔

## دل جوئی اور مدارات

اس کے ساتھ مخلوق کی دل جوئی و مدارات بھی آپ میں کوٹ کوٹ بھری گئی تھی کہ ہر شخص یوں سمجھتا تھا حضرت کو اس سے زیادہ محبت میرے ساتھ ہے۔ اس لئے دونوں کے جمع ہوجانے کے وقت آپ کو بڑی ضیق پیش آتی، کہ جب آپ کا مرض کھل جاتا تو خدام کا اصرار ہوتا تھا دوا استعمال کرنے کا اور آپ طبعی اقتضاء سے دوا کا استعمال مکروہ سمجھتے تھے کہ جس مالک نے مرض دیا ہے وہی معالج کافی ہے۔ اور ادھر خدام سے صاف انکار فرما کر ان کی دل شکنی نہ کر سکتے تھے اس لئے مفید و مضر ہر دوا یہ سمجھ کر کہ یہ بھی من جانب اللہ ہے آپ پیتے اور دوا کے مؤثر ہونے کا کسی درجہ میں بھی آپ کا واہمہ نہ ہوتا تھا۔

## زہر دینے والے حکیم کی دلجوئی

ایک مرتبہ ایک نادان طبیب نے مخلصانہ خدمت کا حق ادا کرتے ہوئے آپ کو زہر دے دیا کہ فوراً آپ کو قے ہوگئی اور مرض ترقی کر گیا۔ ڈاکٹری تشخیص سے پتہ چلا کہ چند منٹ قے نہ ہوتی تو جانبری محال تھی، حضرت سے جس کو ذرا بھی تعلق تھا وہ



حکیم صاحب پر آنکھیں نکالتا اور ان کی صورت سے بیزار ہوگیا۔ مگر آپ کو حکیم صاحب کی ندامت اور اپنے خدام کی ان سے یہ وحشت ایک مستقل تکلیف بن گئی کہ وہ بھی کتمان وضبط میں رہی جس کا اثر یہ تھا کہ حکیم صاحب تشریف لائے تو آپ ان کو سب سے الگ اپنے پاس چارپائی پر بٹھاتے اور کسی کی بھی دوا کا استعمال ہو مگر حکیم صاحب سے مشورہ لیا کرتے اور اس کو مناسب مرض بتاتے تو آپ استعمال فرماتے ورنہ ان سے ایسی باتیں کرتے جس سے ان کو یقین ہو جاتا کہ حضرت میرے معالجہ کے معتقد اور میری حذاقت و مزاج شناسی کے معترف ہیں اور مخلص خدام سے ایک دفعہ نرم لہجہ میں اس طرح فرمایا کہ۔

حکیم صاحب تو میرے محسن ہیں غلطی تو ہر بشر کے ساتھ لگی ہوئی ہے۔ مگر جو کچھ کیا وہ محبت و شفقت ہی کی نیت سے کیا۔ ان کو کوئی ترچھی نظر سے دیکھتا تو میرے دل پر ایک برچھی لگتی ہے۔

فاعل مختار بجز مولیٰ کریم کے کوئی نہیں، جو ہوا وہ اس کی مشیت سے ہوا پھر کسی کو کیا حق ہے کہ آلہ واوزار کو سرزنش کرے۔

## سفر حج میں رفقاء کی دلداری

دلداری خلق کا رنگ آپ پر اتنا غالب تھا کہ پیاری سے پیاری چیز اس کے مقابلہ میں ہیچ تھی، آپ سفر حج کو چلے اواسی بیاسی نفر آپ کے ساتھ ہوئے جن میں مختلف طبقات اور مختلف خیالات کے لوگ تھے اتنا جم غفیر اور ان کی خبر گیری کوئی آسان نہ تھی خصوصاً جب کہ آپ کے ساتھ اہلیہ اور بہو اور صاحب زادہ عبدالرشید مرحوم بھی تھے۔ کہ اپنے ہی انتظامات کی سنبھال مشکل تھی۔ مگر اللہ رے ہمت، نہ بیوی بچہ کا فکر ہوا نہ اپنی جان کا رفقاء میں ہر شخص کی راحت کا خیال مقدم تھا بمبئی پہنچے تو جہاز

تیار مگر سب کے ٹکٹ ملیں تو آپ سوار ہوں اور وہاں دس بارہ سے زیادہ ٹکٹ ہی باقی تھیں آخر رفقاء کو آپ نے روانہ کیا اور خود دوسرے جہاز کے انتظار میں پندرہ دن پڑے رہے۔

## بیٹا بیمار ہے مگر رفیقوں کا خاص خیال

مکہ مکرمہ پہنچ کر عبدالرشید مرحوم پیچس میں مبتلا اور اتنا بیمار ہوا کہ کروٹ لینا مشکل مگر آپ کو رفقاء کے ساتھ نہ اپنی تکلیف کا حس نہ بچہ کی تکلیف کا احساس جوں توں اونٹ پر لاد کر حج ہوا اور اب مدینہ منورہ کے لئے قافلہ کی تیاری کا وقت آیا تو ہر شخص کا تقاضا کہ جلدی چلو ہمارے پاس خرچ کم رہا ہے، اور اس لئے مکہ میں ٹھہر نہیں سکتے، عبدالرشید کی یہ حالت کہ اونٹ پر لیٹنا بھی مشکل چہ جائے کہ بارہ دن مسلسل کا کٹھن سفر مگر آپ نے تیاری کر دی اور مطوف کو سب کا کرایہ پہنچا دیا کہ اسی قافلہ میں ہمارے ساتھ چلنے کا انتظام کرو۔

اتفاق سے بندہ بھی اپنے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری قدس سرہ کے ساتھ بعد میں حاضر حرم ہو کر حضرت سے مل لیا تھا یہ حال دیکھ کر حضرت تشریف لائے اور بندہ ساتھ تھا۔ حضرت نے تیز لہجہ میں مولانا سے فرمایا کہ آپ مکہ میں ہیں جنگل میں نہیں۔ اس لئے اس حالت میں کہ عبدالرشید کسی طرح سفر کے قابل نہیں آپ کیوں عجلت کر رہے ہیں۔ مولانا (رائے پوری قدس سرہ) چونکہ حضرت (سہارنپوری قدس سرہ) کا بہت ہی زیادہ احترام فرماتے تھے کہ شاید کوئی مرید اپنے پیر کا بھی اتنا احترام نہ کر سکے اس لئے گھبرا گئے اور عرض کیا کہ حضرت کیا کروں رفقاء کو اپنی خاطر تکلیف میں نہیں ڈالا جاتا کہ ان کو عجلت ہے اور خرچ کم ہو چلا وہ میری وجہ سے رکے تو ان کا مکہ میں بادل ناخواستہ وحشت کے ساتھ قیام ان کے لئے موجب



وبال ہو جائے گا۔ حضرت نے کہ اپنے صاف گوئی کے دوسرے رنگ میں غرق تھے۔ بیساختہ فرمایا تمہیں ان کے روکنے کی ضرورت نہیں کہہ دو جس کا دل چاہے جائے اور میں اس وقت عبدالرشید کی شدت علالت کے سبب سفر نہیں کر سکتا۔ آخر رفقاء کی مراعات آپ پر ضروری ہے تو عبدالرشید کی مراعات ان سب سے زیادہ ضروری ہے کہ رفیق سفر بھی ہے اور بیٹا بھی ہے جس کے حقوق سب پر مقدم ہیں۔

مولانا گردن جھکا کر چپ ہو رہے اور جب حضرت چلنے لگے تو اشارہ سے مجھے (مولانا عاشق الٰہی صاحب میرٹھی نور اللہ مرقدہ) رک جانے کا امر فرمایا اور پھر تنہائی میں اپنی پریشانی وضیق ظاہر فرمائی کہ سمجھتا سب کچھ ہوں مگر یہ لوگ میری معیت کے لئے گھروں سے چلے ہیں اب کس منہ سے جواب دوں کہ تم جاؤ میں نہیں جاتا۔ ان کے دل کیا کہیں گے کہ عبدالرحیم کی معیت کے شوق میں حج کو گئے اور اس نے معیت چھوڑ کر ٹکا سا جواب دے دیا اب دوسری ضیق حضرت کی گرانی خاطر پیش آ گئی کہ حضرت کے خلاف مزاج سفر کس طرح کروں۔

رہا عبدالرشید کا قصہ سو موت ہے یا حیات امر مقدر ہے اور وقت مقرر ہے جتنے دنوں کی لے کر آیا ہے اس میں ایک لمحہ کی کمی بیشی نہیں ہو سکتی سب گذر ہی جائے گی۔ اب معاملہ تیرے سپرد کرتا ہوں کسی طرح حضرت سے بخوشی اجازت دلا دے کہ میری تو حضرت کے سامنے عرض کی ہمت ہی نہیں۔

مجھے در حقیقت دونوں حضرات سے محبت وعقیدت تھی کہ حضرت اگر داہنی آنکھ تھے تو مولانا میری بائیں آنکھ تھے اور واقعہ یہ ہے کہ ان دونوں حضرات کو بھی اس ناکارہ کے ساتھ اسی نسبت کا تعلق شفقت وتربیت کا تھا اس لئے دونوں حضرات کے رنگ سے انس ومناسبت رکھتا اور ہر ایک کا نرالا حظ لیا کرتا تھا۔ میں وہاں سے رخصت

ہوکر حضرت کے پاس آیا اور عرض کیا کہ حضرت مجھ سے زیادہ حضرت کو علم ہے کہ مولانا پر رفقاء کی مراعات و دلداری خلق کا اتنا غلبہ ہے کہ اس کے ترک پر قدرت نہیں رکھتے اور عبدالرشید کی تکلیف چونکہ بیٹا ہونے کی حیثیت سے خود حضرت کی تکلیف ہے اس لئے رفقاء کی اتنی دل جوئی پر کہ ساتھ بھی نہ چھوٹنے پائے اپنی ہر تکلیف کو برداشت کرنا حضرت کو سہل ہے مگر اس وقت حضرت کے ارشاد پر ایک بڑی ضیق مولانا کو یہ پیش آ گئی کہ نہ دل داری و معیت رفقاء چھوٹ سکے اور نہ حضرت کے خلاف حکم کچھ کرسکیں۔ عجیب پریشانی ہے کہ مجھے اندیشہ ہے حضرت اس کشاکشی میں خود علیل نہ ہو جائیں۔ حضرت کو مولانا سے خود محبت تھی یہ سن کر متاثر ہوئے اور فرمایا اچھا بھئی بنام خدا سفر کریں۔ خدا حافظ و ناصر ہے۔ میں اسی وقت واپس آیا اور عرض کیا کہ حضرت اپنا قصد پورا فرمادیں کہ حضرت کی طرف سے اجازت ہے چنانچہ آپ نے بمعیت رفقاء سفر کیا اور اسی حالت میں مدینہ منورہ سے ینبوع ہو کر جہاز میں سوار ہوئے۔

## لخت جگر عبدالرشید کا انتقال

حتی کہ عدن کے قریب عبدالرشید مرحوم راہی عالم قدس ہوا اور آپ نماز جنازہ سے فارغ ہو کر بیٹے کی نعش کو سمندر کے حوالہ کر کے اسی سکون سے بیٹھے رہے جو آپ کے لئے گویا فطری تھا۔

عبدالرشید کے خسر حاجی عبدالعزیز بھی شریک حج تھے اور مرحوم کی خدمت و تیمارداری انہیں کے حوالہ تھی بندہ جب سفر سے واپس ہو کر رائے پور پہنچا تو کمال حسرت کے ساتھ فرمانے لگے کہ مرحوم کی آخری سانس سے لے کر اب تک اس ارمان میں ہوں کہ حضرت کی زبان سے عبدالرشید کا نام سنوں مگر حضرت سے کوئی



تذکرہ ہی ایسا نہ سنا جس میں مرحوم کا نام لیں۔ تیرے انتظار میں ٹھہرا ہوا تھا کہ مجھے حضرت سے مرحوم کا نام سنوا دے میں نے کہا بہتر ہے کوشش کروں گا۔

چنانچہ حاضر ہوا اور سمجھتا تھا کہ حضرت کو درحقیقت میرے ساتھ بے حد محبت ہے، اس لئے سارے سفر کی باتیں کرکے میں نے عرض کیا کہ حضرت معلوم ہوا کہ عبدالرشید مرحوم جانبر نہ ہوا۔ اور عدن کے قریب رخصت ہوا۔ حضرت اس کو گھول گئے اور کچھ جواب نہ دیا پھر میں نے عرض کیا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ حضرت مجھے عبدالرشید جیسا بیٹا سمجھیں۔ بس اس پر جوش آ گیا اور بیساختہ فرمایا عبدالرشید جیسے پچاس ہوں تو تجھ پر قربان اور تیرے ساتھ محبت کا مقابلہ عبدالرشید کی محبت کیسے کرسکتی ہے۔

حضرت کی یہ شفقت دیکھ کر میری آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور حاجی عبدالعزیز صاحب کا ارمان پورا ہو گیا کہ انہوں نے دو مرتبہ مرحوم کا نام حضرت کی زبان سے سن لیا (تذکرۃ الخلیل از: ص/۲۴۰/تا: ص/۲۴۶)

## حق و باطل کی معرفت کا معیار

ایک دن آپ کی مجلس میں بدعت وسنت کے مسائل اختلافیہ کی بحث ہونے لگی۔ آپ دیر تک سنتے رہے اور آخر میں فرمایا کہ میرے نزدیک علاوہ دلائل علمیہ کے حق و باطل پہچاننے کا ایک معیار اور بھی ہے، وہ یہ کہ قدرت نے ہر چیز میں اس کے ہم

جنس کی طرف کشش کا مادہ رکھا ہے کہ ''کبوتر با کبوتر باز'' اور یہ قدرت کا عطیہ جس کو فطرت کہنا چاہئے، اجسام ہوں یا اعراض سب ہی میں جاری وساری ہے۔ پس جس فعل کے متعلق یہ شبہ ہو کہ نہ معلوم حق ہے یا باطل اس میں یہ دیکھنا چاہئے کہ اس کی طرف میلان کن قلوب کا ہوا اور کشش کس قسم کے لوگوں کی ہے۔ پس اگر دیکھو کہ بددین فساق فجار کو ابتداءً اس کی طرف حرکت ہوئی اور وہی قلوب جوش خروش کیساتھ اس کی طرف لپکتے ہیں، تو سمجھ لو کہ اس فعل میں ضرور ظلمت ہے۔ اگرچہ ظاہر صورت نورانی اور دینی معلوم ہوتی ہو۔ کیوں کہ اس میں نور ہوتا تو ظلمانی قلوب کو جذب نہ کرتا۔ بلکہ وہ اس سے بھاگتے اور نورانی قلوب اولیاء وصلحاء کے اس کی جانب کھنچتے۔

اور اگر کسی فعل کو دیکھو کہ دیندار اہل اللہ اس کی طرف جاتے اور عوام وبازاری اس سے بھاگتے ہیں تو سمجھ لو کہ ضرور اس فعل میں نورانیت ہے کہ اہل نور کے قلوب کو اس کی طرف کشش ہوئی اور ظلمانی قلوب نے اس سے وحشت کھائی۔

پس عوام کا کسی اختلافی مسئلہ کے متعلق یہ کہنا کہ ہم تو بے پڑھے ہیں اور دونوں طرف مولوی ہیں پھر ہم کیوں کر سمجھیں کہ کون حق پر ہے۔ خدا کے نزدیک معتبر اور عذر قبول نہ ہوگا۔ بالخصوص جب کہ وہ دونوں طرف علماء ہونے کے قائل ہو کر بھی ایک طرف بجس کے ہوئے ہیں جو دلیل ہے کہ ایک شق کو ان کے



نفوس نے ترجیح دے کر اختیار کیا اور اپنے اوپر سے الزام اتارنے کے لئے مولویوں میں فیصلہ نہ کر سکنے کا عذر تراشا ہے اس طرح پر غور کرنے سے ہر پڑھے سے بے پڑھا حق اور باطل سمجھ سکتا ہے کیوں کہ دیکھ رہا ہے کہ رسومات وبدعات رائجہ کی طرف یا تو وہ بازاری عوام جھکتے ہیں جن کو نماز، روزہ تک سے وحشت و بے تعلقی ہے۔ اور یا وہ پڑھے لکھے مائل ہوتے ہیں جن کی نورانیت قلوب کو حب مال وجاہ نے داب لیا ہے اور اگر کوئی مخلص دھوکہ کھا کر ادھر چلا بھی گیا تو خود اپنے قلب کو ٹٹول لے کہ وہ کشش نہ ہوگی جو درود ونماز، روزہ جیسی کھلی اور صاف عبادتوں کی طرف اس کو ہوتی ہے۔ اور اسلئے امید ہے کہ ان شاء اللہ کسی وقت اس کا قلب اسکی رہبری کرے گا۔ اور وہ متنبہ ہو کر نور سنت کی طرف ضرور آ جائے گا۔

اس کے بعد فرمایا ''اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ'' (یعنی انسان اپنی پسندیدہ چیزوں کے ساتھ ہوگا) میں بھی یہی راز ہے کہ محبت سے کشش ہوتی ہے اور کشش محبوب کو محبوب کے رنگ میں رنگ دیتی ہے۔ کہ جس درجہ کشش ہوگی اسی درجہ کی معیت لامحالہ مرتب ہوگی۔

اس کے بعد یہ بھی فرمایا کہ اس لئے یہ کہتے ہیں کہ اہل اللہ کی محبت بڑی نعمت ہے کہ جو کچھ ملتا ہے اسی کی بدولت ہے چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تمام صحابہ رضی اللہ عنہم پر فضیلت اسی محبت پر نصیب ہوئی ورنہ آپ کا مجاہدہ عملی اس درجہ نہ

تھا کہ تمام صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے بڑھادے اور محبت و کشش کے یہ اثرات تھے کہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رائے میں کبھی غلطی ہوئی تو ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی رائے بھی اس غلطی میں شریک اور شامل رہی کہ یہ غلطی کا اشتراک دوسروں کی اصابت رائے سے بہتر اور عند اللہ زیادہ وقیع تھا۔ اسی محبت کاملہ نے حضرت صدیق کو خلافت بلافصل کا اہل بنایا۔ جس کو حضرت نے بایں الفاظ ارشاد فرمایا ”یَابَی اللّٰہُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلَّا اَبَا بَکْرٍ“ کہ جس طرح ذات محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہوتے ہوئے اللہ اور اس کے ایماندار بندے کسی دوسرے کی حاکمیت کی طرف میلان نہیں کرسکتے اسی طرح وفات محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے محبّ مجانس کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے کی جانشینی کی طرف جھک ہی نہیں سکتے کہ حق دار کے حق کو قائم رکھنا ایک نور یہ ہے۔ اور نورانی ذات و نورانی قلوب کا نور کی طرف طبعی میلان ضروری اور فطری امر ہے۔ (تذکرۃ الخلیل ص ۲۵۰ تا ص ۲۵۳)

## تواضع و خدمت خلق

حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب قدس سرہ اپنا واقعہ بیان فرماتے ہیں۔

ایک دفعہ بندہ حاضر ہوا تو بعد مغرب دیکھا کہ مکان سے جو کہ بستی میں باغ سے دو فرلانگ کے فاصلہ پر تھا کھانا خود لئے آرہے ہیں۔ شرم کے مارے مجھے پسینہ آ گیا اور میں نے عرض کیا کہ حضرت کیا کوئی خادم نہ تھا کہ حضرت نے تکلیف فرمائی۔



بیساختہ فرمایا دل یوں ہی چاہا کہ خود لے کر چلوں کہ اس سے زیادہ خوشی کا وقت کون سا ہوگا۔

ایک مرتبہ حاضر ہوا تو شب کو آنکھ کھلی دیکھتا کیا ہوں کہ حضرت لاٹھی لئے باغ میں پھر رہے ہیں اٹھ کر بیٹھ گیا تو حضرت پاس آئے اور فرمایا جنگلی بھینسا کبھی کبھی باغ میں گھس آتا ہے۔ اس کی نگرانی کر رہا تھا کہ مہمانوں کی نیند خراب نہ کرے۔ آپ اطمینان سے سو جایئے صبح کو معلوم ہوا کہ حضرت کی تمام رات پہرہ داری میں ہی گذری۔

ایک مرتبہ مولوی وہاج الدین صاحب جو کہ حضرت گنگوہی سے بیعت تھے رائے پور آئے رات زیادہ جا چکی تھی اور سفر کا تکان بہت تھا ایک طرف لیٹ کر سو گئے ذرا دیر بعد آنکھ کھلی تو دیکھا ایک شخص پائینتی بیٹھا ہوا آہستہ آہستہ ان کے پاؤں دبا رہا ہے۔ مگر اس احتیاط سے کہ آنکھ نہ کھل جائے۔ اول تو یہ سمجھے کہ شاید حضرت نے کسی خادم کو بھیج دیا ہو۔ مگر پھر غور کی نگاہ ڈالی تو معلوم ہوا کہ یہ تو خود حضرت مولانا ہیں۔ یہ گھبرا کر اٹھے اور کود کر چار پائی سے نیچے آئے کہ حضرت یہ کیا غضب کیا فرمایا بھائی اس میں حرج کیا ہے آپ کو تکان بہت ہو گیا ہوگا ذرا لیٹ جایئے کہ آرام مل جائے۔ انہوں نے کہا کہ بس حضرت معاف فرمایئے میں باز آیا ایسے آرام سے کہ آپ سے پاؤں دبواؤں۔

تواضع اور مروت گر کوئی شخص مجسم ہو
تو وہ سرتا قدم عبد الرحیم باصفا ہوگا
(تذکرۃ الخلیل ص ۲۵۴)

## احیاء سنت ونکاح بیوگاں

نکاح بیوگاں آپ کی قوم میں عیب سمجھا جاتا تھا اس کی اصلاح میں آپ نے بہت کچھ تکلیفیں سہیں اور مصائب برداشت کئے عملاً اس کی سنیت ثابت کرنے کے لئے خود بھی بیوہ سے نکاح کیا اور اس نکاح پر جو کچھ طعن و تشنیع اور جان کے خطرات آپ کے رفع درجات کے لئے مقدر تھے وہ پیش آ کر رہے۔ جن کو آپ نے شیر وشکر سمجھ کر پیا اور مزہ لیا۔

آپ کے جوان صاحبزادہ عبدالرشید مرحوم کا انتقال ہوا تو صبر ورضا کی آپ مجسم تصویر تھے کہ مرحوم کے خسر کو داماد کا نام باپ کی زبان سے سننے کی تمنا تھی۔ کہ یوں معلوم ہوتا تھا گویا آپ کو اس کی وفات کا صدمہ ہی نہیں ہوا۔ مگر میں نے جہاں تک غور کیا حزن تو غیر اختیاری اور لازمہ بشریت ہے۔ انسان کو دو دن کے پالے ہوئے بکری کے بچہ سے بھی تعلق ہوتا ہے اور اس کے مرنے پر دل دکھتا ہے پھر بیٹا تو بیٹا ہی ہے جس کو ثمرۃ الفواد اور کلیجہ کا ٹکڑا کہا جاتا ہے۔ اس کا نوجوانی میں مرنا حزن سے کیسے خالی رہ سکتا ہے۔ لیکن اس موت کے حزن بشری وطبعی کے ساتھ ایک روحانی مسرت بھی آپ کو حاصل تھی جو طبیعت ثانیہ نہیں بلکہ طبیعت اصلیہ بن گئی تھی کہ آپ کو بیوہ بہو کے نکاح ثانی کا موقع ملا۔ اور مردہ سنت کو زندہ



کرنے کی ایک قدرت حاصل ہوئی۔

چنانچہ آپ مرحوم بیٹے کی بیوہ کے پاس تشریف لے گئے اور اس کو تسلی دی۔ پابندی رسومات کی مذمت اور اس پر وعید اور احیاء سنت پر بشارت اور اجر وثواب کو بیان فرما کر نکاح ثانی پر رضامند فرمالیا۔

اس کے بعد آپ نے شوہر کی تجویز میں خیال دوڑایا اور آخر ایک دن مرحوم کے خسر حاجی عبدالعزیز خاں کو جو کہ حضرت سے بیعت بھی تھے بلا کر تنہائی میں اپنا منتہائے مراد ظاہر فرمایا۔ حاجی صاحب کو عبدالرشید مرحوم کی یاد تازہ ہوئی تو رونے لگے دیکھتے تھے کہ میں خسر ہوں اور حضرت اس مرحوم کے باپ ہیں۔ آنسو نکلے تھے کہ حضرت نے فرمایا۔ حاجی عبدالعزیز خاں یہ رونے کا مقام ہے یا ہنسنے کا آج خدا نے وہ دن نصیب فرمایا کہ اس کے محبوب پیغمبر کی سنت ہم ناکارہ گنہگاروں کے ہاتھوں زندہ ہو یہ سخی کی نچھاور کا وقت ہے کہ اتفاق سے میسر آگیا پس لوٹ لو جتنا لوٹا جائے۔ نہ ہوتا عبدالرشید پیدا یا نکاح سے قبل ہی مرجاتا یا بیوہ چھوڑ کر نہ جاتا تو ہم کیا کرتے اور کیوں کر یہ نعمت پاتے۔ اب تک جو کچھ ہوا محض عطاء رب تھی جس میں ہمارے کسی فعل کو دخل نہ تھا اب ان عطاؤں کے شکریہ کا وقت آیا اور ہمارے کسب اور عمل کا دخل ہو تو ہم سے زیادہ بدنصیب کوئی نہ ہوا گر اس کی قدر نہ کریں۔ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں اور وقت نکلنے کے پیچھے بجز افسوس وحسرت کچھ

نہیں ہوسکتا۔ خدا اس کا محتاج نہیں کہ تم سے اپنی مردہ سنت کو زندہ کرائے مگر تمہارے لئے فخر کا موقع ہے کہ تم کو سو شہیدوں کا اجر دینے کے لئے انتخاب فرمائے۔

پھر میرے حقوق تعلقات ادا کرنے کا دن بھی یہی ہے کہ میں چاہتا ہوں یہ نکاح ضابطہ پُری کا اور اوپری دل سے نہ ہو بلکہ امنگ اور چونپ سے ہو کہ حقیقت میں مسلمان کے خوش ہونے کے قابل یہی نکاح ہے چونکہ مجھے تم سے توقع ہے کہ اس وقت دین کی خاطر میرے قوت بازو بنو گے۔ اور کر دکھاؤ گے جو مسلمان کو ایسے موقع پر کرنا چاہئے۔ لہذا مجھے تفصیل کی ضرورت نہیں صرف اتنا کہتا ہوں کہ فلاں جگہ میں نے تجویز کی ہے اور زندگی کا اعتبار نہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ جلد اس خوشی کو آنکھوں سے دیکھوں۔ چنانچہ اس پر عمل ہوا اور وہ عمل ہوا کہ عمل کرنے والے دنیا سے رخصت ہو گئے مگر کارنامہ آب زر سے لکھا ہوا ہر دل پر ثبت ہے۔

بہو کو آپ نے باپ کے گھر پہنچایا کہ اعلان عام اسی میں تھا۔ اور نکاح اول کا اس کو نمونہ بنانا تھا باوجودیکہ عبدالرشید کے نکاح میں آپ تشریف نہیں لے گئے بلکہ دولہا چند احباب کے ساتھ بھیج دیا تھا کہ اسی وقت اتباع شریعت اسی کو مقتضی تھا مگر اس نکاح ثانی میں آپ نے شرکت کا وعدہ فرمایا اور حالانکہ علیل و کمزور تھے مگر خاص اہتمام کے ساتھ وقت سے پہلے پہنچے۔

نکاح کا وقت آیا تو عبدالعزیز خاں کو بلایا اور چپکے سے



فرمایا دل یوں چاہتا ہے کہ بستی اور نواح کی ساری قوم کو دعوت دی جائے اگر مالی وسعت ہو تو اس خرچ کو جنت کی قیمت سمجھو کہ پھر وقت نہ ملے گا۔ عبدالعزیز خاں حیران تھے کہ پہلا نکاح تو اتنا سادہ کہ نہ خود تشریف لائے اور نہ کسی کی دعوت پسند فرمائی اور اب خلاف عادت خود مشورہ دے رہے ہیں اور انداز سے معلوم ہوتا ہے کہ خود قرض لے کر ہی اس ضیافت عامہ پر تیار ہیں۔ عرض کیا کہ حضرت حق تعالیٰ نے حضرت کی جوتیوں کے طفیل سب کچھ دے رکھا ہے، جیسے جیسے ارشاد ہو دعوت دے دوں۔ یہ سن کر آپ کے چہرہ پر خوشی کی لہر دوڑ گئی اور فرمایا کہ آس پاس سب ہی کو بلاؤ اور ہمت ہو تو کھانا بھی میٹھا نمکین دونوں قسم کا پکواؤ اور دل کھول کر کھلاؤ کہ تمہارے لئے اس سے زیادہ اجر و ثواب کی بکھیر لوٹنے کا کوئی موقع نہ ہوگا۔ اسلئے ہمت نہ ہارو اور جتنا اعلان ہو سکے خوب کرو۔

چنانچہ سب کچھ ہوا اور دنیا نے دیکھ لیا کہ شادی میں نہ خرچ کرنا منع ہے نہ بخل و تنگی واجب یہ امور دل کی خوشی کے تابع ہیں کہ دنیا داروں کے نزدیک پہلا نکاح حوصلہ و خوشی کی دکھانے کا وقت بنتا ہے اگر دین داروں کے نزدیک جس نکاح میں اللہ کا بول بالا اور رسول کی مردہ سنت زندہ ہوتی ہو اس کی خوشی کے برابر معمولی و رسمی ہزار نکاح بھی نہیں ہو سکتے کہ رسمی نکاح محض رفع ضرورت ہے۔ جیسا بھی سادہ ہو جائے بہتر ہے مگر جس خرچ میں دینی مصلحت ہو

کہ جب خدا ورسول اس کے محرک ہیں۔ وہ سب صدقات کے حکم میں ہیں اور اس کا پیسہ پیسہ، ستر ستر ہزار بن کر قیامت میں ملے گا۔ غرض آپ کا حال کچھ عجیب حال تھا کہ دنیا جسے غم کہتی ہے وہ آپ کے لئے عین خوشی تھی اور دنیا کے نزدیک جس کا نام خوشی ہے وہ آپ کے نزدیک حزن وغم۔

معمہّ حال میرا مثل ابر وبرق وباراں تھا
میں رونے میں بھی خنداں تھا میں ہنسنے میں بھی گریاں تھا

(تذکرۃ الخلیل ص ۲۵۷ تا ص ۲۶۲ مختصراً)

آپ پر محبوبیت غالب تھی ہر کہ ومہ آپ کی طرف کھنچتا تھا۔ آپ کی مجلس انوار وبرکات کی مخزن تھی۔ آپ کی صورت دیکھ کر اللہ یاد آتا تھا۔ آپ نے چاہ کنعاں میں چھپنے کی لاکھ کوشش کی مگر قدرت نے آپ کو بازار مصر میں نکال کر آخر منصۂ ظہور اور تخت عروج وشہرت پر لا بٹھایا اور آپ دانۂ تخم کی طرح لاکھ مٹے مگر کشت زار ہو کر مخلوق کو شکم سیر بنانے کیلئے باہر نمودار ہوئے بغیر نہ رہے آپ دنیا کے لئے رحمت الٰہیہ تھے کہ اجابت آپ کی دعاؤں کا استقبال کرتی اور آپ منصب ارشاد وہدایت کے تاجدار تھے کہ درخت کا پتہ پتہ اور نہر کا قطرہ قطرہ حاضرین کو ذکر اللہ کا سبق پڑھایا کرتا تھا آپ کی عمر اپنے مولیٰ کی یاد میں ختم ہوئی کہ تین برس کی عمر سے آپ کے قلب میں قطب وقت مولانا گنگوہی (قدس سرہٗ) کی محبت کا تخم جما اور آخر اسی میں تمام ہو گئے کہ ہڈیوں کا گودا بھی جل جل کر خشک ہو گیا۔



وہ راز ہوں جو عیاں ہو کے بھی عیاں نہ ہوا
وہ نکتہ ہوں جو بیاں ہو کے بھی بیاں نہ ہوا
رواں رواں مرا کیا عشق میں زباں نہ ہوا
بیاں نہ ہونا تھا یہ حال دل بیاں نہ ہوا

ایک مخلص طبیب نے آپ کے آخری مرض میں نبض دیکھ کر عرض کیا کہ حضرت آپ کو تو بہت پرانی تپ معلوم ہوتی ہے اور ایسی ہے جیسے کسی غلبۂ حزن وغم میں حادث ہوتی ہے اور اندر ہی اندر گھلاتی ہے۔

## حضرت گنگوہیؒ اور شیخ الہندؒ سے محبت

برسہا برس گذر جانے پر اس وقت آپ کو جوش آیا اور فرمایا۔

ہاں حکیم صاحب سچ فرمایا مجھے تپ شروع اس دن ہوئی جس دن حضرت گنگوہی نے دنیا کو الوداع کہا اور اس کا بدن پر ظہور اس دن ہوا جس دن خبر سنی کہ مولانا محمود حسن صاحب مالٹا میں قید ہو گئے آج مولانا رہا ہو کر تشریف لے آویں تو کچھ نہ سہی ایک دفعہ تو جھرجھرلے کر اٹھ ہی کھڑا ہوں گا۔

اتنا فرما کر چپ ہو گئے اور آخر اسیر مالٹا کے ہندوستان آنے سے قبل ہی دنیا سے سدھار گئے۔

مرادردیست[1] اندر دل اگر گویم زباں سوزد
وگردم در کشم ترسم کہ مغزا ستخواں سوزد

[1] میرے دل میں ایسا درد ہے کہ اگر بیان کروں تو زبان جل جائے۔ اور اگر خاموش رہوں تو اندیشہ ہے کہ ہڈیوں کا مغز جل جائے۔

## "عند الموت شوق لقاء رب" والی حدیث پر اشکال مع جواب

ایک مرتبہ بندہ (یعنی مولانا عاشق الٰہی صاحب میرٹھی قدس سرہٗ) اور مولوی محمد یحیٰ مرحوم حاضر ہوئے دونوں سے حضرت کو کمال بے تکلفی تھی اس لئے جب سب اٹھ گئے تو فرمایا مجھے ایک پریشانی ہے جس میں گھلا جاتا ہوں۔ وہ یہ کہ حدیث میں آتا ہے بندۂ مؤمن کو لقاء رب کی تمنا ہوتی ہے اور میں اپنے اندر اس مضمون کو نہیں پایا۔ مولوی محمد یحیٰ صاحب نے کہا حضرت یہ تمنا و شوق تو عند الموت ہوتا ہے اور آپ ابھی مرنے والے نہیں۔ آپ نے ایک ٹھنڈا سانس بھرا اور فرمایا کہ مرنے کو تو پڑا ہی ہوں۔ اسی لئے فکر ہے کہ شوق لقاء کیوں نہیں۔ مولوی صاحب نے کہا پھر حضرت ہمارے لئے تو مبارک ہے کہ ابھی حق تعالیٰ نے اس وقت کو مؤخر فرما دیا کہ وہ وقت ہوتا تو شوق لقاء بھی غالب آتا چنانچہ آپ تندرست ہو گئے اور زندہ رہے حتی کہ مولوی محمد یحیٰ صاحب نے بھی دفعۃً انتقال فرمایا اور تیسرا روح فرسا صدمہ آپ کو پہنچا جس کو آپ نے سابق صدمات کے پہلوں میں رکھ لیا آخر جب وہ وقت آیا جس کے آپ منتظر تھے تو باوجودیکہ کروٹ لینا دشوار تھا اور نماز کیلئے بھی دو آدمی سہارا دے کر اٹھاتے اور پلنگ سے اتار کر مصلے پر بٹھا دیا کرتے تھے مگر آپ پر آستانہ محمدیہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی حاضری کا غلبہ ہوا اور آپ نے سفر حج کا پختہ قصد فرما لیا۔



## حج و زیارت کا شوق

حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں۔

میں حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے بڑے اہتمام سے مجمع کو اٹھا کر تنہائی حاصل کی اور مجسم شوق بن کر فرمایا میں تو تیرا انتظار ہی دیکھ رہا تھا کہ دل کی بات کہوں۔ وہ یہ ہے کہ امسال حج کا ارادہ کر چکا ہوں اور تمنا ہے کہ زندہ رہوں تو پہلے جہاز پر سوار ہو جاؤں۔ میں نے عرض کیا کہ حضرت آفریں ہے حضرت کی ہمت پر کہ کروٹ تو لی نہیں جاتی اور قصد ہے اس کٹھن سفر کا جس میں مستعد جوان بھی چور چور ہو جاتے ہیں۔ بھلا کیسے ہو سکتا ہے۔ فرمایا حضرت بوڑھے جوان سب ہی اس راستے میں چلتے ہیں بس مجھے تو کوئی پکڑ کر ریل میں ڈال دے تو پڑا پڑا ان شاء اللہ چلا ہی جاؤں گا۔

میں نے دیکھا کہ یہ غلبہ شوق دبنے والا نہیں تو موافقت کا پہلو لے لیا اور عرض کیا ہاں حضرت ہمت کا حامی خدا ہے۔ جب حضرت نے قصد فرما لیا تو ان شاء اللہ پہنچنا دشوار نہیں۔

## حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ سے طلب اجازت

فرمایا الحمد للہ، الحمد للہ تو نے تو موافقت کر لی اب خاص درخواست ہے۔ وہ یہ کہ بس حضرت سہارنپوری کا میرے بزرگوں میں ایک دم باقی ہے جن کے حکم کے سامنے کوئی چوں و چرا کی ہمت

نہیں اس کا سہم چڑھا ہوا ہے کہ حضرت نے اجازت نہ دی اور منع فرمادیا تو پھر کیا کروں گا۔ بس یہ خدمت تیرے سپرد ہے کہ حضرت سے بخوشی اجازت دلوادے۔ میں چونکہ سمجھ رہا تھا کہ یہ تو سرکار کے بلاوے کی علامت ہے کہ حاضریٔ آستانہ کا شوق بیتاب بنارہا ہے ورنہ موسم حج میں ابھی اتنا وقت ہے کہ اس وقت تک حضرت حیات ہی رہیں تو زہے نصیب، پھر آپ کے دل کو پژمردہ کیوں کروں اس لئے میں نے عرض کیا کہ ہاں حضرت ان شاء اللہ ضرور کوشش کروں گا اور امید قوی ہے ان شاء اللہ حضرت انکار نہ فرمائیں گے بلکہ کیا عجب ہے حضرت بھی قصد فرمالیں اور پھر بندہ بھی ہمرکاب ہو۔ اتنا سن کر فرحت وسرور سے حضرت کا چہرہ چمکنے لگا اور الحمد للہ، الحمد للہ اب اطمینان ہوگیا۔ فرماتے ہوئے از خود اٹھ بیٹھے اور تکیہ سے سہارا لگائے دیر تک اسی کی باتیں کرتے اور مزہ لیتے رہے۔

## وصیت وہبہ کا اہتمام

آپ نے وفات سے قبل اپنا تمامی سامان حتی کہ بدن کے کپڑے تک وصیت وہبہ کے ذریعہ دوسروں کی ملک بنادیئے تھے مگر تیرہ سو روپیہ نقد زادراہ بنا کر مولانا عبدالقادر صاحب قدس سرہ کے حوالہ کردیا تھا کہ اس کو محفوظ رکھو یہ میرے اور تمہارے سفر حج کا خرچ ہے آخر جوں جوں حج کا موسم قریب آتا گیا آپ کا مرض وضعف بڑھتا اور وصال کا وقت قریب آتا گیا۔ حتی کہ آپ نے سمجھ لیا کہ اب گنجائش نہ رہی اور تیرہ سو روپیہ ترکہ بنا چاہتا ہے تب آپ



نے مولانا کو بلا کر وہ روپیہ بھی تقسیم کرادیا کیوں کہ آپ مولیٰ کریم سے ایسی حالت میں ملنے کی متمنی تھے کہ دنیا کا کوئی حبہ اور پارچہ بھی آپ کی ملک میں نہ ہو۔ بیت کے دھیان سے ہٹ کر اب آپ رب البیت کے خالص تصور میں غرق ہوگئے اور آخر چند روز بعد وہ مبارک وقت آیا جس کے شوق میں آپ کا رُواں رُواں پکارتا تھا۔

خرم آن روز کزیں از منزل دیراں بروم
راحت جان طلبم وزپئے جاناں بروم
نذر کردم کہ گر آید بسر ایں روزے
تا در میکدہ شاداں وغزل خواں بروم

## حضرت سہارنپوری کا خواب

آپ کے مرض کو چونکہ امتداد زیادہ ہوگیا تھا اس لئے زائرین آتے اور چلے جاتے تھے۔ کس کو خیال تھا کہ فلاں وقت رخصت کا ہے اور ٹھرنا چاہئے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہ نے خواب دیکھا کہ۔

آفتاب غروب ہوگیا اور دنیا میں اندھیرا چھا گیا۔ حسب معمول تہجد کے وقت حضرت اٹھے اور نفلوں سے فارغ ہوکر متفکر بیٹھ گئے۔ اہلیہ نے پوچھا آج عادت کے موافق نفلوں کے بعد لیٹے کیوں نہیں اور طبیعت کچھ فکر مند معلوم ہوتی ہے، کیا بات ہے آپ نے خواب کا اظہار کیا اور محزون لہجہ میں فرمایا۔ اس کی تعبیر ایک تو یہ ہے کہ مولانا محمود حسن صاحب مالٹا میں محبوس ہیں دوسرے مجھ کو یہ بھی اندیشہ ہے کہ کہیں شاہ عبدالرحیم کی حالت نازک نہ ہو۔

غرض صبح کو حضرت پیلون روانہ ہو گئے جہاں تبدیل آب وہوا کے لئے حضرت کا قیام تھا۔ بعد مغرب حضرت نے فرمایا آج عشاء کی نماز ذرا سویرے پڑھ لیجو۔ چنانچہ یہ سمجھ کر کہ آرام کی خواہش ہوگی نماز اول وقت پڑھ لی گئی اور آپ چارپائی پر لیٹ رہے حضرت دوسرے کمرے میں جالیٹے کہ دفعۃ آپ کو آخری کرب شروع ہوا اور حضرت اپنے کمرہ سے لپک کر پاس آئے۔ مولانا نے حضرت کو محبت بھری نظروں سے دیکھا اور آپ کا ہاتھ تھام کر اپنے سینہ پر رکھ لیا۔

## انتقال

حضرت نے پڑھنا شروع کیا اور رائے پور کا آفتاب اپنے محبوب کا ہاتھ چھاتی پر رکھے ہوئے چند منٹ کے اندر شب کے ۱۱ ربج کر ۱۹ رمنٹ پر غروب ہو گیا۔ "انا للہ وانا الیہ راجعون" صبح کو جنازہ رائے پور کی طرف چلا اور خدام کا مجمع بحسرت واندوہ یہ کہتا ہوا پیچھے پیچھے ہولیا۔

اے تماشا گاہ عالم روئے تو
تو کجا بہر تماشا می روی

آخر اس باغ میں جہاں آپ کی حیات شریفہ کا آخری حصہ گذرا تھا۔ مسجد کی جنوبی سمت آپ کا وہ جسد اطہر جو رضا و تسلیم کے جھولے میں مدتوں چڑھا اور اترا تھا ۲۶ ربیع الثانی ۳۷ھ



مطابق ۲۹ رجنوری ۱۹۱۹ء یوم سہ شنبہ کو سپرد زمیں کر دیا گیا مگر تنہا نہیں بلکہ ہزاروں یادگاریں چھوڑ کر اور ہزاروں کی حسرتوں اور تمناؤں کو ساتھ لے کر۔

اکیلا کون کہتا ہے لحد میں نعش حاتم کو
ہزاروں حسرتیں مدفون ہیں دریا کے پہلو میں

## حضرت گنگوہیؒ کے متوسلین سے محبت

حضرت اقدس شاہ عبدالرحیم صاحب نوراللہ مرقدہ وبرد اللہ مضجعہ کو اپنے شیخ ومرشد قطب الاقطاب محدث گنگوہی قدس اللہ سرہ العزیز سے جو تعلق عشق کے درجہ میں تھا جس کا کچھ حال اوپر معلوم ہوا۔ اسی وجہ سے حضرت محدث گنگوہی قدس سرہ کے عام متوسلین سے بڑی شفقت ومحبت فرماتے۔ حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں۔

آپ کو حضرت گنگوہی قدس سرہ کے متوسلین سے خاص محبت تھی کہ وہ شیخ کے یتیم بچے تھے اور شیخ کی یاد تازہ کیا کرتے تھے ان میں سے کوئی بھی آتا تو گویا آپ کے یہاں عید آجاتی اور اگر کوئی خاص تعلق والا آتا تو آپ کی مسرت کا ٹھکانا نہیں رہتا تھا۔ اس کی خدمت ودلداری کو تمامی نوافل واذکار پر ترجیح دیتے اور اکابر میں سے کوئی بزرگ تشریف لاتے تب تو کچھ پوچھنا ہی نہیں کہ آپ کتنا اہتمام فرماتے اور آپ کا رواں رواں مسرور ہو کر یوں پکارا کرتا تھا۔

وہ آئیں گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے
کبھی ہم ان کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

(تذکرۃ الخلیل ص؍۲۵۷)

## حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحبؒ سے تعلق

اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ حضرت اقدس رائے پوری قدس سرہ کو حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ (جو حضرت گنگوہی قدس سرہ کی بڑی یادگار اور محبوب ومخلص خادم وکاتب خاص تھے) سے کیا کچھ تعلق ہوگا اوران کی آمد سے کتنی مسرت اور خوشی ہوتی ہوگی۔ اسی لئے حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ کے بلانے کا حضرت کو بڑا اصرار رہتا تھا اور قلبی خواہش ہوتی تھی کہ طویل قیام فرمائیں۔ حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت رائے پوری قدس سرہ کو میرے والد صاحب کے بلانے کا اتنا ہی اشتیاق واصرار رہتا تھا جس کا نمونہ حضرت مولانا عبدالقادر صاحب نور اللہ مرقدہ کو اس سیہ کار کے بلانے پر اصرار کے دیکھنے والے ابھی بہت ہیں۔ اعلیٰ حضرت کا اصرار اور خواہش یہ رہتی تھی کہ میرے والد صاحب کثرت سے بار بار رائے پور جاویں اور خوب ٹھہریں۔ اسی کا اتباع حضرت رائے پوری ثانی نے اس سیہ کار کے ساتھ کر کے دکھلا دیا۔ بلکہ اس سے زیادہ کر دکھایا اعلیٰ حضرت رائے پوری کا ایک خط میرے والد صاحب کے نام دوستوں کے اصرار پر اس سلسلہ کا نقل کرا رہا ہوں۔



## مکتوب گرامی حضرت رائے پوریؒ

المخدوم المکرّم حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب مدفیوضہم۔ از احقر عبدالرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ سے ملنے کی غرض سے بہت آنے کو بہت جی چاہتا رہا۔ مگر اول تو سواری اختیاری نہیں ہے۔ دوم یہ کہ شاہ صاحب کو احقر کے جانے پر اوپر کا کمرہ خالی کرنا پڑتا ہے کہ جس میں وہ خود تشریف رکھتے ہیں۔ بہٹ آپ کا تشریف لانا طمانیت کا ہو تو مطلع فرماویں تاکہ بہٹ حاضر ہونے کا قصد کروں ایسا تو ہو نہیں کہ آپ جمعرات کو تشریف لاویں اور جمعہ کو واپس ہونے لگیں۔ اس صورت میں تو مجھے آنے جانے کی ہی تکلیف ہوگی۔ طمانیت سے ٹھرنا ہو تو تشریف لاویں۔

راقم عبدالرحیم از رائے پور۔
۵؍ذی قعدہ ۱۳۳۴ھ (آپ بیتی نمبر:۴؍ص:۵۰)

## سفر حج میں ساتھ لے جانے پر اصرار

حضرت شیخ الحدیث تحریر فرماتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت قدس سرہ کو میرے والد صاحب سے بہت ہی محبت اور تعلق تھا ۲۸ھ کے سفر حج میں بہت ہی خواہش اور تمنا رہی کہ والد صاحب کو حج میں ساتھ لے کر جائیں۔ اور والد صاحب بھی تیار تھے۔ ٹیکے وغیرہ لگوا لئے تھے عین وقت پر کچھ ایسی مجبوریاں

پیش آئیں کہ والد صاحب کو سفر ملتوی کرنا پڑا۔(حوالہ بالا)

## پنجاب کے سفر کا واقعہ

پنجاب کے سفر میں حضرت رائے پوری کا حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ کو ساتھ لے جانے کی خواہش واصرار کے متعلق حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت نے میرے والد صاحب سے فرمایا کہ یوں جی چاہتا ہے کہ ایک مرتبہ پنجاب کا سفر تو حضرت بھی فرمالیں۔ بہت سے مشتاق ایسے ہیں جو نہیں آسکتے حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے خدام بہت پھیلے ہوئے ہیں۔ جناب کی زیارت کے بھی مشتاق ہیں۔ میرے والد صاحب نے تین شرطوں کے ساتھ قبول فرمایا۔ پہلی شرط یہ تھی اس سفر میں جو نقد ہدایا آئیں وہ تو میرے والد صاحب کے، کھانے پینے اور کپڑے کی قسم کی جو اشیاء ہوں وہ حضرت کی۔ دوسرے یہ کہ ہر جگہ کھانے اور آرم کرنے میں میرے والد صاحب آزاد ہوں گے۔ حضرت کے پابند نہ ہوں گے۔ تیسرے یہ کہ میں واپسی میں ہمرکابی کا پابند نہیں ہوں۔ جہاں سے میرا جی چاہے گا واپس آجاؤں گا۔ حضرت قدس سرہ نے تینوں شرطیں منظور فرمالیں یہ ناکارہ بھی ہمرکاب تھا۔ پہلی منزل یہاں سے انبالہ ہوئی۔ حافظ محمد صدیق کے مکان پر قیام ہوا اس کے بعد خانپور ولدھیانہ۔ جگراؤں، رائے پور،، گوجران تک یہ سفر ہوا۔ ہر



جگہ جہاں جانا ہوتا سب سے پہلے اعلیٰ حضرت فرماتے کہ صاحبزادے صاحب اور حضرت کا بستر الگ کردو۔ پہلے چار پائی اور بستر وغیرہ بچھوا کر میرے والد صاحب کو وہاں لٹوا دیتے یہ ناکارہ شوق میں حضرت کے ساتھ رہتا۔ آگے اس واقعہ کی تفصیل ذکر فرمائی ہے۔

(حوالہ بالا:ص/۵۱)

## حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب کی رائے پور کثرت سے آمد ورفت

اعلیٰ حضرت رائے پوری قدس سرہ کے زمانہ علالت (جو بڑا طویل تقریباً سات آٹھ سال رہا) میں حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ کے کثرت سے رائے پور جانے کے متعلق حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے۔

اس زمانہ میں والد صاحب کی بہت کثرت سے آمد ورفت رہتی تھی اور اعلیٰ حضرت قدس سرہ کو اشتیاق اور تقاضہ رہتا تھا۔(حوالہ بالاص:۵۵)

ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں۔

میرے والد صاحب کے سفر کی وجہ سے دورہ کے اہم اسباق کا حرج ہوتا تھا۔ اس لئے کثرت سے ایسا ہوتا تھا کہ جمعرات کی شام کو جا کر شنبہ کو علی الصباح واپسی ہوتی تھی۔ موٹریں بھی اس زمانہ میں نہیں تھیں شاہ زاہد حسن صاحب مرحوم بہتر سے بہتر گھوڑا انتخاب کر کے رکھتے۔ اور اس کو دوگنی اجرت دیتے اس

زمانہ میں ایک یا ڈیڑھ روپے میں عموماً بہٹ سے سہارنپور تانگہ آیا کرتا تھا۔ لیکن شاہ صاحب مرحوم اپنی انتہائی کفایت شعاری اور حسن انتظام کے باوجود اس کو تین روپے دیا کرتے تھے۔ اگر وہ بہٹ سے سہارنپور گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ میں پہنچا دیتا تو میرے والد صاحب اس کو مزید انعام دیا کرتے تھے۔ (حوالہ بالا ص:۵۶)

## مسجد باغ کے افتتاح کے لئے دعوت

جب باغ کی مسجد تعمیر ہوئی تو اس کے افتتاح کے لئے اعلیٰ حضرت رائے پوری قدس سرہ نے میرے والد صاحب کو بلایا اور بہت تاکیدی خط ایک ڈاک میں ایک دستی روانہ فرمائے جس میں بہت تاکید سے مسجد کے افتتاح کے لئے بلایا گیا تھا اور لکھا تھا کہ ضرور آنا ہوگا۔ کوئی عذر مسموع نہ ہوگا۔ میرے والد صاحب اس کی تعمیل میں تشریف لے گئے۔ یہ ناکارہ بھی ساتھ تھا بہٹ تک تو تانگہ تھا۔ اور اس کے بعد پاؤں تشریف لے گئے۔ دھوپ بڑی تیز تھی۔ آدھی پٹری پر جا کر لیٹ گئے مجمع دیہات کا بہت پٹری پر کو گذر رہا تھا۔ جانے والوں سے دو تین منٹ بعد یہ پیام بھیجتے کہ آدھے راستے تو پہنچ گیا ہوں۔ اگر دیر ہو جائے تو تھوڑا سا انتظار فرماویں۔ جہاں تک مجھے یاد ہے ۲؍بجے کے قریب پہنچے تھے۔ غسل فرمایا اور اعلیٰ حضرت نے جوڑا مع عمامہ کے تیار کر رکھا تھا اسے پہن کر جمعہ کی نماز پڑھائی۔ (حوالہ بالا ص؍۴۷)



## حضرت شیخ الحدیث صاحبؒ سے تعلق

اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ جب باپ سے اس درجہ تعلق ہے تو بیٹے سے کس درجہ تعلق ہوگا اور پھر بیٹا بھی وہ بیٹا جو باپ کے بھی علاوہ قطب الاقطاب محدث گنگوہی، محدث سہارنپوری، حضرت دہلوی قدس اللہ اسرارہم کی آنکھ کا تارہ اور حضرت دیوبندی وحضرت مدنی وحضرت تھانوی نور اللہ مراقدہم کا محبوب ومنظور نظر ہو۔ خود حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

> اعلیٰ حضرت شیخ المشائخ قدوۃ الاتقیاء حضرت شاہ عبد الرحیم صاحب قدس سرہٗ نور اللہ مرقدہ واعلی اللہ مراتبہ کی خدمت میں بھی حاضری کی نوبت کم آئی۔ لیکن حضرت شیخ الہند قدس سرہ کے زمانہ سے زیادہ ہوئی میری اصالۃ حاضری تو میرے والد صاحب کے انتقال کے بعد سے حضرت قدس سرہ کے وصال تک ۲۶؍ربیع الثانی ۷۳ھ تک رہی۔ لیکن والد صاحب کی حیات میں بھی ان کی ہمرکابی میں رجب ۲۸ھ سے ان کے وصال ۱۰؍ذی قعدہ ۳۴ھ تک بار بار ہوئی۔

## رائے پور پہلی حاضری

> اس سیہ کار کی سب سے پہلی حاضری گنگوہ کے قیام میں جب میری عمر دس گیارہ سال کی تھی۔ اپنے والد صاحب کیساتھ ہوئی تھی۔ مولانا عبدالقادر صاحب کو پہچاننا تو یاد نہیں۔ حضرت کی کوئی امتیازی حالت بھی اس وقت نہ تھی۔ اتنا یاد ہے کہ اعلیٰ حضرت

نے اپنے ایک خادم سے جو کثرت سے حجرہ شریف میں آتے جاتے تھے، یوں ارشاد فرمایا تھا کہ مولوی صاحب جو مٹھائی وغیرہ اندر رکھی ہے وہ سب صاحبزادہ صاحب کو دے دو۔ اور ان صاحب نے اندر کی جانب جو حضرت قدس سرہ کے حجرہ کے غربی جانب دوسرا حجرہ تھا۔ اب تو اسکا دروازہ بھی مستقل ہوگیا۔ اس وقت وہ کتب خانہ تھا اس میں کئی ہانڈیاں متفرق مٹھائیوں کی اور نمکین کی رکھی ہوئی تھیں۔ اس سیاہ کار کے حوالہ کردی تھیں۔ البتہ اس وقت میں حافظ عبدالرحیم صاحب سلمہ جو اس وقت میں حضرت کا کھانا لاتے تھے وہ ضرور یاد ہیں۔ اور ان سے اس زمانہ میں جان پہچان اور دوستی بھی ہوگئی تھی۔ اور اعلیٰ حضرت کے حکم سے اس زمانہ میں نہر کا مخرج یعنی جس پہاڑ سے نہر نکلتی ہے (بوگری والا) اس کی سیر بھی کرائی گئی تھی، اور چونکہ میرا پہلا سفر تھا اور بچپن تھا اس لئے بہت سی چیزوں کی سیر کرائی تھی اور چونکہ اعلیٰ حضرت نور اللہ مرقدہ کو تیرنا بہت آتا تھا۔ اس لئے حضرت نے خود تیر کر تیرنا بھی دکھایا تھا اور یہ ناکارہ کدو کے تونبوں کو بغل میں لے کر چند منٹ تیرا تھا۔ مگر قابو میں نہیں آیا۔

اس کے بعد رجب ۲۸ھ میں سہارنپور آنے کے بعد سے تو حاضری دن بدن بڑھتی ہی رہی۔ جب بھی اس ناکارہ کی ابتداء تبعاً اور انتہاء اصالتاً حاضری ہوئی تو حضرت قدس سرہ کے یہاں جو بھی پھل یا مٹھائی رکھی ہوتی تو حضرت ارشاد فرماتے کہ



مولوی عبدالقادر جو کچھ رکھا ہو صاحبزادہ صاحب کے حوالہ کردو۔
یہ ناکارہ حلوائی کی دکان پر نانا جی کی فاتحہ خود بھی کھاتا اور مکتب کے بچوں کو بانٹتا۔ (حوالہ بالا ص ۳۳،۳۴)

## رمضان کا اہتمام اور حضرت شیخؒ کے خط کا جواب

اعلیٰ حضرت رائے پوری قدس سرہ کے یہاں رمضان مبارک کا بڑا اہتمام ہوتا تھا ۲۹ شعبان کو جملہ حاضرین سے مصافحہ فرمالیتے اور فرماتے کہ بس بھائی اب عید پر ملیں گے اور جو حضرات حضرت قدس سرہ کے پاس رمضان گذارنے باہر سے آتے ان سے ملاقات کا بالکل وقت نہیں تھا۔ مسجد میں جاتے آتے دور سے حاضرین زیارت کرلیتے مصافحہ یا بات چیت کا نمبر عید کے بعد آتا۔ البتہ اخص خدام جیسے مولانا اللہ بخش، منشی رحمت علی وغیرہ حضرات کو اتنی اجازت ہوتی کہ تراویح کے بعد حضرت مولانا عبد القادر صاحب سادی چائے لے جاتے اور اعلیٰ حضرت ایک دو فنجان نوش فرماتے اتنے یہ حضرات حاضر رہتے۔

حضرت شیخ الحدیث صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت رائے پوری قدس سرہ کی خدمت میں رمضان گذارنے کے لئے لکھا تو اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے از راہ شفقت تحریر فرمایا کہ۔

رمضان کہیں آنے جانے کا نہیں ہوتا۔ اور نہ ملنے کا اپنی جگہ یکسوئی سے کام کرتے رہو۔

اس کے بعد دوبارہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے صرف اخیر عشرہ کے لئے لکھا اس کا جواب حضرت اقدس رائے پوری قدس سرہ نے جو دیا تھا بجنسہ نقل کیا جاتا ہے۔

## مکتوب گرامی حضرت رائے پوریؒ

برخوردار مولوی زکریا سلمہ اللہ، از احقر عبدالرحیم بعد سلام مسنون ودعاء تمہارا خط پہنچا مضمون معلوم ہوا۔ جو سبب شروع ماہ مبارک میں عدم قیام کا ہے وہ اخیر ماہ میں بھی موجود ہے۔ باقی تم اور تمہارے ابا جان زبردست ہو۔ ہم غریبوں کی کیا چل سکے۔ یہ تمہاری زبردستی ہے کہ جو اس وقت ماہ مبارک میں تم کو جواب لکھ رہا ہوں۔ باقی جو ذکر و شغل حضرت مولانا سلمہ نے تلقین فرمایا ہے وہی کرنا چاہئے عائشہ کو دعاء تمہاری والدہ مکرمہ کی خدمت میں سلام بخدمت جناب مولوی یحیٰ صاحب۔ السلام علیکم۔

(راقم عبدالرحیم۔ از رائے پور)

یہ خط حضرت قدس سرہ کے بھانجے مولانا اشفاق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے قلم کا لکھا ہوا تھا ان کی طرف سے یہ اضافہ تھا۔

از محمد اشفاق عفی عنہ، السلام علیکم۔ واقع میں ہوز بردست اس میں کچھ شبہ نہیں۔ فقط

## رائے پور آمد پر حضرت رائے پوریؒ کا اہتمام

اس کے بعد حضرت شیخ الحدیث صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

مگر میرے والد صاحب نے فرمایا کہ ’’تیری وجہ سے



حضرت کی یکسوئی میں فرق پڑے گا اور حضرت کو تیرے کھانے پینے کا فکر رہے گا۔ اس لئے حضرت کا حرج نہ کر‘‘۔

اور یہ میرے والد صاحب نے بالکل صحیح فرمایا تھا۔

حضرت اقدس شاہ عبدالقادر صاحب قدس سرہ کے اہتمام کو جو اس ناکارہ کی حاضری پر ہوتا تھا بہت سے لوگ دیکھنے والے اب بھی موجود ہیں یہ سب کچھ اعلیٰ حضرت رائے پوری قدس سرہ کے تعلق کا ثمرہ اور عکس تھا۔ اور اعلیٰ حضرت قدس سرہ کے اس ارشاد کا ردعمل حضرت رائے پوری ثانی نے کیا کہ جو رمضان رائے پور میں ہوتا حضرت کی خواہش ہوتی کہ یہ ناکارہ رائے پور حاضر ہو۔ مگر بدقسمتی سے نفس امارہ دینی اعذار کا ٹٹا سامنے کھڑا کر دیتا۔ لیکن حضرت قدس سرہ کی حیات کا آخری رمضان اس وجہ سے کہ اس زمانے میں ہفتہ کے تین دن رائے پور گذرتے تھے اور چار دن سہارنپور اس لئے رمضان بھی نصف سہارنپور گذرا نصف رائے پور مگر اللہ کے محبوبوں کی شفقتوں سے بھی اس سیہ کار نے کچھ نہ لیا۔

(آپ بیتی نمبر:۴؍ص:۳۶)

## مدرسہ کی تنخواہ کے سلسلہ میں مشورہ

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

میرے والد صاحب قدس سرہ کے انتقال کے بعد میں اپنی مدرسی کے ذیل میں لکھ چکا ہوں کہ ایک جانب تو اعلیٰ حضرت

رائے پوری قدس سرہ نے مدرسہ میں یہ سفارش کی کہ پندرہ روپیہ تنخواہ کم ہے کم از کم پچیس روپے ہونی چاہئے۔ اور دوسری جانب اس سیہ کار سے ازراہ شفقت ومحبت ارشاد فرمایا کہ مدرسہ کی تنخواہ خطرہ کی چیز ہے۔ جب اللہ توفیق دے چھوڑ دیجو۔ حضرت قدس سرہ کی ہی توجہ اور شفقت کا اثر تھا کہ اللہ نے چھوڑنے کی توفیق عطا فرمادی۔ (حوالہ بالا)

## شفقت کا ایک اور واقعہ

حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ، تحریر فرماتے ہیں۔

میرے والد صاحب کے بعد مدرسہ کے خزانچی کا ایک واقعہ تفتیش کا پیش آگیا۔ ہر وقت اس کے متعلق کچھ مساعی ہو رہی تھیں اس کا بہت فکر تھا حضرت نے استفسار فرمایا اس میں کیا ہو رہا ہے، میں نے اپنی حماقت سے حضرت کے استفسار پر یہ لکھ دیا کہ والد صاحب کے انتقال کے بعد اب ان امور کی اس ناکارہ کو اطلاع نہیں ہوتی کہ کیا ہو رہا ہے، اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم وانعام سے اعلیٰ حضرت قدس سرہ کو بہت ہی بلند درجے عطا فرمائے کہ میرے اس احمقانہ جواب پر حضرت قدس سرہ رائے پور سے تشریف لائے اور مجھے علیحدہ بٹھا کر یہ سارا واقعہ بڑی ہی تفصیل سے سنایا۔ میں بلا تصنع اور بلا مبالغہ لکھواتا ہوں اس میں ذرا توریہ یا مبالغہ نہیں کہ حضرت قدس سرہ سنا رہے تھے تو مجھے اپنی حماقت پر



پسینہ آگیا اور اب تک واقعی جب بھی یہ منظر یاد آتا ہے سناٹا چھا جاتا ہے خبر نہیں کیا حماقت کی تھی۔ (حوالہ بالا ص:۳۷)

## ایک خواب اور اس کی تعبیر

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

میں اپنے والد صاحب کے انتقال کے بعد تقریباً چھ ماہ تک ان کو بہت ہی کثرت سے خواب میں دیکھتا تھا دن ہو یا رات۔ اور اکثر خواب حضرت اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی خدمت میں لکھا کرتا تھا۔ اس لئے کہ اپنے حضرت سے ڈرتا تھا اور اعلیٰ حضرت رائے پوری قدس سرہ کی بارگاہ میں ان کی شفقتوں کی وجہ سے بہت گستاخ تھا اور میری ان حماقتوں پر حضرت قدس سرہ اس قدر تبسم اور مسرتوں کا اظہار فرماتے کہ اس وقت تو یہ گستاخیاں بھی معلوم نہ ہوتی۔ خواب تو بہت سے یاد ہیں اور میرے انبار میں خطوط بھی اعلیٰ حضرت رائے پوری اور دیگر اکابر کے تو ہزاروں ملیں گے۔

چند تصویر بتاں چند حسینوں کے خطوط
بعد مرنے کے میرے گھر سے یہ ساماں نکلا،

ایک مرتبہ اس سیہ کار نے خواب دیکھا کہ والد صاحب نے مجھے خواب میں تین کتابیں دی ہیں، کافیہ، شافیہ، مقامات، میرے حضرت قدس سرہٗ اس وقت نینی تال جیل میں تھے اس لئے میں نے اعلیٰ حضرت رائے پوری قدس سرہ کی خدمت میں لکھا۔ حضرت کا جواب آیا وہ بھی اس وقت میرے سامنے ہے حضرت

نے تحریر فرمایا۔ برخوردار مولوی زکریا سلمہ، از احقر عبدالرحیم،
السلام علیکم ورحمۃ اللہ تمہارے دو خط مولوی عبدالقادر صاحب کے نام آئے، میری معذوری جو باعث تاخیر جواب ہے وہ آپ کو معلوم ہے اب مختصراً عرض کرتا ہوں۔

پہلے خواب کی تعبیر۔ ہر جز کی تعبیر کی ضرورت نہیں فقط ایک جملہ خلاصہ ہے۔ اس کی تعبیر جو اپنے خیال میں آئی وہ عرض کرتا ہوں وہ صرف یہ ہے کہ کافیہ، شافیہ اور مقامات، امانت کہ معیشۃ کافیہ وحالۃ شافیہ ومقامات السلوک والوصول یہ تینوں بشارتیں حق تعالیٰ نے تمہارے طبیعت میں ودیعت رکھی ہیں جو اپنے اپنے وقت پر ظہور پذیر ہوں گی۔ دوسرے خواب کی تعبیر کی ضرورت نہیں۔ سب قصہ ہی دنیا کا چند روزہ ہے۔ خصوصاً عالم آخرت کے مقابلہ میں تو ساری دنیا کی عمر ہی کچھ نہیں۔ فقط

میں نے اعلیٰ حضرت کو یہ واقعہ بھی لکھا تھا کہ کثرت سے جب سوتا ہوں۔ والد صاحب کو خواب میں دیکھتا ہوں۔ اس کا جواب اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کا تو اس وقت سامنے نہیں۔ مگر اس کے متعلق حضرت مولانا عبدالقادر صاحب نوراللہ مرقدہ کا ایک کارڈ سامنے جو حسب ذیل ہے۔

## مکتوب گرامی حضرت رائے پوریؒ

سیدی ومولائی حضرت دام مجدکم، از احقر عبدالقادر
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ



والا نامہ شرف صدور ہو کر باعث افتخار خاکسار ہوا۔
مضمون حضرت اقدس سلمہٗ کی خدمت شریف میں عرض کیا بلکہ کچھ بلفظہ پڑھ کر سنایا۔ یہی جی چاہا اور اپنے نزدیک یہی مناسب سمجھا۔ وقت بھی مناسب ملا۔ یہ ارشاد فرمایا کہ یوں خدمت والا میں لکھ دے کہ بندہ کی تو سعادت ہے یا سعادت جانتا ہے۔ غرض حضرت اقدس سلمہ نے اس گائے میں جو یہاں آں جناب والا صفات بوساطت شاہ صاحب ارسال فرمادیں گے۔ ایک حصہ کی شرکت قبول بخوشی فرمائی۔ اب احقر عرض پرداز ہے۔ حضور پرنور نے اس کی تفصیل نہ تحریر فرمائی آیا وہ حصہ حضور انور اپنی طرف سے حضرت اقدس سلمہ کو عطا فرما رہے ہیں۔ یا قیمتہً حضرت اقدس سلمہ خریدیں گے۔ یہ آپ کا غلام غبی بہت ہے پوری بات نہیں سمجھتا۔ حضرت خفا نہ ہوں اور دعا سے فراموش بھی نہ کیا جاؤں۔ آخر آپ ہی کا ہوں جیسا بھی ہوں۔ حضرت سلام فرماتے ہیں اور طبیعت بدستور سابق ہی ہے تین چار روز سے شب کو کسی قدر حرارت زیادہ ہوتی ہے۔

ایک اور دوسرا مکتوب گرامی۔

## مکتوب نمبر ۲:

سیدی ومولائی حضرت مولانا زکریا صاحب، سلمہ، از احقر عبدالقادر۔
السلام علیکم ورحمۃ اللہ
والا نامہ شرف صدور ہوا۔ اللہ تعالیٰ جناب کو صحت عاجلہ عطا فرماویں۔ جناب کا خط حضرت اقدس سلمہ کو سنانے لگا۔ اس

قدر ہنسی آئی پورا سنا نہ سکا دو دفعہ کر کے بمشکل سنایا۔ یہ ارشاد فرمایا کہ کوئی خط مولوی زکریا کا میرے پاس نہیں آیا۔ البتہ مولوی الیاس کے خط آئے ان کا جواب بھی لکھوا دیا گیا۔ باقی ویسے خط مولوی زکریا کو اس وجہ سے نہیں لکھا کہ اکثر آدمی آتے جاتے رہتے ہیں۔ ان سے خبر ملتی رہتی ہے۔ اور یہاں سے پوچھوا بھیجا گیا۔ چنانچہ مولانا عاشق الٰہی صاحب ابھی گئے ہیں۔ ان کے ہاتھ سلام وغیرہ کہلا بھیجا گیا۔ حضرت اقدس سلمہ کو بھی کئی روز سے بخار آ رہا ہے اور ضعف بہت ہے۔ نماز میں بھی قیام بتکلف ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جناب کو جلد صحت عطا فرمائے۔ جناب کی زیارت کو جی چاہتا ہے۔ دیکھیئے کب ہو۔ آج کل ڈاک کے مدار المہام مخدوم مکرم حضرت ملا جی صاحب سلمہ، ہیں واقعی جناب نے خوب پوچھا بزرگ تو بہت بڑے ہیں خطوط بھجوانے کی کچھ زیادہ حاجت نہیں سمجھتے جس کسی کو کچھ کہنا ہو خود آ کر بالمواجہہ کہو۔ دور دور سے تیر چلانا کچھ حضرت ملا جی صاحب کو بھاتا نہیں۔ حضرت اقدس مدظلہ اور مولوی الیاس صاحب وغیرہ کو دست بستہ سلام ودعاء۔ (آپ بیتی نمبر: ۴/ ص: ۴۵/ تا: ۴۷)

## مکتوب نمبر: ۳

ایک دفعہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اعلیٰ حضرت رائے پوری قدس سرہ کو یہ واقعہ لکھا کہ جب سوتا ہوں تو والد صاحب کو خواب میں دیکھتا ہوں اس کا جواب حضرت مولانا عبد القادر صاحب قدس سرہ نے مندرجہ ذیل تحریر فرمایا۔



سیدی ومولائی حضرت دام مجدکم۔ از احقر عبد القادر

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

والا نامہ شرف صدور ہو کر باعث سرور ہوا۔ حضرت تعجب کی کیا بات ہے مجھ جیسوں کو پوچھتا ہی کون ہے۔ کون لکھتا ہے اور کسی کو جواب نہیں دیتا ہوں۔ جناب بھی بوجہ اس تعلق کے جو کہ حضرت مرحوم مغفور (یعنی مولانا محمد یحیٰ صاحب) کے ساتھ یاد فرماتے ہو جس کا یہ ناکارہ نہایت ممنون ہے اور باعث سعادتِ دارین سمجھتا ہے نصف اخیر خط کا پورا خواب حضرت اقدس کو سنایا اور دوبارہ جناب کو جواب لکھوانے کی یاد دہانی بھی کر دی۔ کچھ عرض نہیں کر سکتا کہ جناب کو جواب کب لکھوایا جائے گا۔ تعبیر تو جو حضرت اقدس لکھوا دیں گے وہ ہوگی۔

اپنا خیال یہ ہے کہ آنجناب پریشان نہ ہوا کریں۔ محض یہ ہے کہ حضرت مرحوم کی روحانیت متوجہ ہے جس کی بڑی خوشی ہے چونکہ وہ یقیناً مصفٰی اور کثافت سے بالکل مبرا ہے۔ یہ جو کچھ آپ دیکھتے ہیں یا جواب ملتا ہے۔ جناب کے خیالات وتفکرات کا عکس ہے۔ جب خود آدمی اپنے آپ کو نہیں دیکھ سکتا اور آئینہ دکھلاتا ہے۔ ویسا ہی یہ ہے، پوری بات جو کہ ذہن میں ہے۔ لکھ نہیں سکتا۔ بات ہی کیا ہے خام خیالی ہے۔ اصل بات تو وہ ہوگی جو حضرت قبلہ لکھوا دیں گے بس اتنی عرض ہے کہ احقر کو ایک نالائق خادم سمجھا کیجئے کچھ نہیں فقط آپ لوگوں کا سہارا ہے۔

## تعزیت نامہ

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم مولانا محمد یحیٰ صاحب نور اللہ مرقدہ کے انتقال پر اعلیٰ حضرت رائے پوری قدس سرہ نے حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو یکے بعد دیگرے دو گرامی نامے ارسال فرمائے ہیں جو درج ذیل ہیں۔

برخوردار مولوی زکریا سلمہ، ۔ از احقر عبدالرحیم   السلام علیکم ورحمۃ اللہ

اس وقت گیارہ بج کر بیس منٹ پر تار جو بہٹ شاہ صاحب کے پاس آیا تھا۔ بندہ کے پاس حاجی غلام محمد صاحب لے کر آئے جس سے اچانک اس حادثۂ عظیمہ، انتقال مولانا محمد یحیٰ صاحب مرحوم کی خبر معلوم ہو کر سکتہ کی حالت ہوگئی۔ طبیعت پر ایک ایسی حیرت ہے جو تحریر میں نہیں آسکتی۔ مشیت ایزدی میں کسی کو دخل نہیں وہ مالک مختار ہے۔ وہ اپنی ملک میں جو چاہے تصرف کرے اس سے جلد اطلاع دو کہ کیا مرض پیش آیا۔ اس فوری حادثہ سے سخت حیرت ہے میں اسی وقت یہاں سے چل دیتا مگر اپنی حالت کی وجہ سے سخت مجبور ہوں۔ اس وقت زیادہ کیا لکھوں راقم عبدالرحیم۔ از رائے پور بروز شنبہ بوقت گیارہ بج کر بیس منٹ۔

## تعزیت نامہ ۲:

برخوردار مولوی محمد زکریا سلمہ اللہ تعالیٰ، از احقر عبدالرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

یہ حادثہ ایسا ہے کہ جس نے طبیعت کو بہت مضمحل کر دیا۔



مجھ کو تو صدمہ ہونا ہی چاہئے تھا۔ مگر یہاں پر مرد و عورت جس کسی نے سنا سب کو صدمہ ہے بجز صدمہ اٹھانے کے اور کوئی کیا کر سکتا ہے، طبیعت بے اختیار ہے اور تمہارے پاس آنے کو طبیعت چاہتی ہے۔ مگر اس وجہ سے فوراً حاضر نہیں ہوسکا کہ ضعف اس درجہ ہوگیا کہ کھڑے ہوتے ہوئے چکر آتا ہے اندیشہ گرنے کا ہوتا ہے۔ مسجد تک جانے میں مغرب اور عشاء اور صبح کو بغیر دوسرے شخص کے پکڑے، جا، آ نہیں سکتا ہوں۔ ادھر شاہ صاحب چلنے پھرنے سے معذور ہیں۔ ان کی صحت کی حالت میں سواری کا انتظام بسہولت ہو جاتا تھا۔ اب ایسی سواری دستیاب نہیں کہ جس میں رائے پور سے بہٹ تک پہنچوں عنقریب ارادہ کر رہا ہوں کہ کوئی سواری کا انتظام ہو جاوے تو ان شاء اللہ حاضر ہوں گا۔ بیل گاڑی کی حرکت سے دماغ پر ایک ایسا اثر پہنچتا ہے کہ جس کی تاب نہیں لا سکتا ہوں۔ اگر چہ یہ صدمہ تو ایسا ہے کہ تم کو لکھنا مناسب نہیں ہوتا۔ مگر آخر مشیت ایزدی پر صبر کرنا اور راضی برضا رہنا اس کے سچے بندوں کا کام ہے امید ہے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ تمہاری یہی حالت ہوگی۔ اپنی والدہ صاحبہ اور ہمشیرہ صاحبہ کی جہاں تک ہو سکے تسلی کرو اور صبر اور راضی برضا ہونے کا ان کو اجر سناؤ اگر چہ عنوان اس صدمہ کا بہت وجوہ سے بہت بڑھا ہوا ہے مگر آخر ہمیں تمہیں سب کو پس و پیش یہی راہ طے کرنا ہے مالک حقیقی اپنے بندوں کے ساتھ جو چاہے کرے کسی کو مجال دم زدن نہیں۔ رضا و تسلیم بندوں کا کام

ہے۔ زیادہ کیا عرض کروں۔ یہ نہیں معلوم ہوا کہ کیا مرض پیش آیا۔ اور کس وقت انتقال ہوا۔ عائشہ کو بہت بہت دعا اور اپنی والدہ مکرمہ کی خدمت میں سلام ودعا عرض کردو۔ از جانب مولوی عبدالقادر صاحب وملا جی صاحب ومولوی رستم علی صاحب ومولوی سراج الحق صاحب، بعد سلام مسنون مضمون واحد ہے۔

راقم عبدالرحیم از رائے پور (آپ بیتی نمبر:۴ ص:۴۸ وص:۴۹)

## حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ سے متعلق بلند کلمات

اعلیٰ حضرت رائے پوری قدس سرہ وبرد اللہ مضجعہٗ کی یہی غایت شفقت تھی جو حضرت اقدس رائے پوری ثانی قدس سرہ میں ظاہر ہوئی کہ اگرچہ حضرت عمر میں حضرت سے بہت چھوٹے ہیں اور طالب علمی وترقی باطنی کے سب مراحل حضرت کے سامنے ہی گذرے لیکن حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی خداداد صلاحیتوں، فطری جوہر اور علوم استعداد کی بنا پر حضرت قدس سرہ کا تعلق حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے صرف انس ومحبت ہی کا نہ تھا بلکہ غایت درجہ احترام وعقیدت کا تھا۔ اور بڑے بلند کلمات حضرت رحمۃ اللہ علیہ سے متعلق ارشاد فرمایا کرتے تھے ایک دفعہ ارشاد فرمایا کہ۔

''حضرت گنگوہیؒ کی نسبت حضرت شیخ الحدیث کی طرف منتقل ہوگئی''۔

اکثر فرماتے تھے۔

''ان چچا بھتیجے کے حالات بھی عجیب ہیں۔ جہاں سے ان کی ابتداء ہوتی ہے وہاں ہماری انتہاء ہوتی ہے''۔

کبھی حضرت شیخ کے خدام ومریدین سے فرمایا کرتے کہ۔ شیخ الحدیث میرے بھی شیخ ہیں''۔



## حضرت رائے پوری ثانیؒ کی ایک خواہش

ایک دفعہ رائے پور میں حضرت رائپوری ثانی نور اللہ مرقدہ نے حضرت شیخ الحدیث صاحب اطال اللہ بقائہٗ سے فرمایا کہ۔

میرا جی چاہتا ہے کہ آپ مجھے اجازت بیعت دے دیں تاکہ حضرت سہارنپوری قدس سرہ کی نسبت سے بھی مجھے کچھ مل جائے۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ہاتھ جوڑ کر دست بوسی کے بعد فرمایا کہ۔

''حضرت توبہ توبہ ایسی بات فرماویں''

حضرت مولانا احمد الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے عرض کیا کہ۔

''حضرت یہ اجازت نہیں دیتے تو آپ ان کو اجازت دے دیں تاکہ ان کے سلسلہ میں آپ کی شرکت ہو''۔

حضرت قدس سرہ نے فرمایا۔

''میری طرف سے تو بڑی خوشی سے اجازت ہے''۔

## اجازت وخلافت کو حضرت رائے پوری ہی نے ظاہر فرمایا

جب حضرت شیخ کو حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری قدس اللہ سرہ العزیز نے اجازت مرحمت فرمائی۔ حضرت رائے پوری قدس سرہ وہاں موجود تھے تو حضرت شیخ نے غایت تواضع اور غلبۂ عبدیت وفنائیت کی وجہ سے حضرت رائے پوری قدس سرہ کے پاؤں پکڑ کر بصد لجاجت درخواست کی کہ ہندوستان میں کسی سے اس کا اظہار نہ فرمائیں۔ مگر حضرت رائے پوری ثانی قدس سرہ نے ہی اس کو آکر ظاہر کیا اور خوب مشہور کیا بلکہ سفر سے ہی خطوط میں لکھنا شروع فرمادیا تھا۔ اور جو حضرات

حضرت قدس سرہ سے رجوع فرماتے تو حضرت رائے پوری قدس سرہ ان کو بالخصوص اہل علم حضرات کو حضرت شیخ الحدیث صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ہی بیعت ہونے کا مشورہ دیتے۔

## حضرت شیخ الحدیث صاحبؒ کا ایک خط اور حضرت رائے پوری کی طرف سے اس کا جواب

ایک دفعہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے کمال عبدیت اور غلبۂ فنائیت کی وجہ سے حضرت رائے پوری قدس سرہ کو لکھا کہ۔

میری حالت بہت ہی ابتر اور خراب ہوتی جارہی ہے
حضرت بیعت نہ کرنے کی اجازت مرحمت فرمادیں۔

تو حضرت اقدس رائے پوری ثانی نے مندرجہ ذیل جواب مرحمت فرمایا۔

اعلیٰ حضرت سہارنپوری نے آپ کو بیعت کرنے کی اجازت دی اور حضرت دہلوی (یعنی حضرت مولانا محمد الیاس صاحب قدس سرہ) نے حکماً آپ سے بیعت کی ابتدا کرائی۔ میں اور حضرت مدنی بار بار آپ پر تقاضہ کرتے رہتے ہیں۔ اب آپ کے اطمینان کے لئے حضرت جبرئیل علیہ السلام تو اترنے سے رہے۔ (آپ بیتی نمبر:۴ رص:۱۳۳)

## تمہاری محبت کھینچ لائی ہے

۴۵ھ میں جب حضرت شیخ اپنے ومرشد حضرت محدث سہارنپوری قدس اللہ سرہ العزیز کے ساتھ "بذل المجہود" کی تالیف کے سلسلہ میں یکسالہ قیام کے لئے مدینہ



طیبہ (زادہا اللہ شرفا وکرامۃً) تشریف لے گئے تو ماہ رجب میں حضرت اقدس رائے پوری قدس سرہ بھی مدینہ پاک تشریف لے گئے تو سفر میں بھی اور سفر کے بعد بھی حضرت شیخ سے کئی دفعہ فرمایا۔

اللہ معاف کرے کہ میں حج کی یا حضرت مدظلہ کی زیارت کے لئے نہیں آیا ہوں۔ بلکہ تمہاری محبت کھینچ کر لائی ہے آٹھ ماہ سے تمہاری زیارت نہیں ہوئی۔ اس نے بے چین کر رکھا ہے۔
(آپ بیتی نمبر:۴ رص:۱۲۲)

## حضرت شیخ کی وجہ سے پاکستان سے واپسی

پاکستان کا سفر ذرا طویل ہوتا تو حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے ملنے کا تقاضہ شدت سے پیدا ہوتا اور یہی گویا واپسی کی دلیل ہوتی۔ فرماتے کہ۔
"اب ہمیں نہ روکو شیخ بہت یاد آتے ہیں"۔
(سوانح حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ ص:۳۱۲)

## دو لاکھ مرغیوں کا پرلطف واقعہ

۴۵ھ کے حج سے واپسی پر جب کہ حضرت رائے پوری ثانی قدس سرہ بھی ساتھ تھے۔ ایک پرلطف واقعہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے۔

مکہ مکرمہ (زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً) سے جدہ آتے وقت حدیبیہ کی منزل میں رات کا وقت ہوگیا تھا۔ اندھیرے میں کچھ نظر نہیں آیا۔ صبح کو آپس میں ملاقات ہوئی تو معلوم ہوا کہ حضرت کے خدام نے تو حضرت کے لئے دو چوزہ خرید لئے تھے۔ اور ہمارے

رفقاء کو کچھ ملا نہیں تو کھچڑی پکائی۔ حضرت کو یہ معلوم ہوا تو بہت ہی قلق ہوا۔ اور اس گستاخ نے بھی تفریحاً یہ کہہ دیا کہ اکیلے اکیلے آپ نے یہ مزے اڑائے۔ حضرت قدس سرہ نے از راہ شفقت فرمایا کہ جدہ جاکے اس کی قضا کروں گا۔ میں نے کہا کہ حرم کی ایک نیکی ایک لاکھ کے برابر ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ ان شاء اللہ ہندوستان جاکر دو لاکھ مرغیاں کھلانی ہیں۔ کراچی پہنچنے کے بعد جو حضرت نے انبالہ تک خدام کو خطوط لکھوائے اس میں یہ بھی لکھوایا کہ میرا خیال تو راستہ میں تم دوستوں سے ملتے ہوئے جانے کا تھا مگر چونکہ شیخ الحدیث صاحب ساتھ ہیں اس لئے اب تو سیدھے جانا ہے۔ بعد میں آؤں گا۔ میرے ذمے حضرت شیخ کی دو لاکھ مرغیاں قرض ہیں۔ فلاں گاڑی سے فلاں اسٹیشن پر پہنچوں گا۔ ایک دو مرغیاں پکا کر ساتھ لیتے آنا۔ کراچی سے سہارن پور تک اسٹیشن پر چار پانچ بلکہ کہیں دس بارہ تک ملتی رہیں۔ اس کے بعد سے اس ناکارہ کی مرغ خوری نے ایسی شہرت پائی کہ گویا مرغا ہی میری غذا بن گیا۔ (آپ بیتی نمبر:۴ ص:۱۲۶)

## حضرت رائے پوری قدس سرہ کی طرف سے اچھے کپڑوں لحافوں کا تحفہ

حضرت رائے پوری نور اللہ مرقدہ کی شفقتوں کا ذکر فرماتے ہوئے حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

حضرت اقدس نور اللہ مرقدہ کو ہمیشہ یہ شوق رہا کہ میرے بدن پر اچھا کپڑا دیکھیں۔ بار بار اس کا اظہار بھی فرمایا کہ میرا دل



چاہتا ہے کہ آپ کو اچھے کپڑے پہنے ہوئے دیکھوں۔ مگر جیسا کہ یہ ناکارہ آپ بیتی نمبر:۱، میں لکھوا چکا ہے کہ ابا جان کے ان جوتوں کی بدولت جو ابتداء عمر میں بجائے پاؤں کے سر پر پڑ چکے تھے واقعی مجھے اچھے کپڑے سے نفرت ہوگئی۔ اس لئے حضرت جب کوئی اچھا کپڑا مرحمت فرماتے تو میں بچیوں یا دامادوں میں سے کسی کو دے دیتا۔ ایک مرتبہ حضرت نور اللہ مرقدہ نے میری لاعلمی میں میرا ایک جوڑا حافظ صدیق سے منگایا۔ جو میرے کپڑوں وغیرہ کے منتظم ہیں۔ اور اس کے مطابق ایک بہت خوبصورت جوڑا سلوا کر بھیجا جس کو میں نے بہت ہی احترام سے پہنا۔

یہ میں پہلے لکھوا چکا ہوں کہ میری بچیوں کے سارے لحاف حضرت قدس سرہ کے عطا فرمودہ ہیں۔ (آپ بیتی نمبر:۴ ر ص:۱۲۵)

نیز اگر کوئی رائے پور کوئی کھانے کا تحفہ لاتا یا مرغ وغیرہ کہیں سے آتا تو حضرت شیخ کی آمد کا انتظار فرماتے اور سمجھتے کہ انہیں کے تشریف لانے پر استعمال ہوگا۔

## ہوائی جہاز سے سفر کی وجہ

۱۳۶۹ھ کے آخری حج کا انتظام ہوائی جہاز سے اس شوق سے فرمایا تھا کہ شیخ بھی ساتھ ہوں گے، فرماتے تھے کہ۔

جب پاکستان جاتے ہوئے ہوائی جہاز پر بیٹھنا ہوا تو جی چاہا کہ شیخ بھی ایک مرتبہ ہوائی جہاز سے سفر کریں۔ خیال آیا کہ شیخ صرف حجاز کے لئے اس کو منظور فرمائیں گے اس لئے ہوائی جہاز سے

جانے کا انتظام کیا۔ لیکن اس سال ہندوستان میں کالرا پھیلنے کی شہرت کی وجہ سے دوسرے ملکوں سے قرنطینہ کے سخت احکام نافذ کر دیئے تھے اس کی وجہ سے ہوائی جہاز سے سفر حجاز کا سلسلہ ہی بند ہو گیا۔

(سوانح حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ)

## رائے پور آمد پر مسرت

حضرت مولانا سید ابوالحسن صاحب علی ندویؒ مدظلہ تحریر فرماتے ہیں۔

رائے پور میں شیخ کی آمد سے جو مسرت اور شگفتگی پیدا ہوتی اور تشریف لے جانے سے جو افسردگی اور اداسی نظر آتی اور حضرت کے قلب مبارک پر اس کا جو اثر ہوتا اس کو دیکھنے والی آنکھیں ابھی نہیں بھولیں۔ (حوالہ بالا)

## تبصرہ

ان جیسے ارباب بصیرت مجلی و مصفی قلوب، مزکی نفوس حاملان شریعت وطریقت، غواصان بحر توحید ومعرفت رمز شناسان حقیقت، ماہتابان رشد وہدایت، اقطاب زمانہ محبوبان بارگاہ الٰہی۔

''آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند''

جن کی شان میں کہا گیا ہے۔

ہیں خاک ہند میں کچھ نقش پا ان رہ نوردوں کے
ادب سے چومتے جن کو ہیں دشت وکوہسار اب تک



کوئی تھا گنج بخش ان میں کوئی گنج شکران میں
خزانے معرفت کے ہیں نہاں زیر مزار اب تک
ہوا ہندوستاں جنت نشاں جن کی فضاؤں سے
نہ آئی جا کے ان باغوں میں پھر فصل بہار اب تک

ان حضرات کا شیخ المشائخ حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ سے غایت درجہ شفقت ومحبت اور احترام وعقیدت (جس کا کچھ نمونہ اوپر گذرا) کا ہونا ظاہر ہے کہ بلا وجہ نہیں ہوسکتا۔ بلکہ۔

قدر گوہر شاہ داند یا بداند جوہری
قدر گل بلبل بداند یابداند عنبری

یہ حضرات جانتے تھے کہ شیخ کیا کچھ ہیں اور کیا کچھ ہونے والے ہیں۔

اللّٰھم صلّ وسلّم
علٰی سیّد المرسلین
وعلٰی اٰلہ الطیّبین
الطاھرین وعلٰی
اتباعہ الٰی یوم
الدین

# مشائخ کے ساتھ ربط قلبی

بامشائخ ربط قلبی وقوی دارد مدام
گریہ طاری میشود چوں نام آید بر زباں

ترجمہ: شیخ رحمۃ اللہ علیہ مشائخ کے ساتھ ہمیشہ قلبی وقوی ربط (تعلق رکھتے ہیں۔جب (کسی کا) زباں پرنام آتا ہے تو (بے اختیار) گریہ طاری ہوجاتا ہے۔

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی میاں ندوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں۔

آپ میان قد، وجیہہ اور خوبصورت ہیں رنگ سرخ وسفید ہے۔رخسار انار کی مانند، بہت سرگرم ونشیط، سستی آپ کو چھو کر نہیں گذری، باغ وبہار طبیعت کے مالک، خوش اخلاق اور مہمان نواز، مجلس میں مہمانوں سے ہنسنے ہنسانے کی دلچسپ باتیں کرتے ہیں۔چشم پر آب رہتی ہیں اور جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین یا اولیاء امت کا تذکرہ یا کوئی مناجات اور شوقیہ اشعار پڑھے جائیں تو اس وقت ضبط واخفاء حال کے باوجود آپ کے آنسو چھلک پڑتے اور آپ کی اس اندرونی کیفیت اور سوز فرقت کو ظاہر کردیتے ہیں[1]

زبان پرنام آتے ہی گریہ طاری ہوجانا کس کمال درجہ ربط وتعلق کی خبر دیتا ہے۔

## اقوال واحوال شیوخ پرنظر

درنگہ دارد ہمہ اقوال واحوال شیوخ
ہیچ گہ غافل نہ ماند از ادائے حق شان

[1] حیات خلیل ص: ۶۱۰، بحوالہ مقدمہ اوجز۔



ترجمہ: شیوخ کے تمام اقوال واحوال (حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ) کو محفوظ ہیں۔کبھی ان کے حق کی ادائیگی سے غافل نہیں رہے۔(یعنی ان کے مقتضیٰ پر عمل فرماتے ہیں یہی ان کے حق کی ادائیگی ہے)

تشریح: اکابر کے حالات وواقعات حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کو اس قدر ازبر ہیں کہ بہت سے سوانح نگاروں نے حضرت سے استفادہ کر کے ہی سوانحات مرتب کیں اور اکابر کے ساتھ غایت درجہ تعلق ہی کی وجہ سے بعض اہل علم حضرات کو بعض بزرگوں کی سوانح کی طرف حضرت رحمۃ اللہ علیہ ہی نے متوجہ فرمایا۔

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی میاں ندوی نوراللہ مرقدہ نے حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور ان کی دینی دعوت نامی کتاب تصنیف فرمائی اس کے دیباچہ میں رقم طراز ہیں۔

سب سے بڑی اور سب سے قیمتی مدد اس سلسلہ میں شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہ، سے ملی۔آپ نے بڑی جانفشانی اور بڑی تلاش وتحقیق سے معلومات فراہم کئے بعض مرتبہ ایک سند اور تاریخ کی تحقیق میں کئی کئی دن اور کئی کئی راتیں صرف ہوئی۔اپنے روزنامچہ اور پرانے کاغذات اور تحریروں سے یہ کھوئی ہوئی چیزیں برآمد کیں اور اس طرح کتاب کی تکمیل کی۔آخر میں (کتاب کی دوسری طباعت کے وقت) مولانا رحمۃ اللہ علیہ کے خطوط کا ایک بہت بڑا ذخیرہ آپ کی توجہ اور کرم سے ہاتھ آیا (اس ذخیرہ کے تقریبا ۷۰/۸۰، اقتباسات اس اشاعت کا قیمتی اضافہ ہیں جس سے کتاب میں نئی روح اور نئی طاقت پیدا ہوگئی) اس

طرح اول سے آخر تک اللہ تعالیٰ نے اس کام میں بڑی مدد فرمائی۔

اور ہماری ابتدائی توقع سے بڑھ کر مواد فراہم ہوگیا۔[1]

## حیات خلیل

حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری نور اللہ مرقدہ وبرد اللہ مضجعہ کی سوانح حیات حضرت مولانا محمد ثانی حسنی رحمۃ اللہ علیہ نے مرتب فرمائی۔ اسکے مقدمہ میں حضرت مولانا سید ابوالحسن علی میاں ندوی صاحب نور اللہ مرقدہ فرماتے ہیں۔

خواہرزادہ عزیز مولوی محمد ثانی حسنی سلمہٗ کی یہ بڑی خوش نصیبی ہے کہ حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ نے یہ نازک اور اہم خدمت ان کے سپرد کی۔

چند سطروں کے بعد تحریر فرماتے ہیں۔

بڑی خوش قسمتی کی بات یہ ہے کہ ابھی حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہ رہنمائی، امداد اور نشان دہی کے لئے موجود ہیں ان سے زیادہ کسی کو اس سلسلہ میں معلومات نہیں اور نہ ان سے زیادہ کسی کو اس کام کی تکمیل سے مسرت اور فرحت ہوسکتی ہے۔ انہوں نے عزیز موصوف کو نہ صرف اس کام پر مامور فرمایا۔ بلکہ ان کی پوری سرپرستی کی۔ جس وقت سے یہ کام شروع کیا گیا ان کی ساری توجہ اس پر مرکوز ہوگئی اور ان کو اس کی تکمیل کا ایسا انتظار واشتیاق رہنے لگا۔ جیسے کسی عاشق کو کسی محبوب کی آمد کا انتظار ہوتا ہے، اس سے ان کے اس قلبی تعلق کا کچھ اندازہ ہوتا ہے۔ جوان کو اپنے شیخ

۱ مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور ان کی دینی دعوت ص: ۲۶، ۲۷۔



سے ہے۔ اور جس کی مثال اس زمانہ میں ملنی مشکل ہے۔ کتاب کے مسودہ کو انہوں نے حرف بحرف سنا مدینہ طیبہ کے مبارک ماحول میں۔ اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر سایہ انہوں نے اپنی انتہائی مصروفیت میں اس کے لئے وقت نکالا۔ فروگذاشتوں کی تصحیح کی۔ ماخذ کی نشاندہی فرمائی۔ جہاں تفصیل کی ضرورت سمجھی تفصیل اور جہاں توضیح کی ضرورت سمجھی وہاں توضیح سے کام لیا۔ پھر جب کتاب کا کچھ حصہ چھپ کر تیار ہوا تو ۱۳۹۶ھ کے رمضان المبارک کے اخیر عشرہ میں سیکڑوں معتکفین کی موجودگی میں دن رات کے مبارک ساعتوں میں اس کو بڑے ذوق وشوق کے ساتھ پڑھوا کر سنا۔ ان مجالس کا کیف حاضرین کو عرصہ دراز تک نہ بھولے گا۔ اور ان صفحات کے ختم ہوجانے پر جو قلق حضرت کو اور حاضرین کو ہوا وہ بھی عرصہ تک یاد رہے گا۔ (حیات خلیل ص: ۱۴، ۱۵)

حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب میرٹھی قدس سرہ العزیز مؤلف ''تذکرۃ الخلیل'' اپنی تالیف کے مقدمہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

اس ترتیب سوانح میں بڑا دخل میرے بزرگوں حضرت مولانا سرحیم بخش صاحب وحاجی شیخ رشید احمد صاحب اور مخلص دوستوں حضرت مولانا حافظ عبد اللطیف صاحب اور شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب کو ہے کہ ان حضرات کا حکم اور اصرار ہوا جس کی تعمیل سے انکار کو سوء ادب سمجھا ورنہ ایمان کی بات یہ ہے کہ میں اپنی بے بضاعتی وناکارگی کے سبب حضرت کی سوانح

لکھنے کا اہل نہیں اور نہ وہ قابلیت اپنے اندر پاتا ہوں جو کسی جامع شریعت وطریقت شیخ کی سوانح عمری کے لئے ضروری ہے۔

(تذکرۃ الخلیل،ص:۲۶)

''سوانح حضرت مولانا محمد یوسف صاحب رحمۃ اللہ علیہ'' مؤلفہ حضرت مولانا سید محمد ثانی حسنی مدظلہ کے مقدمہ میں حضرت مولانا سید ابوالحسن علی میاں ندوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

اس عرصے میں بعض اہل قلم نے بطور خود سوانح کی ترتیب کا کام بھی شروع کر دیا اور بعض حلقوں میں اس کا اعلان بھی ہو گیا۔ حضرت شیخ کی طرف سے اسی لطیف اور محتاط پیرایہ میں جو ان حضرات کا مزاج و مذاق ہے۔ اس تحریک کی تائید اور اس خواہش کا اظہار بھی ہوا۔

دوسرے صفحہ پر تحریر فرماتے ہیں۔

دوسری طرف حضرت شیخ کا کھلا ہوا ایماء اسکی تکمیل کا تھا اور یہ صاف معلوم ہوتا تھا کہ حضرت کی طبیعت پر اسکا شدید تقاضہ ہے۔

آگے صفحہ ۲۷ر پر تحریر فرماتے ہیں۔

اگر خوش قسمتی سے حضرت شیخ الحدیث صاحبؒ کا قیمتی روز نامچہ نہ ہوتا جس میں چھوٹی چھوٹی جزئیات بھی محفوظ ہیں تو اس عالم گیر اور عہد آفریں تحریک کا ایک سرسری خاکہ اور ناقص مرقع بھی پیش کرنا ممکن نہ ہوتا سوائے چند خطوط اور چند تقریروں کے مسودوں کے تحریری شکل میں کوئی سرمایہ نہ تھا جن حضرات سے



تعاون کی امید تھی یا درخواست کی گئی ان میں سے متعدد حضرات خواہش وارادہ کے باوجود بھی کوئی مدد نہ کر سکے اس لئے کہ ان کے پاس بھی کوئی ایسا سامان نہ تھا جس سے معتد بہ مدد مل سکتی۔ لیکن حضرت شیخ الحدیث کی توجہ، دعاء فکر مندی ودلسوزی، انتظار واشتیاق، علمی تعاون، قدم قدم پر رفیق اور ہمدم وچارہ ساز رہا۔ اپنے بیش قیمت اوقات میں سے نہایت فیاضی کے ساتھ اوقات نکال کر اپنے بیش قیمت روز نامچہ کے طویل طویل اقتباسات ارسال فرماتے رہے خطوط کے مفصل جوابات مرحمت فرمائے۔ زبانی سوالات کا جواب دینے کے لئے ضروری ضروری کاموں کا حرج کر کے کئی کئی گھنٹے عطا فرمائے۔ دوسرے خدام اور احباب کو بھی متوجہ فرمایا۔ مسودے کے اکثر بیشتر حصے کو حرف بحرف سنا۔ اس کے خلا اور تاریخی اور واقعاتی شگافوں کو پر کرنے کی کوشش فرمائیں۔ کام کو جلد ختم کرنے اور اس کو بہتر سے بہتر طریقہ پر انجام دینے کی تاکید فرماتے رہے حضرت کی طبیعت پر اس کتاب کی تکمیل کا جتنا تقاضہ غالب تھا۔ اس کا اندازہ اس سے ہوگا کہ حجاز مقدس کی فضا اور وہاں کے بیش قیمت اوقات میں بھی آپ نے اس کو فراموش نہیں کیا اور وہاں سے اس کا تقاضہ فرماتے رہے۔

اس ناچیز کے نام ایک خط میں تحریر فرمایا۔

''سوانح کی تبییض پر بہت ہی مسرت ہے۔ مجھے اس کی تکمیل کا بہت ہی اشتیاق ہے''

آخری والا نامہ مورخہ ۷ رمحرم میں فرماتے ہیں۔

خدا کرے اگر واپسی مقدر ہے تو مطبوعہ سوانح بلکہ اس کے مطبوعہ فرمے آتے ہی دیکھوں تو جی خوش ہوجائے۔

اسی جذبے اور قلبی تقاضے کا یہ نتیجہ ہے کہ اس بے سرو سامانی کی حالت میں جس کا اندازہ صرف مصنف اس مقدمہ نگار کو ہے۔ یہ عظیم کام جو نہایت دشوار بھی تھا اور نازک بھی، وسیع بھی تھا اور پیچیدہ بھی۔ ان معذوریوں کے ساتھ اس حد تک انجام پا گیا۔ جس کے نصف یا چوتھائی کی بھی ابتداء میں امید نہ تھی [1]

اسی طرح ''سوانح حضرت مولانا عبدالقادر صاحب رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ'' کے مصنف حضرت مولانا سید ابوالحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ دیباچہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

اس سلسلہ میں سب سے بیش قیمت مدد اور رہ نمائی حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب دامت برکاتہم سے حاصل ہوئی۔ (ص:۱۷)

نیز اسی کتاب کے مقدمہ نگار حضرت مولانا محمد منظور صاحب نور اللہ مرقدہ مقدمہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

سب سے بڑی مدد اور رہنمائی اس سوانح کی تیاری میں مؤلف کو حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہ سے حاصل ہوئی۔ حضرت قدس سرہ کے بہت سے احوال وکوائف کے علاوہ اہم واقعات کی تاریخیں حضرت ممدوح ہی سے حاصل ہو

[1] سوانح حضرت مولانا محمد یوسف صاحب رحمۃ اللہ علیہ ص: ۲۷، ۲۸۔



سکیں۔ نیز مسودہ کی تکمیل کے بعد حضرت شیخ نے اس کو حرفاً حرفاً سنا اور جا بجا مشورے دیئے۔ جن کی بنا پر مسودہ میں آخری اصلاح اور ترمیم ہوئی۔ (سوانح حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ ص:۲۵)

## اکابر اور اہل تعلق کے لئے ایصال ثواب

اضحیہ، عمرہ، تلاوت، بہر ایصال ثواب
ہست جاری در طریقش مثل معمولات شان

ترجمہ: قربانی، عمرہ، تلاوت کلام پاک، ایصال ثواب کیلئے حضرت قدس سرہ کے طریق میں جاری ہے حضرت زید مجدہ کے (دیگر) معمولات کے مثل۔

تشریح: یعنی حضرت اقدس قدس سرہ کا دیگر معمولات کے مثل یہ بھی معمول ہے کہ قربانی، عمرہ اور کلام پاک کی تلاوت فرما کر اکابر کے لئے ایصال ثواب فرماتے ہیں۔

خود حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ نے اپنا معمول بیان فرمایا ہے۔

اس سیہ کار کا دستور تقسیم ہند سے پہلے زندوں اور مردوں کی طرف سے قربانی کے حصص کی کثرت کا بہت تھا۔ آٹھ دس گائیں تو مستقل خود میری ہوتی تھیں اور جس گائے میں ایک آدھ حصہ بچ جاتا تھا اس کے لئے عام دستور تھا کہ وہ مجھے اطلاع کرے اور میرا حصہ اپنے یہاں کر لے۔ نسبی، سلوکی، علمی مشائخ کے۔ خصوصی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین، ائمہ فقہ، ائمہ حدیث غرض جتنی بھی گنجائش ہوا کرتی مجھے حصہ لینے میں انکار نہیں ہوا کرتا تھا۔

اس کے ساتھ یہ بھی شوق تھا کہ اکابر کے جانوروں میں میرا حصہ ہوجائے۔ حضرت اقدس سہارنپوری اعلیٰ حضرت رائے پوری اور عجیب بات یہ کہ حکیم الامت تھانوی نور اللہ مراقدہم کے جانوروں میں بھی ایک ایک حصہ میرا ہوتا تھا۔ جس کے گوشت وغیرہ سے مجھے کوئی تعلق نہیں وہ جس طرح چاہیں تصرف فرماویں۔ حضرت رائے پوری ثانی نے تو اس کا ردعمل یہ کیا کہ مستقل ایک جانور میری طرف سے حضرت خود کیا کرتے تھے۔ چاہے رائے پور میں ہوں چاہے پاکستان میں۔ رائے پور کے قیام میں حضرت کا ارشاد ہوتا تھا کہ میں ۱۲ر کو ضرور پہنچوں اور جانور میرے سامنے ہی ذبح بھی ہوتا۔ (آپ بیتی نمبر ۴ر ص: ۴۴، ۴۵)

اسی سلسلہ کا حضرت رائے پوری قدس سرہ کا ایک مکتوب گرامی بھی نقل کیا جاچکا۔

## عمرہ وحج بدل کا معمول

اسی طرح حضرت اقدس زید مجدہ کا معمول اکابر کے ایصال ثواب کے لئے عمرہ وحج بدل کرنے کا بھی کثرت سے ہے۔ ایک حج کی تفصیل بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

یہ عمرہ حضرت مرشدی سہارنپوری قدس سرہ کی طرف سے کیا تھا اور اس سے پہلے تمتع حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کیا تھا۔ (آپ بیتی نمبر ۴ر ص: ۲۷۵)

سب اکابر کے لئے عمرہ کرنے کا حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا دستور رہا ہے اس



کا جو ردعمل ہوا وہ بھی ملاحظہ ہو حضرت فرماتے ہیں۔

حضرت نور اللہ مرقدہ نے علی میاں سے بھی اس سفر میں عین وقت پر یعنی شوال میں معیت کی خواہش فرمائی۔ اور علی میاں نے کچھ مصارف کی حیثیت سے تأمل ظاہر کیا۔ میں نے کہا ''لا حول ولا قوۃ'' پیسوں کا خیال نہیں کیا کرتے۔ میں نے تو دونوں حج قرض سے ہی کئے ہیں۔ علی میاں نے کہا کہ قرض میرے بس کا نہیں۔ میں نے کہا کہ۔

تو مشق ناز کر خون دو عالم میری گردن پر

میں نے اپنی ایک لڑکی شاکرہ مرحومہ کا حج بدل تجویز کردیا اور جب ہی قرض لے کر مولانا کو رقم بھی پیش کردی۔ اللہ تعالیٰ مولانا کو بہت بلند درجات عطا فرمائے۔ ان کے احسانات بھی اس سیہ کار پر لاتعد ولاتحصیٰ ہیں۔ مولانا نے حج بدل تو مرحومہ کا کیا ہی لیکن خطوط سے بھی معلوم ہوا اور زبانی بھی کہا کہ حج سے فراغ کے بعد سے مصر روانگی تک مرحومہ کی طرف سے بہت سے عمرے بھی کئے مگر حضرت قدس سرہ کی ہمرکابی میں اس مرتبہ حج نہ کرنے کا قلق اب تک ہے۔ میرے حضرت رائے پوری کے احسانات کا نہ شمار نہ احصاء۔ اللہ تعالیٰ ہی اپنی شایان شان ان کا بدلہ مرحمت فرماوے جب حضرت اسی سفر حج سے واپس تشریف لائے تو ارشاد فرمایا کہ سارے سفر حج میں یہ سوچتا رہا کہ تمہارے واسطے کوئی ایسی چیز لے

کر جاؤں جس سے تمہارا واقعی جی خوش ہو مشلح مصلی اور کئی چیزیں ذہن میں آئیں مگر میں ہر چیز کے متعلق یہ سوچتا رہا کہ میری خاطر تم اظہار مسرت تو بہت کرو گے۔ مگر تمہارا دل خوش نہ ہوگا بہت غور وخوض کے بعد میں نے مسجد نبوی سے عمرہ کا احرام تمہاری طرف سے باندھا۔ میں نے عرض کیا کہ حضرت خود ہی ارشاد فرمائیں کہ اس احسان عظیم کے برابر کوئی دوسرا ہدیہ ہوسکتا ہے۔ عمرہ اور پھر آپ کا اور وہ بھی مسجد نبوی سے انشاء اللہ میرے لئے تو یہی ایک چیز کافی ہے۔ حضرت نور اللہ مرقدہ کے اس احسان اور اخلاص ومحبت کی برکت کہ اس کے بعد سے جو احباب کی طرف سے اس سیہ کار کی جانب سے جو عمروں کا سلسلہ بندھا ہے تو بڑھتا ہی چلا گیا۔ بعض سالوں میں تو مکی مدنی اور آفاقی احباب کی طرف سے سو سو عمروں سے زائد کی اطلاعیں ملیں اور اب تو دس بارہ برس سے عمروں کے ساتھ حج بدل کا بھی سلسلہ شروع ہوگیا اور بعض سنین میں دس دس، بارہ بارہ حج بدل کی اطلاعیں ملیں اور ان سب کا ثواب "من سن سنة حسنة فله اجرها واجر من عمل بها" حدیث کی بنا پر حضرت اقدس رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ کو مل رہا ہے۔

## اصل ہدیہ

اور میرا بھی حضرت کے عمرے کے بعد سے یہ مستقل معمول بن گیا کہ جانے والے احباب سے خاص طور سے یہ



فرمائش کرتا ہوں کہ میرے لئے کوئی ہدیہ مصلی، رومال، مشلح وغیرہ ہرگز نہ لائیں، بعض بے تکلف دوستوں کے اس قسم کے ہدایا سختی سے ان کو واپس کردئے۔ میرا ہدیہ مکہ مکرمہ کا طواف وعمرہ ہے اور مدینہ پاک کا روضۂ اقدس پر صلوۃ وسلام ہے۔ میرے نزدیک اصل ہدایا یہی ہیں اور رومال، مصلی وغیرہ نہایت لغو اور بیکار ہیں اور اب تو ہماری بدقسمتی سے اس سے بھی معاملہ اور اوپر ہوگیا ہے کہ مکہ مکرمہ کے ہدایا گھڑیاں اور ریڈیو وغیرہ بن گئے۔ "انا لله وانا اليه راجعون والى الله المشتكى"۔ میں اپنے بعض رسائل میں پہلے بھی لکھ چکا ہوں اور اب بھی لکھواتا ہوں کہ اس ناکارہ کے لئے اوپر مذکور شدہ اشیاء ہی ہدایا ہیں۔ یہ لغویات میرے نزدیک ہدایا نہیں ہیں۔ (آپ بیتی نمبر:۴، ص:۲۵۲،۲۵۴)

## حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا معمول

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا معمول بھی بیان کیا گیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات کے بعد آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب سے عمرہ کیا کرتے تھے اور حضرت ابن موفقؒ نے جو حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے طبقہ میں تھے ان کی طرف سے ستر حج کئے تھے۔ اور حضرت ابن السراجؒ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے دس ہزار سے

زائد ختم کیئے اور اس کے مثل قربانی کی۔ (کذا فی الشامی ص:۶۰۵/ج:۱) بے اختیار زبان پر آتا ہے۔

أُولٰئِکَ آبَائِی فَجِئْنِی بِمِثْلِهِمْ
اِذَا جَمَعَتْنَا یَاجَرِیْرُ الْمَجَامِعُ



## سلاسل اربعہ

صابری ونقشبندی، سہر وردی وقادری
چار نسبت جمع کردہ آں معین چشتیاں

ترجمہ: صابری، نقشبندی، سہروردی، قادری۔ (ان) چار نسبتوں کو شیخ نواللہ مرقدہ نے جو چشتیوں کے معین ہیں جمع فرمایا۔

تشریح: یعنی باوجود یکہ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ چشتی ہیں اور چشتیت کا غلبہ ہے مگر چاروں نسبتیں آپ میں جمع ہیں کہ چاروں سلسلوں میں آپ کو بیعت فرمانے کی اجازت ہے۔

## صابریہ

حضرت شاہ مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر کلیری رحمۃ اللہ علیہ سے جو سلسلہ چلا ہے اس کو صابریہ کہا جاتا ہے۔اور چونکہ حضرت شاہ مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر کلیری خود سلسلہ چشتیہ سے ہیں اس لئے ان کے سلسلہ کو چشتیہ صابریہ کہا جاتا ہے۔

## حضرت شاہ مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر کلیریؒ

آپ حضرت شیخ فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ کے بھانجے اور اکابر خلفاء میں سے تھے۔ ۵۹۲ھ میں ملتان کے ایک مقام کوتوال میں آپ کی پیدائش ہوئی نسبا سید حسنی ہیں۔

## سلسلہ نسب

آپ کا سلسلۂ نسب اس طرح ہے۔خواجہ علاؤالدین بن

شاہ عبد الرحیم عبد السلام بن شاہ یوسف الدین عبد الوہاب بن حضرت غوث الثقلین، پیران پیر شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ۔

## صابر کا خطاب

حضرت خواجہ فرید رحمۃ اللہ علیہ کے لنگر خانہ کی خدمت بارہ سال تک حضرت خواجہ صاحب کے حوالہ رہی۔ لیکن حضرت خواجہ نے بوجہ اذن صریح نہ ہونے کے کبھی اس میں سے کچھ تناول نہیں فرمایا بلکہ ہمیشہ روزہ دار رہتے۔ حضرت کے دریافت فرمانے پر آپ نے عرض کیا کہ غلام کی کیا مجال تھی کہ بدوں ارشاد حضرت اقدس کے اس میں تصرف کرتا۔ حضرت نے یہ جواب سن کر آپ کو صابر خطاب مرحمت فرمایا۔

## ان کے قلب میں غیر اللہ کا گذر نہیں

ایک خادم نے حضرت فرید الدین گنج شکر سے اجازت مانگی کہ آپ کے خلفاء سے ملنے کو جی چاہتا ہے۔ وہ اجازت لے کر حضرت مخدوم علاؤ الدین علی احمد صابر کے پاس آیا آپ غلبہ استغراق کی وجہ سے کسی آنے جانے والے سے واقف نہیں ہوتے تھے۔ حضرت شمس الدین ترک نے (جو خدمت میں رہتے تھے) بآواز بلند ہوشیار کیا اور عرض کیا کہ حضرت پیر و مرشد کا خادم آیا ہے اور حضرت کا سلام لایا ہے۔ آپ نے جواب دینے کے بعد فرمایا کہ میرے شیخ کیسے ہیں اور حضرت شمس الدین کو تاکید فرمائی کہ ان



کی عزت کرو اور فرمایا آج گولروں میں نمک ڈال دینا۔ (یہ گویا حق مہمانی تھا) یہ فرما کر پھر استغراق طاری ہو گیا۔ اس کے بعد وہ خادم حضرت سلطان الاولیاء کے یہاں دہلی حاضر ہوا۔ یہاں شاہی کارخانہ تھا۔ بہت تعظیم ہوئی اور حضرت نے عمدہ عمدہ کھانے کھلائے اور بہت سے تحفے دیئے جب وہ خادم حضرت فرید الدین گنج شکر کے حضور میں پہنچا تو آپ نے دونوں صاحبوں کا حال دریافت کیا۔ خادم نے سلطان الاولیاء کی بڑی تعریف کی اور مخدوم علاؤ الدین کی شان میں عرض کیا کہ وہ تو کسی سے بولتے بھی نہیں نہ وہاں کچھ ہے حضرت نے پوچھا کہ ہمارے حق میں بھی کچھ بولے تھے۔ کہا کچھ بھی نہیں آپ نے مکرر دریافت کیا کہ آخر کچھ تو کہا ہوگا۔ خادم نے عرض کیا کہ صرف یہ پوچھا تھا کہ میرے شیخ کیسے ہیں۔ آپ چشم پر آب ہو کر فرمانے لگے کہ آج[1] وہ ایسے درجہ میں ہیں کہ وہاں کسی کی گنجائش نہیں ہے۔ یہ انہی کا استقلال اور میرے ساتھ کمال محبت ہے کہ ایسی حالت میں بھی مجھے پوچھا اور یاد کیا۔

## مزار پر شعلہ چمکنا

مشہور ہے کہ حضرت صابر کے وصال کے بعد کلیر پر کچھ ہنود کا غلبہ ہو گیا۔ اس وجہ سے بعض ہنود نے مقبرہ میں بت خانہ بنا

[1] حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے یہ الفاظ بیان فرمائے کہ وہ آج اس مقام پر ہیں کہ ان کے قلب میں غیر اللہ کا گذر نہیں۔

لیا تھا اور ایسے ہی کچھ بے حرمتی وغیرہ کا ارادہ تھا کہ اتفاقاً ایک شیر جنگل سے آیا اور بہت سی جانوں کا نقصان کر گیا اور پسماندہ بھاگ گئے۔ آپ پر جلال غالب تھا وصال کے بعد بھی مزار پر ایک شعلہ چمکتا تھا۔ جس کی وجہ سے کسی شخص کی مجال مزار پر جانے کی نہیں ہوتی تھی ایک مرتبہ حضرت شاہ عبد القدوس گنگوہی نور اللہ مرقدہ مزار پر حاضر ہوئے تو حضرت کی درخواست پر وہ چمک موقوف ہوئی۔

## وفات

حضرت شیخ کی وفات ۱۳؍ربیع الاول ۶۹۰ھ کو ہوئی لفظ ''مخدوم'' آپ کی تاریخ وفات ہے پیران کلیر متصل رڑکی سہارنپور میں آپ کا مزار ہے آپ کے مزار پر نور الدین جہاں گیر رحمۃ اللہ علیہ نے گنبد تعمیر کرایا تھا۔ (مشائخ چشت ص: ۱۸۵، ۱۸۷)

## حضرت شیخ فرید الدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ

حضرت شاہ مخدوم علاؤ الدین علی احمد صابر کلیری رحمۃ اللہ علیہ کے شیخ حضرت شیخ فرید الدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ جن کے والد ماجد شیخ جمال الدین سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے۔

## اسم گرامی اور سلسلہ نسب

اسم گرامی مسعود اور لقب فرید الدین تھا۔ آپ کا نسب حضرت امیر المومنین، خلیفہ ثانی عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچتا ہے۔



## ولادت باسعادت

آپ کے دادا قاضی شعیب ہلاکو کے زمانہ میں اپنے وطن مالوف کابل کو چھوڑ کر لاہور تشریف لائے تھے، وہاں کے قاضی منصور نے (جنہوں نے کابل تشریف لے جا کر علم حاصل فرمایا تھا) شاہ دہلی کو خبر دی وہاں سے درخواست منصب آئی مگر آپ نے منظور نہیں فرمائی اور ملتان تشریف لے گئے۔ شاہ دہلی نے ملتان کے حاکم کو پروانہ بھیجا اور جاگیری کی درخواست واصرار کیا۔ آپ نے منظور فرمالیا۔ اسی علاقہ ملتان میں کھوٹوال کی جاگیر آپ کی خدمت میں پیش ہوئی اور آپ نے وہاں اقامت فرمائی اور وہیں حضرت شیخ کی ولادت ۵۸۴ھ یا ۵۸۵ھ یا ۵۶۹ھ کھوٹووال مضافات ملتان میں ہوئی اور وہیں نشو ونما پایا۔ علوم ظاہری کی تکمیل کچھ ملتان میں قاضی منہاج الدین صاحب کی مسجد میں فرمائی۔

## بیعت

اور وہیں حضرت شیخ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت کی اور باقی تکمیل کابل میں فرمائی۔

## بچپن میں کرامت کا ظہور

حضرت شیخ نظام الدین ارشاد فرماتے تھے کہ۔

حضرت شیخ کی والدہ نماز پڑھ رہی تھیں کہ اتفاقاً ایک چور چوری کرنے آیا جب اس کی نگاہ والدہ پر پڑی تو فوراً اندھا ہو گیا۔ اس نے آواز دی کہ میں اگرچہ چوری کی نیت سے آیا تھا اور نابینا ہو گیا۔ اب میں عہد کرتا ہوں کہ آئندہ کبھی چوری نہ کروں گا۔

حضرت شیخ کی عمراس وقت تقریباً چھ سال کی تھی حضرت نے دعاء کی اللہ کے فضل سے وہ اچھا ہوگیا۔ صبح جا کر مع اہل وعیال آیا۔ اور مشرف باسلام ہوا۔ عبداللہ نام تجویز ہوا اور اخیر تک حضرت شیخ کی خدمت میں رہا۔

## گنج شکر کے ساتھ مشہور ہونے کی وجوہ

آپ کے گنج شکر کے ساتھ ملقب ہونے میں چند اقوال نقل کئے جاتے ہیں منجملہ ان کے ایک یہ بھی ہے کہ۔

آپ نے مجاہدہ کا ارادہ کیا۔ شیخ نے بھوکا رہنا بتلایا آپ نے روزے شروع کردیئے۔ تین دن کے بعد ایک شخص چند روٹیاں لے کر حاضر ہوا۔ آپ نے اس کو اشارہ غیبی سمجھ کر نوش فرمالیا۔ کھانے کے بعد تھوڑی ہی دیر میں امتلاء ہوا اور سب قے کے راستہ نکل گیا آپ نے اپنے شیخ سے یہ قصہ نقل کیا انہوں نے فرمایا کہ تین دن کے بعد کھایا پھر بھی شرابی کے کھانے سے کھایا۔ حق تعالیٰ کا شکر ہے کہ وہ کھانا پیٹ میں نہ رہ سکا۔ اب تین دن اور بھوکے رہو اور جوغیب سے آئے اس کو کھاؤ۔ تین دن گذرنے کے بعد کچھ نہ آیا ضعف بے حد غالب ہوگیا۔ شدت بھوک میں کچھ کنکریاں اٹھا کر منہ میں ڈال لیں وہ شکر بن گئیں۔ شیخ نے یہ سمجھ کر کہ کہیں دھوکا نہ ہو ان کو تھوک دیا۔ تھوڑی دیر میں پھر شدت بھوک سے مجبور ہو کر کنکریاں اٹھا کر منہ میں ڈالیں وہ بھی شکر بن گئیں



ایسے ہی تین مرتبہ ہوا۔ صبح کو حضرت شیخ سے عرض کیا۔ حضرت نے فرمایا کہ بہتر کیا وہ کھالیا۔ اسی دن سے آپ کو گنج شکر کہنے لگے۔

بعض لوگوں نے لکھا ہے کہ

ساتویں دن حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہورہے تھے کہ بھوک کی وجہ سے گر پڑے اور منہ کو مٹی لگ گئی۔ وہ مٹی شکر بن گئی۔

بعض لوگوں نے لکھا ہے کہ۔

ایک سوداگر سے شکر مانگی اس نے کہا کہ میرے پاس تو نمک ہے۔ آپ نے فرمایا نمک ہی ہوگا دیکھا تو وہ شکر نمک بن گیا تھا۔ اس پر اس سوداگر نے معذرت کی جس پر وہ شکر کے ساتھ بدل دی گئی۔

اس کے علاوہ اور بھی وجوہ مشہور ہیں۔

## کثرت مجاہدہ

آپ نے مجاہدات ابتداء میں بہت کیئے۔ کہا جاتا ہے کہ آپ نے کنویں کا مجاہدہ بھی کیا ہے۔ اور جب کوئی جانور کبوتر، کوا وغیرہ اس کی من پر آتا یا آپ کے پاؤں پر بیٹھ کر ٹھونگ مارتا تو آپ یہ شعر پڑھتے۔

کاگا سی تن کھائیو اور چن چن کھائیو ماس
دو نینا مت کھائیو کہ پیا ملن کی آس

## ڈاڑھی کے بال کا تعویذ

حضرت سلطان المشائخ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ۔

شیخ کی ڈاڑھی میں ایک بال ٹوٹ گیا تھا۔ میں نے درخواست کی کہ اگر اجازت ہو تو میں استبراکاً تعویذ کے لئے اس کو لے لوں۔ حضرت نے اجازت فرمادی تو میں نے اس کو لے لیا اور ایک کپڑے میں لپیٹ کر رکھ لیا۔ جب کوئی شخص بیمار ہوتا تو میں وہ تعویذ اس کو دے دیتا۔ جب اچھا ہو جاتا تو واپس کر دیتا۔ اسی طرح میں نے اس کے بہت سے اثرات دیکھے۔ اتفاقاً ایک دوست زادہ بیمار ہوا اس نے طلب کیا میں نے ہر چند اس کو تلاش کیا۔ وہ نہ ملا اس بیچارہ کا انتقال ہو گیا۔ ایک مرتبہ کسی دوسرے کے واسطے تلاش کیا تو اسی طاق میں سے مل گیا۔ اس وقت مجھے خیال ہوا کہ اس بیچارہ کی موت ہی مقدر تھی جس وجہ سے یہ تعویذ نہ مل سکا۔

## حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے تعریفی کلمات

آپ کے دادا پیر حضرت خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہ نے آپ کے بارے میں بڑے تعریفی کلمات فرمائے ہیں ایک مرتبہ فرمایا کہ۔

یہ ایک شمع ہے جو درویشوں کے گھر کو منورہ کرے گی۔ اور اپنے وقت کا غوث وقطب ہوگا۔ جب حضرت خواجہ قطب الدینؒ کا وصال ہونے لگا تو انہوں نے آپ کو بلایا اور اپنی نیابت کی وصیت فرمائی۔ آپ پر فقر غالب تھا۔ اہل وعیال کو بھی بارہا بھوکا رہنے کی نوبت آتی تھی۔



## حضرت شیخ فرید الدین شکر گنجؒ کا مقولہ

آپ کا مقولہ ہے کہ۔

"جب گدڑی پہنے تو سمجھ لینا چاہئے کہ کفن پہن رہا ہے"۔

## دل تو یہاں دے رکھا ہے اور کہاں جاؤں

ایک مرتبہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں ان کے شیخ خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ مہمان ہوئے۔ مہمان اور میزبان دونوں کی چارپائیاں ایک ہی حجرہ میں تھیں۔ خواجہ فرید الدین معمول کے مطابق رات کو اپنے شیخ یعنی خواجہ قطب الدین رحمۃ اللہ علیہ کے پاؤں دبانے کے لئے گئے۔ شیخ نے اپنے شیخ یعنی خواجہ معین الدین رحمۃ اللہ علیہ کے پاؤں کی طرف اشارہ کیا۔ یہ چند منٹ پاؤں دبا کر اپنے شیخ کے پاس آگئے اور فرمایا "دل تو یہاں دے رکھا ہے اور کہاں جاؤں" اس پر خواجہ معین الدین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔ "میاں قطب الدین اس کو تو کچھ دے دو"۔

## وفات

حضرت شیخ کی وفات ۵ محرم ۶۶۴ھ یا ۶۶۸ھ سہ شنبہ کو ہوئی۔ اور بقول صاحب فرشتہ ۶۶۰ھ میں ہوئی۔ پاک پٹن ضلع ملتان میں آپ کا مزار ہے۔ جو لاہور اور ملتان کے درمیان ہے۔

## خلفاء

حضرت شیخ کے خلفاء کی تعداد اس قدر زائد ہے کہ مطولات بھی اس کا احاطہ نہ کرسکیں۔ ستر ہزار تک شمار بتلایا جاتا ہے "جواہر فریدی" میں حضرت کے خلفاء کی تعداد پانچ سو چوراسی لکھی ہے۔ ان سب میں مشہور زمانہ حضرت شیخ المشائخ خواجہ مخدوم علاؤ الدین علی احمد صابر کلیری قدس سرہ ہیں جن کا تذکرہ ہو چکا۔

## شیخ خواجہ قطب الدین بختیاری کاکیؒ

حضرت شیخ فرید الدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ کے شیخ خواجہ قطب الدین بختیاری کاکی رحمۃ اللہ علیہ اکابر اولیاء مستجاب الدعوات بزرگوں میں ہیں۔

## سلسلۂ نسب

آپ کا سلسلہ نسب چند واسطوں سے امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے۔

## ولادت باسعادت

قصبہ اوش جو، ماوراء النہر کے قصبات میں سے ہے۔ آپ کا مسکن ہے۔ آپ کی ولادت قصبہ اوش میں ۵۸۲ھ میں ہوئی۔ ولادت اگرچہ آدھی رات کو ہوئی تھی۔ لیکن انوار کی کثرت نے دیکھنے والوں پر دن کا شبہ کردیا تھا۔

## تعلیم و تربیت

آپ کی عمر ڈیڑھ سال کی تھی کہ آپ کے والد سید کمال الدین احمد بن سید موسیٰ نے انتقال فرمایا۔ آپ کو آپ کی والدہ نے پرورش کرنا شروع کیا۔ جب آپ کی عمر پانچ سال کی ہوئی تو آپ کی والدہ نے کسی معلم کے حوالہ کرنے کے لئے ہمسایہ



کے ساتھ آپ کو بھیجا۔ راستہ میں ایک بزرگ ملے۔ انہوں نے دریافت کیا کہ اس لڑکے کو کہاں لے جاتے ہو۔ اور یہ جواب سن کر کہ تعلیم کے لئے مکتب لے جارہا ہوں۔ فرمایا کہ میرے حوالہ کرو میں ایک معلم کے پاس بٹھا دوں گا۔ ہمسایہ نے ان کے حوالہ کردیا۔ وہ بزرگ خواجہ ابوحفص اوشی قدس سرہ کے پاس لے گئے اور فرمایا کہ احکم الحاکمین کا حکم ہے کہ اس لڑکے کو توجہ سے پڑھاؤ۔ اور یہ فرما کر چلے گئے۔ حضرت استاد نے دست شفقت پھیر کر شاگرد سے فرمایا کہ بڑے صاحب نصیب ہو کہ حضرت خضر علیہ السلام تمہیں میرے حوالہ فرما گئے ہیں۔

بعض لوگوں نے لکھا ہے کہ جب خواجہ قطب الدینؒ قصبہ اوش میں پہنچے تو آپ کی عمر چار سال چار ماہ کی تھی۔ آپ حضرت شیخ کی خدمت میں علم ظاہری کی تحصیل کے لئے حاضر ہوئے۔ حضرت نے تختی لے کر کچھ تحریر فرمانے کا ارادہ کیا کہ ندائے غیبی سے یہ معلوم ہوا کہ خواجہ صاحب کی تحصیل ظاہری قاضی حمید الدین ناگوری کے حوالہ ہے۔ اس لئے حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے وہ تختی رکھ دی۔ اس کے بعد قاضی حمید الدین صاحب سے آپ نے کلا مجید ختم فرمایا۔ تعلیم الدین میں یہ واقعہ بہت مختصر الفاظ میں تحریر کیا گیا ہے۔ اس میں لکھا ہے کہ۔

ہاتف غیبی کی آواز سے قاضی حمید الدین ناگوری چشم زدن میں آنکھیں بند کرکے وہاں پہنچے۔ تختی لے کر پوچھا اے قطب الدین کیا لکھوں فرمایا لکھو "سبحان الذی اسریٰ بعبدہ الآیۃ" قاضی صاحب نے متعجب ہو کر پوچھا تو کہا پندرہ پارے والدہ سے میں نے یاد کئے ہیں۔ بس چار دن میں قرآن شریف ختم کرادیا۔

حضرت نے علوم ظاہری کی تکمیل بہت جلد فرمائی۔

## بیعت وارشاد

بلوغ کے قریب ہی علوم باطنیہ کا شوق ہوا اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ صاحب سے بیعت ہوئے۔ بعض لوگوں نے ۵ر رجب کو مسجد ابو اللیث میں آپ کا بیعت ہونا تحریر کیا ہے سترہ سال کی عمر میں خرقہ اجازت حاصل کرلیا۔ آپ حضرت خواجہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سب سے اول خلیفہ ہیں۔ حضرت شیخ ہی کے ارشاد سے دہلی قیام فرمایا۔ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے عالم ارواح میں خواجہ معین الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو حکم فرمایا تھا کہ۔

قطب الدین خدا کا دوست ہے اس کو خرقہ پہناؤ۔ اور دہلی کی ولایت بھی بحکم الٰہی متعین کی گئی تھی۔

اپنی حاضری آستانہ شیخ پر اوائل رمضان ۵۸۴ھ لکھی ہے۔ اس بنا پر ممکن ہے کہ پیدائش اس سے پہلے ہوئی جو لکھی گئی۔ آپ دہلی کے قیام میں ایک مرتبہ اجمیر حاضر ہوئے تو اہل دہلی کو آپ کی مفارقت سخت گراں ہوئی۔ حضرت شیخ کی خدمت میں التجاء واصرار کیا۔ حضرت نے جلد دہلی کو واپس کردیا۔ حضرت اکثر غیاث پور سے حضرت خواجہ قطب الدین کے مزار کی زیارت کو جاتے۔ ایک مرتبہ دل میں وسوسہ پیدا ہوا کہ میرے آنے کی نہ معلوم خواجہ صاحب کو خبر بھی ہوتی ہے یا نہیں۔ جب مزار کے قریب پہنچے اور زیارت سے مشرف ہوئے تو صراحۃً دیکھا کہ آپ کی قبر پر حاضر ہوں اور حضرت فرمارہے ہیں۔



مرا زندہ پندار چوں خویشتن
من آیم بجاں گر تو آئی بہ تن

مجھے اپنے مثل زندہ سمجھو، میں اپنی جان کے ساتھ آتا ہوں اگر تم اپنے بدن کے ساتھ آتے ہو۔

## معمولات

ہر شب کو علاوہ دیگر معمولات کے تین ہزار مرتبہ درود شریف بھی آپ کا معمول تھا۔ نکاح کے زمانہ میں بیوی کی ملاطفت کو مقدم سمجھ کر دو تین روز معمول پورا نہیں کر سکے کہ انیس احمد نامی ایک خادم تھا اس نے خواب دیکھا کہ ایک بڑا عالیشان محل ہے۔ اس کے باہر بڑا مجمع اکٹھا ہو رہا ہے لیکن اندر کوئی نہیں جاتا ایک پستہ قد بزرگ ہیں جو اندر باہر آتے جاتے ہیں تحقیق سے معلوم ہوا کہ مکان میں حضور اقدس فخر کائنات صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ اور یہ بزرگ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں جو باہر والوں کے پیام لے جاتے ہیں۔ ان انیس احمد نے بھی تمنائے زیارت کا اظہار کیا اور درخواست اجازت کی پیش کی۔ وہاں سے حکم ہوا کہ تم میں ابھی زیارت کی اہلیت نہیں۔ البتہ قطب الدین سے سلام کہو اور یہ کہو کہ تین دن سے تمہارا تحفہ نہیں پہنچا۔

سو رکعت نوافل روزانہ آپ کا معمول تھا۔ آپ پر استغراق کا غلبہ رہتا تھا۔ کوئی شخص جب حاضر خدمت ہوتا تو آپ کو دیر تک اس کے آنے کا علم نہیں ہوتا۔ آپ کے خوارق وکرامات بہت ہیں۔

## وفات

ایک مرتبہ کسی شخص سے یہ شعر سنا۔

کشتگان خنجر تسلیم را
ہرزماں از غیب جانے دیگر است

یہ سن کر حضرت چارروز سکر کی حالت میں رہے اور پانچویں روز انتقال فرمایا۔

## نماز جنازہ پڑھانے کے لئے شرط

آپ کا جب وصال ہوا تو خواجہ شمس الدین التمش سلطان دہلی نے آپ کو غسل دیا اس کے بعد آپ کے خلیفہ خواجہ ابوسعید تبریزی نے حضرت کی یہ وصیت سنائی کہ۔

''میرے جنازہ کی نماز وہ شخص پڑھاوے جس نے کبھی حرام کے لئے کمر بند نہ کھولا ہو۔ سنت عصر اور تکبیر اولی جماعت کی کبھی فوت نہ کی ہو''۔

یہ سن کر تھوڑی دیر سکتہ کا عالم رہا۔ اس کے بعد سلطان شمس الدین آگے بڑھے اور فرمایا کہ میرا دل چاہتا تھا کہ کوئی شخص میرے حال پر مطلع نہ ہو مگر حضرت شیخ نے اظہار فرمادیا۔

حضرت اقدس تھانوی قدس سرہ نے اپنے ایک ملفوظ میں اس قصہ کو ان الفاظ سے ذکر فرمایا ہے۔

''حضرت شیخ نے یہ وصیت کی تھی کہ میری نماز جنازہ وہ



شخص پڑھائے جس کی ساری عمر نامحرم پر نظر نہ پڑی ہو۔ بڑے بڑے لوگ موجود تھے اور سب حیران تھے کہ ایسے شخص کو کہاں تلاش کریں آخرکار جب لوگ مایوس ہوگئے تو مجبوراً سلطان التمش کو ظاہر کرنا پڑا۔ اور فرمایا کہ صاحبو! اگر حضرت ارشاد نہ فرماتے تو کبھی میں ظاہر نہ کرتا۔ مگر جب شیخ ہی نے پردہ فاش کردیا تو کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے یہ نعمت مجھ کو نصیب کی ہے اس کے بعد انہوں نے شیخ کی جنازہ کی نماز پڑھائی۔ (القول الجلیل)

## کاکی کے ساتھ مشہور ہونے کی وجہ

مشہور ہے کہ آپ کا لقب ''کاکی'' اس وجہ سے مشہور ہوا کہ جب دہلی میں رہنے لگے تو کسی سے کوئی چیز قبول نہیں فرماتے تھے اور خود مستغرق رہتے تھے۔ ان ایام میں آپ کے یہاں کوئی غلام باندی نہیں تھی۔ ایک مسلمان دوکاندار شرف الدین نامی آپ کا ہمسایہ تھا۔ اور اس کی عورت کبھی کبھی آپ کی اہلیہ کے پاس آتی تھی۔ ایک مرتبہ حضرت کے یہاں کھانے کے لئے کوئی چیز نہیں تھی ایک دووقت کے فاقے بھی ہوچکے تھے۔ حضرت کی اہلیہ نے اس عورت سے نصف ٹکہ یا کم وبیش قرض لیا۔ ایک روز اس عورت نے اہلیہ محترمہ سے کہا کہ اگر ہم تمہیں قرض نہ دیں تو تم بھوکے مرجاؤ۔ یہ بات اہلیہ کو گراں گذری۔ اور عہد کرلیا کہ آئندہ ہرگز قرض نہیں لیں گی۔ ایک روز فرصت پاکر حضرت سے بھی یہ بات عرض کردی۔ حضرت نے تھوڑی دیر تامل کے بعد فرمایا کہ اس عورت سے کوئی چیز قرض نہ لینی چاہئے اور ایک طاق کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ ضرورت کے وقت بسم اللہ پڑھ کر اس میں سے کاک نکال لیا کرو اور جس کو

چاہو دے دیا کرو۔ چنانچہ اہلیہ محترمہ اس میں سے کاک نکالتی رہتیں اور بانٹ دیا کرتیں۔

## تاریخ وفات ومدت عمر

حضرت شیخ کا وصال ۱۴؍ یا ۲۴؍ ربیع الاول ۶۳۴ھ یا ۶۳۳ھ بروز دوشنبہ، پچاس یا باون یا چوہتر سال کی عمر میں ہوا ہے اور قصبہ مہرولی جو دہلی سے قطب صاحب کی جانب ہے وہاں آپ کا مزار ہے۔ اول ایک زمانہ تک بالکل کچا رہا۔ گنبد وغیرہ بھی کچھ نہیں تھا۔ مگر ۹۴۸ھ سے وہاں کچھ عمارت گنبد وغیرہ بننا شروع ہوئی۔

## خلفاء

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے خلفاء بہت زیادہ ہیں۔ بائیس تک کے نام بھی کتابوں میں درج ہیں۔ لیکن سلسلہ صرف ان تین حضرات سے جاری ہوا۔

خواجہ فرید الدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ، شیخ بدر الدین غزنوی رحمۃ اللہ علیہ شاہ خضر قلندر ان کے علاوہ خواجہ شمس الدین التمش سلطان دہلی بھی حضرت کے مشاہیر خلفاء میں تھے اور سب سے زیادہ مشہور خواجہ فرید الدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ ہوئے جن کا تذکرہ اوپر گذرا۔

❀❀❀



## حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہ کے شیخ ومرشد حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری قدس سرہ ہیں۔

## ولادت

آپ کے والد ماجد کا اسم شریف غیاث الدین سنجری تھا آپ کی پیدائش باتفاق اہل تواریخ ۵۳۷ھ کو ایران کے علاقہ ستیان قصبہ سنجر میں ہوئی۔

## ہندوستان میں سلسلہ چشتیہ کا افتتاح

آپ ہندوستان کے امام الطریق تھے۔ آپ ہی سے ہندوستان میں علوم معرفت کا افتتاح ہوا اور سلسلہ چشتیہ ہندوستان میں آپ ہی سے پھیلا اور ہندوستان میں نوے لاکھ آدمی آپ کے ہاتھ پر اسلام لائے۔ آپ کا نسب گیارہ پشت پر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے آپ کے کمالات بحر لاانتناہی ہیں۔ حتی کہ کہتے ہیں کہ جس پر نظر ڈالتے تھے صاحب معرفت ہوجاتا تھا۔

وہ لوٹ پوٹ ہی دیکھا نگاہ کی جس پر
کسی کے بس کا تیرا تیر بے کماں نہ ہوا

علوم ظاہریہ وباطنیہ دونوں میں کمال حاصل تھا۔ آپ کی عمر پندرہ سال کی تھی جب کہ آپ کے والد نے انتقال فرمایا۔

## سلوک کی ابتداء

تقسیم وراثت میں آپ کے حصہ میں ایک باغ آیا اس کی نگرانی آب پاشی

وغیرہ خاص طور سے فرماتے تھے۔

ایک مرتبہ اس میں مشغول تھے کہ ایک مجذوب ابراہیم باغ میں تشریف لائے حضرت شیخ نے ان کی بڑی تعظیم وتکریم کی اوران کے لئے کچھ انگور اور کچھ پھل لے کر آئے۔ ابراہیم مجذوب نے اپنے دانتوں سے چبا کر حضرت خواجہ کو دیا۔ جس کے کھاتے ہی باغ میں ایک نور ظاہر ہوا اور حضرت خواجہ کی حالت دیگر گوں ہوگئی۔ دنیا سے بالکل منقطع حق تعالیٰ شانہ عم نوالہ کی طرف خاص کشش پیدا ہوگئی باغ وغیرہ فروخت کر کے فقراء کو تقسیم کر دیا اور سفر کے لئے چل دیئے اول سمرقند پہنچے۔ وہاں حفظ قرآن اور تعلیم علوم ظاہری میں مشغول رہے اس سے فراغت کے بعد عراق تشریف لے گئے اور قصبہ ہارون میں پہنچ کر خواجہ عثمان ہارونی سے بیعت ہوئے اور ایک ہی دن میں تکمیل ہوگئی اور ساتھ ہی ساتھ حضرت شیخ کی توجہ سے سب علوم حاصل ہوئے اور اس کے بعد امتثال امر کی وجہ سے بیس سال حضرت کی خدمت میں اور رہے۔

## اتباع سنت کا ایک واقعہ

حضرت حکیم الامت مولانا شاہ اشرف علی تھانوی صاحب قدس سرہ اپنے ملفوظات میں تحریر فرماتے ہیں کہ۔

میں نے بزرگان سلف کے تذکرے دیکھے ہیں ان کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ ان کی حالت اور طرز وہ نہ تھا جو آج کل



کے اکثر مشائخ کا ہے۔ ان مشائخ کو دیکھا جاتا ہے کہ وہ اتباع شریعت کو وصول الی اللہ کے لئے چنداں ضروری نہیں سمجھتے اور ان کا اعتقاد ہے کہ شریعت اور ہے۔ طریقت اور ہے۔ بلکہ بزرگان سلف کا حال تقویٰ طہارت اور اتباع سنت میں صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کا سا تھا۔ چنانچہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کا قصہ لکھا ہے کہ ایک بار آپ وضو کرنے میں انگلیوں کا خلال کرنا بھول گئے تو غیب سے آواز آئی کہ محبت رسول کا دعویٰ اور سنت رسول کا ترک! آپ نے فوراً توبہ کی کہ آئندہ کبھی ایسی حرکت نہیں کروں گا۔

اور لکھا کہ۔

آپ کی یہ حالت تھی کہ جہاں آپ آگ دیکھتے تو کانپ اٹھتے کہ کہیں قیامت کے روز اس کی سزا نہ ہو۔ تو اتباع سنت میں ان حضرات کا وہی حال تھا جو حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کا تھا۔

حضرت شیخ ہندوستان کی ولایت پر آپ کو مامور فرما کر حج کو تشریف لے گئے حضرت کے یہاں سے واپسی پر مشاہیر مشائخ، شیخ نجم الدین کبری اور حضرت غوث الاعظم محی الدین عبدالقادر جیلانی وغیرہ حضرات کی زیارت وفیوض سے متمتع ہوتے ہوئے ہندوستان تشریف لائے۔

## خوارق وکرامات

حضرت شیخ کی کرامات بہت زیادہ ہیں۔ یہ مختصر رسالہ ان کا متحمل نہیں۔ از انجملہ۔

ایک مرتبہ حضرت اپنے دوران سفر میں ہرات تشریف لے گئے۔ وہاں ایک شیعہ امیر تھا۔ وہ اس قدر متعصب واقع ہوا تھا کہ حضرات شیخین کے نام پر اگر کوئی شخص نام رکھتا تھا تو اس کو قتل کر دیتا تھا۔ حضرت شیخ کا گذر اس کے خاص باغ میں ہوا۔ وہاں جب لب حوض تشریف فرما ہوئے وہ شخص باغ میں آیا اور حضرت کو لب حوض دیکھ کر غضبناک ہو کر کسی تکلیف دہی کا ارادہ کیا حضرت نے اس پر ایک نگاہ ڈالی وہ بے ہوش ہو کر گر گیا۔ حضرت شیخ نے تھوڑی دیر میں اس پر حوض کا پانی ڈالا جس سے وہ ہوش میں آیا۔ لیکن اس حالت میں کہ سخت معتقد تھا اور مع اپنے اراکین کے حضرت سے بیعت ہو گیا۔ اور خلافت ظاہری و باطنی سے آپ کا نائب و امیر بنا۔ ایک بڑی رقم نذرانہ کی پیش کرنا چاہی۔ مگر حضرت نے یہ فرمایا کہ یہ مال تمہارا نہیں، تمہیں حق نہیں واپس کر دیا۔

اس سفر میں اور بھی بہت سی کرامتیں حضرت سے صادر ہوئیں۔

## قیام اجمیر شریف

حضرت تمام سفر سے، ہر جگہ کے اکابر و مشائخ سے تحصیل فیوض کرتے ہوئے ۱۰ محرم ۵۶۱ھ کو اجمیر شریف رونق افروز ہوئے۔ وہاں سے پہلے مرید حضرت کے میر سید حسین صاحب تھے جو اول مذہب شیعہ رکھتے تھے بعدہ اس سے تائب ہو کر حضرت سے بیعت ہوئے اور کمال حاصل کیا اور اس کے بعد ہزار ہا خلقت داخل سلسلہ ہوئی۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی بنا پر ہندوستان تشریف لائے اجمیر کی



تعیین حضرت نے ظاہر ہے کہ ارشاد ہی سے کی ہوگی۔ وہاں کے تشریف لے جانے اور قیام کا قصہ طویل اور مشہور ہے اس لئے اس کو مختصر کرتا ہوں کہ۔

حضرت وہاں تشریف لے گئے اور آبادی سے باہر ایک جگہ تشریف فرما ہوئے کہ ساربان نے عرض کیا کہ یہ شاہی اونٹوں کی جگہ ہے اس جگہ سے تشریف لے جائیں۔ آپ وہاں سے اٹھ کر رانا ساگر نامی تالاب کے قریب تشریف لے گئے اور جا کر تشریف فرما ہوئے۔ لیکن اونٹ اپنی جگہ کچھ ایسے سل گئے کہ اٹھ نہ سکے۔ ساربان نے راجہ پرتھوی راج سے جا کر قصہ سنایا اور شکایت کی۔ اس نے کہا کہ بغیر اس کے کوئی چارہ نہیں کہ اس درویش کے پاس جا کر پاؤں پکڑ لئے جائیں۔ راجہ خود بھی بہت سی زکیں اٹھا چکا تھا۔ جس ساحر جادوگر کو بلاتا وہی نہ صرف ناکام بلکہ حضرت کا معتقد مرید ہو جاتا۔

رانا ساگر نامی تالاب پر ایک گائے ذبح کی۔ کفار نے حملہ کیا مگر شکست کھائی اس کے بعد وہ لوگ اپنے دیو کے پاس شکایت لے کر گئے اس نے کئی مرتبہ جادو کیا لیکن اس کا کوئی بھی اثر حضرت پر نہیں ہوا۔ یہ دیکھ کر وہ دیو بھی اسلام لایا۔ بالآخر مجبور ہو کر راجہ نے مزاحمت چھوڑ دی اور حضرت شیخ نے جنگل سے آبادی میں قیام فرمایا۔

حضرت کثیر المجاہدہ تھے۔ ستر سال رات کو نہیں سوئے۔ آپ کے کمالات بیان و تحریر سے باہر ہیں۔ آپ کے کمال کی انتہا ہے کہ آپ۔ کے شیخ آپ کی بیعت پر

فخر فرماتے تھے۔

## جود و سخاوت

حضرت خواجہ قطب الدین رحمۃ اللہ علیہ سے نقل ہے کہ۔

میں بیس سال حضرت کی خدمت میں رہا ہوں۔ کبھی کسی کو حضرت نے انکار نہیں فرمایا۔ جب کوئی شخص کچھ مانگنے آتا حضرت مصلی کے نیچے ہاتھ ڈال کر جو اس کی قسمت کا ہوتا وہ اس کو مرحمت فرمادیتے۔

آپ کا یہ بھی بیان ہے کہ۔

''میں نے اس عرصہ میں حضرت کو غصہ ہوتے نہیں دیکھا''

## ارشادات

آپ کا مقولہ ہے کہ۔

''معرفت حق کی علامت ہے کہ خلقت سے بھاگنے لگے''۔

فرمایا کرتے تھے کہ۔

''اہل معرفت کی عبادت پاس انفاس ہے۔ اور شقاوت کی علامت یہ ہے کہ آدمی مبتلائے معصیت ہو اور پھر بھی اپنے آپ کو مقبول سمجھے''

حضرت کا مقولہ ہے کہ۔

بیس سال میں نے حضرت شیخ کی خدمت سے نفس کو مہلت نہیں لینے دی۔ نہ رات کی خبر ہوتی تھی نہ دن کی۔ حضرت شیخ



نے جب میری خدمت کی طرف توجہ فرمائی تو وہ بے انتہا نعمت عطا فرمائی کہ اس کا بیان بھی ناممکن ہے۔ اور یہ فرمایا کہ جو کچھ ملتا ہے خدمت سے ملتا ہے۔

کسی نے آپ سے پوچھا کہ مرید ثابت قدم کب ہوتا ہے؟ آپ نے فرمایا۔

''جب فرشتہ بیس سال تک کوئی برائی اس کے نامہ اعمال میں نہ لکھے''

## وفات

آپ کی وفات سلطان التمش کے دور میں ہے اور تاریخ وفات قول جمہور اہل تاریخ ۶ رجب یوم دوشنبہ ہے۔ بعض لوگوں نے ۳۰ ذی الحجہ بھی کہی ہے۔ مگر صحیح پہلا ہی قول ہے۔ لیکن سن وفات میں سخت اختلاف ہے ۶۳۲ھ، ۳۳ھ، ۳۷ھ اتنے اقوال ہیں۔

عمر میں بھی چند قول ہیں۔ بعض نے چھیانوے اور بعض نے ایک سو چار اور بعض نے ایک سو سات سال بتائی ہے۔ مزار اجمیر شریف میں ہے۔

## خلفاء

آپ کے خلفاء کی تعداد بے حد ہے مشاہیر بھی تیرہ، چودہ ہیں۔ سب میں زیادہ خاص اور مشہور حضرت شیخ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہ ہیں جن کا تذکرہ اوپر ہوا۔

## حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ سے اوپر کا سلسلہ اور ہر ایک کا مختصر تعارف

حضرت خواجہ معین الدین چشتی سنجری قدس سرہ سے اوپر کا سلسلہ اس طرح ہے۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ از حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ (وطن قصبہ ہارون از نواحی نیشاپور وفات ۵؍شوال ۶۳۳ھ بقول بعض ۵۹۰ھ، مزار مکہ معظّمہ) از حضرت خواجہ حاجی شریف زندنی منیر الدین رحمۃ اللہ علیہ (وفات رجب ۵۸۴ھ مزار زندنہ از قری، بخارا یا در شام یا در قنوج) از حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی رحمۃ اللہ علیہ (نسب حسنی، وطن چشت، وفات نمرہ رجب ۵۲۷ھ در زمانہ مزار الدین۔ مزر چشت) از خواجہ ناصر الدین ابو یوسف چشتی بن سمعان رحمۃ اللہ علیہ (وفات نمرہ جمادی الاولی ۴۵۹ھ قائم باللہ کی خلافت میں مزار چشت) از حضرت ابو احمد چشتی رحمۃ اللہ علیہ (نسب سید حسنی وطن چشت وفات ۳۵۵ھ مزار چشت) ابو اسحٰق شامی چشتی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۴؍ربیع الاول ۳۲۵ھ) از حضرت ممشاد علو دینوری رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۴؍محرم ۲۹۹ھ مزار بمکہ میں جو شام کے شہروں میں سے ایک شہر ہے) از حضرت ہبیرہ البصری رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۷؍شوال ۲۷۹ھ مزار بصرہ) از حضرت حذیفہ مرعشی (وفات ۱۴؍یا ۲۴؍شوال ۱۸۲ھ مزار بعض کے نزدیک بصرہ) از حضرت ابراہیم بن ادہم بلخی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۱۶۹ھ یا ۱۵۷ھ) از حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۴؍محرم ۱۸۷ھ مکہ مکرمہ میں مزار مکہ معظّمہ) از حضرت خواجہ عبد الواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۲۷؍صفر ۱۷۶ھ یا ۱۸۶ھ مزار بصرہ) از امام الاولیاء حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ مولی زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ (وطن مدینہ منورہ وفات ۴؍



محرم یا رجب ۱۱۰ھ مزار بصرہ) از حضرت سیدنا امیر المؤمنین خلیفہ چہارم علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ (نسب بنی ہاشم وطن مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ وفات ۲۱؍رمضان المبارک ۴۰ھ مزار نجف شریف یا کسی اور جگہ)۔

از حضرت سید المرسلین حبیب رب العالمین احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیٰ آلہ واصحابہ واتباعہ الی یوم الدین۔

حضرت قطب عالم شیخ المشائخ شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کا شجرہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہ تک اس طرح ہے۔

قطب عالم شیخ المشائخ معین الدین زمانہ حضرت شیخ زکریا صاحب (ولادت ۱۱؍رمضان المبارک ۱۳۱۵ھ شب پنج شنبہ گیارہ بجے) از حضرت شیخ مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری قدس سرہ (ولادت اواخر صفر ۱۲۶۹ھ وفات ۱۵؍ربیع الثانی ۱۳۴۶ھ چہار شنبہ مزار مدینہ منورہ جنت البقیع) از قطب الاقطاب حضرت مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی قدس سرہ (ولادت ۶؍ذی قعدہ ۱۲۴۴ھ بروز دوشنبہ بوقت چاشت وفات ۸؍جمادی الثانیہ ۱۳۲۳ھ بروز جمعہ بوقت آذان جمعہ مزار گنگوہ شریف) از حضرت سید الطائفہ شیخ العرب والعجم حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی قدس سرہ (ولادت ۲۲؍صفر ۱۲۳۳ھ بروز شنبہ بمقام قصبہ نانوتہ، وفات ۱۳؍جمادالاخریٰ ۱۳۱۷ھ بروز چہار شنبہ بوقت آذان صبح، مزار جنت المعلیٰ) از حضرت میاں جی نور محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۲۰۱ھ وفات ۴؍رمضان المبارک ۱۳۵۹ھ) از حضرت الشیخ الحاج عبد الرحیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۲۷؍ذی قعدہ ۱۲۴۶ھ پنجتار ملک ولایت میں مزار بتایا جاتا ہے) از حضرت شاہ عبد الباری صدیقی رحمۃ اللہ علیہ ابن شیخ ظہور اللہ رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۲۸؍محرم یا ۱۱؍شعبان ۱۲۳۶ھ بروز جمعہ مزار

امروہہ) از شیخ عبد الہادی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۴؍رجب ۱۰۸۴ھ بروز چہار شنبہ بمقام امروہہ محلّہ قرشیان وفات ۴؍رمضان المبارک ۱۱۹۰ھ بروز جمعہ تدفین بریلی میں ہوئی مگر پھر امروہہ منتقل کئے گئے اب امروہہ ہی میں شیخ ظہور اللہ صدیقی کے باغ میں مزار ہے) از حضرت شاہ عضد الدین رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۴؍رجب ۱۰۷۷ھ وفات ۲۷؍رجب ۱۱۷۰ھ یا ۱۱۷۲ھ مزار امروہہ) از حضرت شاہ محمد مکی جعفری رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۱۱؍رجب مزار امروہہ) از حضرت مولانا الشیخ محمدی اکبر آبادی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۴؍شوال ۱۰۲۱ھ وفات ۳؍رجب ۱۱۰۷ھ مزار محلّہ موتی کٹرہ لوہ آگرہ) از حضرت مولانا الشیخ خواجہ محبّ اللہ الٰہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۹؍رجب ۱۰۵۴ھ یا ۱۰۵۸ھ بروز پنج شنبہ بوقت غروب آفتاب مزار الٰہ آباد) از حضرت شاہ ابوسعید نعمانی الشیروانی گنگوہی قدس سرہ (وفات ۲؍ربیع الاول یا ربیع الثانی ۱۰۴۰ھ مزار گنگوہ شریف) از حضرت شیخ نظام الدین العمری التھانیسری رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۸؍رجب ۱۰۲۴ھ یا ۳۵ھ یا ۳۶ھ مزار بلخ) از حضرت شیخ جلال الدین بن محمود عمری تھانیسری رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۸۹۴ھ وفات ۱۴؍یا ۲۲؍یا ۲۵؍ذی الحجہ ۹۸۰ھ یا ۹۸۹ھ بروز جمعہ، وبقول صاحب نزہۃ الخواطر ۹۶۹ھ) از شیخ المشائخ شاہ عبد القدوس گنگوہی قدس سرہ (ولادت ۸۶۰ھ وفات جمادی الاخریٰ ۹۴۴ھ بروز سہ شنبہ بحالت نماز مزار گنگوہ شریف) از حضرت شیخ محمد بن شیخ عارف رحمۃ اللہ علیہ وفات ۱۷؍صفر ۸۹۸ھ از شیخ عارف قدس سرہ (وفات ۸۵۹ھ) از حضرت شیخ احمد عبد الحق ردولوی قدس سرہ (وفات ۱۵؍جمادی الاخریٰ ۸۳۶ھ یا ۸۳۷ھ مزار قصبہ ردولی) از حضرت شیخ جلال الدین کبیر الاولیاء (ولادت ۶۹۵ھ وفات ۱۳؍ربیع الاول یا ماہ ذی قعدہ ۷۶۵ھ مزار پانی پت) از حضرت شیخ شمس الدین ترک پانی پتی قدس سرہ



(وفات ۷۱۵ھ بقول بعض ۷۱۶ھ یا ۷۱۸ھ وغیرہ مزار پانی پت) از حضرت خواجہ مخدوم علاؤ الدین علی احمد صابر کلیری قدس سرہ (ولادت ۵۹۲ھ وفات ۱۳؍ربیع الاول ۶۹۰ھ پیران کلیری متصل رڑکی ضلع سہارنپور میں مزار ہے) حضرت خواجہ قدس سرہ سے اوپر کا شجرہ ذکر کیا جا چکا۔

## شجرہ چشتیہ صابریہ، امدادیہ، رشیدیہ، خلیلیہ

منظوم درج ذیل ہے۔

یا الٰہی کن مناجاتم بفضل خود قبول — از طفیل اولیائے خاندان صابری
شاد فرماں روح شاں از رحمت و رضوان خود — در جوارت دار ایشاں را بقرب دائمی
ذکر قلبی کن عطا اے قادر مطلق مرا — بہر مولانا زکریا صاحب سر نبی
بہر مولانا خلیل احمد ملا ذی فی غدی — ہم رشید احمد رشید با صفا وسیدی
بہر امداد وبنور حضرت عبد الرحیم — عبد باری عبد ہادی عضد دیں مکی ولی
ہم محمدی ومحبّ اللہ شاہ بو سعید — ہم نظام الدین جلال عبد قدوس احمدی
ہم محمد عارف وہم عبد حق شیخ جلال — شمس دیں ترک وعلاؤ الدین فرید جودھنی
قطب دیں وہم معین الدین وعثمان وشریف — ہم بمودودو ابو یوسف محمد احمدی
بو سحاق وہم بمشادو، وہبیرہ نامور — ہم حذیفہ وابن ادہم ہم فضیل مرشدی
عبد واحد ہم حسن بصری علی فخر دیں — سید الکونین فخر العالمین بشریٰ نبی

پاک کن قلب مرا تو از خیال غیر خویش
بہر ذات خود شغایم وہ زامراض دلی

## نقشبندی

جو سلسلہ شیخ بہاؤ الدین نقش بندی قدس سرہ سے چلا اس کو نقش بندیہ کہا جاتا ہے۔

# خاندان نقش بندیہ

حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند قدس سرہٗ ۴؍محرم الحرام ۷۱۸ھ بروز دوشنبہ بعد نماز عصر شہر بلخ میں پیدا ہوئے۔ ۱۲؍رجب ۷۴۲ھ بروز چہارشنبہ بوقت قریب عصر حضرت خواجہ سید امیر کلال قدس سرہ (ولادت ۱۱؍جمادی الاخریٰ ۶۷۲ھ بروز جمعہ وقت صبح صادق، وفات ۲۰؍جمادی الاولیٰ ۷۸۲ھ بروز پنج شنبہ قبل نماز ظہر مزار سوخارہ عرف سوسمار) سے اجازت وخلافت ملی۔ اور ۳؍یا ۱۵؍جمادی الاولیٰ ۷۹۱ھ بروز دوشنبہ وقت شب وفات پائی۔

متعدد حضرات کو آپ سے اجازت وخلافت ملی۔ مگر ان سب میں حضرت خواجہ یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ زیادہ مشہور ہوئے ہیں اور زیادہ تر سلسلہ انہیں سے چلا ہے۔

حضرت شیخ المشائخ شیخ زکریا شیخ الحدیث مظاہر علوم سہارنپور نور اللہ مرقدہ سے لے کر حضرت شیخ المشائخ مولانا عبد القدوس صاحب قدس سرہ تک سلسلہ وہی ہے جو شجرہ چشتیہ میں مذکور ہوا۔ ان سے آگے مختلف ہے جو حسب ذیل ہے۔

## حضرت شیخ قطب عالم شاہ عبد القدوس صاحب قدس سرہ

﴿۱﴾ (جن کی ولادت شریفہ ۲۳؍جمادی الاخریٰ ۸۴۲ھ بروز دوشنبہ عشاء کے وقت ردولی شریف میں ہوئی۔ ۲۳؍جمادی الاخریٰ ۹۴۵ھ برو دوشنبہ بوقت ظہر بعد نماز وصال فرمایا گنگوہ شریف میں مزار ہے)

﴿۲﴾ از حضرت شیخ درویش محمد بن قاسم اودھی قدس سرہٗ (ولادت ۲۵؍شوال ۷۸۷ھ بروز چہار شنبہ بوقت عصر بمقام مدراس۔ وفات ۱۶؍محرم الحرام



۸۹۶ھ بروز پنج شنبہ بعد مغرب، مزار فیض آباد)

﴿۳﴾ از حضرت سید بڈھن بہرائچیؒ (ولادت ۲۴؍رجب ۷۲۴ھ بروز چہارشنبہ بعد ظہر نواب گنج ملک اودھ میں ہوئی وفات ۱۳؍شوال ۸۹۹ھ بروز پنج شنبہ بوقت اشراق مزار بہرائچ۔

﴿۴﴾ از حضرت سید اجمل امجد ابدال رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۵؍جمادی الاخریٰ ۷۴۳ھ بروز چہارشنبہ بوقت عشاء بہ شہر بدخشاں۔ وفات ۲۲؍جمادی الاخریٰ ۱۰۵۷ھ بروز چہارشنبہ بوقت صبح صادق۔

﴿۵﴾ از حضرت شاہ عبد الحق[1] رحمۃ اللہ علیہ۔ ﴿۶﴾ از حضرت خواجہ عبید اللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۴؍رمضان المبارک ۸۰۶ھ بروز پنج شنبہ وقت ظہر بمقام بخارا کہنہ وفات ۲۶؍ربیع الاول ۸۹۵ھ بروز دوشنبہ بوقت شب مزار سمرقند)

﴿۷﴾ از حضرت خواجہ محمد یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۴؍شعبان ۷۶۱ھ بروز چہارشنبہ بعد عصر بمقام برقہ وفات ۵؍صفر ۸۷۵ھ بروز دوشنبہ قبل نماز عصر، مزار سوسہار)

﴿۸﴾ از خواجہ علاؤ الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ۔

﴿۹﴾ از امام الطریق خواجہ بہاء الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۴؍محرم ۷۱۸ھ بروز دوشنبہ بعد نماز عصر بمقام بلخ وفات ۳؍ربیع الاول یا ۱۵؍جمادی الاولیٰ

---

[1] ضیاء القلوب ص: ۶۳؍میں واسطہ مذکور ہے اور تاریخ آئینہ تصوف میں یہ واسطہ مذکور نہیں بلکہ سید اجمل امجد رحمۃ اللہ علیہ کے بعد خواجہ عبید اللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ مذکور ہے ملاحظہ ہو ص: ۱۶۶؍تاریخ آئینہ تصوف نیز ضیاء القلوب ص: ۶۳؍میں مولانا یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ اور خواجہ بہاؤ الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان خواجہ علاؤ الدین بن عطار رحمۃ اللہ علیہ کا واسطہ مذکور ہے۔ مگر تاریخ آئینہ تصوف میں یہ واسطہ مذکور نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۷۹۱ھ بروز دوشنبہ بوقت شب مزار بخارا جدید)

﴿۱۰﴾ از حضرت خواجہ سید امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۱؍ جمادی الاخریٰ ۶۷۶ھ بروز جمعہ بوقت صبح صادق بمقام سوخارہ۔ وفات ۲۰؍ جمادی الاولیٰ ۷۸۶ھ بروز پنج شنبہ قبل نماز ظہر۔ مزار مقام سوخارہ عرف سوسمار قریب کوہ)

﴿۱۱﴾ از حضرت خواجہ محمد بابا سماسی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۵؍ رجب ۵۹۱ھ بروز سہ شنبہ بوقت تہجد بمقام طبرستان وفات ۱۰؍ جمادی الاولیٰ ۷۴۱ھ بروز سہ شنبہ بوقت عشاء مزار بخارا۔

﴿۱۲﴾ از حضرت خواجہ عزیزان علی رامتینی[1] یا رحمتنی[2] رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۶؍ شوال ۶۳۱ھ بروز چہار شنبہ بعد عشاء بمقام خراسان وفات ۲۶؍ ذی قعدہ یا ۲۷؍ رمضان ۷۲۱ھ بروز دوشنبہ بوقت فجر مزار کوہ خوارزم)

﴿۱۳﴾ از حضرت خواجہ ابوالخیر محمود فغنوی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۸؍ شوال ۶۲۷ھ بروز سہ شنبہ بوقت تہجد بمقام فغنوان وفات ۷؍ ربیع الاول ۷۱۵ھ بروز دو شنبہ بعد نماز ظہر مزار بخارا کہنہ)

﴿۱۴﴾ از حضرت خواجہ محمد عارف ریوگڈی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۷؍ رجب ۵۵۱ھ بروز سہ شنبہ بوقت عصر بمقام ریوگڈھ وفات ۲۷؍ رجب یا غرہ شوال ۷۱۵ھ بروز چہار شنبہ بوقت نصف شب مزار کوہ دریوگڈھ)

﴿۱۵﴾ از حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۲؍ شعبان ۴۳۵ھ بروز دوشنبہ بوقت مغرب بمقام غجدوان، وفات ۱۲؍ ربیع الاول ۵۷۵ھ بروز دوشنبہ بوقت مغرب مزار غجدوان)

۱ کذافی ضیاء القلوب ص: ۶۳۔ ۲ کذافی تاریخ آئینہ تصوف ص: ۴۳۔



﴿۱۶﴾ از حضرت خواجہ سید علی یوسف بن ایوب ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۷؍ صفر ۴۴۱ھ بروز جمعہ قبل نماز فجر بمقام دمشق وفات ۱۲؍ ربیع الاول یا ۲۷؍ رجب ۵۳۵ھ بروز چہار شنبہ بوقت عشاء مزار مرو)

﴿۱۷﴾ از حضرت خواجہ ابوعلی فارمدی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۳؍ ذی الحجہ ۳۳۴ھ بروز سہ شنبہ قبل نماز فجر بمقام فارمد وفات ۱۶؍ ذی الحجہ یا ربیع الاول ۴۷۷ھ بروز پنج شنبہ بوقت دوپہر مزار طوس)

﴿۱۸﴾ از حضرت خواجہ امام ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۳؍ صفر ۳۵۷ھ بروز چہار شنبہ بوقت تہجد بمقام ملتان۔ وفات ۲؍ ربیع الاول ۴۶۵ھ بروز چہار شنبہ یا بروز سہ شنبہ بوقت نصف شب مزار ہرات)

﴿۱۹﴾ از حضرت خواجہ ابوعلی وقاق رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۷؍ صفر ۲۷۹ھ بروز سہ شنبہ بوقت عصر بمقام فیض آباد وفات ۱۳؍ محرم یا ذی قعدہ ۴۰۵ھ بروز سہ شنبہ وقت فجر مزار نیشاپور)

﴿۲۰﴾ از حضرت خواجہ ابوالقاسم نصیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۲؍ شعبان ۲۶۰ھ بروز چہار شنبہ بوقت فجر بمقام خیر آباد وفات ۱۶؍ ربیع الاول ۳۶۷ھ بروز یک شنبہ بوقت اشراق۔ مزار کوہ سلطان الجوز)

﴿۲۱﴾ از خواجہ شیخ ابوبکر شبلی رحمۃ اللہ علیہ ولادت ۲۲؍ شوال ۲۱۱ھ بروز دو شنبہ بعد نماز فجر بمقام دمشق وفات ۲۶؍ ذی الحجہ ۳۳۴ھ بروز پنج شنبہ بوقت مغرب مزار بغداد کہنہ)

﴿۲۲﴾ از حضرت شیخ الشیوخ سید الطائفہ ابوالقاسم جنید بغدادی قدس سرہ (ولادت ۱۱؍ شعبان ۱۵۷ھ بروز چہار شنبہ بعد نماز عشاء بمقام کوفہ۔ وفات ۵؍ ربیع

الاول ۳۳۵ھ بروز چہار شنبہ بوقت تہجد، مزار بغداد کہنہ)

﴿۲۳﴾ از خواجہ شیخ سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۲؍محرم ۱۰۶ھ بروز دوشنبہ بوقت نصف شب بمقام بعلبک۔ وفات ۳؍رمضان ۲۵۰ھ بروز پنج شنبہ بوقت صبح بعد نماز۔ مزار بغداد کہنہ)

﴿۲۴﴾ از حضرت شیخ کرخی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۲؍شوال ۱۴۳ھ بروز پنج شنبہ بوقت صبح بمقام تونس۔ وفات ۲؍۲۰۰ھ بروز یک شنبہ بعد اشراق مزار بغداد)

﴿۲۵﴾ از شیخ داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۱؍صفر ۴۷ھ بروز چہار شنبہ بوقت عصر۔ بمقام کاشان وفات ۱۹؍ذی قعدہ ۱۶۱ھ بروز شنبہ قبل عصر مزار بغداد کہنہ)

﴿۲۶﴾ از حضرت خواجہ حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۲؍شوال ۲۵ھ بروز یک شنبہ بعد عصر بمقام اسفرائن۔ وفات ۷؍رجب ۱۳۷ھ بروز جمعہ بوقت صبح صادق۔ مزار بغداد کہنہ)

﴿۲۷﴾ از امام الاولیاء حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۱؍رمضان ۱۳ھ بروز چہار شنبہ بوقت مغرب۔ بمقام طائف وفات ۴؍ر ۱۱۰ھ بروز سہ شنبہ بوقت بعد نماز صبح مزار مبارک شہر سے ایک سوا ایک قدم کے فاصلہ پر صحرائے بصرہ میں ہے)

﴿۲۸﴾ از امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ (ولادت ۱۸؍رجب عام الفیل سے تیس سال گذرنے کے بعد بروز جمعہ بوقت چاشت بعثت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دس سال چھ دن پہلے بمقام خانہ کعبہ وفات ۲۱؍رمضان ۴۰ھ شب یک شنبہ بوقت تہجد بمقام کوفہ مزار مبارک بمقام نجف اشرف یا کسی اور جگہ)

﴿۲۹﴾ از سید المرسلین حبیب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (ولادت باسعادت ۲؍یا ۸؍یا ۹؍یا ۱۲؍ربیع الاول عام الفیل بروز دوشنبہ بوقت صبح صادق بمقام مکہ معظمہ



(زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً) وفات ۱۲؍ربیع الاول ۱۱ھ بروز دوشنبہ بوقت چاشت۔ مزار مقدس حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ مقدس میں مدینہ منورہ (زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً) میں)

یہ جو شجرہ نقشبندیہ ذکر کیا گیا یہ ضیاء القلوب مصنفہ سید الطائفہ حاجی امداد اللہ صاحب قدس سرہ کے مطابق ہے۔

ورنہ تو تاریخ آئینہ تصوف میں شیخ خواجہ ابو العلی فارمدی رحمۃ اللہ علیہ کے بعد از حضرت خواجہ ابو الحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ از حضرت شاہ ابو سعید اعرابی رحمۃ اللہ علیہ از حضرت خواجہ عبد اللہ مغربی رحمۃ اللہ علیہ از حضرت خواجہ بایزید بسطامی طیفور شامی سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ از حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ از حضرت امام قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ از حضرت محمد بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ از حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ از حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ از سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم مذکور ہے۔ (ملاحظہ ہو ازص: ۱۵۸؍تاص: ۱۸۱) واللہ تعالیٰ اعلم۔

## سُہروردی

جو سلسلہ حضرت شیخ المشائخ شیخ شہاب الدین ابو محمد عمر سہروردی قدس سرہ سے چلا ہے اس کو "سُہروردیہ" کہا جاتا ہے۔

## حضرت خواجہ شیخ شہاب الدین قدس سرہ

حضرت شیخ شہاب الدین قدس سرہ ۲۱؍رجب ۵۳۹ھ (جیسا کہ "تاریخ آئینہ تصوف" میں ہے (یا ۵۴۲ھ (جیسا کہ "تذکرۃ المصنفین" مصنفہ مولانا مفتی حبیب الرحمٰن صاحب خیر آبادی بحوالہ "خزینۃ الاصفیاء" ہے) بروز چہار شنبہ بوقت

مغرب مدینۃ الاسلام بغداد شریف جدید میں ولادت ہوئی۔ آپ قریشی صدیقی تھے۔ آپ کا سلسلۂ نسب بارہویں پشت پر...... سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مل جاتا ہے۔

## ابتدائی تعلیم

جب سن شعور کو پہونچے تو پڑھنا شروع کیا اور ۱۶ ر سال کی عمر میں علم صرف، نحو، منطق، معانی، فقہ، حدیث وغیرہ سے فراغت کے بعد کتب بینی کا بے حد شوق رہا۔ بالخصوص علم کلام سے ایسا شغف تھا کہ دن رات اس کے مطالعہ میں مستغرق رہتے۔

## علوم باطنی

آپ کے چچا شیخ ابوالنجیب ضیاء الدین عبدالقادر سہروردی جو آپ کے مربی ومرشد تھے۔ بار بار نصیحت کرتے کہ تم نے علوم ظاہری حاصل کر لئے۔ اب تمہیں علم طریقت کی طرف متوجہ ہونا چاہئے لیکن آپ پر یہ نصیحت کارگر نہ ہوئی۔ آخر کار ایک روز شیخ ابوالنجیب آپ کو لے کر حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے کہا حضرت! یہ میرا بھتیجہ علم کلام کا اس درجہ شائق ہے کہ پڑھ لینے کے باوجود ہر وقت اسی کے مطالعہ میں لگا رہتا ہے اور ایسا گرویدہ ہے کہ کسی کام کیلئے کہو تو قطعاً دھیان نہیں دیتا ہے۔ یہ سن کر حضرت غوث الاعظم نے اپنا ہاتھ آپ کے سینہ پر رکھا۔ اور پوچھا بیٹے بتاؤ! علم کلام میں تم نے کس کس کتاب کا مطالعہ کیا ہے۔ ہاتھ رکھنے کے بعد دفعتاً آپ کا یہ حال ہو گیا کہ علم کلام کا جو کچھ حصہ اپنے سینہ میں محفوظ کیا تھا سب کچھ یکلخت محو ہو گیا یہاں تک کہ



کتابوں کے نام بھی ذہن سے نکل گئے۔ چنانچہ آپ نے کچھ جواب نہیں دیا اور چار و ناچار خاموش رہے۔

حضرت غوث الاعظم نے مسکراتے ہوئے فرمایا جاؤ! ہم نے علم کلام کا سارا حصہ تمہارے سینہ سے محو کر دیا اور اس کی جگہ خدا کی معرفت کا علم دے دیا۔ پس اسی روز سے علوم ظاہری کو چھوڑ کر دل وجان کے ساتھ علوم باطنی کے حاصل کرنے میں مصروف ہو گئے۔

## ایک کرامت

ایک مرتبہ خلیفہ بغداد کے پاس ایک فلسفی آیا اور اس نے چاہا کہ فلسفیانہ بحث کے ذریعہ خلیفہ کو راہ حق سے پھیر دے۔ خلیفہ کو بھی فلسفیانہ بحث کا شوق تھا۔ چنانچہ بڑی رغبت اور خواہش کے ساتھ اس فلسفی سے بات چیت کرنے لگا۔ جب آپ کو معلوم ہوا تو یہ سوچ کر کہ خلیفہ کہیں اس فلسفی کی طرف مائل نہ ہو جائے اٹھے اور خلیفہ کے محل میں پہنچے اور دیکھا کہ خلیفہ اور فلسفی دونوں تنہائی میں بیٹھ کر باتیں کر رہے تھے۔ آپ نے پہنچتے ہی پوچھا کس مسئلہ پر گفتگو ہو رہی ہے فلسفی نے کہا مسئلہ یہ ہے کہ فلک کی حرکت طبعی ہے۔ یعنی یہ خود بخود حرکت کر رہا ہے۔ کسی دوسرے کی حرکت دینے سے حرکت نہیں ہو رہی ہے۔ آپ نے فرمایا نہیں یہ خود بخود حرکت نہیں کرتا بلکہ اس شکل وصورت کا ایک فرشتہ ہے جو اس کو حرکت دے رہا ہے۔ فلسفی یہ سن کر تمسخرانہ انداز میں مسکرانے لگا۔ آپ کو

غصہ آیا اور فلسفی اور خلیفہ دونوں کا ہاتھ پکڑ کر صحن میں لے آئے اور یہ دعاء کی ''یا الٰہی جو کچھ تو اپنے خاص بندوں کو دکھاتا ہے ان دونوں کو بھی دکھادے'' دعاء کے بعد دونوں سے کہا کہ آسمان کی طرف نگاہ اٹھاؤ۔ نگاہ اٹھائی تو دونوں نے اپنی آنکھوں سے اس فرشتہ کو دیکھ لیا جو فلک کو حرکت دے رہا ہے۔ آپ کی یہ کرامت دیکھ کر دونوں باطل عقیدے سے تائب ہوگئے۔

## قناعت پسندی

آپ بہت قناعت پسند تھے کثرت سے تحفے تحائف اور عطیات آتے تھے۔ لیکن آپ تمام کا تمام فقراء اور مساکین پر صرف فرمادیتے تھے۔ یہاں تک کہ جب آپ کی وفات ہوئی تو آپ کے پاس صرف اتنی مقدار میں پیسے بچے تھے جو آپ کی تجہیز وتکفین میں پورے ہوگئے۔ (تذکرۃ المصنفین ص:۲۱۹؍تا ص:۲۲۱۔ بحوالہ خزینۃ الاصفیاء۔ ج:۲؍ص:۱۷)

شیخ المشائخ حضرت شیخ زکریا سہارنپوری نوراللہ مرقدہ سے لے کر شیخ الشیوخ سید الطائفہ شیخ عبدالقدوس قدس سرہ تک شجرہ سُہروردیہ بھی وہی ہے جو شجرہ چشتیہ کے ذیل میں گذرا آگے اس طرح ہے۔

## شیخ عبدالقدوس گنگوہی قدس سرہ سے اوپر سلسلۂ سُہروردیہ حضرات کا مختصر تعارف

شیخ المشائخ قطب عالم شیخ عبدالقدوس قدس سرہ از شیخ درویش محمد بن قاسم



رحمۃ اللہ علیہ از شیخ سید بڈھن بہرائچی رحمۃ اللہ علیہ از شیخ سید اجمل بہرائچی رحمۃ اللہ علیہ (ان چاروں حضرات کی تاریخ ولادت ووفات اوپر گذر چکی)

از مخدوم جہانیاں جہاں گشت سید جلال الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۷؍صفر ۶۳۰ھ بروز چہارشنبہ بوقت مغرب بمقام سندھ۔ وفات ۱۲؍ذی الحجہ ۹۰۳ھ بروز چہارشنبہ بوقت مغرب مزار بخارا)

از حضرت شیخ رکن الدین ابوالفتح رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۱؍شوال ۶۵۷ھ بروز جمعہ بوقت اشراق بمقام فیض آباد۔ وفات ۹؍جمادیٰ الاولیٰ ۷۳۵ھ بروز سہ شنبہ قبل عصر مزار ملتان)

از والد خود شیخ صدرالدین محمد رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۷؍رجب ۵۷۷ھ بروز دوشنبہ بوقت نصف شب، بمقام لاہور، وفات ۲۳ ذی الحجہ ۶۸۴ھ بروز چہار شنبہ بعد نصف شب، بقول دیگر بروز سہ شنبہ وقت صبح۔ مزار ملتان)

از والد خود شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی عرف سید بہاء الحق رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۰؍ذی الحجہ ۵۷۳ھ بروز دوشنبہ بعد نماز عصر بمقام اسفہان وفات ۱۶؍رجب ۶۸۶ھ بروز چہارشنبہ قبل اشراق مزار ملتان)

از امام الطریقۃ شیخ شہاب الدین سُہروردی رحمۃ اللہ علیہ (تاریخ ولادت ووفات اوپر مذکور ہوچکی)

از شیخ شاہ ضیاء الدین ابوالنجیب سُہروردی رحمۃ اللہ علیہ ولادت (۱۲؍رمضان المبارک ۳۸۵ھ بروز چہارشنبہ وقت بعد تہجد بمقام دمشق وفات (۱۲؍جمادی الاخریٰ ۵۶۳ھ بروز یک شنبہ بوقت عصر مزار بمقام سُہرورد)

از شیخ وجیہ الدین ابوحفص محمد عمر سُہروردی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۴ر رجب ۳۶۵ھ بروز یک شنبہ بوقت اشراق۔ بمقام کوفہ وفات ۲۷ر شعبان ۵۲۵ھ بروز سہ شنبہ قبل مغرب مزار مبارک سُہرورد)

از شیخ ابومحمد بن عبداللہ (کذافی ضیاء القلوب) وحضرت شیخ محمد بن عبداللہ المعروف بعموی رحمۃ اللہ علیہ (تاریخ آئینہ تصوف) (ولادت ۷ر شوال ۲۰۳ھ بروز سہ شنبہ قبل بوقت فجر قبل از نماز بمقام دمشق۔ وفات ۱۶ر ذی قعدہ ۴۵۰ھ بروز پنج شنبہ بوقت عصر مزار بمقام حدیقۂ کبریٰ)

از حضرت شیخ شاہ احمد اسود دینوری رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۳ر رجب ۱۸۹ھ بروز دوشنبہ بوقت عصر بمقام بغداد شریف وفات ۲۷ر ذی الحجہ ۳۶۷ھ بروز جمعہ قبل مغرب مزار مبارک دینور صغریٰ میں)

از ممشاد علی دینوری رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۲ر رجب ۱۹۶ھ بروز دوشنبہ بوقت مغرب۔ بمقام کوفہ وفات ۱۴ر محرم ۳۲۰ھ بروز چہار شنبہ قبل نماز عشاء مزار دینور)

از حضرت شیخ الشیوخ سید الطائفہ ابوالقاسم جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ (تاریخ ولادت ووفات اوپر مذکور ہوچکی)

از حضرت خواجہ سید الدین معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۲ر شوال ۱۴۳ھ بروز پنج شنبہ بوقت صبح بمقام تونس۔ وفات ۲ر محرم ۲۰۰ھ بروز یک شنبہ بعد اشراق۔ مزار بغداد کہنہ)

''ضیاء القلوب میں یہیں تک ہے''۔

''تاریخ آئینہ تصوف'' میں شیخ احمد دینوری رحمۃ اللہ علیہ کے بعد ممشاد علی



دینوری رحمۃ اللہ علیہ کا واسطہ نہیں ہے بلکہ شیخ ابوالقاسم جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ از شیخ سر سقطی رحمۃ اللہ علیہ از حضرت شیخ معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ از حضرت خواجہ داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ از حضرت خواجہ حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ از حضرت خواجہ امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ از حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ۔ از سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مذکور ہے۔

فقط

**واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم**

## قادری

جو سلسلہ حضرت غوث اعظم محی الدین ابو محمد سید عبد القادر جیلانی قدس سرہ سے چلا اس کو قادریہ کہا جاتا ہے۔

# حضرت غوث اعظم سید عبد القادر جیلانی قدس سرہ

## ولادت اور نسب

حضرت غوث اعظم قدس سرہ کی ولادت مبارکہ یکم رمضان المبارک ۴۷۰ھ یا ۴۷۱ھ بوقت تہجد بمقام گیلان ہوئی۔ حضرت نجیب الطرفین ہیں۔ (یعنی والد صاحب و والدہ صاحبہ دونوں کی جانب سے سید ہیں) والد بزرگوار کی جانب سے سلسلہ نسب امیر المؤمنین حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور والدہ صاحبہ کی جانب سے سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے۔ (تعارف فیوض یزدانی)

## مادرزاد ولی

حضرت غوث اعظم قدس سرہ مادرزاد ولی تھے۔ جب آپ پیدا ہوئے اور رمضان المبارک کا مہینہ آیا تو مطلع ابر آلود تھا چاند نظر نہیں آیا۔ حضرت کے والد بزرگوار حضرت سید ابو صالح موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ کے پاس صبح کے وقت لوگ تحقیق رویت کے لئے آئے انہوں نے گھر ذکر کیا۔ حضرت غوث اعظم قدس سرہ کی والدہ نے فرمایا کہ۔

آج میرے بچے نے صبح سے دودھ نہیں پیا ہے۔ اس



لئے میں یقین کے ساتھ کہتی ہوں کہ آج رمضان کی پہلی تاریخ ہے۔ حضرت کے والد بزرگوار نے لوگوں سے یہی کہہ دیا۔ سبھوں نے روزہ رکھ لیا اور شام ہونے سے پہلے پہلے قرب وجوار کے شہروں سے چاند ہونے کی خبریں آگئیں۔ حضرت غوث اعظم قدس سرہ نے پورے ماہ مبارک دن میں دودھ نہیں پیا یکم شوال سے دن میں دودھ پینا شروع کیا۔ (حوالہ بالا)

## علوم ظاہری و باطنی کی تکمیل اور قطبیت کبریٰ

حضرت غوث اعظم قدس سرہ کی عمر سترہ سال شہر گیلان میں گذرے اور اٹھارویں سال والدہ محترمہ سے اجازت لے کر بغرض تحصیل علوم ظاہری و باطنی بغداد شریف میں جلوہ افروز ہوئے۔ اور مدرسہ عالیہ نظامیہ میں علامہ شیخ ابو سعید مبارک رحمۃ اللہ علیہ سے درس لینے لگے۔ پھر قواعد و تجوید، تفسیر وفقہ، اصول وحدیث وغیرہ دوسرے اساتذہ سے پڑھا اور قرات کے ساتوں طریقہ بھی سیکھ لئے اور معمولی عرصہ میں فارغ التحصیل ہو کر بحیثیت استاد طلبہ کو درس دینے لگے۔ اسی دوران میں مشہور بزرگ صوفی ابو الخیر محمد بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی نگرانی میں طریقت وتصوف کے منازل طے فرمانا شروع کئے بالآخر اپنے استاد وشیخ علامہ ابو سعید مبارک رحمۃ اللہ علیہ سے خرقۂ خلافت حاصل فرمایا اور قطبیت کبری کا تاج آپ کے سر مبارک پر ہی رکھا گیا۔

## وعظ کی مقبولیت

۵۱۱ھ میں چالیس سال کی عمر سے وعظ فرمانا شروع فرمایا۔ وعظ کا یہ عالم ہوتا تھا کہ نزدیک ودور سب حاضرین کو یکساں آواز پہنچتی تھی حالانکہ وعظ میں اسقدر مجمع ہوتا تھا کہ دس دس کوس میں تل دھرنے کو جگہ نہ رہتی۔ آپ کا وعظ ربانی فتوحات یزدانی الہامات اور سبحانی ارشادات ہدایات کا سمندر ہوتا تھا۔ جس وقت جوش آتا تو سامعین بیتاب ہوجاتے۔ کسی پر وجد طاری ہوجاتا کسی پر گریہ وبکاء، کوئی محوحیرت استغراقی کیفیت میں ششدر بیٹھا رہ جاتا اور کوئی مضطرب وبے اختیار ہوکر کپڑے پھاڑتا اور چیختا چلاتا ہوا پچھاڑیں کھایا کرتا تھا۔ اسی میں یہ حالت بھی ہوتی کہ کوئی قلب کی چوٹ کو ضبط نہ کرپاتا اور اس کا جگر شق ہوجاتا اور شمشیر محبت کا گھائل ہوکر شہادت لقاء محبوب کا شربت پی کر موت کی نیند سو جاتا۔ وعظ کے ختم ہونے پر جب حاضرین منتشر ہوتے تو مے معرفت کے متوالوں اور شہداء عشق کی نعشوں کا پتہ چلتا تھا۔ اور بعض بعض دفعہ کئی کئی جنازے اٹھانے کی نوبت آتی۔

(مقدمہ فیوض یزدانی)

ان مواعظ کے اثر کا اندازہ حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف ''فتوح الغیب'' اور ''الفتح الربانی'' (جو حضرت کے مواعظ کا مجموعہ ہے جس کا ترجمہ ''فیوض یزدانی'' کے نام سے حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی قدس سرہ نے کیا ہے) اور ''انوار سبحانی'' کے مطالعہ سے کسی قدر ہوسکتا ہے۔



## حضرت غوث اعظمؒ کی بعض انمول وصیتیں

مرض الوفات جس میں غوث اعظم نے انتقال فرمایا۔ ان کے صاحبزادہ عبد الوہاب رحمۃ اللہ علیہ نے عرض کیا۔

اَوْصِنِیْ بِمَا اَعْمَلُ بَعْدَکَ

میں آپ کے بعد کیا عمل کروں اس کی مجھے وصیت فرمایئے۔

فَقَالَ: عَلَیْکَ بِتَقْوَی اللّٰہَ وَلَا تَخَفْ احداً وَلَا تَرْجُ اَحَداً سِوَی اللّٰہ. وَوَکِّلِ الحَوَائِجَالِی اللّٰہِ وَلَا تَعْتَمِدْ اَلَّا اِلَیْہِ. وَاَطْلُبْھَا جَمِیعًا مِنْہُ وَلَا تَثِقْ بِاَحَدٍ غَیْرِ اللّٰہ التوحید، التوحید اِجْمَاعُ الْکُلّ. وَقَالَ اِذَا صَحَّ الْقَلْبَ مَعَ اللّٰہِ لَا یَخْلُوْ مِنْہُ شَیْءٌ وَلَا یَخْرُجُ مِنْہُ شَیْءٌ.

حضرت غوث اعظم نے فرمایا: اللہ کے تقویٰ (خوف) کو لازم پکڑ واللہ تعالیٰ کے سوا نہ کسی سے خوف کر نہ کسی سے امید رکھ۔ اپنی تمام حاجتیں اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے بس اسی پر بھروسہ کر۔ اپنی سب حاجات اسی سے طلب کر اور اللہ کے سواء کسی پر اعتماد نہ کر۔ توحید کو اختیار کر توحید کو کہ کل کی متفقہ ہے۔ اور فرمایا! جب قلب اللہ کے ساتھ صحیح ہوجاتا ہے تو دل سے کوئی چیز جدا نہیں ہوتی اور نہ اس سے کوئی چیز نکلتی ہے۔ (یعنی ان علوم میں سے جن کی ضرورت پیش آئے کوئی چیز نہیں نکلتی)

وَقَالَ اَنَا لُبٌّ بِلَا قُشُوْرٍ.

اور فرمایا! میں مغز بلا پوست ہوں۔

## وفات کے قبل کی حالت

وَقَالَ لِاَوْلَادِہٖ اِبْعَدُوْا مِنْ حَوْلِیْ فَاِنِّیْ مَعَکُمْ بِالظَّاھِرِ وَمَعَ

غَیۡرِ کُمۡ بِالۡبَاطِنِ.

اور اپنی اولاد سے فرمایا۔ میرے پاس سے ہٹ جاؤ! پس بے شک میں بظاہر تمہارے ساتھ ہوں۔ اور بہ باطن تمہارے غیر کے ساتھ ہوں۔

وَقَالَ! قَدۡ حَضَرَ عِنۡدِیۡ غَیۡرُکُمۡ فَاَوۡسَعُوۡا لَھُمۡ وَتَاَدَّبُوۡا مَعَھُمۡ وَھٰھُنَا رَحۡمَۃٌ عَظِیۡمَۃٌ وَلَا تُضَیِّقُوۡا عَلَیۡھِمُ الۡمَکَانَ وَکَانَ یَقُوۡلُ.

اور فرمایا میرے پاس تمہارے علاوہ دوسری مخلوق آئی ہے ان کے لئے جگہ کشادہ کردو! اوران کے ساتھ ادب اختیار کرو، اور یہاں بڑی رحمت ہے تم ان پر جگہ کو تنگ نہ کرو اور کثرت سے فرماتے رہتے تھے۔

وَعَلَیۡکُمُ السَّلَامُ وَرَحۡمَۃُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ. غَفَرَ اللہُ لِیۡ وَلَکُمۡ وَتَابَ اللہُ عَلَیَّ وَعَلَیۡکُمۡ بِسۡمِ اللہِ غَیۡرَ مُوَدِّعِیۡنَ.

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ، غفر اللہ لی ولکم وتاب اللہ علی وعلیکم بسم اللہ غیر مودعین۔

وَقَالَ ذَالِکَ یَوۡماً وَلَیۡلَۃً.

ایک دن رات کثرت سے یہ کلمات فرماتے تھے۔

کہ جماعت ملائکہ اور مقربین کی ارواح حاضر ہوکر سلام کرتیں تو اس کے جواب میں حضرت یہ کلمات فرماتے تھے۔

وَقَالَ وَیۡلَکُمۡ! اَنَا لَا اُبَالِیۡ بِشَیۡءٍ لَا بِمَلَکٍ وَلَا بِمَلَکِ الۡمَوۡتِ.

اور فرمایا! افسوس تم پر (کہ میرے بارے میں کیا گمان کررہے ہو) مجھے کسی چیز کا خوف نہیں ہے۔ نہ کسی فرشتے کی پرواہ ہے نہ ملک الموت کی۔

یَا مَلَکَ الۡمَوۡتِ مَنَحَ لَنَا مَنۡ یَتَوَلَّانَا سِوَاکَ.



اے ملک الموت۔ عطا فرمایا ہے ہم کو اس نے جو ہم سے دوستی کرتا ہے۔ اور ہمارا کارساز ہے (یعنی اللہ تعالیٰ) تیرے سواء۔

(اور اللہ تعالیٰ کی عطا اور دوستی کے بعد پھر کس چیز کی پرواہ کی جائے)

وَصَاحَ صَیۡحَۃً عَظِیۡمَۃً وَذَالِکَ فِیۡ یَوۡمِ الَّذِیۡ مَاتَ فِیۡ عَشِیَّتِہٖ.

اور ایک چیخ ماری اور یہ اس روز کا واقعہ ہے کہ اس دن کی شام کے وقت انتقال فرمایا۔

وَاَخۡبَرَنِیۡ وَلَدُہٗ عَبۡدُ الرَّزَّاقِ اَنَّہٗ کَانَ یَرۡفَعُ یَدَیۡہِ وَیَمُدُّھُمَا وَیَقُوۡلُ وَعَلَیۡکُمُ السَّلَامُ وَرَحۡمَۃُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ. تُوۡبُوۡا وَادۡخُلُوۡا فِی الصَّفِّ ھُوَ ذَا اَجِیۡءُ اِلَیۡکُمۡ.

حضرت کے بیٹے عبدالرزاق نے بیان فرمایا کہ حضرت اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے اور دراز فرماتے اور یوں کہتے تھے۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ، توبہ کرو اور صف میں داخل ہوجاؤ میں ابھی تمہارے پاس آرہا ہوں۔

وَکَانَ یَقُوۡلُ اِرۡفَقُوۡا ثُمَّ اَتَاہُ الۡحَقُّ وَسَکۡرَۃُ الۡمَوۡتِ.

اور فرماتے تھے نرمی کرو، پھر ان کے پاس حق اور موت کی غشی آگئی۔

(تکملہ فتوح الغیب ص: ۴۱۵ رتا ص: ۴۱۷)

## شدت سکرات موت

شیخ اجل اکرم عبدالوہاب متقی قدس اللہ سرہ العزیز فرماتے تھے کہ۔

حضرت شیخ (غوث اعظم) کا وقت رحلت قریب پہنچا تو ہم سے فرمایا کہ اگر کچھ سکرات کی شدت کا مشاہدہ کرو تو دل گیر نہ ہونا۔ چونکہ شدت سکرات موت مقام قطبیت کیلئے لازم ہے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ فرماتے ہیں۔ جس کا مفہوم یہ ہے کہ۔

ظاہر یہ ہے کہ جب اس مقام عہدہ داری میں انسان جناب باری تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے تو سوال وجواب کا احتمال ہوتا ہے کہ اس منصب کی ذمہ داریوں کی ادائے گی کے بارے میں سوال ہوا تو کیا جواب ہوگا؟ (اس سوال وجواب کے احتمال وخیال سے بے چینی ہوتی ہے)

(تکملہ فتوح الغیب ص: ۴۱۷)

## وفات

حضرت غوث اعظم قدس سرہ نے بعمر اکانوے برس ۵۶۱ھ یا ۵۶۲ھ ۱۱ر ربیع الثانی شب سہ شنبہ کو انتقال فرمایا۔ (مقدمہ فیوض یزدانی)

د ''تاریخ آئینہ تصوف'' میں ۵۷۱ھ ۱۷ر ربیع الثانی۔ قبل نماز جمعہ وفات ذکر کی ہے۔ اور اپنے ہی مدرسہ واقعہ محلہ باب الازج بغداد شریف میں مزار ہے۔

## پسماندگان

حضرت غوث اعظم قدس سرہ کی چار بیویاں تھیں ستائیس صاحبزادے اور اٹھارہ صاحبزادیاں تولد ہوئیں۔ بڑے صاحبزادے حضرت سیدنا عبدالوہاب صاحب تھے جو حضرت کے جانشیں ہوئے اور روحانی اولاد جو حضرت کے فیوض وبرکات سے مالا مال ہوئی وہ بے شمار ہے۔



## قطعہ تاریخ ولادت ووفات

جناب غوث الاعظم قطب عالم — کہ نورش تافت از مہ تابہ ماہی
ستینش کامل وعاشق تولد — وصالش وان تو معشوق الٰہی
سال ۹۱ ۴۷۱ھ ولادت — وفات ۵۶۲ھ

حضرت قطب عالم شیخ المشائخ شیخ الحدیث سہارنپوری نوراللہ مرقدہ کا یہ سلسلۂ قادریہ کا شجرہ قطب الاقطاب شیخ عبدالقدوس گنگوہی قدس سرہ تک تو وہی ہے جو شجرہ چشتیہ میں بیان کیا گیا۔ اس کے آگے اس طرح ہے۔

## شیخ عبدالقدوس گنگوہی قدس سرہ سے اوپر کے حضرات کا سلسہ قادریہ کا مختصر تذکرہ

از قطب عالم شیخ عبدالقدوس قدس سرہ از پیر خود درویش محمد بن قاسم اودھی۔ از سید بڈھن بہرائچی۔ از سید اجمل امجد ابدال رحمۃ اللہ علیہ۔ از مخدوم جہانیان جہاں گشت سید جلال الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ (ان سب حضرات کی تاریخ ولادت ووفات اوپر مذکور ہوچکی)

از شیخ عبید بن عیسیٰ (کذافی ضیاء القلوب ص: ۶۲ر وفی تاریخ آئینہ تصوف ۸۴ر حضرت شاہ محمد بن عبید العشی رحمۃ اللہ علیہ) (ولادت ۱۳ر محرم ۸۰۷ھ بروز یک شنبہ بوقت صبح صادق بمقام بلخ وفات ۱۳ر محرم ۸۹۹ھ بروز جمعہ بوقت اشراق مزار حیدرآباد سندھ)

از شیخ عبید بن ابوالقاسم۔ کذافی ضیاء القلوب وفی تاریخ آئینہ تصوف حضرت شاہ شمس الدین عبید بن محمد فاضل رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۰ر ربیع الاول ۷۱۵ھ بروز

چہار شنبہ بوقت عصر بمقام سہانپور وفات ۲۱/صفر ۸۵۵ھ بروز دوشنبہ قبل چاشت۔ مزار فیروز آباد)

از شیخ ابو المکارم فاضل رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۸/شوال ۶۹۵ھ بروز دو شنبہ بوقت مغرب۔ بمقام ہرات۔ وفات ۱۹/ذی الحجہ ۸۳۹ھ بروز یک شنبہ بوقت مغرب قبل از نماز۔ مزار دہلی کہنہ)

از حضرت شیخ قطب الدین ابو الغیث جمیل یمنی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۲/محرم ۶۰۳ھ بروز جمعہ بوقت عشاء بمقام کوفہ وفات ۶/رجب ۶۷۷ھ بروز دوشنبہ بعد نماز عصر۔ مزار صحرائے قندہار)

از شیخ شمس الدین علی بن افلح رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۱/رمضان ۵۵۸ھ بروز دوشنبہ بوقت اشراق بمقام دمشق۔ وفات ۲۱/جمادی الاخریٰ ۶۹۹ھ بروز سہ شنبہ بعد نماز عشاء مزار بغداد شریف کہنہ)

از شیخ شمس الدین حداد کذا فی ضیاء القلوب وفی تاریخ آئینہ تصوف شاہ قطب الدین علی الحداد رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۱/رجب ۵۲۵ھ بروز دوشنبہ بعد مغرب بمقام بغداد شریف جدید۔ وفات ۲۷/ربیع الآخر ۶۷۷ھ بروز یک شنبہ بوقت مغرب مزار بغداد شریف جدید)

از امام اولیاء قطب ربانی شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ۔

از شیخ ابو سعید مبارک بن علی مخزومی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۱۲/رجب ۴۰۳ھ بروز سہ شنبہ بوقت عصر بمقام ہنکار۔ وفات ۱۱/ربیع الثانی ۵۱۳ھ بروز دوشنبہ بوقت صبح۔ مزار واسط) از شیخ ابو الحسن علی بن یوسف قرشی الہنکاری رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۲/شعبان ۲۴۲ھ بروز چہار شنبہ بوقت مغرب۔ بمقام ہنکار۔ وفات ۲۵/محرم



۴۸۶ھ بروز چہار شنبہ۔ بوقت عصر مزار، ہنکار شریف میں جانب غرب دروازہ شہر سے ۷۷/قدم کے فاصلہ پر ہے)

از شیخ علاؤ الدین ابو الفرح طرطوسی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۷/شوال ۲۰۹ھ بروز یک شنبہ بوقت عشاء بمقام حلب قریب صحراء وفات ۵/محرم ۴۶۱ھ بروز شنبہ بعد نماز ظہر مزار طرطوس)

از شیخ عبد الواحد بن عبد العزیز یمنی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۲/رجب ۲۲۷ھ بروز چہار شنبہ بوقت عصر بمقام یمن۔ وفات ۱۹/جمادی الاخریٰ ۴۲۵ھ بروز جمعہ قبل نماز عصر، مزار بغداد کہنہ)

از شیخ ابو بکر شبلی رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۲۲/شوال ۲۱۱ھ بروز دوشنبہ بوقت صبح صادق بعد نماز۔ بمقام دمشق۔ وفات ۲۶/ذی الحجہ ۳۳۴ھ بروز پنج شنبہ بوقت مغرب جمعہ کے روز دفن کئے گئے۔ مزار بغداد کہنہ)

از شیخ الشیوخ سید الطائفہ ابو القاسم جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ۔

از حضرت شیخ سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ۔

از حضرت شیخ سدید الدین معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ۔

از شیخ داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ۔

از شیخ حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ۔

از حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ۔

از حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ۔

از حضرت سید المرسلین محبوب رب العالمین شافع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

# ماخذ

ان چاروں شجروں کے اکثر بزرگوں کی تاریخ ولادت ووفات اور ذکر مزار وغیرہ تاریخ ''آئینہ تصوف'' تالیف شاہ محمد حسن صاحب صابری وچشتی المتوفی ۱۳۱۲ھ (جن کا مزار رائے پور کلاں میں ہے) سے ماخوذ ہے۔

ذکر نیکو رفتگاں دارد ثواب | عاصیاں را می رہاند از عذاب
نیکوں کے ذکر کرنے میں ثواب ہے | نافرمانوں کے لئے عذاب سے رہائی ہے
چوں بہ نیکو رفتگاں درسا ختم | ہم نشینانِ ملائک یافتم
میں جب گذرے ہوئے نیکوں میں مشغول ہوا | تو فرشتوں کو ہم نشیں پایا
ہر کہ را باشد محبت باخدا | کے بداند واصلانش را جدا
جس کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت ہے | وہ اس کے واصلین کو اس سے جدا نہیں جانتا
ذکر ایشاں ذکر آن یزداں بود | یادنیکان یاد آن سبحاں بود
ان کا ذکر کرنا اس اللہ کا ہی ذکر کرنا ہے | نیکوں کی یاد اس سبحانہ، تعالیٰ کی یاد ہے

(مثنوی)

یا الٰہ العالمین ویا ارحم الراحمین اس سراپا قصور وخطا کو بھی اپنے فضل وکرم سے اپنے ان اولیاء کرام کے اوصاف وخصائل میں سے کچھ حصہ نصیب فرمادے۔ اور ان حضرات کی اتباع کی توفیق عطا فرمادے اور ان سب حضرات کی قبور کو انوار سے بھر دے اور خوب خوب درجات عالیہ نصیب فرما اور خوب خوب مقامات قرب ورضاء عطا فرما۔ اور ان سب بزرگوں کی برکت سے اس ناپاک ونا کارہ کو بخش دے اور ہر قسم کی معصیت سے محفوظ فرما کر اپنی ہی رضاء وخوشنودی کے مطابق زندگی گذارنے کی



توفیق عطا فرمائے۔ اور مرنے کے بعد اپنے فضل وکرم سے ان اولیاء کرام کے طفیل وصدقہ میں ان حضرات کا قرب نصیب فرما۔

''شنیدم بداں رابہ نیکان بہ بخشد کریم''

آمین، آمین یارب العالمین بحرمۃ سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام الی یوم الدین۔

خدائے پاک سب مسلمانوں کو اپنے محبین ومقربین اولیاء کرام کی شناخت نصیب فرما کر ان کے اتباع کی توفیق عطا فرمائے۔ ''آمین''۔

ہر کس کہ کمال اولیاء را نشناخت
دین نعمت خاص بے بہارا نہ شناخت

بس شکر نہ گفت وحب ایشاں را نگزید
میداں یقیں کہ او خدا را نشناخت

جس شخص نے کمال اولیاء کو نہیں پہچانا، اس نے بے بہا نعمت خاص دین کو نہیں پہچانا، اس نے نہ شکر ادا کیا جس نے ان کی محبت کو اختیار نہیں کیا یقین جان کہ اس نے خدا کو نہیں پہچانا۔

# آتش عشق الٰہی

آتش عشق الٰہی در دل او شعلہ زن
چشم گریاں میچکاند روز وشب سیل رواں

ترجمہ: حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے دل میں عشق الٰہی کی آگ شعلہ زن ہے۔(عشق خداوندی میں حضرت قدس سرہ کی رونے والی آنکھیں رات دن سیلاب بہاتی رہتی ہیں۔

تشریح: ایک خط کے جواب میں (جس میں حضرت قدس سرہ کے کچھ باطنی حالات کا ذکر تھا) حضرت قدس سرہ نے یہ شعر بھی تحریر فرمایا ہے۔

جس سے حضرت زید مجدہ کی اندرونی کیفیت کا اندازہ ہوسکتا ہے۔

مرا[1] در دیست اندر دل اگر گویم زباں سوزد
دگردم در کشم ترسم کہ مغز استخواں سوزد

(میرے دل میں ایسا درد (عشق) ہے۔اگر بیاں کروں توزبان جل جائے۔اور اگر خاموش رہوں تو ہڈی کے مغز (تک) کے جل جانے کا اندیشہ ہے)

اشکہائے نیم شب چوں قطرہائے سلسبیل
می شود شاداب زیں از ہار واشجار جناں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کے اشکہائے نیم شب قطرہائے سلسبیل کی طرح ہیں۔ان سے جنت کے ازہار (پھول وکلی) واشجار (درخت) پرورش پاتے ہیں۔

تشریح: حضرت قدس سرہ نے ایک مکتوب میں تحریر فرمایا ہے۔

[1] آپ بیتی نمبر:۴،ص:۲۰۲۔



ہمارا کام ہے راتوں کو رونا یاد دلبر میں
ہماری نیند ہے محو خیال یار ہوجانا

حضرت شیخ قدس سرہ کے اسی سوز وگداز اور عشق ومحبت کا ذکر حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی قدس سرہ نے سوانح حضرت مولانا محمد یوسف قدس سرہ میں ان الفاظ سے فرمایا ہے۔

شیخ کے علم، تصنیفی انہماک، وقار وسکینت اور ضبط وتحمل کے فانوس میں عشق ومحبت کا ایک ایسا شعلہ ہے جو جاننے والوں کی نگاہوں سے مستور نہیں۔ان کا خمیر عشق ومحبت کے اس جوہر کے ساتھ گوندھا گیا ہے اور وہ شاید ان کے خمیر کے تمام اجزاء وعناصر سے زیادہ مقدار میں ہے۔ان کا حال وہ ہے جو سودا نے اپنے شعر میں بیان کیا ہے۔

آدم کا جسم جب کہ عناصر سے مل بنا
کچھ آگ بچ رہی تھی سو عاشق کا دل بنا

عشق ومحبت کے اس جوہر کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے اور اس کے شرارے اسی وقت نظر آتے ہیں جب عشق الٰہی، ذات رسالت پناہی اور واصلان بارگاہ الٰہی کا تذکرہ ہو۔

راقم سطور نے (مولانا ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ)

اپنے پہلے سفر حجاز کے موقعہ پر مدینہ طیبہ سے ایک خط لکھا جس میں

مدینہ (طیبہ) کے راستہ کی کیفیات اور بعض نعتیہ اشعار تھے جب یہ خط پہنچا تو شیخ کی عجیب کیفیت تھی جو لوگ پاس موجود تھے ان کا بیان ہے کہ ایک عزیز خادم سے جو خوش الحان بھی ہیں۔ ان اشعار کو ترنم کے ساتھ پڑھنے کی فرمائش ہوئی۔ گرمی کا زمانہ تھا۔ رمضان کے ایام تھے۔ اعتکاف کا موقع تھا۔ اس وقت کچھ لوگ شیخ کا بدن دبا رہے تھے۔ دیکھنے والے کا بیان ہے کہ جس وقت ان صاحب نے یہ اشعار پڑھے اس وقت شیخ فرط شوق اور شدت جوش میں بالشت بالشت بھر اچھل جاتے جو لوگ بدن دبا رہے تھے۔ ان کو محسوس ہو رہا تھا کہ شیخ کے جسم میں ایک بجلی سی پیدا ہوگئی ہے۔ اور وہ اپنی کیفیت کو کسی طرح چھپا نہیں سکتے۔

راقم سطور نے (مولانا سید ابوالحسن علی میاں ندوی رحمۃ اللہ علیہ) خود بارہا دیکھا ہے کہ وہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے حالات اپنے ایک مسودہ سے حضرت رائے پوری کو سنا رہا ہے۔ شیخ پاس کی چارپائی پر بیٹھے ہوئے ہیں ان پر گریہ کا اتنا غلبہ ہوا کہ چارپائی ہلنے لگی۔ مولانا محمد یوسف صاحب کی معیت میں جو حج ہوا تو اس سے واپسی کے موقع پر اس طرح سے بلک بلک کر رونے لگے جیسے بچہ اپنی ماں کی گود سے علیحدہ کیا جائے تو وہ بے قرار ہو کر روتا اور بلکتا ہے[1]

[1] سوانح حضرت مولانا محمد یوسف صاحب رحمۃ اللہ علیہ ص: ۱۲۱ ر ص: ۱۲۲۔



# اکابر کے سوز وگداز کا نمونہ

## حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ کا سوز وگداز

حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی قدس سرہ نے حضرت قطب عالم شیخ الحدیث سہارنپوری قدس سرہ کے والد محترم مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ کے متعلق تحریر فرمایا ہے۔

مولانا محمد یحیٰ صاحب عجب باغ و بہار طبیعت لے کر آئے تھے۔ "بكّاء بالليل بسّام بالنهار" (رات کو بہت رونے والے دن کو بہت مسکرانے والے) آپ کی صفت تھی۔ ادھر گریہ طاری ہے ادھر دوستوں کو اپنے نکتوں اور بذلہ سنجیوں سے ہنسا رہے ہیں دیدہ گریاں۔ روئے خنداں اور زبان گل فشاں کا پورا مجموعہ دل کے سوز وگداز اور راتوں کے راز و نیاز کی خبر بہت کم لوگوں کو تھی۔ الخ۔ (حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ، اور ان کی دینی دعوت ص:۵۶)

## حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب اور حضرت مدنی قدس سرہما کا سوز وگداز

شیخ قدس سرہ اپنے والد صاحب قدس سرہ اور حضرت مدنی قدس سرہ کے متعلق تحریر فرماتے ہیں۔

"میں نے اپنے اکابر میں اپنے والد صاحب اور حضرت

مدنی قدس سرہ کو اخیر شب میں بہت ہی آواز سے روتے سنا۔ بسا اوقات ان اکابر کے رونے سے مجھ جیسے کی آنکھ بھی کھل جاتی جس کی آنکھ سونے کے بعد بڑی مشکل سے کھلتی ہے۔ حضرت مدنی قدس سرہ ہندی کے دوھے بڑے درد سے پڑھا کرتے تھے۔ میں ہندی سے واقف نہیں۔ اس لئے مضامین کا تو پتہ نہیں چلتا تھا۔ لیکن رونے کا منظر اب تک کانوں اور دل میں ہے۔ جیسے کوئی بچہ پٹ رہا ہو۔ اور وہ رو رہا ہو'' (آپ بیتی نمبر:۴ رص:۱۰۶)

## حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہ کا سوز وگداز

حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری نور اللہ مرقدہ کے بارے میں حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب نور اللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں۔

''اخیر زمانہ میں آپ کا اندرونی سوز وگداز اتنا زیادہ بڑھ گیا تھا کہ ضبط نہ فرما سکتے اور بات بات پر رقت وگریہ طاری ہو جاتا تھا۔ بزرگوں کی عمروں کا ایک بار ذکر ہو رہا تھا۔ فرمانے لگے دو سال زندہ رہا تو اپنے شیخ کی عمر کو پہنچ جاؤں گا۔ اتنا کہہ کر رو دیئے اور فرمایا سب چلے گئے میں ہی رہ گیا۔

ایک مرتبہ کسی نے عرض کیا کہ حضرت ہندوستان کا کب تک ارادہ ہے تو چشم پر آب ہو گئے اور فرمایا اب تو بقیع کا ارادہ ہے۔

آخرت کا قیامت کا یا بزرگوں کا جس وقت بھی ذکر آتا تو آبدیدہ ہو جاتے اور آواز میں تغیر آجاتا''۔ (تذکرۃ الخلیل ص:۴۲۸)



## قطب عالم حضرت گنگوہی قدس سرہ کا سوز وگداز

قطب الاقطاب حضرت مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی نور اللہ مرقدہ جب رات کو ذکر فرماتے تو محسوس ہوتا کہ ساری مسجد کانپ رہی ہے اور اس طرح گریہ طاری ہوتا کہ پسلیاں ٹوٹی جاتیں۔ حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں۔

''جس وقت حضرت مخدوم بالجہر ذکر شروع فرماتے تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ساری مسجد کانپ رہی ہے خود پر جو حالت گذرتی ہوگی اس کی تو کسی کو کیا خبر۔

تھانہ میں امدادیہ آستانہ سے جو بات حاصل ہوئی تھی اس نے کھانے کا رکھا نہ پینے کا ہر وقت تفکر واستغراق سے کام تھا۔ اور رونا سبب راحت وآرام، اکثر تمام شب روتے گزر جاتی اور سارا سارا دن کسی گہرے فکر میں غرق ہوئے تمام ہو جاتا تھا۔ آپ کی والدہ ماجدہ نے ایک رضائی نیلے رنگ کی آپ کے لئے تیار کی تھی کہ شب کو مسجد آتے جاتے، خنکی سے محفوظ رکھے اور ہلکی سردی میں راحت پہنچائے گی۔ آپ کے رونے اور آنسوؤں کے اسی رضائی سے پوچھنے کی وجہ سے اس کا رنگ بھی کچھ کا کچھ ہو گیا تھا اور ہیئت ہی دوسری بدل گئی تھی''۔ (تذکرۃ الرشید ص:۵۲)

آگے تحریر فرماتے ہیں۔

''الغرض امام ربانی کی وہ عالی اور بلند ہمت جو خدائی

خزانہ عامرہ سے فطرۃً آپ کو عطا ہوئی تھی سر تا پا تمام وکمال تحصیل قرب الٰہی میں صرف ہونے لگی اور آپ کی عمر عزیز کا لحظہ لحظہ جو حق تعالیٰ نے تجارت آخرت کے جواہرات بنا کر راس المال قرار دیا ہے۔ پائدار منفعت کے کسب میں گذرنے لگا۔ رات کی سنسان گھڑیوں میں آپ اپنے نجات دہندہ خدا کو پکارا کرتے۔ اندھیری شب کی سیاہ چادر اوڑھ کر اپنے پرورش کنندہ خالق کو سجدہ کرتے اس کے دربار میں حاضر ہوکر ناک رگڑتے گڑگڑاتے اور روتے روتے بیتاب ہوجایا کرتے تھے"۔ (تذکرۃ الرشید ص: ۶۰)

## گریہ کے غلبہ کا عجیب واقعہ

اور حضرت مولانا میرٹھی قدس سرہ نے اپنا چشم دید واقعہ اس طرح بیان فرمایا ہے۔

"نا اہل مؤلف جو حضرت قطب العالم قدس سرہ کا خود ناقدر شناس بنا رہا۔ ان وجدانی کوائف کو کسی طرح سمجھے یا زبان قلم پر لائے۔ جن کا سمجھنا وجدان سلیم اور اسی قلب کا کام ہے جس میں کچھ چسک بیدار ہوئی ہو یا اس راستہ کی ہوا لگ کر قدرے ذائقہ منہ کو لگ گیا ہو۔ نابالغ بچہ کتنا ہی کوئی سچا اور فہیم وصاحب زبان شخص بیان کرے مگر لذت جماع قبل بلوغ ہرگز سمجھ نہیں سکتا۔ پھر بھلا عشق ومحبت کی وہ آگ جو کسی عاشق کے قلب میں بھڑک رہی ہو صورت دیکھنے والا اور عشق کے معنی سے ناواقف شخص کیوں کر سمجھ سکتا ہے۔



نظر کو کیا خبر پردہ کے اندر دل لگی کیا ہے؟
کوئی آزاد کیا جانے کسی دل کی لگی کیا ہے؟

ایک مرتبہ ظہر کے بعد حجرہ شریف میں آپ تلاوت قرآن کے اندر مشغول تھے۔ بندہ نادان ونادار مولوی محمد یحیٰ صاحب کے پاس اس طرح دبے پاؤں خاموش جا بیٹھا کہ حضرت نے آہٹ بھی نہ سنی تھوڑی دیر میں مولوی محمد یحیٰ صاحب کسی ضرورت سے باہر تشریف لے گئے اور میں تنہا بیٹھا رہ گیا۔ چند منٹ گذرے تھے کہ حضرت قدس سرہ کے لہجہ تلاوت میں تغیر شروع ہوا اور رفتہ رفتہ یہ نوبت پہنچی کہ آپ کا سارا جسم کانپنے لگا۔ بے اختیار آپ آٹھ آٹھ آنسو رونے لگے آواز رک گئی ہر چند آپ پڑھنا چاہتے مگر گریہ کا غلبہ حلق کو پکڑ لیتا تھا۔ خدا شاہد ہے "وکفی بہ شہیدا" جو حالت اس وقت حضرت پر طاری تھی شاید تند مزاج خون خوار شیر کے سامنے پڑ کر کسی کمزور وناتواں، ضعیف القلب شخص کی بھی یہ حالت نہ ہوگی۔ اور خشیۃ جو اس وقت آپ پر ہویدا تھا غالباً کسی جبار وباقدرت شہنشاہ کے سامنے کھڑے ہو کر کسی خطا وار سے خطا وار مجرم غلام پر بھی ظاہر نہ ہوا ہوگا۔ آپ کی یہ حالت اتفاقیہ اور عمر بھر میں پہلی بار میری نظر پڑی تھی میں اب تک بھی نہیں جانتا کہ کس بات سے آپ ڈرتے تھے اور کیوں کانپ رہے تھے۔

یہی قرآن مجید ہے جس کو اول سے آخر تک مسلمان پڑھا کرتے ہیں خدا جانے وہ مضمون کون سا اور کہاں ہے جس پر خوف یا خشیۃ

ہوتا ہے۔ اس لئے دفعۃً یہ تغیر حال دیکھ کر میں تھرا اٹھا۔ اور اس درجہ پریشان ہوا کہ اب تصور آتا ہے تب بھی گھبرا جاتا ہوں۔ دل میں خوف زدہ ہو کر کہنے لگا کہ یا اللہ آج کس مصیبت میں آ پھنسا نہ جائے رفتن ہے نہ پائے ماندن، اگر بیٹھا رہوں تو ممکن ہے کہ حضرت کو میرے بیٹھنے کا کشف یا اور کسی طرح اطلاع ہو جائے تب معتوب ہوا اور اٹھوں تو پاؤں کی آہٹ سے اطلاع ہونی ضرور اور اس موہوم سے یہ غالب خیال زیادہ خطرناک اس لئے خدا ہی جانتا ہے کہ اس وقت میرے دل کی کیا حالت تھی۔ نہ میں آسمان پر تھا نہ زمین پر، ساکت وصامت بت بنا بیٹھا رہا اور وحشت زدہ دل بجائے اس کے کہ اس حالت سے مستفید ہوتا کمال الحاح اور اخلاص کے ساتھ یوں دعا، مانگتا رہا کہ ''یا اللہ کسی طرح مولوی محمد یحیٰ جلد آویں'' دعاء حقیقت میں دل سے نکلی اور عین اضطرار وتوحش میں واقع ہوئی تھی۔ اس لئے شاید چند لحظے نہ گذرے ہوں کہ مولوی محمد یحیٰ صاحب جو حجرہ کی آمد ورفت کے ہر وقت کے مجاز تھے آ گئے ان کا حجرہ کی چوکھٹ پر قدم رکھنا تھا اور حضرت کا اس حالت کو ضبط فرما کر سیدھا ہو بیٹھنا۔ خدا جانے یہ حالت عجیبہ دفعۃً پیدا کیوں کر ہوئی۔ اور اسی طرح یک لخت ضبط کس طرح ہو گئی۔ بجز اس کے کہ بالاجمال اتنا سمجھا کہ یہ بھی کوئی حالت محمودہ ہے، جو اتباع سنت نبویہ میں اولیاء اللہ پر طاری ہوتی ہے، جو جوان کو بوڑھا اور قوی کو کمزور بنا دیتی ہے اور کچھ نہ اس وقت سمجھا نہ اب سمجھ سکتا



ہوں''۔ (تذکرۃ الرشید ص:۱۹۲/روص:۱۹۳)

## حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی قدس سرہ کا سوز وگداز

سید الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس اللہ سرہ العزیز اپنا حال اپنے رسالہ ''دردنامہ غمناک'' میں بیان فرماتے ہیں اس کے چند اشعار یہ ہیں۔

ہزاروں غم کی لا آتش لگائی　　میری سب عیش کی پونجی گنوائی
گیا اس دن سے سونا اور کھانا　　ہوا میں غم کے تیروں کا نشانا
اجی جس کے ہو دل میں درد فرقت　　اسے کب ہووے خواب وخور کی فرصت
وہ کیا جانے ہے اس درد والم کو　　نہ دیکھا جس نے ہو فرقت کے غم کو
اٹھا چھاتی میں درد عشق جس کی　　اسے پھر نیند کس کی بھوک کس کی
پڑا جو غم کا لشکر دل پہ آ ٹوٹ　　متاع صبر وتسکین لے گیا لوٹ
تڑپ کر غم میں شب کو صبح کرنا　　صبح سے شام تک رو رو کے مرنا
وہ جن آنکھوں میں خار ہجر ہووے　　بھلا وہ عمر بھر کیوں کر نہ رووے
گیا سب بھول کھانا اور پینا　　پڑا مشکل مجھے اب اپنا جینا
لگی کہنے مجھے خلقت دیوانہ　　کسی نے درد کو میرے نہ جانا

چند اشعار کے بعد یہ اشعار ہیں۔

یوں ہی کہتے ہیں اپنی اپنی سارے　　نہیں واقف کوئی غم سے ہمارے
اگر ظاہر کروں حال درونی　　بناؤں ایک عالم کو جنونی
جو میں ظاہر کروں سوز جگر کو　　کروں شرمندہ دوزخ کے شرر کو
دکھاؤں بیکلی اپنی کو میں گر　　تو اک ہلچل پڑے عالم کے اندر

جو آئے درد دل اپنا زباں پر　پڑے آفت کا ٹکڑا اک جہاں پر
حقیقت دل کی گر اپنے دکھاؤں　ہنسوں میں اور عالم کو رولاؤں
نہ کہہ سکتا ہوں کہ اب کیا کروں میں
نہ ہو سکتا ہے جو چپ ہی رہوں میں

## مقامات قرب وولایت بقدر عشق ومحبت

غرض کہ تمام اولیاء کرام کا یہی حال ہے۔ بلکہ مقامات قرب وولایت بقدر عشق ومحبت ہی ملتے ہیں جس درجہ عشق خداوندی ہوگا۔ اسی درجہ اس محبوب حقیقی تعالیٰ شانہ کا اس کو قرب حاصل ہوگا۔

حضرت قطب عالم شیخ الحدیث سہارنپوری نوراللہ مرقدہ کے اس عشق ومحبت سے ان کے مقامات قرب وولایت کا بھی کسی درجہ میں اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

مولانا شیخ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے۔

گر مقام عشق ماوائے تو شد
سرفراز نو فلک جائے تو شد

''اگر مقام عشق تیرا ٹھکانہ ہو جاوے (یعنی حاصل ہوجاوے) تو نو آسمانوں سے اوپر تیری جگہ (یعنی تیرا مقام) ہوجائے''۔

اور اسی عشق ومحبت کو حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مثنوی میں فرمایا ہے۔

ہر کہ را جامہ زعشق چاک شد
اوز حرص عیب کلی پاک شد



شاد باش اے عشق خوش سودائے ما　اے طبیب جملہ علتہائے ما
اے دوائے نخوت وناموس ما　اے تو افلاطون وجالینوس ما
جسم خاک از عشق بر افلاک شد
کوہ در رقص آمد وچالاک شد

جس شخص کے عشق کا جامہ چاک ہوگیا۔ وہ تمام عیب کی حرص سے پاک ہوگیا۔ شاد باش، اے عشق، ہمارے سودائے خوش۔ اے، ہماری تمام بیماریوں کے طبیب۔ اے، ہماری نخوت وناموس کی دوا۔ اے، ہمارے افلاطون، جالینوس۔ جسم خاکی، عشق کی وجہ سے افلاک پر جاپہونچا۔ پہاڑ رقص میں آگیا اور چالاک ہوگیا۔

## سید المرسلین محبوب رب العلمین صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت

گوہر حب محمد در دل او روشن است
صاف گویم قلب او روشن شدہ ہمرنگ آں

ترجمہ: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گوہر محبت حضرت کے دل میں روشن ہے۔ میں صاف کہتا ہوں کہ حضرت کا قلب اس گوہر کے ہمرنگ ہوگیا۔

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اصل ایمان ہے

پیارے آقا محبوب رب العلمین صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ہی اصل ایمان ہے۔ جس درجہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں کمال ہوگا اسی درجہ ایمان میں کمال ہوگا۔ اور جس درجہ اس میں نقص ہوگا۔ اسی درجہ ایمان میں نقص ہوگا۔

حدیث پاک میں ارشاد ہے۔

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۔

تم میں کوئی کامل الایمان نہیں ہوسکتا جب تک میں اسے اس کے والد اس کی اولاد اور تمام انسانوں سے زیادہ محبوب نہ ہوجاؤں۔

حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت اولاد، والدین اور تمام انسانوں، دنیا کی تمام چیزوں سے زیادہ ہونا ضروری ہے۔

خدائے پاک تعالیٰ شانہ اور حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ اگر کسی چیز کی محبت ہوگی تو اس پر سخت ترین وعید قرآن پاک میں بیان فرمائی گئی ہے۔

ارشاد پاک ہے۔



قُلْ اِنْ کَانَ اٰبَآؤُکُمْ وَاَبْنَآؤُکُمْ وَاِخْوَانُکُمْ وَاَزْوَاجُکُمْ وَعَشِیْرَتُکُمْ وَاَمْوَالُ ۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ کَسَادَهَا وَمَسٰکِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَیْکُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِیْ سَبِیْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ۔ (پ: ۱۰/ ع: ۹)

آپ کہہ دیجئے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیبیاں اور تمہارا کنبہ اور وہ مال جو تم نے کمائے ہیں۔ اور وہ تجارت جس میں نکاسی نہ ہونے کا تم کو اندیشہ ہو۔ اور وہ گھر جن کو تم پسند کرتے ہو۔ تم کو اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پیارے ہوں تو تم منتظر رہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم بھیج دیں۔ اور اللہ تعالیٰ بے حکمی کرنے والوں کو ان کے مقصود تک نہیں پہنچاتا۔ (بیان القرآن)

## محبت کے لئے اطاعت لازم ہے

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت ہوگی تو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طاعت ہوگی۔ بلکہ جس درجہ عشق ہوگا۔ جس درجہ محبت ہوگی اسی درجہ اطاعت وفرمانبرداری ہوگی۔ جب کمال عشق ہوگا تو کمال اطاعت ہوگی۔ اور گویا اطاعت ہی دلیل محبت ہے۔ بلا اطاعت دعویٰ عشق ومحبت معتبر نہ ہوگا۔ جیسا کہ آج کل بہت سے مدعیان عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حال ہے کہ دعویٰ عشق تو ہے۔ مگر اطاعت کا نام نہیں بلکہ ہر حالت میں مخالفت ہے کیا خوب کہا ہے۔

تعصی الرَّسُوْلَ وَاَنْتَ تُظْهِرُ حُبَّهٗ　　هٰذَا لَعُمْرِیْ فِی الْفِعَالِ بَدِیْعٌ
لَوْ کَانَ حُبُّکَ صَادِقًا لَا طَعْتَهٗ　　اِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ یُّحِبُّ مُطِیْعٌ

قدر رسول کی نافرمانی کرنا ہے اور ان کی محبت کا بھی اظہار کرنا ہے۔ میری عمر کی قسم یہ تو کاموں میں بہت عجیب ہے۔ اگر تیری محبت صادق ہوتی تو تو ان کا مطیع ہوتا۔ اس لئے کہ بلاشبہ محبّ اپنے محبوب کا مطیع ہوا کرتا ہے۔

تو کوئی شخص دعویٰ محبت تو کرتا ہے مگر اطاعت نہیں کرتا۔ برابر نافرمانی ومخالفت کرتا رہتا ہے تو اس کو محبّ کون جان لے گا۔ محبت دعویٰ کی چیز ہی نہیں۔

وَجَائِزَةٌ دَعْوَى الْمُحَبَّةِ فِي الْهَوٰى
وَلٰكِنْ لَا يَخْفٰى كَلَامُ الْمُنَافِقِ

اور عشق میں محبت کا دعوی جائز ہے۔ لیکن، منافق کا کلام چھپا نہیں رہتا۔

بلا اطاعت کسی کا کیا منہ ہے جو دعویٰ محبت کرے بلکہ عاشق کامل تو دعویٰ کرتا ہی نہیں۔ اس کی زبان سلی ہوئی ہوتی ہے زبان سے اظہار ہو ہی نہیں سکتا۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ زبان سے ظاہر نہ کرنے کے باوجود عشق چھپا نہیں رہتا ظاہر ہو ہی جاتا ہے اور اس کو چھپایا بھی کیسے جاسکتا ہے۔

می تواں داشت نہاں عشق ز مردم لیکن
زردی رنگ رخ و خشکی لب را چہ علاج

شاعر کہتا ہے کہ تم آدمیوں سے عشق کے تذکرہ کو تو چھپا سکتے ہو مگر چہرہ کی زردی اور لبوں کی خشکی کو کس طرح چھپالو گے۔ غرض پوشیدہ نہیں رہ سکتا کہ۔

عشق ومشک رانتواں نہفتن

عشق اور مشک چھپایا نہیں جاسکتا۔

بلکہ عشق بے زبان عشق زبانی سے کہیں زیادہ روشن ہوتا ہے، کیوں کہ عشق



زبانی تو صرف دعویٰ ہی دعویٰ ہے اور عشق بے زبان کے ساتھ ساتھ دلیل بھی موجود ہے۔ مولانا روم قدس سرہ فرماتے ہیں۔

گرچہ تفسیر زباں روشن گرست
لیک عشق بے زباں روشن ترست

اگرچہ، زبان کی تفسیر، روشن کرنے والی ہوتی ہے۔ لیکن عشق بے زباں زیادہ روشن ہوتا ہے۔

اس لئے محققین کاملین کا عشق اکثر بے زبان ہی ہوتا ہے اور وہ بے زبان ہو کر بھی سب کچھ کر گزرتا ہے۔ ہاں کبھی کبھی کامل بھی بے قرار ہو کر بول اٹھتا ہے۔

دل میرودز دستم صاحبدلاں خدا را
دردا کہ راز پنہاں خواہد شد آشکارا

میرا دل میرے ہاتھ سے جا رہا ہے بے قابو ہو رہا ہے اے دل والو خدا کے لئے میری مدد کرو ورنہ، جو درد، پوشیدہ راز تھا وہ آشکارا ہو جائے گا۔

یعنی جب ضبط انتہا کو پہنچ جاتا ہے اور تاب ضبط نہیں رہتا تو بیتاب ہو کر زبان سے بھی اظہار ہو جاتا ہے تو پھر ایسے وقت میں جب کہ عشق بے زبان کو زبان لگتی ہے تو پھر عاشق پر کیا گذرتی ہے وہی خوب جانتا ہے، گویا قیامت کا سامنا ہوتا ہے۔ پھر اس کے سننے کے واسطے بھی بڑا مضبوط کلیجہ چاہئے۔ اس وقت اس کا یہ حال ہوتا ہے۔

مرا در دیست اندر دل اگر گویم زباں سوزد
وگردم در کشم ترسم کہ مغز استخواں سوزد

میرے دل میں ایسا درد ہے اگر میں بیان کروں تو زبان جل جائے۔ اور اگر خاموش رہوں تو ڈرتا ہوں کہ ہڈیوں کا گودا جل جائے گا۔

قطب عالم عاشق رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) شیخ المشائخ شیخ الحدیث نوراللہ مرقدہ کی زندگی کو جس نے ذرا قریب سے دیکھا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی پوری زندگی ہر حرکت وسکون، قیام وقعود، اکل وشرب، رفتار وگفتار، معاشرہ، معاملہ، شادی غمی غرض ہر حالت میں کس درجہ محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کی اتباع وپیروی کا اہتمام ہوتا تھا اور جب سید المرسلین محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ اجمعین کا نام مبارک زبان پر آتا یا کسی سے سنتے ہیں یا کسی قسم کا کوئی تذکرہ حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق ہوتا تو اس وقت عاشق صادق حضرت شیخ زیدمجدہ کا کیا حال ہوتا تھا۔ ادھر تو کمال ضبط اور ادھر بحر عشق میں طغیانی دونوں کی کش مکش سے جو حضرت شیخ قدس سرہ کی حالت ہوتی تھی۔ اسے بے چارہ قلم بیان نہیں کرسکتا۔ اور اس حالت کو زبان وقلم سے کسی طرح بیان نہیں کیا جاسکتا۔

قلم بشکن، سیاہی ریز وکاغذ سوز ودم درکش
حسن ایں قصہ عشق است در دفتر نمی گنجد

قلم، توڑ دے، سیاہی گرادے، کاغذ، جلادے، اور سانس بند کرلے۔ حسن، یہ قصہ عشق ہے جو دفتر میں نہیں سماسکتا۔

اور قیام ہند کے زمانہ میں مدینہ منورہ زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً اور وہاں کے سفر مبارک کا ذکر ہوتا تھا تو حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا بھی وہی حال ہوتا تھا جس کو شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ نے اپنے قصیدہ میں اپنا حال بیان فرمایا ہے۔

## حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ کے قصیدہ کے اشعار

تَصَوَّرْتُ الدِّيَارَ فَهَامَ قَلْبِيْ
وَهَيَّجَ ذِكْرُهَا مِنِّيْ بُكَائِيْ

میں نے دیار حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تصور کیا تو میرا دل دیوانہ بن گیا۔



اور اس دیار کی یاد نے مجھ سے تیرے رونے کو ہیجان میں ڈال دیا۔ یعنی گریہ بے حد جوش مارنے لگا۔

رَوَتْ عِنْدِيْ شَمَائِلَ عَنْ حَبِيْبٍ
فَاَبْكَتْنِيْ وَزَادَتْ مِنْ عَنَائِيْ

اس دیار نے محبوب کی خوبیاں میرے نزدیک بیان کیں تو مجھے خوب رلایا۔
اور روایت شمائل کے بیان میں میری محنت کو بڑھادیا۔
یعنی کتاب شمائل کی روایت کرنے میں (جو ایک مشہور کتاب ہے) میری کوشش اور میرا شوق بڑھ گیا یا حبیب کی عادات وخصائل کی روایت میں میری محنت وکوشش زیادہ ہوگئی۔

اَيَا قَلْبِيْ بِاَحْزَانِيْ تَقَطَّعْ
فَلَا سُلْوَانَ لِيْ بَعْدَ النَّوَاءِ

اور اے میرے دل میرے حزن وغموں کے سبب پارہ پارہ ہوجا۔
کیوں کہ فراق محبوب کے بعد کوئی دوا میرے لئے تسلی بخشنے والی نہیں ہے۔

وَيَا صَدْرِيْ بِاٰلَامِيْ تَشَقَّقْ
فَلَا اَرْضٰى لِنَفْسِيْ بِالْبَقَاءِ

اور اے میرے سینہ میرے دردوں کی تکلیف سے پھٹ جا۔
اسلئے کہ مجھے خوش نہیں آتا کہ میرے نفس کی ہستی باقی رہے اور میں زندہ رہوں۔

فَهَلْ مِنْ مُّشْتَرِيْ رُوْحِيْ بِرُوْحِيْ
يُرَوِّحُنِيْ بِوَعْدِ مِنْ لِقَاءِ

کیا کوئی میری جان کا آسائش وتازگی کے بدلہ میں خریدار ہے کہ دیدار

محبوب کا وعدہ کر کے مجھے آسائش پہنچا دے۔

یعنی مجھ کو لذت دیدار کے وعدہ سے آرام دے کر میری جان کو غلام بنالے۔

یُبَشِّرُنِیْ بِنَعُمٍ بَعْدَ یُؤْسٍ

وَاِسْعَادٍ لَهَا بَعْدَ الشِّقَاءِ

مجھ کو بعد مشقت فراق راحت دیدار کی خوش خبری دے۔

اور اس کی کہ فراق کی بدبختی کے بعد جان کو سعادت دیدار ملے گی۔

وَقَالُوْا اُخْرُجْ تَنَزَّهْ فِیْ مُرُوْجٍ

لِتَسْلُوَ مِنْ تَبَارِیْخِ الْبَلَاءِ

اور مجھے میرے نصیحت کرنے والوں نے کہا کہ چل گھر سے نکل کر سبزہ زاروں کی سیر کرتا کہ تجھ کو بلائے عشق کی مشقتوں سے تسلی حاصل ہو۔

شعر آئندہ میں ناصحوں کا جواب ہے۔

وَمَا عُذْرُ الْمُشَوَّقِ اِذَا تَلَهّٰی

خَلِیَّ الْقَلْبِ فِیْ شَرْعِ الْوَفَاءِ

کہ شرع وفا میں عاشق کو کیا عذر ہوگا جب کہ اس کا دل بیغم ہو کہ بازی و کھیل کر رہا ہو۔ یعنی طریق وفا میں عاشق کو بازی و کھیل میں مشغول ہونا ایسا بڑا گناہ ہے جس کا عذر ہی نہیں ہوسکتا۔

یُحِبُّ الْجُبِّ قَدْ اَمْسٰی رَهِیْنًا

فَمَا بَالُ الْحَدَائِقِ وَالْفَضَاءِ

چاہ عشق میں جس نے درماندہ ہو کر شام کی ہو تو باغوں اور وسیع میدان کا کیا حال ہے۔ اس کو تو چاہ عشق ہی محبوب ہے یعنی جو



غریق عشق ہو کر صبح سے شام کر چکا ہو اس کے لئے باغ اور وسیع میدان کس کام کے ہیں۔

وَمَنْ قَاسٰی اَذٰی مِنْ مَاءِ عَیْنٍ

فَهَلْ یُغْنِیْهِ شَیْئًا عَیْنُ مَاءٍ

اور جس نے آنسو بہا کر محنت کھینچی ہو کیا اس کو کسی پانی کے چشمہ کے فائدہ دینے سے فائدہ پہنچے گا۔ یعنی جس کسی نے رو کر دریا بہائے ہوں اس کو پانی کا ایک چشمہ دیکھنا کیا فائدہ دے گا۔

خواجہ دوست محمد اجمیری رحمۃ اللہ علیہ نے پورے قصیدہ کا اردو نظم میں ترجمہ کیا ہے اسی سے ان اشعار کا ترجمہ بھی نقل کرتا ہوں۔

## ترجمۂ اشعار

دیکھتا کیا ہوں سما آنکھوں میں سارا بھر گیا — دل مرا بیکل ہوا ہے جوش شورش اور بکاء
خوبیاں محبوب کی اک اک بیاں ہونے لگیں — اشک تر آنکھوں سے جاری اور ہجوم ذکر تھا
پارہ پارہ کیوں نہیں ہوتا ہے اے دل حزن سے — اب تسلی ہے کہاں محبوب ہے تجھ سے جدا
کیوں نہ ہو آلام سے سینہ مرا اب چاک چاک — جان سے بیزار ہوں بھاتی نہیں مجھ کو بقاء
کوئی ایسا مشتری ہے وعدۂ دیدار پر — جان لے آرام دے تو دیکھوں روئے مہ لقا
مژدہ راحت ملے ایام محنت کا صلہ — بدلے تسکین غم سے دل ہے عشق محنت اور بلا
کہتے ہیں تفریح کر چل سبزہ زاروں کی ذرا — پائے تسکین غم سے اور لہو میں ہو مبتلا
عذر عاشق کیا کرے طرز وفا میں اس گھڑی — دل ہو بے غم فکر سے اور لہو میں ہو مبتلا
جس نے چاہ عشق میں کاٹی ہو شام غم بھلا — پھر فضا و باغ سے مطلب ہی اس کو کیا رہا

جس نے آب چشم سے دریا بہائے ہوں سدا
چشمۂ خوش سے اسے کیا لطف حاصل ہو بھلا

حضرت اقدس قدس سرہ کی مدینہ طیبہ زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً حاضری کس شوق کے ساتھ ہوتی تھی اس کا اندازہ ذیل کی تحریر سے ہوگا۔ بعد میں تو اسی تمنا اور شوق میں مستقل قیام ہی مدینہ طیبہ میں فرمالیا تھا۔

نکل جائے دم تیرے قدموں کے نیچے
یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے

اور اکثر مراقبہ واستغراق کی کیفیت رہتی ہے۔

دل ڈھونڈھتا ہے پھر وہی فرصت کے رات دن
بیٹھا رہوں تصور جاناں کئے ہوئے

جب بھی دربار عالیہ علیہ الصلوۃ والسلام پر حاضری ہوتی، تو حضرت کا حال بالکل اسی شعر کا مصداق ہوتا۔

چوری بکوئے دلبر بسپار جان مضطر
کہ مباد بار دیگر نرسی بدیں تمنا

جب تو کوئے دلبر میں پہونچے تو جان مضطر کو قربان کردے اس لئے کہ ہوسکتا ہے کہ تو دوسری مرتبہ اس تمنا کے ساتھ نہ پہونچ سکے۔

## فراق دیار حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر حضرت شیخؒ کی حالت

ایک سفر کا حال حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب نور اللہ مرقدہ اس طرح بیان فرماتے ہیں۔



اس سرزمین مقدس اور دیار حبیب سے ان کی روح اور قلب کو جو تعلق اور وابستگی ہے اور اس کے چھوٹنے پر ان کے دل پر جو کچھ گذر رہی تھی اس کا کچھ اندازہ ان سطور سے ہوگا جو ان کے ایک مخلص خادم نے ان سطور کے راقم (حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کو) اپنے ایک مکتوب میں لکھی ہیں۔

طائف سے واپسی پر عمرہ کرکے یعنی جعرّانہ سے احرام باندھا تھا۔ دوسرے روز جدہ روانگی ہوگئی۔ حدود حرم کے ختم پر جو کنواں ہے وہاں مغرب کا وقت ہوا۔ نماز کے بعد سوار ہونے کے وقت حضرت پر گریہ طاری ہوا۔ پھر جدہ پہنچ کر محمد علی خاں صاحب کے مکان پر رات قیام تھا۔ ساری رات عجیب بے چینی میں گذری۔ حضرت کی خدمت میں صرف محترمی ابوالحسن صاحب اور بندہ موجود تھے باقی خدام اور حضرات حضرت جی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ دوسرے کمروں میں تھے۔ حضرت بار بار اٹھ کر بیٹھتے اور ہم لوگ بھی آہٹ پاکر اٹھ جاتے اور کسی وقت سوئے بنے رہتے اور دیکھتے رہتے۔ بندہ کو بائیس سال سے کئی دفعہ کافی کافی عرصہ کے لئے حضرت کی خدمت میں رہنا ہوا۔ سفر، حضر، عزیزوں بزرگوں کی اموات، رمضان مبارک کی راتیں، حج کا سفر عرفات وغیرہ مختلف اوقات وحالات میں حاضری نصیب ہوئی مگر ایسی حالت کبھی نہ دیکھی تھی، کبھی کھڑکی سے منہ نکال کر گلی میں، راستوں کو

دیکھ رہے ہیں۔ اور فرما رہے ہیں ابوالحسن آج اور عرب کی زمین دیکھ لے، صبح کو جانا ہی ہے۔ دوسرے روز ہوائی اڈہ پر انتظار میں ویٹنگ روم میں بیٹھنا ہوا موسم حج اور اپنے ساتھ پاکستان جانے والوں کا کثیر مجمع اور جدہ میں رخصت کرنے والوں کے ہجوم کی وجہ سے کافی وقت بیٹھنا ہوا۔

بندہ نے حضرت کو روتے ہوئے پہلے بھی بہت کثرت سے دیکھا ہے۔ اکثر اوقات تو ایسا کہ اجنبی کو تو ظاہر نہ ہوتا تھا۔ لیکن غور کرنے سے معلوم ہوتا تھا کہ حضرت رو رہے ہیں اور بعض وقت دیکھنے والوں کو محسوس ہو جاتا تھا کہ نماز تلاوت وغیرہ میں حضرت رو رہے ہیں لیکن آنسوؤں کی کثرت کا دستور نہ تھا اور یہ قانون تھا کہ ایسی حالت میں جب کوئی ملنے والا آ گیا یا کوئی دوسرا موضوع سامنے آیا جس میں کسی سے ہنسی مذاق اور خندہ پیشانی کی ضرورت ہوتی یا کسی کو ڈانٹ ڈپٹ کی ضرورت ہوتی تو ظاہری طور پر حضرت کی وہ حالت فوراً ختم ہو جاتی اور آنے والے کو کچھ محسوس نہ ہوتا وقت کے حق کے مطابق حالت ہو جاتی۔

اس رخصتی والے دن کی حالت بالکل نرالی تھی۔ حضرت تشریف فرما تھے۔ ارد گرد کافی مجمع تھا لیکن حضرت ایسے بیٹھے ہوئے تھے جیسے کہ بالکل اکیلے ہوں۔ کوئی بات، کلام، توجہ نہ تھی



بے تحاشہ رو رہے تھے۔ آنسو آنکھوں سے مسلسل بہہ رہے تھے، کرتہ تر بتر ہو رہا تھا۔ چہرہ مبارک سرخ اور آنسوؤں کے پانی سے ایسا ڈھل رہا تھا جیسا کہ کوئی نل کے نیچے بیٹھا ہو بس آواز تو نہیں تھی۔ حضرت ہاتھ ڈھیلے کئے بیٹھے تھے۔ لوگ چپ چاپ مصافحہ کرتے جاتے تھے ایک دہشت سی تھی اس حالت میں رخصتی ہوئی۔ چونکہ اس قسم کی حالت ہمیشہ مخفی رکھنے کی عادت تھی اس۔ لئے اگر خود نہ دیکھا ہوتا تو مجھے بھی یقین نہ آتا۔ بیان کو مبالغہ سمجھتا۔ اور اب بیان کو ناکافی سمجھ رہا ہوں۔

## درس و تدریس، تصنیف و تالیف میں تاثیر عشق

اسی محبت و اخلاص نے ان کے درس ان کی تصنیفات ان کے ساتھ بیعت و ارادت کے تعلق میں وہ تاثیر اور کیفیت پیدا کردی جو اہل عشق کے ساتھ مخصوص ہے۔ (سوانح مولانا محمد یوسف صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔ ص:۱۲۲ رص:۱۲۴)

حضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندوی قدس سرہ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے درس حدیث کی کیفیت بیان فرماتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

اس درس کی کیفیت بھی دیدنی ہے نہ کہ شنیدنی حدیث کا احترام سنت سے شغف اور ذات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق کی کیفیت کا اثر تمام حاضرین پر پڑتا ہے۔ اور بعض مرتبہ تو ساری مجلس پر ایک بجلی سی کوند جاتی ہے۔ خصوصاً ختم کتاب اور دعا کے

موقع پر تو یہ پیمانہ ہزار وسعت وعالی ظرفی کے باوجود جھلک پڑتا ہے اسی طرح وفات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث پر دامن ضبط ہاتھ سے چھوٹ جاتا ہے آنکھیں بے اختیار اور آواز گلوگیر ہوجاتی ہے۔ (حوالہ بالاص:۱۰۹/رو:۱۱۰)

## کمال عشق ومحبت کا اندازہ

حضرت اقدس قدس سرہ کے کمال عشق ومحبت کمال تواضع وعبدیت اور کمال فنائیت کا کچھ اندازہ حضرت قدس سرہ کے اس گرامی نامہ سے ہوگا جو حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب قدس سرہ کو ان کے حجاز کے دوران قیام میں تحریر فرمایا تھا جو مندرجہ ذیل ہے۔

ہمارا نام لے کر آہ بھی ایک کھینچیو قاصد
جو وہ پوچھیں تو کہہ دینا یہ پیغام زبانی ہے

بعد سلام مسنون! کراچی سے دو گرامی نامے پہنچے اول مفصل لفافہ اور پھر مختصر کارڈ مگر وہاں جواب کا وقت نہ تھا۔ آپ نے اس ناپاک کی معیت ورفاقت کی آرزو لکھی مگر یہ نجس العین اس پاک خطہ کے قابل کہاں۔ دو مرتبہ حاضری ہوئی مگر ایک طاہر ومطہر ہستی تھی جس کے پیچھے قطمیر بھی لگ لیا۔ بلکہ حکماً لگا لیا گیا۔ اب کوئی پاک ہستی ایسا سمندر نظر نہیں آتا جس میں ہر قسم کی غلاظت مغلوب ہوجائے۔ فیا حسرتا۔

آپ نہ معلوم کس مغالطہ میں ہیں۔ اپنی حالت یہ ہے۔



كَانَ ظَنِّی بِاَنَّ الشَّيْبَ يُرْشِدُنِیْ — اِذَا اَتٰی فَاذَا اَغْيٰی بِهٖ كَثُرَا
كُنْتُ امرأً مِنْ جُنْدِ اِبْلِيْسَ فَارْتَقٰی — بِیَ الدَّهْرُ حَتّٰی صَارَ اِبْلِيْسُ مِنْ جُنْدِیْ
فَلَوْ مَاتَ قَبْلِیْ كُنْتُ اُحْسِنُ بَعْدَهٗ — طَرَائِقَ فِسْقٍ لَيْسَ يُحْسِنُهَا بَعْدِیْ[1]

اسی تعلق اور محبت کے واسطہ سے جو آپ کو اللہ رب العزت کی ستاری کی وجہ سے اس ناپاک سے محض مغالطہ کی وجہ سے رہا ہے۔ درخواست ہے کہ مبارک مہینہ میں مبارک راتوں میں، مبارک جگہ میں اگر دعا سے دست گیری فرماویں تو وہ پاک ذات وہ مقلب القلوب قادر مطلق جو جلیج کو عمر بنا دے اس کیلئے کیا مشکل ہے کہ ایک ناپاک کو پاک بنادے اور بدکار کو نیک کار بنادے۔

چشمۂ فیض سے گر ایک اشارہ ہوجائے
لطف ہو آپ کا اور کام ہمارا ہوجائے

عمر ختم ہوتی جارہی ہے ظاہری طور پر وقت قریب ہی آتا جارہا ہے، اور حالت یہ ہے۔

آئی تھی کچھ لین کو اور بھول چلی کچھ اور
کیا دکھاؤں اپنے پیا کو میرے خالی دونوں ہاتھ

[1] میرا گمان تھا کہ بڑھاپہ مجھ کو رہنمائی کرے گا لیکن جب بڑھاپا آیا تو میری گمراہی اور زیادہ ہوگئی میں ابلیس کے لشکر کا ایک شخص تھا بس زمانہ نے مجھ کو بلند کیا یہاں تک کہ ابلیس میرے لشکر سے ہوگیا پس اگر وہ مجھ سے قبل مرگیا تو اس کے بعد فسق کے راستوں کو ایسا سنواروں گا کہ میرے بعد کوئی ایسا نہیں سنوار سکتا۔

دیتے ہیں موئے سفید افسوس پیغام اجل
نفس سنتا ہی نہیں ہر چند کہتا ہوں سنبھل

اپنی حالت کو کہاں تک روؤں اور اس منافقانہ تحریر سے آپ کے مبارک اوقات کو کہاں تک ضائع کروں۔ یہ سطریں اس امید پر لکھی ہیں کہ آپ کے دل پر کچھ چوٹ لگے تو آپ اس پاک دربار میں کچھ عرض کرسکیں۔ جس کی پاک جوتیوں کے ذرے۔ ”لو اقسم علی اللہ لابرہ“ کے مصادیق ہیں، بہت ادب سے صلوۃ وسلام کے بعد عرض کردیں کہ اس ناپاک کا سلام اس پاک دربار کے ہرگز لائق نہیں، لیکن تم رحمۃ للعالمین ہو اس ناپاک کے لئے تمہاری نظر رافتہ کے سوا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے۔

نہ آخر رحمۃ للعالمینی
زمحر ومان چرا غافل نشینی

یہ بھی عرض کردیں کہ کچھ عرض کرنے کا منہ نہیں اس لئے کیا عرض کروں۔

فقط والسلام زکریا۔ مظاہر علوم

۲۲/شعبان ۶۶ھ (حوالہ بالا ص: ۱۲۶/تا ۱۲۸)

## مکتوب گرامی بنام سید ابوالحسن علی ندویؒ

ایک گرامی نامہ میں مولانا موصوف ہی کو تحریر فرمایا۔

بہر حال اگر ملاقات نہ ہو سکے تو اولاً اپنی تمام تقصیرات اور بے عنوانیوں کی معافی چاہتا ہوں۔ ثانیاً۔



جاتے ہو تو جاؤ پر اتنا تو سن جاؤ
یاد جو آجائیں مرنے[1] کی دعا کرنا

بارگاہ رسالت پر پہنچ کر اگر یاد آجائے تو یہ الفاظ بھی عرض کردینا ایک روسیاہ ہندی کتے نے بھی سلام عرض کیا تھا۔ اگر ایک دو طواف بھی اس ناکارہ کی طرف سے کردیں تو آپ جیسے کریم جفاکش حضرات سے امید ہے کہ بار نہ ہوگا یہی چیزیں اس ناکارہ اور نااہل کے لئے اعلیٰ تبرکات ہیں۔ کسی تبرک کے لانے کا ہرگز ہرگز ارادہ نہ کریں۔ اس کا نعم البدل میں نے تعلقات کی قوت کے زور میں خود ہی تجویز کردیا کہ مجھے کھجور، زمزم وغیرہ تبرکات کی بہ نسبت دعا اور طواف کی مسرت ہی زیادہ ہوگی۔ اور احتیاج بھی زیادہ ہے۔ فقط والسلام زکریا۔ مظاہر علوم

۲۳/رجب ۶۶ھ (حوالہ بالا ص: ۱۲۴/ص: ۱۲۵)

”خدائے پاک اپنے فضل وکرم اور حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کے طفیل اپنی اور اپنے حبیب پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت کا کچھ حصہ اس ناپاک وناکارہ اور نااہل کو بھی نصیب فرمادے۔ آمین، آمین، اللھم آمین، یارب العالمین“۔

[1] کس پر! یہ کیا بتاؤں؟۔

## اقدام عالیہ کی جانب عاشقانہ بیٹھنا

عاشقانہ می نشیند، سمت اقدام حبیبؐ
مشفقانہ می نوازد، سرور پیغمبراں

ترجمہ: حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ عاشقانہ انداز میں (تواضع اور عاجزی وتذلل کے ساتھ) حبیب پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک قدموں کی جانب بیٹھتے ہیں۔ اور سرور پیغمبراں (حبیب پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، حضرت کو اپنے قرب خاص اور دیگر مقامات عالیہ سے) مشفقانہ طور پر نوازتے اور سرفراز فرماتے ہیں۔

## پانچویں حج کا واقعہ

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب دامت برکاتہم تحریر فرماتے ہیں۔

پانچویں بار آپ کا سفر حج (۱۳۸۹ھ) غایت درجہ اشتیاق وشوق حضوری کے ساتھ ہوا اس نعمت عظیم کے شکرانہ کے طور پر آپ نے دو ماہ کے روزہ اور ہمہ وقت بحالت وضو رہنے کی نذر مانی تھی اللہ تعالیٰ نے راقم کو اس سفر حج میں ہمرکابی کی توفیق نصیب فرمائی۔ اور آپ کے علو ہمت، قوت ارادی، بارگاہ نبوی میں آپ کے آداب ذات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کے عشق وشیفتگی، علو استعداد نیز اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس قیام میں جن مراتب عالیہ اور دولت قرب واختصاص سے نوازا اور سربلند وسرفراز فرمایا اس کے عجیب مناظر اپنی آنکھوں سے دیکھے اور اسلاف کرام اور اولیاء متقدمین کی یاد تازہ ہوئی آپ سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے



اقدام عالیہ کے پاس مسلسل گھنٹوں ایک حالت میں مراقب رہتے اور ایسا معلوم ہوتا کہ اب بھی آپ کی سیری نہیں ہوئی یہ تمنا فرماتے کہ اسی پاک سرزمین میں آپ کو مستقل قیام کا موقع مل جائے واپسی کا ذکر تک آپ کو بہت شاق ہوتا۔ (حیات خلیل بحوالہ مقدمہ اوجز ص:۶۱۱)

روئے انور از جمال مصطفیٰ شد تابناک
روح اطہر باکمال وبا وقار وشادماں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کا روئے انور جمال مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے تابناک ہوگیا۔ اور روح اطہر باکمال باوقار اور شادماں ہوگئی۔

سید المرسلین حبیب رب العالمین (فداہ ابی وامی) صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کے موقع پر ام معبد کے خیمہ کے پاس سے گذرے اور ایک کمزور ولاغر بکری (جو جنگل میں چرنے کے لئے بھی نہیں جاسکتی تھی جس کے تھن بالکل خشک تھے برائے نام بھی دودھ نہ تھا) کا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست مبارک کی برکت سے دودھ دینے کا معجزہ پیش آیا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وہاں سے تشریف لے جانے کے بعد جب ام معبد کا شوہر گھر آیا تو اس نے دودھ سے بھرے ہوئے برتن اور خاص انوارات محسوس کئے جس کی وجہ سے ام معبد سے حالت دریافت کی، تو جب خیمہ کے پاس گذر جانے کی وجہ سے بعد تک انوارات محسوس کئے جائیں تو جس جگہ وہ ذات اقدس وہ صاحب جمال

وکمال صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ آراو آرام فرما ہوں۔ وہاں اس جمال جہاں آراء کے انوارات کا کیا حال ہوگا۔

اور جو عاشق صادق اپنے آپ کو ان کے عشق میں فنا کر کے ان کے دربار گھر بار پر جا پڑے اور ان کے تصور ومراقبہ میں اکثر وقت گذارے۔ ان کی یاد ان کی غذا اور قلب وروح کے لئے سکون وسرور کا باعث ہو جائے اور جو اپنے کو محبوب حقیقی تعالیٰ شانہ کے تصور میں اپنے آپ کو فنا کر دے اور محبوب حقیقی تعالیٰ شانہ کا جمال جہاں آراء کی شعائیں جس پر ہر وقت پڑیں اور اس کو جگمگائے رہیں اس کے حسن کا کیا پوچھنا وہ کتنا حسین ہو جائے گا۔ خود اندازہ لگا لیا جائے شعر مذکور میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔

روشن تیرے نور سے سورج بھی قمر بھی
دیکھے تیرا جلوہ تو تڑپ جائے نظر بھی

## خاک طیبہ

خاک طیبہ نزد وے محبوب از عیش نعیم
قلب او از ما سواء فارغ شدہ در شوق آں

ترجمہ: خاک طیبہ (زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً) حضرت قدس سرہ کو عیش نعیم سے زیادہ محبوب ہے۔ (یہاں تک) کہ حضرت کا قلب مبارک اس کے شوق میں اس کے ماسواء سے فارغ ہو گیا ہے۔ (کہ ہر وقت اسی کے شوق میں مشغول ومستغرق رہتے ہیں)



## کمال اتباع

خلق وفعل ونطق از سنت منور سر بسر
معدن ایثار وشفقت راحت دل خستگاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کا خلق (عادت) وفعل اور نطق (گفتگو) سب سنت (نبوی صلی اللہ علیہ وسلم) سے منور ہے۔ یعنی سب سنت کے مطابق ہے اور سنت میں نور ہوتا ہی ہے۔ اس لئے حضرت کے یہ سب کام سنت کے نور سے منور ہیں۔ اور...... مقصود یہ ہے کہ حضرت کا ہر ہر عمل سنت کے مطابق ہے جو ہزار کرامتوں سے کہیں بڑھ کر ہے۔

مپندار سعدی کہ راہ صفا
تواں رفت جز در پئے مصطفیٰ

سعدی یہ مت سمجھ کہ تو راہ صفا مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی کے بغیر چل سکتا ہے۔

معدن ایثار وشفقت راحت دل خستگاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ ایثار وشفقت کی کان اور خستہ دلوں کی راحت ہیں۔

تشریح: یہ بھی محبوب کبریا سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کا کمال اتباع ہے۔ نبی صلی اللہ عیہ وسلم کو جو اپنے ادنیٰ امتی کے ساتھ محبت ہے پوری دنیا کی محبت بھی اس کے برابر نہیں ہو سکتی۔

قرآن پاک میں بیان فرمایا گیا ہے۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا

عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَؤُوفٌ رَحِيمٌ.

تمہارے پاس ایک ایسے پیغمبر تشریف لائے ہیں جو تمہاری جنس سے ہیں جن کو تمہاری مضرت کی بات نہایت گراں گذرتی ہے۔ جو تمہاری منفعت کے بڑے خواہش مند رہتے ہیں ایمان والوں کے ساتھ بڑے ہی شفیق ومہربان ہیں۔ (بیان القرآن)

نیز ارشاد فرمایا گیا۔

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗ اُمَّهَاتُهُمْ الآية.

نبی مؤمنین کے ساتھ خود ان کے نفس سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں اور آپ کی بیبیاں ان کی مائیں ہیں۔ (بیان القرآن)

''گلدستہ سلام میں السلام اے بر خلائق او روَف است ورحیم'' کے ذیل میں لکھا ہے۔

آنخضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زندگی کا ہر ہر لمحہ آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رافت ورحمت پر شاہد ہے۔ جو لوگ آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کو طرح طرح ایذا دیتے تھے۔ جن کے سننے سے ہی دل دہلتے اور کلیجے پھٹتے ہیں اور آنکھیں روتی ہیں مگر ان لوگوں پر آنخضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کس درجہ مہربانیوں کی بارش برسائی ہیں۔ قاتلین کو (بدلہ لینے پر پوری قدرت کے باوجود) معاف ہی نہیں کیا بلکہ الٹا انعامات سے نوازا جس سے پیارے حبیب صلی اللہ



علیہ وسلم کی پوری زندگی بھرپور ہے۔ یہ صرف پیارے آقا رحمت دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا حصہ تھا حدیث وسیر اور تاریخ کی کتابیں ایسے واقعات سے بھری ہوئی ہیں۔ امت کے لئے ہر وقت بے چین رہنا، راتوں کو رونا، اتنے لمبے لمبے سجدے کرکے کہ لوگوں کو وفات ہوجانے کا احتمال ہونے لگے اور اتنی لمبی لمبی نفلیں پڑھ کر (کہ پیروں پر ورم آجائے) امت کے لئے دعائیں مانگنا، اور پتھر تک کھا کر اور (احد میں) زخمی تک ہوکر ہدایت کی دعائیں فرمانا یہ ایک رحمۃ للعالمین ہی کا منصب ہوسکتا ہے اور بس۔

(گلدستہ سلام ص:۳۹)

رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے محبت کا تقاضہ بھی یہی ہے کہ آنخضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جس امت سے اس درجہ محبت تھی اس سے محبت رکھی جائے۔ اور جو حضرات سید المرسلین رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سچے جانشیں ہوتے ہیں ان کو اللہ تعالیٰ امت کی رحمت وشفقت بھی کمال درجہ عطا فرماتا ہے۔

## حضرت شیخؒ کی امت پر رحمت وشفقت

حضرت قطب عالم شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی پوری زندگی رحمت بر حال امت سے بھرپور ہے امت کے لئے دردمند رہنا، رات کی تنہائیوں میں رب العالمین کے حضور میں پیشانی رکھ کر امت کے لئے دعائیں مانگنا یہ حضرت کا محبوب مشغلہ ہے۔ بلکہ امت کے لئے دوسروں سے دعائیں کرانا بھی۔ چنانچہ حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب قدس سرہ کو ان کے سفر حجاز کے موقع پر ایک مکتوب گرامی میں یہ بھی تحریر فرمایا۔

اب آپ سے انتہائی لجاجت سے درخواست ہے کہ ملتزم پر اور مواجہ پر اس ناپاک کے لئے جو کچھ کر سکتے ہوں کر دیجئے اللہ جل شانہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور یہاں کے مسلمانوں کے لئے کیا کہنا ہے یہ تو آپ کا دل مجھ سے بھی زیادہ جانتا ہوگا۔

(سوانح حضرت مولانا محمد یوسف صاحبؒ ص:۱۲۶)

## قیام مدینہ منورہ کا ایک مقصد

اسی طرح حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب قدس سرہ حضرت شیخ الحدیث قدس سرہ کے قیام مدینہ پاک زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً کا ذکر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

یہ قیام بھی دراصل اسلام کی سربلندی اور مسلمانوں کی اقبال مندی کی دعاء کے لئے ہے۔ اور آپ کے شب وروز کا بڑا حصہ ان مسائل کی فکر ودلسوزی اور اللہ تعالیٰ کے باب کرم کو کھلوانے کے لئے مسلسل دعاء اور توجہ الی اللہ میں گذرتا ہے۔

یہ شعر آپ کے بالکل حسب حال ہے۔

بایں پیری رہ یثرب گرفتم
نوا خواں از سرور عاشقانہ
چو آں مرغے کہ در صحراء سر شام
کشاید پر بہ فکر آشیانہ

(حیات خلیل ص:۶۱۲)



## حضرت شیخؒ کے مراتب عالیہ

حضرت قطب عالم شیخ الحدیث سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ کی امت کے حال پر رحمت وشفقت اور امت کے لئے اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی دعائیں اور ہر قسم کی صلاح وفلاح کی دعائیں مانگنے اور امت کی زبوں حالی سے دردمند وفکرمند رہنے سے خود حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے مراتب عالیہ کا بھی کسی درجہ میں اندازہ ہوجاتا ہے۔ اس لئے کہ حدیث شریف میں فرمایا گیا ہے۔

مَنِ اسْتَغْفَرَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعًا وَّعِشْرِيْنَ مَرَّةً اَوْ خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ مَرَّةً اَحَدُ الْعَدَدَيْنِ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ يُسْتَجَابُ لَهُمْ وَيُرْزَقُ بِهِمْ اَهْلُ الْاَرْضِ.

جو مؤمن مردوں اور عورتوں کے لئے اللہ تعالیٰ سے ہر دن ستائیس یا پچیس مرتبہ استغفار کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو ان لوگوں میں شمار فرماتے ہیں۔ جن کی دعاء قبول ہوتی ہے اور جن کی برکت سے زمین والوں کو روزی ملتی ہے۔

(فی فصل الاستغفار ص:۱۱۱ بحوالہ حصن حصین ص:۵۳)

شیخ محمد آفندی عابدین رحمۃ اللہ علیہ اپنے رسالہ ”اجابة الغوث ببيان النقباء والنجباء والابدال والاوتار والغوث“ میں تحریر فرماتے ہیں۔

وفي الحلية لابي نعيم مَنْ قَالَ كُلَّ يَوْمٍ عَشْرَ مَرَّاتٍ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ فَرِّجِ الْكَرْبَ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ كُتِبَ مِنَ الْاَبْدَالِ انتهى. رسائل ابن عابدين ص: ۲۷۴)

جو شخص ہر دن دس دفعہ یوں کہے گا ”اے اللہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی

امت کی اصلاح فرمادے۔ اے اللہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت کی تکلیف ومصیبت دور فرمادے۔ اے اللہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت پر رحم فرما'' تو اس کو ابدال میں سے لکھ دیا جائے گا۔

''یعنی ابدال کے مثل ہو جائیگا۔ کہ قیامت میں اللہ تعالیٰ اس کا ابدال کے ساتھ حشر فرمائیں گے''۔ (حوالہ بالا)

## حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی صحبت کیمیا اثر

صحبت او اے برادر کیمیائے بے مثال
ہر کہ آید حسب استعداد یابد بہرہ زاں

ترجمہ: حضرت دام مجدہ کی صحبت اے بھائی بے مثال کیمیا ہے۔ جو آتا ہے اپنی استعداد کے موافق اس سے حصہ پاتا ہے، (اپنی استعداد وصلاحیت کے بقدر فیض حاصل کرتا ہے)

ایسے ہی حضرات کے بارے میں کسی نے خوب کہا ہے۔

صحبت نیکاں اگر یک ساعت است
بہتر از صد سالہ زہد وطاعت است

نیکوں کی صحبت اگر ایک ساعت ہی ہو۔ سو سالہ زہد وطاعت سے بہتر ہے۔

نیز کیا خوب کہا ہے۔

یک زمانہ صحبتے با اولیاء
بہتر است از صد سالہ طاعت بے ریا

ایک زمانہ جو اولیاء کی صحبت میں گذرے۔ سو سال کی مخلصانہ عبادت سے



بہتر ہے۔

نیز

ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا
گو نشیند با حضور اولیاء

جو شخص خدا کے ساتھ ہم نشینی چاہے۔ چاہئے کہ اولیاء کی خدمت میں بیٹھے۔

نیز کیا خوب کہا ہے۔

آنانکہ بنظر خاک را کیمیا کنند
آیا بود گوشہ چشمے بما کنند

جو حضرات نظر سے خاک کو کیمیا کر دیتے ہیں۔ کیا ہی اچھا ہو اگر کچھ توجہ ہماری طرف فرمادیں۔

## ماہ صیام میں بارش الطاف کی زیادتی

می فزاید بارش الطاف در ماہ صیام
اعتکافش خلوتے در انجمن ایں راز داں

ترجمہ: (حضرت قدس سرہ) کے کرم والطاف کی بارش ماہ صیام میں اور بڑھ جاتی ہے۔ حضرت دام مجدہ کا اعتکاف خلوت در انجمن کا مصداق ہوتا ہے اس راز کو جان لے۔

## خلوت در انجمن

''خلوت در انجمن''، سلسلہ نقشبندیہ میں اصطلاح تصوف کا لفظ ہے سید الطائفہ، شیخ العرب والعجم حضرت حاجی امداد اللہ صاحب نور اللہ مرقدہ تحریر

فرماتے ہیں۔

"خلوت درانجمن" آں است کہ بظاہر باخلق بباطن باحق تعالیٰ بود، یعنی باہر حال متوجہ الی اللہ بودہ باشد۔

"خلوت درانجمن" یہ ہے کہ بظاہر مخلوق کے ساتھ اور بباطن حق تعالیٰ شانہ کے ساتھ رہے یعنی ہر حال میں متوجہ الی اللہ رہے۔

خواجہ مجذوب مرحوم ومغفور نے کیا خوب اس مضمون کو ادا فرمایا ہے۔

آشنا بیٹھا ہو یا نا آشنا
ہم کو مطلب اپنے سوز وساز سے

## توجہ باطنی

می نشیند در مجالس بہر تنویر ظلم
می رساند آفتابے در قلوب خادماں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ مجالس میں ظلمتوں (اندھیریوں) کو منور کرنے کے لئے تشریف فرما ہوتے ہیں اور (اپنی توجہ باطنی کا) ایک آفتاب خادموں کے قلوب میں پہنچادیتے ہیں۔ (جس سے خادموں کے قلوب جگمگا اٹھتے ہیں۔)

## پرنور چہرہ

چہرہ پر نور او روشن تراز شمس وقمر
لیک ظاہر می شود مقدار تاب طالباں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کا پرنور چہرہ شمس وقمر سے زیادہ روشن ہے۔ لیکن اس کا نور طالبین کی قوت، کے بقدر ظاہر ہوتا ہے۔



کیا خوب کسی نے کہا ہے۔

دید لیلیٰ کے لئے دیدہ مجنوں ہے ضرور
کوئی میری آنکھوں سے دیکھے تماشا ان کا

نیز ارشاد ہے۔

جہاں سارا تو چھان مارا بتاؤ انصاف سے خدارا
کہیں بھی اے مہر وماہ دیکھا جمال ایسا کمال ایسا
بھلا وہ سمجھے تو کیسے سمجھے، بھلا وہ جانے تو کیسے جانے
جو قلب اور عقل کا ہو اندھا جمال ایسا کمال ایسا

## مضمون سابق کی دلیل

سطح ظاہر را منور می نماید آفتاب
از شعاع روئے او روشن شود خلق نہاں

ترجمہ: آفتاب تو بس ظاہری سطح کو منور کرتا ہے اور حضرت قدس سرہ کے روئے انور کی شعاؤں سے پوشیدہ اخلاق روشن ہوجاتے ہیں۔

دیر وحرم میں روشنی شمس وقمر سے ہو تو کیا
مجھے تو تم پسند ہو اپنی نظر کو کیا کروں

## مقبولیت عامہؒ

کاسہ گیران جادہ پیماں سوئے آں مینا نواز
دردلش خمخانۂ عشق ومحبت ایں زماں

ترجمہ: طالبین کاسہ طلب لئے ہوئے اس شراب عشق بخشنے والے کی طرف

جادہ پیماں ہیں (چنانچہ مختلف شہروں مختلف ملکوں سے طالبین پروانوں کی طرح آتے اور شراب عشق پی کر اور بقدر وسعت ظرف حصہ پا کر واپس لوٹتے ہیں)

اس وقت حضرت قدس سرہ کے دل ہی میں تو عشق ومحبت کا خُمخانہ ہے۔ جس طرح بجلی کا پاور ہاؤس ہوتا ہے کہ وہیں سے بجلی تقسیم کی جاتی ہے اور جس طرح کسی شئی کا گودام ہوتا ہے۔ اسی طرح اس زمانہ میں خدائے پاک نے حضرت قدس سرہ کے دل کو عشق ومحبت کا گودام اور پاور ہاؤس بنایا ہے، طالبین آتے ہیں اور بقدر طلب وظرف حصہ پاتے ہیں۔ تو گویا لوگوں کے دلوں میں حضرت شیخ قدس سرہ کی طرف کشش اور طبیعتوں کی میلان کی وجہ یہی ہے کہ حضرت شیخ قدس سرہ میں اللہ تعالیٰ کی محبت اور اس کا عشق کمال درجہ ہے۔ جس سے اللہ تعالیٰ کے یہاں محبوبیت اور مقبولیت حاصل ہوتی ہے اور پھر اس بندہ سے محبت کرنے کا حکم حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ہوتا ہے اور پھر یکے بعد دیگرے تمام آسمان والوں کو یہ حکم ہوتا ہے۔ پھر دنیا میں اس کا اعلان کر دیا جاتا ہے اور اس کی محبت لوگوں کے دلوں میں بٹھا دی جاتی ہے (جیسا کہ یہ مضمون حدیث شریف میں بیان کیا گیا ہے) اس کے بعد بے اختیار لوگوں کے قلوب اس کی طرف کھنچتے ہیں۔ مگر وہ لوگ جن میں سلامتی نہیں۔

اس صورت میں مصرعہ ثانیہ مصرعہ اولی کے لئے علت ہوگا۔

## مجلس شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا نقشہ

مجلس او معرفت را بحر ناپیدا کنار
بر لاحسب طاقت ہر کسے غوطہ زناں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی مجلس معرفت کا ناپیدا کنار دریا ہے ہر شخص حسب



طاقت اس میں معرفت کی موتیوں پر غوطہ زن ہے۔

تشریح: یعنی شرکاء مجلس میں سے ہر شخص اپنی اپنی استعداد وصلاحیت اور طاقت کے اعتبار سے رموز معرفت سے واقف اور بہرہ ور ہوتا ہے۔

مجلس او آبشارے کشت دل سیراب ازو
مجلس او رود بارے برکنارش تشنگاں

ترجمہ: حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس ایسا آبشار ہے کہ جس سے دل کی کھیتی سیراب ہوتی ہے۔

تشریح: ''دل کی کھیتی'' ایمان ویقین اللہ کے وعدوں پر اعتماد اور اس بیچوں وبیمثل تعالیٰ شانہ کی معرفت ہے حضرت قدس سرہ کی مجلسوں سے یہ کھیتی سیراب ہوتی ہے اور تروتازگی وافزونی پیدا ہوتی ہے۔

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی مجلس (علوم ومعرفت کی) ایسی نہر ہے جس کے کنارہ پر پیاسے جمع رہتے ہیں۔

تشریح: اس لئے کہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ ہند میں ہوں یا عرب میں وہیں دور دراز افریقہ، امریکہ، لندن، برما، ہندوستان، پاکستان اور دوسرے ممالک عرب وعجم کے طالبین پروانہ وار حضرت قدس سرہ کے پاس جمع ہو جاتے ہیں۔

مجلس اودلگدازے گرد او دلہا چوموم
مجلس اود لنوازے گرداودل داد گاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی مجلس ایسی دل گداز (دل پگھلا دینے والی) ہے جس کے پاس دل مثل موم (نرم) ہو جاتے ہیں۔

حضرت قدس سرہ کی مجلس ایسی دل نواز (دلوں کو علوم ومعرفت بخشنے والی)

ہے۔جس کی وجہ سے دلدادہ (عشاق) اس کے پاس جمع رہتے ہیں۔

مجلس او باغبانے گرد او انواع گل

مجلس او سائبانے زیر او دل تفتگاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی مجلس ایسا باغبان ہے۔جس کے پاس مختلف قسم کے پھول ہیں۔

حضرت قدس سرہ کی مجلس ایسا سائبان ہے جس کے نیچے تڑپتے دل (پناہ گزیں) ہیں۔

مجلس او ہر زبانے وقف بر ذکر ودرود

مجلس او پاسبانے بر قلوب سالکاں

ترجمہ: حضرت کی مجلس ایسی مجلس ہے کہ جس میں ہر زبان ذکر ودرود پر وقف ہے۔(یعنی شرکائے مجلس میں ہر شخص ذکر، درود وغیرہ میں مشغول رہتا ہے)

حضرت قدس سرہ کی مجلس سالکین کے قلوب پر ایک محافظ ہے کہ خطرات ووساوس سے دلوں کی حفاظت کرتی ہے۔

مجلس او نردبانے بہر تیسیر وصول

مجلس او مہربانے برہمہ آئندگاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی مجلس ایک سیڑھی ہے وصول کو آسان کرنے کے لئے۔

حضرت قدس سرہ کی مجلس ہر آنے والوں پر مہربان ہے۔

تشریح: یعنی جس طرح سیڑھی کے ذریعہ مکان کے اوپر چڑھا جاتا ہے اسی طرح حضرت قدس سرہ کی مبارک مجلس کی مدد سے وصول الی اللہ میسر آتا ہے اور حضرت قدس سرہ کی مجلس میں ہر آنے والوں پر مہربانی کی جاتی ہے ہر کسی پر توجہ ہوتی



ہے۔جس سے ہر شخص بقدر ہمت ووسعت ظرف فیضیاب ہوتا ہے۔

مجلس او آسمانے از کواکب زینتش

مجلس او راہ دانے گرد او سیار گاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی مجلس ایسا آسمان ہے جو ستاروں سے مزین ہے۔

تشریح: یعنی حضرت قدس سرہ کی مجلس میں علماء کرام (جو مثل ستاروں کے ہیں) جمع رہتے ہیں جن سے مجلس کو زینت ہوتی ہے۔

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی مجلس ایسا راہ داں (راستہ سے واقف وباخبر) ہے کہ جس کے گرد قافلے جمع رہتے ہیں۔

تشریح: یعنی حضرت قدس سرہ وصول الی اللہ کے راستہ سے ایسے واقف اور باخبر ہیں کہ راہ سلوک وطریقت طے کرنے والوں کے قافلے حضرت کی خدمت میں حاضر ہو کر رہنمائی حاصل کرتے ہیں کہ کسی پر قبض کی کیفیت غالب ہوتی ہے، کسی پر بسط کی، کسی پر گریہ وبکاء ہے۔ کسی پر سرور وانبساط، کسی پر کوئی وارد پیش آتا ہے، کسی کو کوئی ہر شخص اپنا اپنا حال بیان کر کے رہنمائی اور ہدایت حاصل کرتا ہے۔

مجلس او شمع روشن گرد او پروانہ ہا

مجلس او شاہ گل گردش عنادل در فغاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی مجلس ایسی روشن شمع ہے جس کے گرد پروانے جمع ہیں۔

تشریح: یعنی حضرت قدس سرہ کی مجلس میں لوگ ایسے جذبہ وشوق کے ساتھ شریک ہوتے ہیں جیسے پروانے شمع کے پاس۔

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی مجلس ایسا شاہ گل ہے جس کے گرد بلبلیں آہ وفغاں میں رہتی ہیں۔

تشریح: یعنی جس طرح بلبلیں شاہ گل پر عاشق ہیں۔ اس سے جدا ہونا گوارا نہیں کرتیں۔ یہی حال لوگوں کا ہے حضرت قدس سرہ کے عشق میں حضرت قدس سرہ کی مجلس سے جدائی ان پر بڑی شاق گذرتی ہے۔

مجلس او غم گسارے گرد او دل پارہا
مجلس او تاجدارے گرد او فرزانہ گاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی مجلس ایسا غم گسار ہے جس کے گرد دل پارہ لوگ جمع رہتے ہیں۔

تشریح: یعنی جن کے دل غموں سے پارہ پارہ ہو چکے ہیں چونکہ حضرت شیخ قدس سرہ ان کی غم گساری تسلی ودل جوئی فرماتے ہیں اس لئے حضرت کے گرد جمع رہتے ہیں۔

ترجمہ: حضرت شیخ قدس سرہ کی مجلس ایسی تاجدار ہے جس کے گرد فرزانے جمع رہتے ہیں۔

تشریح: یعنی حضرت شیخ قدس سرہ کی مجلس میں شرکت سے رذائل دور ہو کر فضائل سے انسان آراستہ ہوجاتا ہے۔ اور اسکو اللہ تعالیٰ کا وہ قرب حاصل ہوتا ہے جسکی وجہ سے وہ اس لائق ہوجاتا ہے کہ اسکے سر پر مقبولیت ومحبوبیت اور رشد وہدایت کا تاج رکھ دیا جاتا ہے۔ اس لئے عقلمند انسان حضرت قدس سرہ کے پاس جمع رہتے ہیں۔

## توکل واعتماد

مایۂ او اعتماد وعد ہائے ذات حق
تاج فقرش باتوکل روکش چتر شہاں

ترجمہ: ان کی پونجی اور سرمایہ ذات حق تعالیٰ شانہ کے وعدوں کا اعتماد ہے۔



ان کا فقر باتوکل بادشاہوں کے چتر کو شرمندہ کرنے والا ہے۔

## درس حدیث پر تنخواہ قبول نہ فرمانا

حضرت شیخ الحدیث نوراللہ مرقدہ کی پوری زندگی ہی حق تعالیٰ شانہ کے وعدوں پر اعتماد کی روشن مثال ہے۔ یہ تو پہلے گذر چکا ہے کہ تقریباً نصف صدی تک ومدرسہ مظاہر علوم سہارنپور میں درس حدیث دیا مگر کبھی تنخواہ قبول نہ فرمائی اور جو اکابر کے اصرار پر قبول فرمائی تھی بعد میں اس کو بھی واپس فرمادیا تھا اس قسم کے واقعات سے حضرت قطب عالم قدس سرہ کی پوری زندگی بھری ہوئی ہے۔ بطور نمونہ کے چند واقعات عرض کرتا ہوں جن سے حضرت قطب عالم قدس سرہ کا خالق کائنات تعالیٰ شانہ کے وعدوں پر اطمینان واعتماد کا کچھ اندازہ ہو سکے گا۔

## پہلا واقعہ

حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب قدس سرہ کے انتقال کے بعد گھر کا سب خرچ حضرت قدس سرہ کے سر پر آپڑا والدہ صاحبہ، ہمشیرہ صاحبہ اور دیگر اہل خانہ کی کفالت ادھر ظاہری طور پر کوئی سرمایہ نہیں جائداد نہیں، تنخواہ نہیں کتب خانہ کی بکری بہت کم اور کتب خانہ کا کام والد صاحب قدس سرہ فرماتے تھے۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کو تجارت کا تجربہ بھی نہ تھا یہ ساری چیزیں کس طرح پریشان کن تھیں۔ مگر والد صاحب قدس سرہ کے انتقال کے تیسرے روز جب حضرت مولانا شاہ عبد الرحیم صاحب رائے پوری قدس سرہ (جن کی شفقت ومحبت کے واقعات اوپر گذر چکے

ہیں) نے ان سب چیزوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا۔

یہ امور بالا بہت قابل فکر ہیں۔ تم ابھی بچے ہو تجارت سے واقفیت نہیں۔ مولانا عاشق الٰہی میرٹھی کو تجارت میں بہت مہارت ہے۔ اس لئے تم اپنا کتب خانہ لے کر میرٹھ منتقل ہو جاؤ اور مولانا عاشق الٰہی کی زیر نگرانی تجارت کرو تو ان شاء اللہ قرضہ بھی جلد ادا ہو جائے گا اور متعلقین کی کفالت کا انتظام بھی سہولت سے ہو جائے گا۔ حضرت قدس سرہ نے بہت ہی شفقت اور طویل تقریر سے یہ مضمون ارشاد فرمایا۔ حضرت شیخ الحدیث قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں کہ۔

مجھے خوب یاد ہے کہ اس وقت میرے پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی۔ میں نے آبدیدہ ہو کر عرض کیا کہ حضرت! اگر حکم ہے تو سر آنکھوں پر اور اگر مشورہ ہے تو میری تمنا تو یہ ہے کہ حضرت سہارنپوری ان شاء اللہ تشریف لے ہی آئیں گے (حضرت سہارنپوری اس وقت نینی تال جیل میں بلا تفتیش محبوس تھے)

حضرت اقدس رائے پوری نے میرا جواب سن کر فرمایا کہ بس، بس اور انتہائی مسرت اور انتہائی اخلاص کے ساتھ مجھے اس قدر دعائیں دیں کہ آج بھی وہ دعائیں میرے لئے انتہائی موجب لذت ہیں۔ اور ارشاد فرمایا کہ میری بھی یہی خواہش تھی۔ مگر مولانا عاشق الٰہی صاحب نے بہت اصرار کیساتھ کہا تھا کہ زکریا میرے کہنے کو تو مانے گا نہیں آپ اس کو حکم فرما دیں کہ وہ میرٹھ منتقل ہو جائے۔ اور جو جو وجوہ مولانا نے بتلائی تھیں وہ ظاہر تھیں۔ اس



لئے میں نے مشورہ دیا تھا یہ سن کر اللہ مجھے معاف کرے، مجھے مولانا عاشق الٰہی صاحب رحمۃ اللہ علیہ پر اتنا غصہ آیا کہ حد نہیں۔ اگر چہ مولانا میرٹھی نے از راہ شفقت فرمایا تھا۔ مگر میری حماقت کہ میرے تن بدن میں آگ لگ گئی، اور میں نے واقعی مولانا کی شفقت کا بدلہ بہت ہی گرانی کے ساتھ دیا۔ اگر اس وقت کوئی لفظ گستاخی کا مولانا مرحوم کی شان میں نکل گیا ہو تو اللہ ہی معاف فرمائے۔ اور مولانا کو بہترین بدلہ عطا فرمائے۔ (ولی کامل ص: ۸/ ص: ۹/ بحوالہ آپ بیتی)

اسی نوع کے دو واقعے حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی قدس سرہ نے تحریر فرمائے ہیں۔ پہلا واقعہ اس طرح تحریر فرمایا ہے۔

## دوسرا واقعہ

شیخ کے خاندان کا تعلق مدرسۃ العلوم، علی گڑھ سے (جو بعد میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے نام سے مشہور ہوا) بہت قدیم اور گہرا تھا علی گڑھ تحریک کے بانی سر سید احمد خاں مولانا نور الحسن صاحب کاندھلوی کے شاگرد تھے اور انہوں نے اس تلمذ کا ہمیشہ بڑا احترام کیا۔ جس کے نتیجے میں اس خاندان کے ذہین اور شریف نوجوان مختلف دوروں میں علی گڑھ سے استفادہ کرتے رہے ان میں بیسویں صدی کے ابتداء میں دو بھائی مولوی بدر الحسن صاحب (جو سب جج کے عہدہ سے ریٹائر ہوئے) اور مولوی علاؤ الحسن (جو ڈپٹی کلکٹر کے عہدہ پر فائز ہوئے) خاص طور پر ممتاز و نامور

ہوئے۔ شیخ کے اکثر ہم عمر اور قریبی عزیز علی گڑھ میں تعلیم پاتے
تھے مولوی بدرالحسن صاحب نہ صرف علی گڑھ کے اولڈ بوائے تھے،
بلکہ کالج کے ٹرسٹی اور اسکے اہم ارکان میں سے تھے شیخ کی تنخواہ
پندرہ روپیے ماہانہ تھی۔ آئندہ کی ترقیات کا بھی حال معلوم تھا۔
والدصاحب کا انتقال ہو چکا تھا۔ خاندان کا معیار زندگی زمینداری
اور اعلیٰ سرکاری عہدوں کی وجہ سے خاصا بلند تھا۔ مولوی بدرالحسن
صاحب نے ازراہ شفقت یہ منصوبہ بتایا کہ شیخ جن کی ذہانت اور
محنت خاندان میں مشہور اور مسلم تھی۔ پرائیویٹ طریقے پر علوم
مشرقیہ کے دوامتحانات دے دیں اسکے بعد کالج میں تین سوروپے
کی ملازمت یقینی ہے۔ خاندان کے بزرگوں کی طرف سے اس
بارے میں نہ صرف تائید تھی، بلکہ اصرار تھا جو ناراضگی کی حد تک پہنچ
گیا۔ لیکن شیخ نے ادب مگر شدت کے ساتھ اس سے انکار کیا اور
فرمادیا رزق اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اور اس میں کمی اور بیشی کا تعلق
صرف مقدر سے ہے اگر اللہ کو کشائش اور روزی کی فراخی منظور ہے
تو یہیں، بیٹھے بیٹھے حاصل ہوگی۔ وہ حاصل ہوگی، ورنہ ہزار جتن
کرنے کے بعد بھی اس کی کوئی ضمانت نہیں۔ شیخ کا یہ جواب سن کر
خاندن کے ایک بزرگ مولوی شمس الحق صاحب نے جو شیخ کو
سمجھانے آئے تھے بڑی مسرت کا اظہار کیا اور بڑی داددی۔

(سوانح حضرت مولانا محمد یوسف صاحبؒ ص: ۹۱، ۹۲)



## تیسرا واقعہ

دوسرا واقعہ حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب قدس سرہ نے یہ
تحریر فرمایا ہے۔

اس سے بڑا امتحان چند دنوں کے بعد پیش آیا کرنال میں
نواب عظمت علی خاں مظفر جنگ کے مشہور وقف کی جانب سے
ایک بڑا تبلیغی دارالعلوم قائم کیا گیا جس کی خصوصی غرض وغایت یہ
تھی کہ اسلام کی تبلیغ اور اس کی حقانیت ثابت کرنے کے لئے نیز
جدید شبہات اور مخالفین اسلام کے اعتراضات کا جواب دینے کے
لئے، جو اس وقت اپنی تبلیغی کوششوں میں بہت سرگرم تھے، ایسے
فضلاء تیار کئے جائیں جو عربی وانگریزی دونوں سے واقف اور
علوم قدیم وجدید دونوں کے جامع ہوں اس کے لئے یہ تجویز ہوئی
کہ بڑے وظائف دے کر مستند عربی مدارس کے فضلاء کو انگریزی
اور کالجوں اور یونیورسٹیوں کے فارغین کو عربی پڑھائی جائے۔
مولانا سر رحیم بخش صاحب مرحوم جو ریاست بھاولپور کے صدر
کونسل اور ایجینٹ تھے اس تحریک کے بڑے سرپرستوں میں سے
تھے، ان کا تعلق گنگوہ، رائے پور اور سہارنپور سے خادمانہ تھا اور
مخلصانہ تھا اور وہ مظاہر العلوم کے بھی سرپرستوں میں تھے، انہوں
نے ابتدائی مدرس حدیث کیلئے شیخ کا انتخاب کیا اور اس کے لئے
سہارنپور کا مستقل سفر کیا۔ ضابطہ کے تین سو ماہانہ تنخواہ کے علاوہ

انہوں نے زیادہ سے زیادہ سہولتیں دینے کا وعدہ فرمایا مثلاً رمضان کی چھٹی حضرت کی خدمت میں رہنے کے لئے ہر سال تین ماہ کی چھٹی بلا وضع تنخواہ، اجناس کی سہولت، ان سب کے ساتھ ان کی صرف شرط یہ تھی کہ حضرت پر ظاہر نہ ہو کہ یہ تحریک ان کی ہے۔ اس لئے کہ مظاہر العلوم کے ایک سرپرست کی حیثیت سے ان کیلئے یہ مناسب نہیں تھا کہ مدرسہ کے مدرس کو کسی اور جگہ کے لئے آمادہ کریں۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ ایک دو سال کی چھٹی لیلو اور یہ کہو کہ قرض کا بار زیادہ ہے، شادی بھی ہو چکی ہے اور بچے بھی ہیں مدرسہ کی تنخواہ میں گذارا نہیں ہوتا۔ اس وقت شیخ کی تنخواہ بیس روپے تک پہونچی تھی۔ مولانا سر رحیم بخش صاحب کے دیرینہ تعلقات ان کی بزرگانہ مخدومانہ حیثیت ان کا پر خلوص اصرار، قرض کا بار، تنخواہ کی قلت اور ترقی کے امکانات کا فقدان یہ سب وہ حقائق تھے جو اس پیش کش کو قبول کرنے کی ترغیب بھی دیتے تھے، اور ان کے لئے شرعی، اخلاقی و علمی دلائل بھی پیش کرتے تھے یہ ایک نوجوان عالم کے لئے جو ذہانت کے جوہر سے آراستہ اور حدیث ادب میں شہرت یافتہ تھا۔ ایک بڑی آزمائش تھی شیخ اس وقت حقیقۃً ایک دوراہے پر کھڑے تھے۔ اگر وہ اثبات میں فیصلہ کرتے تو ان کی زندگی کا نقشہ ہی دوسرا ہوتا۔ اور آج شاید ان سطور کے لکھنے کی نوبت نہ آتی، کہ عرصہ ہوا کہ وہ اسکیم فیل ہو چکی، مدرسہ کا



نام ونشان باقی نہیں رہا اس کے لائق مدرسین کچھ تو پیوند خاک ہو گئے اور کچھ گمنامی کی زندگی گذار رہے ہیں۔ نظر بہ اسباب ظاہر شیخ کا معاملہ اس سے کچھ مختلف نہ ہوتا۔

لیکن توفیق الٰہی نے دست گیری فرمائی اور جس کو شیخ الحدیث کے لقب سے مقبول خاص وعام ہونا تھا۔ اور جس سے خدا کو حدیث کی خدمت طلبائے علوم دینیہ کی تربیت اور ایک عالم گیر دینی تحریک وتبلیغ کی سرپرستی اور مشائخ عصر کی جانشینی کا اہم کام لینا تھا۔ اس کو اس معاملہ میں صحیح فیصلہ کرنے کی توفیق عطا فرمائی گئی۔ شیخ کے الفاظ ہی میں سنئے فرماتے ہیں۔

''اس ناکارہ نے مولانا مرحوم سے کہا کہ آپ کے مجھ پر احسانات بہت زیادہ ہیں۔ ان احسانات کے مقابلہ میں مجھے آپ معذرت کرنی نہایت نامناسب ہے، لیکن اس سب کے باوجود آپ تو مجھ سے یہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سے اجازت لوں۔ لیکن آپ کے براہ راست کہنے پر۔ اگر حضرت مجھے حکم بھی فرمائیں گے تو میں عرض کردوں گا کہ اس حکم کی تعمیل سے معذور ہوں''۔

عزیمت کا یہ جواب سن کر مولانا رحیم بخش صاحب جو بڑے جوہر شناس اور جہاندیدہ تھے کبیدہ خاطر نہیں ہوئے بلکہ انہوں نے جواب کی بڑی قدر کی اور فرمایا کہ۔

''میں تمہارا معتقد پہلے سا تھا لیکن اس جواب سے میں اور زیادہ معتقد ہو گیا''۔ (حوالہ بالا ص:۹۲ تا:۹۴)

## چوتھا واقعہ

عزیمت اور توکل علی اللہ کا ایک اور واقعہ قطب عالم قدس سرہ کی زبانی سنئے۔

میرے مخلص دوست مولوی عادل قدوسی گنگوہی نے ۴۲ھ میں مظاہر علوم میں دورہ سے فراغت حاصل کی اور یہاں سے فراغت کے بعد وہ دائرۃ المعارف حیدر آباد میں تصحیح کے کام پر ملازم ہوگئے، اور وہاں کے مطبع کے اکابر میں وہ اونچی نگاہ سے دیکھے جانے لگے۔ انہوں نے نہ معلوم اہل مطبع کو کیا جھوٹی سچی باتیں سنائیں کہ دو تین سال بعد ان کا ایک بہت ہی طویل خط یاد پڑتا ہے کہ سات آٹھ ورق کا بہت ہی دل لبھانے والا پہنچا جس میں لکھا تھا کہ ''دائرہ'' میں ''بیہقی'' کے اسماء رجال کی تالیف کا مشورہ طے ہوا اور یہاں کی مجلس نے صرف دو آدمیوں کا انتخاب کیا ہے حضرت مولانا انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا اور تیرا۔ اور ان دو میں بھی تجھے ترجیح ہے، اس لئے کہ کام بہت لمبا ہے۔ اور حضرت شاہ صاحب کی شیخیت وضعف و پیری اور تیرے شباب و جوانی کی وجہ سے اندیشہ ہے کہ حضرت شاہ صاحب کے زمانہ میں پوری نہ ہوسکے۔ تنخواہ آٹھ سو روپے ماہانہ اور ایک موٹر تیرے استعمال کے لئے سرکاری جس کا پٹرول اور ڈرائیور کی تنخواہ وغیرہ جملہ چیزیں سرکاری ہوں گی۔ تاکہ تو جہاں جس وقت جانا چاہے جاسکے۔ مکان بھی سرکاری ہوگا۔ ان میں سے تو کوئی چیز اللہ کے احسان



سے دل لبھانے والی نہیں تھی جس کو میں نے دل لبھانا لکھا وہ یہ تھی کہ ''دائرہ'' کی ملازمت صرف چار گھنٹہ ہوگی۔ باقی میں تو مختار ہوگا کہ جو چاہے کرے ''دائرہ'' کے کتب خانہ پر تو تیرا اختیار ہوہی گا کہ جس وقت چاہے تو آئے اور جس وقت چاہے لکھے کتب خانہ ''آصفیہ'' کے اوپر تجھے اختیار ہوگا کہ جتنی دیر چاہے بیٹھ کر کتابیں دیکھے اور جو چاہے کتابیں منگالے، اور تو چونکہ ''اوجز المسالک'' لکھ رہا ہے اس لئے اس کی تالیف میں جتنی آسانی یہاں ہوسکتی ہے۔ وہ مظاہر علوم میں نہیں اور ''دائرہ'' تجھ سے جو کام لینا چاہتا ہے وہ بھی علم حدیث ہی کا ہے اور بہت ہی ''اوجز'' کی تالیف کی سہولتیں لکھی تھیں جس کے جواب میں اس ناکارہ نے صرف ایک کارڈ لکھا تھا کہ جس میں نہ القاب نہ آداب۔

مجھ کو جینا ہی نہیں بندۂ احسان ہوکر۔

فقط۔ زکریا۔

صرف یہ مصرعہ لکھا تھا، اس کے بعد دوبارہ عزیز کا خط آیا اللہ تعالیٰ اس کو بہت ہی جزائے خیر عطا فرمائے۔ اس نے بہت ہی محبت و شفقت سے لکھا تھا کہ اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کر ''اوجز'' کی تالیف جتنی بہتر یہاں ہوسکتی ہے۔ سہارنپور میں نہیں ہوسکتی، لیکن اس وقت تو مجھ پر ملازمت سے وحشت کا ایسا اثر مسلط تھا کہ نظر ثانی کی بالکل گنجائش نہ تھی مگر بعد میں کبھی کبھی اس ابتلاء کے متعلق اب تک یہ خیال آتا رہا کہ معلوم نہیں اچھا کیا یا برا کیا۔ اس زمانہ میں ملازمت

سے طبیعت کو وحشت ہی بہت تھی لیکن ''اوجز'' کی تالیف میں بہت ہی سہولتیں اور مواد ملتا۔ (ولی کامل ص:۹ تا ۱۱، بحوالہ آپ بیتی)

## پانچواں واقعہ

اس نوع کا ایک اور واقعہ قطب عالم قدس سرہ کی زبانی سنئے۔

اس کے بعد پانچواں ابتلاء تقسیم ہند سے دو تین سال پہلے پیش آیا۔ وہ یہ کہ اسی ابوداؤد شریف کی برکت سے بنگالی طلباء جن کی تقسیم ہند سے پہلے تک بہت ہی کثرت سے آمد تھی۔ ان میں سے اب بھی بہت سے مشرقی پاکستان کے مدارس میں صدر مدرس یا شیخ الحدیث ہیں نہ معلوم کیا کیا اور کس کس سے کہا۔ وہاں سے چاٹگام یا ڈھاکہ کے مدرسہ عالیہ کے منتظمین کا ایک بہت لمبا خط آیا۔ نام میں اس وقت تردد ہے، جس میں وہاں مشیخت حدیث کے لئے اور صرف ترمذی، بخاری شریف پڑھانے کے لئے بارہ سو روپے تنخواہ پر اس ناکارہ کو بہت ہی اصرار سے بلایا تھا۔ ایک تار ارجنٹ اس مضمون کا کہ خط کے جواب کا شدت سے انتظار ہے۔ مگر اس وقت تک ابھی خط نہیں پہنچا تھا اور دو روز بعد دوسرا ارجنٹ تار خط کے جواب کا سخت انتظار ہے ملا۔ اس وقت خط پہنچ چکا تھا۔ تار کا جواب تو میں نے یہ لکھ کر کہ معذوری ہے، مفصل خط میں ان کو میں نے لکھا کہ جن دوستوں نے آپ سے میرا نام لکھا ہے، انہوں نے محض حسن ظن سے غلط روایات پہنچائی ہیں۔ یہ ناکارہ نہ اس کا اہل ہے اور نہ متحمل۔ (حوالہ بالا ص:۱۱، ۱۲)



بطور نمونہ کے یہ چند واقعات ذکر کئے جن سے حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے دوسرے اوصاف عالیہ کے ساتھ ساتھ استغناء توکل واعتماد علی اللہ کا بھی پتہ چلتا ہے، اسی توکل علی اللہ کو بیان فرماتے ہوئے حضرت شیخ نو اللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں۔

## توکل واعتماد سے متعلق حضرت شیخ قدس سرہ کا عجیب وغریب مضمون

اللہ تعالیٰ مجھے بھی توفیق عطا فرمائے کہ یہ مضمون ذہن میں راسخ ہو جائے کہ دینے والی ذات صرف مالک کی ہے وہی رازق ہے وہی رب العالمین ہے اور باقی سارے ذرائع چاہے وہ مدرسہ ہو یا ملازمت ہو، تجارت ہو یہ سب مالک کے قاصد ہیں۔ مالک کے یہاں سے جو مقدر ہے وہ ضرور پہنچ کے رہتا ہے۔ چاہے وہ مہتمم مدرسہ کے ذریعہ سے پہنچے یا تجارت کے ذریعہ سے پہنچے یا کسی کے ذریعہ ہدیہ پہنچے، اگر آدمی یہ غور سے سوچا کرے کہ مجھے اس ماہ میں کیا ملا پھر اس کا اس پر اصرار کہ وہ مدرسہ کی تنخواہ سے ملا ہے یا کسی ہدیہ سے یا کسی اور ذریعہ سے حماقت کے سوا اور کیا ہے زبان سے تو یہ چیزیں ہم لوگ بھی کہتے رہتے ہیں۔ لیکن اگر دل میں جگہ کر لیں تو دین دنیا دونوں کی راحت ہے، اور اس ناکارہ کو تو اس کے ذاتی تجربے بارہا ہوئے۔ ہزاروں سے بھی کہیں زیادہ کہ جب بھی کسی جگہ سے آمد کا ذریعہ کوئی بند ہوا۔ مسبب الاسباب مالک نے دوسرا دروازہ ہاتھ کے ہاتھ کھول دیا۔ آدمی اپنی کمائی

سے عمدہ غذائیں کھائے۔ یا دوستوں کے اصرار وہدایاں سے عمدہ غذائیں کھائے دونوں میں کیا فرق ہوتا ہے۔ غذا جو مقصود تھی وہ ہر حال میں ایک ہی سی پہونچی۔ پھر یہ سوچنا کہ فلاں کے ہاتھ سے آئی، فلاں کے ہاتھ سے نہیں آئی، یا فلاں کے ذریعہ آئی فلاں کے ذریعہ سے نہیں آئی بے وقوفی نہیں تو اور کیا ہے۔

## ایک رئیس زادہ کا قصہ

بچپن میں اپنے والد صاحب قدس سرہ ایک قصہ سنا تھا کہ ایک رئیس زادہ تھا۔ باپ مر چکا تھا۔ ماں بہت ہی لاڈ و پیار سے (رکھتی تھی) اول تو باپ کے مرنے کے بعد اولادیں ویسے ہی ماؤں کے قبضہ میں نہیں آیا کرتیں۔ اور رئیسوں کی اولاد تو ماؤں کے قبضہ میں کبھی نہیں آتیں۔ وہ رئیس زادے فارسی پڑھا کرتے تھے۔ جب اس میں یہ مضمون گذرا جس کا حاصل یہ تھا کہ جو آدمی کے مقدر میں ہو ضرور کھاتا ہے۔ خوشی سے نہ کھاوے تو جبر سے کھانا پڑتا ہے۔ وہ منچلے صاحبزادے اس پر پہنچ کر استاد سے جھگڑ پڑے کہ میں نہیں کھاتا ہے کسی کے باوا کی مجال جو مجھے کھلائے اور یہ کہہ کر کتاب بند کر کے چلے آئے کہ آئندہ سبق جب پڑھوں گا کہ جب کوئی اپنی ماں کا لال مجھے جوت مار کر کھلا کر دیکھے اور جا کر ماں پر بھی برس پڑے، کتاب بھی پھینک دی کہ میں ایسی جھوٹی کتاب نہیں پڑھوں گا میں عہد کر کے آیا ہوں کہ میں نہیں کھاؤں گا۔ میں بھی دیکھوں کہ کون یوں توں کرنے والے مجھے کھلا سکے۔ ماؤں کی



شفقت تو ضرب المثل ہے دن بھر بیٹے کی خوشامد منت سماجت سب کچھ کرلی مگر اس پر تو ریاست کا سور چڑھ رہا تھا۔ وہ لڑکا دن بھر تو اپنی ضد پر رہا۔ رات کو اس کو خیال ہوا کہ بھوک بھی لگے گی اور ماں کا اصرار بھی ہوگا کہیں بات نہ گر جائے اس لئے آبادی سے قریب ایک تکیہ (قبرستان) میں چلا گیا ماں کو تو تڑپ لگ رہی تھی، اس نے بچہ کے دوستوں سے پوچھا کہ ارے وہ تو گھر سے چلا گیا کہیں تلاش کرو، تمہیں انعام دوں گی بچوں نے تلاش کر کے بتایا کہ وہ تو قریب ہی تکیہ میں ہے۔ ماں نے ایک دیگچی میں بہت ہی نفیس پلاؤ پکایا، جس میں سونف گرم مصالحہ وغیرہ بھی بہت ڈلوایا جس کی خوشبو دور تک جا رہی تھی اور اس خیال سے کہ یہ بچے ضرور ساتھ کھاویں گے۔ ایک بڑی سی دیگچی میں پلاؤ پکا کر ان لڑکوں سے یہ کہا کہ میں تمہیں انعام دوں گی یہ دیگچی تکیہ میں اس کے قریب رکھ دو اس کو خبر نہ ہو وہ ضدی ہے، اگر اسے پتہ چل گیا تو وہ بالکل نہیں کھانے کا جب رات کو بھوک لگے گی ادھر ادھر پھرے گا اس کے پاس آئے گا تو کھا ہی لے گا۔ لڑکے انعام کے شوق میں وہ دیگچی عشا کے قریب اندھیرے میں اس تکیہ میں رکھ آئے اتفاق سے رات کو کچھ ڈاکو اس بستی میں ڈاکہ ڈالنے کو آرہے تھے جب اس تکیہ میں پہنچے تو ایک نے دوسرے سے کہا ارے یار پلاؤ کی خوشبو آرہی ہے ایک نے دوسرے سے کہا وہ خوب مہک رہی تھی دیکھا تو دیگچی میں گرم گرم پلاؤ رکھا تھا، اور اس کے قریب ہی ایک لڑکا چادر اوڑھے پڑا

ہے۔ لڑکے کو ٹھوکر مار کر اٹھایا کہ یہ پلاؤ کیسا رکھا ہے اول تو اس نے کہا کہ مجھے خبر نہیں تو خوب پٹائی ہوئی اور کہا جھوٹ بولتا ہے یہ ہمارے مارنے کے واسطے زہر ملا کر یہاں رکھا ہے، اس لڑکے نے کہا اس میں زہر وغیرہ کچھ نہیں سارا قصہ سنایا تو دو جوت پھر کھائے کہ بات ملاتا ہے۔ اگر زہر نہیں تو پہلے تو کھا پھر ہم کھاویں گے۔ اور جوت بازی شروع کردی، وہ اکیلا تھا یہ کئی تھے، پلاؤ کھانا شروع کردیا اور جہاں سے یہ لڑکا کھاتا وہاں سے چار لقمے وہ جلدی کھا کر اس لڑکے سے کہتے کہ اب ادھر سے کھا تجھے خبر ہے کہ کدھر ملایا ہوا ہے او وہ جوتے کھاتا رہا اور پلاؤ کھاتا رہا اور جب وہ دیگچی صاف ہوگئی تو ڈاکو تو آگے چلے گئے لڑکا تھا تو ضدی مگر تھا سعادت مند ان ڈاکوؤں کے جانے کے بعد دیگچی اٹھا کر گھر آلیا۔ کیواڑ کھلوائے اور ماں سے کہا کہ ماں جوتے بھی کھائے اور پلاؤ بھی کھایا اور سارا قصہ سنایا۔ صبح کو کتاب لیکر استاد کے پاس پہنچ گیا اور کہنے لگا کہ استاد جی جو شعر لکھا ہے وہ بالکل صحیح ہے۔ میں جوتے بھی کھا آیا اور پلاؤ بھی کھا آیا۔ اور سارا قصہ سنا دیا خود اس ناکارہ کے ساتھ بھی کئی واقعے اس نوع کے پیش آئے۔ واقعات تو کئی یاد ہیں اس وقت تو ایک ہی واقعہ لکھواتا ہوں۔

## شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا ایک واقعہ

تقریبا بیس سال کا قصہ ہے۔ میرے مخلص دوست جناب حافظ محمد اسحاق صاحب سہارنپوری بیمار ہوئے کہ مایوسی کی



حالت ہوگئی۔ میں اپنے مخلص دوست قاری سعید احمد صاحب مرحوم کے ساتھ ان کی عیادت کو گیا۔ اس زمانہ میں ایک جذبہ اس سیہ کار پر غالب ہو رہا تھا کہ فضول چیزیں پھل مٹھائی وغیرہ نہیں کھانی چاہئے جو کہیں سے آئے احباب کو دینی چاہئے کئی دن سے یہ جذبہ غالب ہو رہا تھا ہم دونوں کے پہنچنے پر حافظ صاحب کو اتنی زیادہ خوشی ہوئی کہ یا تو بغیر سہارے کے کروٹ بھی نہیں لے سکتے تھے یا فرط خوشی میں ایک دم بیٹھ گئے اور اپنے بچے کو آواز دے کر جو پھل انگور، انار وغیرہ ان کے لئے آئے رکھے تھے وہ منگا کر اصرار کیا کہ اس میں سے کچھ کھالے میں نے ان سے بہت ہی اصرار کیا کہ میں اپنا حصہ لیجاؤں۔ انہوں نے اصرار کیا کہ حصہ تو میں ضرور دوں گا۔ مگر میرے سامنے اگر کچھ انگور اور فلاں فلاں چیز کھالے تو میرا بہت ہی جی خوش ہو میں نے بہت ہی خوشامد کی کہ میرا حصہ دے دو خیال تھا کہ بچوں یا دوستوں میں سے کسی کو دیدوں گا مگر انہوں نے اس قدر بری طرح اصرار کیا کہ ان کی خاطر میں کھانا ہی پڑا۔ جوانی میں تو اس قسم کے جذبے وقتاً فوقتاً آتے رہتے تھے مگر اب ضعف و پیری میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پاک ارشاد ہے۔

يُشِيبُ ابْنُ اٰدَمَ وَيَشِبُّ فِيهِ خَصْلَتَانِ الْحِرْصُ وَطُولُ الْاَمَلِ.

آدمی جوں جوں بوڑھا ہوتا ہے دو عادتیں اس میں جوان ہوتی رہتی ہیں ایک حرص دوسری لمبی امیدیں۔

اس ناکارہ پر تو آج کل حدیث پاک کے دونوں اجزاء کا بہت ظہور ہو رہا ہے۔ پہلے جن چیزوں کے کھانے کی طرف التفات وخیال بھی نہیں ہوتا تھا بلکہ اضاعت وقت سمجھتا تھا۔

اب ہر کھانے کی چیز کا شوق ہے، پہلے اپنی موت اس قدر قریب معلوم ہوتی تھی کہ ضروری کام بھی اور ضروری تعمیرات اس جذبہ سے ملتوی کر دیتا تھا کہ زندگی کتنے دن کی ہے اور اب تعمیرات وغیرہ کا تو اللہ کے فضل سے شوق نہیں ہوا مگر قرض سے بڑی بڑی کتابیں چھپوانے کا جذبہ غالب ہو رہا ہے، میرے حضرت قدس سرہ کی شرح ابوداؤد ''بذل المجہود'' جو تقریباً تیس سال سے نایاب ہے اس کو ہندی اور عربی رسم الخط میں دو جگہ طباعت شروع کر رکھی ہے۔

مصر میں ''اوجز المسالک'' شرح ''مؤطا امام مالک''، جس کے ٹائپ پر طبع کرانے کا کبھی واہمہ بھی نہیں گزرا اب وہ مصر میں طبع ہو رہی ہے میرے قدیم اور ناقص مسودات میرا نواسہ عزیز شاہد سب کے طبع کرنے پر تل رہا ہے۔

ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا

(آپ بیتی نمبر:۶ رص:۴۳۶ رتا ص:۴۴۰)

غرض کہ جب یہ مضمون دل میں راسخ ہو جائے کہ رزاق اللہ تعالیٰ ہیں اور تجارت ملازمت سب ذرائع واسباب ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کے بغیر بھی پالنے پر قادر ہیں تو پھر اللہ تعالیٰ اس کی تمام ضرورتوں کا کفیل ہو جاتا ہے اور اس طرح اس کی ضرورتیں پوری ہوتی ہیں کہ پہلے سے اس کا گمان بھی نہ تھا۔

خود قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ



شَیْءٍ قَدْرًا۔

اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے نجات کی شکل نکال دیتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے جہاں اس کا گمان بھی نہیں ہوتا اور جو شخص اللہ پر توکل کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے کافی ہے، اللہ تعالیٰ اپنا کام پورا کر کے رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر شئی کا ایک اندازہ مقرر کر رکھا ہے۔ (بیان القرآن)

اور اس یقین کا راسخ فی الذہن ہو جانا اصل ہے جس کے لئے سخاوت کا ہونا، طمع وبخل کا نہ ہونا، استغناء کا ہونا لازمی ہے۔ پھر جب طمع ختم ہوگئی نفع وضرر کی کسی سے امید نہ رہی۔ تو اب شاہ وگدا اس مرد حقانی کی نظر میں برابر ہوتے ہیں ایسے شخص سے کوئی رئیس وامیر یا شاہ زمانہ کا چاپلوسی کی امید رکھنا فضول ہے، اس کا تو حال یہ ہوتا ہے۔

از خدا داں خلاف دشمن ودوست
کہ دل ہر دو در تصرف اوست

(سعدی رحمۃ اللہ علیہ)

''دوست ودشمن کا اختلاف خدا کی طرف سے جان، اس لئے کہ دونوں کے دل اس کے تصرف میں ہیں۔ یعنی دوست کے دل میں دوستی اور دشمنی کے دل میں دشمنی اسی نے رکھی ہے''۔

نیز

گر گزندت رسد زخلق مسرنج
کہ نہ راحت رسد زخلق نہ رنج

''اگر تجھے مخلوق کی جانب سے تکلیف پہنچے تو رنجیدہ نہ ہو اس لئے کہ مخلوق سے نہ راحت پہنچتی ہے نہ رنج۔ یعنی تکلیف و

راحت سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے مخلوق تو محض آلہ ہے‘‘۔

## تاج فقر اور سخاوت کی نرالی شان

تاج فقرش باتوکل روکش چتر شہاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کے فقر باتوکل کا تاج بادشاہوں کے چتر کو شرمندہ کرنے والا ہے۔

کہ کوئی شاندار تجارت نہیں، جائداد نہیں، ملازمت نہیں او پھر داد ودہش، جود وسخاوت کا یہ عالم کہ اگر یہ شعر پڑھا جائے تو مناسب ہے۔

هُوَ الْبَحْرُ مِنْ اَیِّ النَّوَاحِیْ اَتَیْتَهٗ     فَلُجَّتَهُ الْمَعْرُوْفُ وَالْجُوْدُ سَاحِلُهٗ
جَوَّادٌ اِذَا مَاجِئْتَ لِلْجُوْدِ طَالِباً     حَبَاکَ بِمَا تَحْوِیْ عَلَیْه اَنَا مِلُهٗ
وَلَوْ لَمْ تَکُنْ فِیْ کُفِّهٖ غَیْرَ رُوْحِهٖ     لَجَادَ بِهَا فَلْیَتَّقِ اللّٰهَ سَائِلُهٗ

ترجمہ: وہ ایسا دریا ہے کہ جس کنارہ سے بھی تو اس کے پاس آوے، تو احسان اس کی موج ہے اور سخاوت طلب کرنے کیلئے اس کے پاس جاوے، تو اپنی مٹھی کی چیز بھی تجھ کو بخش دے۔

اور اگر اس کے ہاتھ میں اس کی جان کے سوا کچھ نہ ہو تو اسی کو بخش دے، اس لئے اس سے مانگنے والے کو جان کا سوال کرنے میں اللہ سے ڈرنا چاہئے۔

## جود وسخاوت سے متعلق صوفی اقبال صاحب کا بیان

حضرت قدس سرہ کی جود وسخاوت کا ہلکا سا اندازہ حضرت قدس سرہ کے خادم ومجاز صوفی اقبال قدس سرہ کی اس تحریر سے ہو جائے گا۔ فرماتے ہیں۔



﴿ب﴾ دوسری بات حضرت والا کی مالی حالت ہے کہ آپ کو ہمیشہ مقروض ہی سنا ہے زکوۃ تو کبھی فرض ہوئی ہی نہ ہوگی کیوں کہ حضرت اقدس دینی کاموں میں خفیہ بھی اور علانیہ بھی بڑی بڑی رقمیں خرچ فرماتے ہیں۔ مال ادھر آتا ہے ادھر جاتا ہے، آپ کے پاس کبھی ٹھرتا نہیں کہ اس پر زکوہ واجب ہو۔

﴿ج﴾ تیسری بات حرمین شریفین کی خصوصیت ہے، حرمین شریفین میں اور لوگ بھی بڑی بڑی رقمیں خرچ کرتے رہتے ہیں۔ لیکن ان حضرات میں مذکورہ بالا وخصوصیت تو سرے سے ہوتی ہی نہیں ہاں ایک اور خصوصیت مستزاد ہوتی ہے کہ وہ زکوۃ وصدقہ اور خیرات دینے کے لئے زیادہ سے زیادہ محتاج اور ضرورت مند تلاش کرتے ہیں۔ باقی رہے تحفے اور ہدیے تو وہ ان لوگوں کو دئے جاتے ہیں جن سے ذاتی تعلقات یا شناسائی ہو۔

حضرت والا بھی کافی رقمیں محتاجوں ضرورت مندوں کو یا مدارس ومساجد اور دینی اداروں میں دیتے رہتے ہیں اور اپنے خدام متوسلین اور علماء ومشائخ نیز احباب کو تحفے اور ہدیئے بھی دیتے رہتے ہیں۔

غرض اس قسم کے اخراجات کا تو عام رواج ہے ہی بندہ یہاں ان میں سے صرف ایک قسم یعنی ہدایا کی کچھ تفصیلات بیان کرنا چاہتا ہے جس سے حضرت والا کی سخاوت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔ اور یہ کہ حب خدا وحب رسول کے تحت خرچ کرتے وقت اس

طرح بے پروائی کے ساتھ دیتے ہیں جیسے مال کی ان کی نظر میں کوئی قدر و قیمت ہی نہیں ہے۔ اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ لاکھوں کے مالک ہوں گے۔

کئی ہزار ریال تو حضرت والا حرم شریف کے شرطیوں، مؤذنوں اور اغوات کے لئے مدینہ طیبہ پہنچتے ہی بندہ کے حوالہ فرماتے ہیں شرطیوں مؤذنوں اور اغوات کے لئے عموماً پانچ پانچ سو ریال کی رقمیں ہوتی ہیں لیکن اغوات کے لئے ایک مرتبہ دو ہزار ریال (ہندی روپے چھ ہزار) اور ایک مرتبہ ایک ہزار کی رقم سپرد کی حالانکہ ہر شخص جانتا ہے، اور حضرت اقدس کو بھی معلوم ہے کہ ان اغوات کے خانگی اخراجات کچھ زیادہ نہیں ہیں۔ تنخواہیں بھی حکومت سے ملتی ہیں شہر میں بے شمار اوقاف ان کے نام ہیں جن کی آمدنی ان کو ملتی ہیں۔ حجاج و زائرین بھی جو لاکھوں کی تعداد میں ہر سال آتے ہیں وہ بھی عموماً کچھ نہ کچھ ان کو پیش کرتے ہیں غرض وہ کسی طرح بھی ضرورت مند اور محتاج نہیں ہوتے، حضرت والا تنہائی میں رقمیں دے کر یہ بھی فرمادیا کرتے ہیں کہ ان کو میرا نام بتانے کی ضرورت نہیں۔ کہہ دینا ایک ہندی حاجی نے دیئے ہیں۔ یہ اغوات حضرات سارے دن صفہ کے کنارے بیٹھے رہتے ہیں۔ صرف شب جمعہ میں جالی شریف کے اندر جا کر روضہ شریف کا گرد وغبار صاف کر دیتے ہیں۔ حضرت یوں فرمایا کرتے ہیں کہ ان کی نسبت خدام بارگاہ نبوت کی ہے میں ان کو یہ رقمیں زکوۃ صدقہ کی تو



دیتا نہیں یہ تو ہدیہ ہوتا ہے۔

مدینہ منورہ پہنچنے کے ساتھ ہی حضرت والا کو بہت زیادہ اہتمام نہی ہدایا کے پیش کرنے کا ہوتا ہے۔ جس کی شاید بندہ کے سواء کسی کو بھی خبر نہ ہو کہ مدینہ منورہ کے ہر سفر میں روضۂ شریف پر حاضری سے پہلے اغوات کے لئے اور مدینہ منورہ کے فقراء کے لئے کچھ نہ کچھ رقم بندہ کے حوالے ضرور فرمادیتے ہیں۔ اور یوں ارشاد فرمایا کرتے ہیں کہ اللہ جل جلالہ کا حکم ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً.

اے ایمان والوں جب تم رسول سے سرگوشی کرو تو سرگوشی کرنے سے پہلے صدقات پیش کیا کرو۔

اس کے بعد تو دوران قیام مدینہ فقراء اور بیوگاں کے حالت کی تحقیق تو مجھ سے اور دوسرے لوگوں سے چپکے چپکے کرتے ہی رہتے ہیں مگر روضۂ اقدس پر حاضری سے پہلے ہدایا وصدقات کا کچھ نہ کچھ حصہ تقسیم کرنے کے لئے بندہ کو ضرور دے دیتے ہیں تاکہ اتنے حضرت غسل وغیرہ سے فارغ ہو کر روضۂ اقدس پر حاضر ہوں اتنے کچھ نہ کچھ ضرور تقسیم ہو جائے۔ (چند سبق آموز واقعات)

حضرت قدس سرہ کا اپنے اقارب، احباب، اکابر زندہ اور وفات پانے والوں کی طرف سے قربانی کرنے کا دستور پہلے گذر چکا۔ اسی طرح مشائخ سلسلہ، ائمہ فقہ، حضرات محدثین نیز زیر درس کتاب کے مصنف کی جانب سے بھی قربانی کرنے کا

دستور ہے (جیسا کہ حضرت اقدس سیدومرشد حضرت مفتی صاحب زید مجدہ نے بیان فرمایا) اس وجہ سے متعدد جانوروں کی قربانی کرنے کی نوبت آتی ہے۔

اسی طرح مفید کتابیں ہزاروں کی تعداد میں وقتاً فوقتاً خرید کر تقسیم کرنے کا بھی معمول ہے۔

اس سب کے ساتھ سینکڑوں کی تعداد میں مہمانوں کا ہجوم اور ماہ مبارک میں تو یہ تعداد ہزار سے بھی متجاوز ہوتی ہے اور سب مہمانوں کے لئے مختلف الانواع کھانوں کا انتظام جس میں مریضوں کم مرچ کھانے والوں زیادہ مرچ کھانے والوں تک کی رعایت ہوتی ہے یہ ساری چیزیں بڑے بڑے دولت مندوں، رئیسوں، بادشاہوں کو شرمندہ کردینے والی ہیں۔

اس مصرعہ کے معنی یہ بھی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فقر وفاقہ کے باوجود حضرت قدس سرہ کو عزت وعظمت، محبوبیت ومقبولیت بخشی ہے۔ وہ بادشاہوں کو شرمندہ کردینے والی ہے ان بے چاروں کو اس کا عشر عشیر بھی حاصل نہیں اور ان کے مال ودولت، ریاست وبادشاہت کی طرف حضرت قدس سرہ کو ذرا التفات بھی نہیں۔

## حضرت غوث اعظم کا واقعہ

جیسا کہ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب جیلانی نور اللہ مرقدہ کا واقعہ بیان کیا گیا ہے، کہ ان کے پاس بادشاہ ملک نمیروز کا خط آیا تھا کہ میں ملک نمیروز کا ایک حصہ آپ کو خرچ خانقاہ کے لئے دینا چاہتا ہوں۔ حضرت غوث الاعظم نے جواب تحریر فرمایا۔



چوں چتر سنجری رخ بختم سیاہ باد
در دل بود اگر ہوس ملک سنجرم

"یعنی اگر میرے دل میں تیرے ملک کی ہوس تک بھی ہو تو خدا کرے میرا بخت سیاہ رو ہو جائے۔ جیسا کہ تیرا چتر سیاہ ہے"۔ (اس زمانہ میں سلاطین کا چتر سیاہ ہوا کرتا تھا)

آگے اس کی بے رغبتی کی وجہ بیان فرماتے ہیں۔

زانگہ کہ یافتم خبر از ملک نیم شب
من ملک نمیروز بہ یک جو نمی خرم

"کہ جب سے مجھے نیم شب یعنی آدھی رات کی بادشاہت کی خبر ملی ہے اس وقت سے میں ملک نیمروز کو ایک جو کے بدلہ بھی نہیں خریدنا چاہتا"۔

اللہ تعالیٰ نے جس کسی کو یہ دولت بخش دی پھر اس کی نظر میں دنیا کی سلطنت وبادشاہت کی کوئی وقعت نہیں رہتی بلکہ اس کا یہ حال ہوتا ہے۔

آن کس کہ ترا شناخت جاں راچہ کند
فرزند وعیال وخانماں راچہ کند

"جس نے تجھے پہچان لیا وہ جان کو کیا کرے۔ فرزند وعیال اور خانماں کو کیا کرے"۔

## نگاہ میں حبِ رسول اوراس کی تاثیر

قلب طالب از نگاہش می کشد حبِ رسول

تابع سنت شود ہر قول و فعلش آں زماں

ترجمہ: طالب کا دل حضرت قدس سرہ کی نگاہ سے حبِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاصل کرتا ہے۔

تشریح: یعنی حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کی نگاہ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت ٹپکتی ہے، چونکہ حضرت کے رگ وریشہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت بھری ہوئی ہے، مگر اس کو طالب کا دل ہی محسوس کرتا ہے۔ اور حضرت قدس سرہ کی برکت سے اس کو بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت حاصل ہو جاتی ہے۔

ترجمہ: جس کی وجہ سے اس کا ہر قول وفعل سنت کے تابع ہو جاتا ہے۔

جان کے عوض مے دوڑ رہی تھی     وہ دیکھا کئے مجھے مخمور نظر سے

از مودت ہر کرا بیند نگاہ لطف او

قلب او گردد مطیب مثل گل در گلستاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی نگاہِ لطف جس کو محبت سے دیکھ لیتی ہے۔ اس کا قلب ایسا مطیب (مہک دار) ہو جاتا ہے۔ جیسے گلستاں میں گلاب۔

وہ لوٹ پوٹ ہی دیکھا نگاہ کی جس پر

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند

وہ حضرات جو کہ خاک کو اپنی نظر سے کیمیا بنا دیتے ہیں۔



در نوافل در تلاوت در دعاء ودر بکاء

حسب حالت ہر کسے یابد سکون قلب وجاں

ترجمہ: کوئی نوافل میں کوئی تلاوت میں کوئی دعاء میں کوئی آہ وبکاء میں۔

ہر شخص اپنی حالت کے مطابق قلب وجاں کا سکون حاصل کرتا ہے۔

تشریح: یعنی چونکہ ذوق جدا جدا ہوتا ہے اس لئے کسی کو نوافل میں کسی کو تلاوت میں، کسی کو دعاء میں کسی کو آہ وزاری میں سکون ملتا ہے۔ نیز سالک کی حالت بدلتی رہتی ہے۔ اس لئے کبھی نوافل کے شوق کا غلبہ ہوتا ہے کبھی تلاوت کا کبھی دعاء کا کبھی آہ وزاری کو جی چاہتا ہے۔

ساغر عینش کسے نوشد شود مست وخراب

سینہ بریاں دیدہ گریاں اللہ وردِ زباں

ترجمہ: ان کے چشم کا ساغر جو شخص پیتا ہے وہ مست ہو جاتا ہے۔

اس کا سینہ بریاں ہو جاتا ہے۔ آنکھیں اشکبار ہو جاتی ہیں اور اس کی زبان پر بس اللہ، اللہ کا ورد ہوتا ہے (اور سب کچھ بھول جاتا ہے)

ماہر چہ خواندہ ایم فراموش کردہ ایم

الا حدیث یار کہ تکرار می کنیم

ہم نے جو کچھ پڑھا تھا وہ سب فراموش کردیا۔ مگر دوست کی بات کہ ہم اس کا تکرار کر رہے ہیں۔

جگر میں داغ، کلیجے میں ٹیس، دل میں تڑپ

یہ چند باتیں ضروری ہیں عاشقی کے لئے

سوختہ گردد رذائل دل مجلی می شود

کیف احساں حاصل آید خوش نصیب دوستاں

ترجمہ: رذائل جل کر ختم ہوجاتے ہیں اور اخلاق حمیدہ سے دل مجلی ہوجاتا ہے۔

## اخلاق حمیدہ اور اخلاق رذیلہ

اخلاق حمیدہ اور اخلاق رذیلہ کو ان اشعار میں بیان کیا گیا ہے۔

خواہی کہ شوی بمنزل قرب مقیم

ترجمہ: اگر تو یہ چاہتا ہے کہ مقام قرب خداوندی میں مقیم ہو۔

نہ چیز بہ نفس خویش فرما تعلیم

ترجمہ: تو نو چیزیں اپنے نفس کو تعلیم کر۔

صبر وشکر وقناعت وعلم ویقیں

ترجمہ: صبر اور شکر اور قناعت اور علم اور یقیں۔

تفویض وتوکل ورضاء وتسلیم

ترجمہ: تفویض اور توکل، رضاء اور تسلیم۔

خواہی کہ شود دل تو چوں آئینہ

ترجمہ: اگر تو یہ چاہتا ہے کہ تیرا دل مثل آئینہ کے صاف وشفاف ہوجاوے۔

دہ چیز بروں کن از درون سینہ

ترجمہ: تو دس چیزوں کو اپنے سینہ سے نکال دے حرص وامل وغضب ودروغ وغیبت حرص (لالچ) اور طول امل (لمبی لمبی امیدیں) اور غضب اور جھوٹ اور غیبت۔

حسد وبخل ورياء وکبر وکینہ

ترجمہ: حسد اور بخل اور ریاء اور تکبر اور کینہ۔



کیف احساں حاصل آید خوش نصیب دوستاں

ترجمہ: اور خوش نصیب دوستوں کو کیف احساں حاصل ہوجاتا ہے۔

تشریح: یعنی جب قلب اخلاق رذیلہ سے پاک ہوکر اخلاق حمیدہ سے مزین ہوجاتا ہے۔ تو اب اس کو کیفیت احسان حاصل ہوجاتی ہے۔ جو کہ عین مقصود ہے اور تمام ریاضات ومجاہدات اور عبادات کا منتہی ہے۔

## سالک کا واصل ومجاز ہونا

روح سالک را بروح خود گرفتہ می برو

پیش وے بعدے نباشد از زمیں تا آسماں

ترجمہ: (حضرت قدس سرہ) سالک کی روح کو اپنی روح کے ساتھ پکڑ کر (بارگاہ قدس کی طرف) لے جاتے ہیں۔ کہ ان کے نزدیک زمین سے آسمان تک کوئی بعد وحجاب نہیں ہے یا نہیں رہتا۔

نیز از ہفت آسماں تا عرش اعظم می رسد

با ادب داخل شود در بارگاہ لامکاں

ترجمہ: نیز ساتوں آسمانوں سے گذر کر عرش اعظم تک پہنچتے ہیں۔ اور بارگاہ لامکاں میں باادب داخل ہوجاتے ہیں۔

ہم شفاعت می کند محبوب رب العالمین

وا شود آغوش رحمت باہزاراں عزو شاں

ترجمہ: محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی شفاعت فرماتے ہیں (جس کی وجہ سے) آغوش رحمت محبوب حقیقی تعالیٰ شانہ ہزاروں عزوشان کے ساتھ

کھل جاتا ہے۔

در سرا پردہ چسانش می نواز دلطف حق
قلب گوید گر بگوید سر او سوز د زباں

ترجمہ: حق تعالیٰ شانہ کا لطف ان کو سراپردہ میں کس طرح نوازتا ہے۔
کہ قلب کہتا ہے اگر زباں نے اس کو بیان کردیا تو جل جائے گی۔
تشریح: یعنی اس کیفیت کو بیان کرنے کی زباں میں طاقت نہیں ہے۔

اگر گویم زباں سوزد
سالک وارفتہ عارف می شود از وصل دوست
خود خدا حافظ شود از ابتلائے دشمناں

ترجمہ: سالک وارفتہ وصل دوست سے عارف ہوجاتا ہے۔
اور خود خدائے پاک دشمنوں (نفس وشیطان) کے ابتلاء سے اس کا محافظ ہوجاتا ہے۔

در چنیں مشہد اگر خواہد خدا گردد مجاز
قلب او آئینہ گردد بہر فیض عارفاں

ترجمہ: اس جیسے مقام شہود میں پہنچ کر اگر خدا چاہتا ہے تو وہ (سالک) مجاز ہو جاتا ہے۔
تشریح: یعنی خدائے پاک شیخ کے دل میں القاء فرماتے ہیں۔ اور شیخ اس کو اجازت سے نوازتا ہے۔
ترجمہ: اور اس کا دل عارفین کی فیض رسانی کے لئے آئینہ بن جاتا ہے۔
تشریح یعنی شیخ کے قلب پر انوار وتجلیات معرفت ربانی کی بارش ہوتی ہے۔



اور قلب شیخ سے (جو مثل آئینہ کے ہوتا ہے) ان کی شعاعین طالبین کے قلوب پر پڑتی اور ان کو جگمگاتی ہیں۔

## اجازت کا نہ ہونا عدم قبولیت کی دلیل نہیں

گر کسے را راز مخفی داشتن خواہد خدا
در حجابے داردش مثل عوام سالکاں

ترجمہ: خدائے پاک اگر کسی کا راز مخفی رکھنا چاہتے ہیں۔ تو اسے حجاب میں رکھتے ہیں۔ عوام سالکین کے مثل کہ باوجود اہل اور قوی النسبت ہونے کے لوگ ان کو جانتے بھی نہیں اور ایک عامی آدمی سمجھتے ہیں۔

## حاجی عبدالرحمٰن میواتی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت حاجی عبدالرحمٰن نور اللہ مرقدہ جو میوات کے ایک غیر مسلم بنیا گھرانے میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں خواب میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرت ہوئے اور مولانا محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ پر اسلام لائے نظام الدین کے مرسہ میں حضرت مولانا محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے قرآن پاک اور دین کی تعلیم حاصل کی۔ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری قدس سرہ سے بیعت کی اور مولانا محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ میں ان کے معتمد خاص اور ان کے دست راست رہے۔

حضرت مولانا محمد الیاس صاحب قدس سرہ کے تمام دینی

کاموں میں ان کے قدیم ترین رفیق ومعاون تھے، حضرت مولانا محمد الیاس صاحب قدس سرہ ان کے بارے میں نہایت بلند کلمات فرماتے تھے۔ اور اپنی تحریک کا روح رواں سمجھتے تھے۔ اہم مقامات پر ان کو بھیجا جاتا تھا۔ میوات کے حکیم وعارف تھے۔ اللہ تعالیٰ نے دین کی بڑی دولتیں نصیب فرمائی تھیں غیر مسلموں میں تبلیغ کا خاص ملکہ تھا۔ ہزار سے زائد غیر مسلموں نے ان کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔ (مولانا محمد الیاس صاحبؒ اور ان کی دینی دعوت)

مگر اس سب کے باوجود حضرت مولانا محمد الیاس صاحب نور اللہ مرقدہ نے ان کو اجازت بیعت نہیں دی، آخر وقت میں جب کئی حضرات کو اجازت مرحمت فرمائی تو تنہائی میں حضرت مولانا قدس سرہ نے حاجی صاحب کو بلایا اور فرمایا کہ حاجی صاحب جس طرح آج تک اللہ نے پردہ میں رکھا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ آئندہ بھی آپ پردہ میں رہیں۔ اس لئے آپ کو اجازت نہیں دی۔ (روایت حضرت اقدس فقیہ الامت رحمۃ اللہ علیہ)

اس لئے سالک کو چاہئے کہ اپنی طرف سے اجازت کی طلب وخواہش نہ کرے بلکہ یہ مزاج رکھنا چاہئے۔

احمد تو عاشقی بہ مشیخت ترا چہ کار
دیوانہ باش سلسلہ شد شد نہ شد نہ شد

"احمد تو عاشق ہے تجھ کو مشیخت سے کیا کام (اس لئے کہ مشیخت طلب کرنا عاشقی کے خلاف ہے) اس لئے تو تو دیوانہ ہوجا،



تجھ سے چلے جب بھلا نہ چلے جب بھلا۔ جیسا اللہ کو منظور ہوگا۔ ہوجائے گا"۔

## مجمع ماہ مبارک

بارک اللہ مجمع ماہ مبارک در سلوک
ہر کسے در طے منزل رہر وانست ودواں

ترجمہ: اللہ تعالیٰ ماہ مبارک کے مجمع میں سلوک کے اندر برکت عطا فرمائے۔ کہ ہر شخص منزل قرب الٰہی کے طے کرنے میں حسب استعداد چلنے والا اور دوڑنے والا ہے۔

یک اثیمے بد زبانے بد نگاہے بد عمل
ہم امید عفو دارد در طفیل دیگراں

ترجمہ: ایک گنہگار، بدزباں، بدنگا، بدعمل بھی دوسروں کے طفیل میں معافی کی امید رکھتا ہے۔

تشریح: یعنی بڑا سے بڑا گنہگار بھی اس مبارک ذاکرین شاغلین عارفین کے مجمع میں ان حضرات کی برکت سے معافی کی امید رکھتا ہے اور خود بھی اس کو اپنی حالت پر شرمندگی ہوتی ہے اور اپنی اصلاح کی طرف توجہ ہوتی ہے۔

## دعاء

اے خدائے قادر وقیوم، رحمٰن وغفور
بہر فیضان ہر کسے کو آیدش کن کامراں

ترجمہ: اے خدائے قادر وقیوم اور اے رحمٰن وغفور، جو شخص ان کے پاس فیض

حاصل کرنے کے لئے آئے تو اس کو کامیاب فرما۔

یاالٰہی روح وقلب شیخ ما مسرور باد
فیض اولاد وتلامیذش بہ عالم در رساں

ترجمہ: یاالٰہی ہمارے شیخ کی روح وقلب خوش ہوجیو۔ حضرت کی اولاد اور تلامذہ کے فیض کو عالم میں پہنچادے۔ اس لئے کہ شیخ قدس سرہ کی روح وقلب کو اصل سرور اسی سے حاصل ہوگا۔

از شرور جملہ مخلوقات خود محفوظ دار
علم، عزت، حلم، عفت کن عطا خرد وکلاں

ترجمہ: اپنی تمام مخلوق کی شر سے ان کو محفوظ رکھ۔ علم عزت، حلم، عفت ہر چھوٹے بڑے کو عطا فرما۔

## جود وسخاوت

مظہر جود وسخاوش دست دولت بخش او
ابر نیساں بر عطایش از مسرت درفشاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کا دست دولت بخش (دولت بخشنے والا ہاتھ) حضرت قدس سرہ کی جود وسخاوت کا مظہر ہے۔ (کہ اس سے حضرت کی جود وسخاوت ظاہر ہوتی رہتی ہے)

ابر نیساں حضرت قدس سرہ کی عطا و بخشش پر مسرت کی وجہ سے درفشاں ہے۔

کرم میں دوں اسے نیساں سے کس طرح تشبیہ
کروں میں جان کے کیوں کر ترقی معکوس



سفرہ اش رادیدہ حیراں می شود مرد کریم
حق تعالیٰ می رساند رغبت ہر مہماں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کے عام دسترخوان کو دیکھ کر ہر سخی سے سخی آدمی حیران ہوجاتا ہے۔ حق تعالیٰ شانہ حضرت قدس سرہ کے دسترخوان پر ہر مہمان کی رغبت کا سامان پہنچاتے ہیں۔

تشریح: حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا حال دسترخوان پر متنبی کے اس شعر کا مصداق ہے۔

يَسْتَصْغِرُ الْخَطَرَ الْكَبِيرَ لِوَفْدِهِ
وَيَظُنُّ دِجْلَةَ لَيْسَ تَكْفِي شَارِباً

''وہ بڑے سے بڑے مال کو اپنے مہمانوں کے لئے معمولی اور حقیر سمجھتا ہے، اور نہر دجلہ کو بھی گمان کرتا ہے کہ وہ پینے والے کے لئے کافی نہ ہوگی''۔

اور عجیب بات کہ حاضرین کی تو عمدہ عمدہ مختلف الانواع لذیذ کھانوں سے مسرت وتلطف کیساتھ ضیافت کی جاتی ہے، اپنے متعلقین کو دور دور بستیوں میں آنے جانے والوں کے ہاتھ اور بعض دفعہ مستقل آدمی بھیج کر کھانا بھیجنا حضرت قدس سرہ کے معمول میں داخل ہے۔ متنبی کے اس شعر سے کیا خوب ترجمانی ہوتی ہے۔

كَالْبَحْرِ يَقْذِفُ لِلْقَرِيبِ جَوَاهِراً
جُوداً وَيَبْعَثُ لِلْبَعِيدِ سَحَائِباً

''وہ مثل دریا کے ہے کہ پاس والے کے لئے سخاوت کی وجہ سے جواہر (موتی) پھینکتا ہے۔ اور بعید کیلئے بادلوں کو (پانی سے

بھر کر) بھیجتا ہے''۔

كَالشَّمْسِ فِي كَبِدِ السَّمَاءِ وَضَوْءُهَا
يَغْشَى الْبِلَادَ مَشَارِقًا وَمَغَارِبًا

''اور وہ ممدوح سخاوت میں مثل سورج ہے کہ سورج آسمان کے درمیان ہے اور اس کی روشنی تمام شہروں کو مشرق ومغرب کو بھرے ہوئے ہے''۔ (اسی طرح ممدوح کی سخاوت مشرق ومغرب کو بھرے ہوئے ہے)

اگلے شعر میں اسی کو بیان فرمایا ہے۔

ہر کہ آید می خورد از سفرہ اش مرغوب خویش
می برد باخود طعام ومیوہ بہر دو دماں

ترجمہ: جو شخص آتا ہے حضرت قدس سرہ کے دسترخوان سے اپنا مرغوب (کھانا) کھاتا ہے۔ اپنے ساتھ کھانا اور پھل خاندان کے لئے لے جاتا ہے۔

چوں کسے ناید رسد مقسوم او بر جائے او
پرورش یابند طفل وپیر وبیوہ نوجواں

ترجمہ: جب کوئی شخص نہ آوے تو اس کا مقسوم (قسمت کا لکھا ہوا) اس کی جگہ پر پہنچتا ہے (اس طرح) بچے، بوڑھے، اور بیوہ نوجوان پرورش پاتے ہیں۔

مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

تشنگاں گر آب جویند در جہاں
آب ہم جوید بعالم تشنگاں

''پیاسے آدمی اگر دنیا میں پانی تلاش کرتے ہیں۔ تو پانی



بھی عالم میں پیاسوں کو تلاش کرتا ہے''۔

بر یتیم وبر ضعیف وبر مسافر بر فقیر
سایہ افگن ابر جودش بر مثال خانداں

ترجمہ: یتیم وضعیف اور مسافر وفقیر پر، ان کی سخاوت کا بادل خاندان کے طریق پر سایہ افگن (برستا رہتا ہے)

تشریح: یعنی خاندان کے دوسرے حضرات حضرت مولانا محمد یوسف صاحب حضرت مولانا محمد الیاس صاحب، حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب، حضرت مولانا محمد صاحب حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب، حضرت مولانا مظفر حسین صاحب، حضرت مولانا نور الحسن صاحب، حضرت مولانا ابو الحسن صاحب، حضرت مولانا مفتی الٰہی بخش صاحب نور اللہ مراقدہم وبرد اللہ مضاجعہم، اور خاندان روحانی خاندان چشتیہ ونقشبندیہ وسہروردیہ وقادریہ نور اللہ مراقدہم وبرد اللہ مضاجعہم، کی جود وسخاوت، داد ودہش کے مثل (ان حضرات کی جود وسخاوت اور دیگر حالات ان کی سوانحات میں دیکھے جاسکتے ہیں)

یا یہ مطلب ہے کہ ضعیف، مسکین بیوہ وغیرہ پر اس طرح بخششیں کرتے ہیں جیسا کہ اپنے خاندان والوں پر۔

## رأفت بر خلقت

گر خلد در پائے کس خارے شود قلبش ملول
بہر خلقت رأفتے دارد دلے او بیکراں

ترجمہ: اگر کسی کے پاؤں میں کانٹا چبھتا ہے تو حضرت قدس سرہ کا دل رنجیدہ

ہوتا ہے۔ حضرت قدس سرہ کا دل مخلوق کے لئے بے انتہاء شفقت ومحبت رکھتا ہے۔

خنجر چلے کسی پر تڑپتے ہیں ہم امیر
سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے

حدیث شریف میں ہے۔

(ابن عمرو بن العاص) رَفَعَهُ اَلرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ اِرْحَمُوْا مَنْ فِي الْاَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ. (للترمذی وابی داؤد ص: ۲/۱۷۲، جمع الفوائد)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ رحمٰن وتعالیٰ شانہ رحم کرنے والوں پر رحم کرتا ہے تم زمین والوں پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔

لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ شَقِيٍّ. (لابی داؤد والترمذی بلفظه)

رحمت نہیں نکالی جاتی مگر بدبخت (کے قلب) سے۔

ایک روایت میں ہے۔

مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ.

جو شخص رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

ضعف پیری کثرت امراض گردش مضمحل
لیک بہر محنت دیں ہمتے دارد جوان

ترجمہ: ضعف پیری اور کثرت امراض نے حضرت قدس سرہ کو مضمحل بنا دیا۔ لیکن اس کے باوجود دین کی محنت کے لئے ہمت جواں رکھتے ہیں۔



تشریح: کہ بڑے بڑے جوان وہ محنت نہیں کر سکتے جو حضرت قدس سرہ اس ضعف وپیری میں فرماتے ہیں۔

اس وقت حضرت قدس سرہ کی عمر چوراسی سال ہے۔ ضعف کا حال یہ ہے کہ پیر بھی نہ خود پھیلا سکتے ہیں نہ سکوڑ سکتے ہیں۔

ہر چند کہ پیر خستہ وناتواں شدم
چوں روئے تو دیدم جواں شدم

ترجمہ: میں ہر چند کہ پیر خستہ وناتواں ہوگیا۔ مگر جب تیرے چہرہ کو دیکھا تو جواں ہوگیا۔

## کمال اطاعت اور فنافی الرسول ہونا

کرد اوقات عزیزش براشارت منقسم
گاہ او در طیبہ آید گاہ در ہندوستاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ نے اپنے اوقات عزیز کو اشارۂ محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر تقسیم فرما دیا۔ کبھی (شوق زیارت میں) مدینہ طیبہ زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً پہنچتے ہیں اور کبھی طالبین وسالکین اور عام بندگان خدا کے افادہ اور رہبری ورہنمائی کی خاطر ہندوستان تشریف لاتے ہیں۔

بے اجازت نقل وحرکت وصل ہجرت ہیچ نیست
شد فنا قصدش بہ قصد سید پیغمبراں

ترجمہ: محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اجازت کے بغیر نقل وحرکت وصل وہجرت کچھ نہیں ہے۔

تشریح: یعنی حضرت قدس سرہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اجازت کے بغیر کوئی کام نہیں فرماتے حتی کہ کوئی نقل وحرکت خود مدینہ طیبہ (زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً) حاضری اور وہاں سے واپسی کچھ بھی بلا اجازت نہیں فرماتے۔ اس کی وجہ دوسرے مصرعہ میں بیان فرماتے ہیں۔

شد فنا قصدش بہ قصد سید پیغمبراں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کا قصد (ارادہ) سید پیغمبراں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قصد میں فنا ہوگیا۔

تشریح: جب اپنا ارادہ فنا ہوگیا تو جو کچھ بھی فرماتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارادہ کے مطابق ہی ہوتا ہے۔ بقول شاعر۔

خواہشیں قربان کردے سب رضائے دوست پر
پھر میں دیکھوں دل کا چاہا کیوں نہ ہو

یہ ناکارہ مبتلائے خواہشات نفسانی اس حقیقت کو کیا سمجھے، اور کیا بیان کرے، بقول شاعر متنبّی۔

لَا تَعْذِرِ الْمُشْتَاقَ فِیْ اَشْوَاقِہٖ
حَتّٰی تَکُوْنَ حَشَاکَ فِیْ اَحْشَائِہٖ

"تو عاشق مشتاق کو اس کے اشواق میں معذور نہ سمجھے گا۔ (یعنی اس کی کیفیت عشق سے واقف نہیں ہوسکتا) جب تک کہ تیرا دل اس کے دل میں نہ ہو۔ (یعنی جب تک تیرے دل میں وہ عشق حاصل نہ ہوگا اس کی کیفیت کو نہ جان سکے گا)"

اسی کی فارسی شعر میں کسی نے ترجمانی کی ہے۔



تا ترا حالے نباشد ہم چو من
حال من باشد ترا افسانہ پیش

"جب تک تیرا حال مجھ جیسا نہ ہوگا۔ میرا حال تیرے نزدیک افسانہ ہوگا"۔

## حضرت گنگوہیؒ کا مقام

قطب الاقطاب حضرت مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی قدس سرہ نے ارشاد فرمایا۔

"میرا حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ برسوں یہ تعلق رہا ہے کہ بغیر آپ کے مشورہ کے میری نشست وبرخاست نہیں ہوئی حالانکہ حاجی صاحب مکہ میں تھے اور اس کے بعد جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ یہی تعلق برسوں رہا۔ اس کے بعد اتنا فرما کر آپ خاموش ہوگئے کچھ نہ فرمایا اور دیر تک ساکت وسرنگوں رہے۔ مطلب ظاہر ہے کہ حق تعالیٰ شانہ کی اجازت کے بغیر نہ حرکت ہوتی ہے نہ سکون"۔ (تذکرۃ الرشید ص:۱۹۷)

## شیخ قدس سرہ کا فیض عام

خانقاہ ومدرسہ قائم نمودہ جابجا
تربیت کردہ فرستد کارواں در کارواں

ترجمہ: جگہ جگہ خانقاہ ومدرسہ قائم فرمائے۔ اور تربیت فرما کر قافلے کے قافلے بھیجتے ہیں۔

مکہ، طیبہ، پاک، افریقہ رسیدہ فیض او
ساخت زبیا، رنگون، لندن، انڈماں

ترجمہ: مکہ مکرمہ، مدینہ طیبہ (زادہا اللہ شرفا وکرامۃً) پاکستان افریقہ (اور

دوسرے ملکوں میں) حضرت کا فیض پہنچا ہے۔اور حضرت قدس سرہ نے زمبیا، رنگون، لندن، انڈمان (ایسے مقامات کو جو علم دین سے بالکل خالی تھے، دین وسنت کی اشاعت کے لئے) مرکز بنایا ہے۔

تشریح: کہ حضرت قدس سرہ کے خلفاء وخدام ان مقامات پر خدمت دین میں مشغول ہیں۔جن کی وجہ سے بڑے بڑے مدارس ان مقامات پر قائم ہوگئے۔اور بڑا فیض پہنچ رہا ہے۔

## خلق احسن

خلق احسن شد عطایش بہر تسخیر قلوب
نرمی وگرمی بہم حسب مزاج طالباں

ترجمہ: تسخیر قلوب کے لئے خلق احسن حضرت قدس سرہ کو عطا ہوا ہے۔نرمی وگرمی دونوں ملی ہوئیں طالبین کے مزاج کے موافق۔

تشریح: اچھے اخلاق، اچھے عادات، نرمی ومحبت ہی ایسی چیزیں ہیں جس سے انسانون کے قلوب مسخر ہوتے ہیں۔اگر کوئی شخص بدسلوکی کرے بد معاملگی برتے تو بھی اچھا سلوک کرنے کا حکم ہے۔اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا ہے۔

اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَکَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ کَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ.

آپ نیک برتاؤ سے ٹال دیا کیجئے پھر یکایک آپ میں اور جس شخص میں عداوت تھی وہ ایسا ہو جائے گا جیسا کوئی ولی دوست ہوتا ہے۔(بیان القرآن)

بدی را بدی سہل باشد جزاء
اگر مردی احسن الی من اساء

''برائی کا بدلہ برائی سے دینا سہل ہے، لیکن اگر تو مرد (بہادر) ہے تو برائی



کرنے والے کے ساتھ اچھائی کر''۔

خود سید المرسلین محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں قرآن پاک میں فرمایا گیا ہے۔

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ کُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِکَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِی الْاَمْرِ الآیة.

بعد اس کے خدا ہی کی رحمت کے سبب آپ ان کے ساتھ نرم رہے اور اگر آپ تند خو سخت طبیعت ہوتے تو یہ آپ کے پاس سے سب منتشر ہو جاتے۔سو آپ ان کو معاف کیجئے اور آپ ان کے لئے استغفار کر دیجئے۔اور ان سے خاص خاص باتوں میں مشورہ لیتے رہا کیجئے۔(بیان القرآن)

دوسری آیت میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلق عظیم پر ہونے کی خبر دی گئی۔فرمایا۔

اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ.

اور بے شک آپ اخلاق کے اعلیٰ پیمانہ پر ہیں۔(بیان القرآن)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً روایت ہے۔

اِنَّ الْمُؤْمِنَ سَیُدْرِکُ بِحُسْنِ خُلُقِهٖ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ. (لابی داؤد ص: ۱۴۹/ ج: ۲ جمع الفوائد)

بے شک مؤمن اپنے حسن خلق کی وجہ سے صائم القائم (دن کو روزہ رکھنے والا رات کو عبادت میں جاگنے والا) کے درجہ کو پالیتا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی مرفوعاً روایت ہے۔

اِنَّ مِنْ اَکْمَلِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَّاَلْطَفُهُمْ بِاَهْلِهٖ. (حوالہ بالا)

مؤمنوں میں زیادہ کامل ایمان والے وہ ہیں جو ان میں زیادہ اچھے اخلاق والے اور اپنے اہل وعیال کے ساتھ خوش گوار سلوک کرنے والے ہیں۔

اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے۔

مَا مِنْ شَیْءٍ اَثْقَلُ فِیْ مِیْزَانِ الْمُؤمِنِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ وَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَبْغُضُ الْفَاحِشَ الْبَذِیْ. (حوالہ بالا)

مؤمن کی میزان عمل میں قیامت کے روز اچھے اخلاق سے زیادہ بھاری کو عمل نہ ہوگا۔ اور بے شک اللہ تعالیٰ بد اخلاق، بدخو شخص کو ناپسند رکھتے ہیں۔

اور حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے۔

اِنَّ مِنْ اَحَبِّکُمْ اِلَیَّ وَاَقْرَبِکُمْ مِنِّیْ مَجْلِسًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ اَحَاسِنُکُمْ اَخْلَاقًا (الحدیث)

بے شک مجھے تم سب میں زیادہ محبوب اور تم میں مجھ سے زیادہ قریب درجہ والے قیامت کے دن تم میں اچھے اخلاق والے ہوں گے۔

حسن اخلاق کا حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا۔

انہ قال یا معاذ اَحْسِنْ خُلُقَکَ لِلنَّاسِ.

بے شک نبیصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے معاذ لوگوں کے لئے اپنے اخلاق اچھے کر۔

ایک روایت میں ہے۔

عن مالک بلغہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثْتُ لِاُتِمَّ حُسْنَ الْاَخْلَاقِ.



رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے حسن اخلاق کو کامل کرنے کے لئے مبعوث کیا گیا ہے۔

(رواہ فی المؤطا ورواہ احمد عن ابی ہریرۃؓ ص: ۴۳۲/ مشکوۃ شریف)

ایک روایت میں فرمایا گیا ہے۔

''انسان کو جو چیزیں دی گئی ہیں ان سب میں اچھی چیز حسن اخلاق ہے''۔

عَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَیْنَةَ قَالَ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَا خَیْرُ مَا اُعْطِیَ الْاِنْسَانُ، قَالَ اَلْخُلُقُ الْحَسَنُ. (رواہ البیہقی فی شعب الایمان ص: ۴۳۱/ مشکوۃ شریف)

قبیلہ مزینہ کے ایک شخص نے بیان کیا کہ لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انسان کو جو کچھ دیا گیا ہے اس میں سب سے اچھی کیا چیز ہے؟ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اچھے اخلاق۔

غرض کہ اچھے اخلاق کو دین میں بڑی اہمیت ہے۔ بڑی کثرت سے یہ مضمون احادیث پاک میں بیان کیا گیا ہے مگر افسوس کہ آج یہ وصف بھی ہم سے رخصت ہوگیا۔ خدائے پاک اپنے فضل وکرم سے اپنے نیک بندوں کے صدقے حسن اخلاق کا کچھ حصہ ہمیں بھی نصیب فرماوے۔

حضرت قطب عالم اطال اللہ بقاءٗ کے حسن اخلاق ہی کو اگلے دو شعروں میں بیان فرمایا گیا ہے۔

در گذر در طبع عالی از حقوق ذات خویش
در حقوق شرع جاری دار وگیر رہبراں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی طبع عالی میں اپنے ذاتی حقوق سے در گذر کرنا

ودیعت ہے۔اور حقوق شرع میں دار و گیر رہبروں کی طرح (بلا کسی کی پرواہ وخوف کئے ہوئے) جاری فرماتے ہیں۔

اس میں بھی بعینہ سید الکونین محبوب رب العالمین رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اتباع ہے۔حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ مَاخُيِّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَمْرَيْنِ اِلَّا اَخَذَ اَيْسَرَهُمَا مَالَمْ يَكُنْ اِثْمًا فَاِنْ كَانَ اِثْمًا كَانَ اَبْعَدَا لِنَّاسِ مِنْهُ وَمَا انْتَقَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهٖ اِلَّا اَنْ تُنْتَهَكَ حُرْمَةُ اللّٰهِ فَيَنْتَقِمُ لِلّٰهِ بِهَا (بخاری شریف ص: ۵۰۳)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی دو امروں میں اختیار دیئے جاتے تو ہمیشہ سہل کو اختیار فرماتے (تاکہ امت کو سہولت رہے) تاوقتیکہ اس میں کسی قسم کی معصیت وغیرہ نہ ہو اگر کوئی معصیت ہوتی تو اس سے لوگوں میں سب سے زیادہ دور رہتے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ذات اقدس کے لئے کبھی کسی سے بدلہ نہیں لیا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ کی حرمت کا ہتک کیا جاتا۔(یعنی مثلاً کسی حرام فعل کا ارتکاب کیا جاتا) تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم محض اللہ تعالیٰ کے لئے اس کا بدلہ لیتے۔

شنیدم کہ مردان راہ خدا
دل دشمناں ہم نہ کردند تنگ
ترا کے میسر شود ایں مقام
کہ بادوستانت خلاف است وجنگ

"مردان رہ خدا اولیاء کرام کو میں نے سنا ہے کہ دشمنوں کے دل کو بھی تنگ



نہیں کرتے تجھ کو یہ مقام کب میسر ہو سکے گا، جب کہ تو اپنے دوستوں کے ساتھ ہی اختلاف وجنگ میں مشغول ہے"۔

کس نشنود از زبانش فقرۂ ناگفتنی
کس نہ بیند در کتابش جملۂ زولید گاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کی زبان مبارک سے کوئی ناگفتنی کلمہ نہیں سن سکتے۔ اور کوئی حضرت کی کتاب میں بیہودہ لوگوں جیسا جملہ نہیں دیکھ سکتا۔

قلب پر غم چشم پر نم خندہ بر لب بر ملا
آب و آتش دیدہ حیران واردان وصا دراں

ترجمہ: دل پر غم، آنکھ پرنم، لب پر ہنسی ظاہر رہتی ہے۔آب و آتش کو یکجا جمع دیکھ کر آنے جانے والے حیران ہیں۔

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں۔

"آپ میانہ قد وجیہہ اور خوبصورت ہیں، رنگ سرخ وسفید ہے، رخسار، انار کی مانند بہت سرگرم ونشیط، سستی آپ کو چھو کر نہیں گذری، باغ و بہار طبیعت کے مالک، خوش اخلاق اور مہمان نواز، مجلس میں مہمانوں سے ہنسنے ہنسانے کی دلچسپ باتیں کرتے ہی، چشم پر آب رہتی ہیں اور جب حضور صل اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام یا اولیاء امت کا تذکرہ یا کوئی مناجات اور شوقیہ اشعار پڑھے جاتیں تو اس وقت ضبط و اخفاء حال کی کوشش کے باوجود آپ کے آنسو چھلک پڑتے اور آپ کی اس اندرونی کیفیت اور سوز فرقت کو ظاہر کردیتے ہیں"۔(حیات خلیل ص: ۶۱۰ ربحوالہ مقدمہ اوجز)

## اورادِ مبارکہ

ورد پاک او درود وذکر قرآن وحدیث

روز وشب شام وسحر ازیں ہمہ رطب اللساں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کا وردِ پاک (اور وظیفہ) درود، ذکر قرآن، حدیث ہے۔ رات دن صبح وشام ان سب سے رطب اللسان رہتے ہیں۔

## فضائل ذکر

(عبداللہ بن بُسر) اِنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللهِ اَنَّ اَبْوَابَ الْخَیْرِ کَثِیْرَۃٌ وَلَا اَسْتَطِیْعُ الْقِیَامَ بِکُلِّھَا فَاَخْبِرْنِیْ عَنْ شَیْءٍ اَتَشَبَّثُ بِهٖ وَلَا تُکْثِرْ عَلَیَّ فَاَنْسٰی قَالَ لَا یَزَالُ لِسَانُکَ رَطْبًا بِذِکْرِ اللهِ. (جمع الفوائد ص: ۲۴۹ / ج: ۲)

ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ خیر کے دروازے بہت ہیں اور سب کو قائم کرنے (سب پر عمل کرنے کی) میں طاقت نہیں رکھتا۔ اس لئے آپ ایسا عمل بتا دیجئے جسے میں مضبوط پکڑلوں۔ اور وہ عمل زیادہ نہ ہو کہ کہیں بھول جاؤں بلکہ مختصر ہو۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہمیشہ اللہ کے ذکر کے ساتھ رطب اللسان رہو۔ (ہمیشہ زبان ذکر خداوندی سے تر رہے)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ۔

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ قیامت میں کون لوگ افضل اور بلند درجے والے ہوں گے ارشاد فرمایا۔ کثرت سے ذکر کرنے والے۔ سوال کیا گیا کہ کیا اللہ کے راستہ



میں جہاد کرنے والے سے بھی افضل اور بلند درجے ہوں گے۔ ارشاد فرمایا۔ کہ وہ غازی فی سبیل اللہ جو اپنی تلوار چلاتا رہے یہاں تک کہ تلوار ٹوٹ جائے اور وہ خون آلود ہوجائے۔ اللہ کا ذکر کثرت سے کرنے والا اس سے بھی افضل درجہ والا ہوگا''۔

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ۔

''کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہ شخص اور وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کرے کہ ذکر کرنے والا مثل زندہ اور ذکر نہ کرنے والا مثل مردہ کے ہے۔

ایک روایت میں ذکر کے حلقوں کو جنت کے باغیچے فرمایا گیا ہے۔

(انس) رفعهٗ. اِذَا اَمَرَرْتُم بِرِیَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوْا قَالُوْا وَمَا رِیَاضُ الْجَنَّةِ قَالَ خَلَقُ الذِّکْرِ. (حواله بالا.

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم جنت کے باغیچوں سے گذرا کرو تو کچھ چرلیا کرو۔ لوگوں نے عرض کیا کہ حضرت جنت کے باغیچے کیا ہیں؟ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ ذکر کے حلقے۔

''اس حدیث سے اجتماعاً حلقہ بنا کر ذکر کرنے کا بھی ثبوت ہوگیا''۔

ایک روایت میں ہے کہ۔

''آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت میں اللہ تعالیٰ ایسی اقوام کو جن کے چہروں میں نور ہوگا موتیوں کے منبروں پر بٹھائیں گے، جن پر لوگ رشک کریں گے۔ اور وہ لوگ نہ انبیاء ہوں گے نہ شہداء ایک اعرابی کے سوال کرنے پر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

قَالَ هُمُ الْمُتَحَابُّوْنَ فِی اللّٰهِ مِنْ قَبَائِلَ شَتّٰی وَبِلَادٍ شَتّٰی یَجْتَمِعُوْنَ عَلٰی ذِکْرِ اللّٰهِ یَذْکُرُوْنَهٗ لَا کَبِیْر. (حواله بالا)

وہ مختلف قبیلوں مختلف شہروں کے لوگ ہوں گے جو اللہ کے لئے آپس میں ایک دوسرے سے محبت کریں اور اللہ کے ذکر پر جمع ہو جائیں کہ اللہ کا ذکر کریں۔

''اس سے بھی اجتماعاً ذکر کرنے کا ثبوت ہوا''۔

ایک روایت میں ہے۔

(ابن مسعود) رفعه، اِنَّ مِنَ النَّاسِ مَفَاتِیْحُ لِذِکْرِ اللّٰهِ اِذَا رُأُوْ ذُکِرَ اللّٰهُ للکبیر.

بعض لوگ اللہ کے ذکر کی کنجیاں ہوتے ہیں کہ جب ان کو دیکھا جاتا ہے تو اللہ یاد آجاتا ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ۔

''میں بندہ کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے اگر وہ اپنے نفس میں میرا ذکر کرتا ہے تو میں بھی اپنے نفس میں اس کا ذکر کرتا ہوں اور اگر وہ میرا ذکر جماعت میں کرتا ہے تو میں اس کا ذکر اس کی جماعت سے اچھی جماعت (فرشتوں کی جماعت) میں کرتا ہوں''۔

''اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت چاہئے''۔

ایک روایت میں ہے۔

## غافلین کی ذکر کرنے کی فضیلت

(مالک) بالغه. اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ ذَاکِرُ



اللّٰهِ فِی الْغَافِلِیْنَ کَالْقَاتِلِ خَلْفَ الْفَارِّیْنَ، وَذَاکِرُ اللّٰهِ فِی الْغَافِلِیْنَ کَغُصْنٍ اَخْضَرَ فِی شَجَرٍ یَابِسٍ وَذَاکِرُ اللّٰهِ فِی الْغَافِلِیْنَ مِثْلَ مِصْبَاحٍ فِی بَیْتٍ مُظْلِمٍ وَذَاکِرُ اللّٰهِ فِی الْغَافِلِیْنَ یُرِیَهُ اللّٰهُ مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ وَهُوَ حَیٌّ وَذَاکِرُ اللّٰهِ فِی الْغَافِلِیْنَ یُغْفَرُ لَهٗ بِعَدَدِ کُلِّ فَصِیْحٍ وَاَعْجَمَ وَالْفَصِیْحُ بنو آدَمَ وَالْاَعْجَمَ البهائِمُ. (حواله بالا)

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ انہیں یہ روایت پہنچی ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ غافلین میں اللہ کا ذکر کرنے والا جنگ سے بھاگنے والوں کے پیچھے قتال کرنے والے کے مثل ہے، اور غافلین میں اللہ کا ذکر کرنے والا ایسا ہے جیسے تر شاخ سوکھے درخت میں، اور غافلین میں اللہ کا ذکر کرنے والا ایسا ہے جیسے اندھیرے گھر میں چراغ اور غافلین میں اللہ کا ذکر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ اس کی زندگی ہی میں اس کا جنت میں ٹھکانہ دکھا دیں گے اور غافلین میں اللہ کا ذکر کرنے والے کی ہر فصیح و اعجم کی تعداد کے موافق مغفرت ہوگی۔ اور فصیح سے مراد اولاد آدم اور اعجم سے مراد بہائم ہیں۔

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ۔

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا میں تم کو تمہارے اعمال میں سب سے بہت کی خبر نہ دیدوں اور جو تمہارے درجات میں سب سے بلند ہو تمہارے مالک (اللہ تعالیٰ) کے نزدیک سب اعمال سے عمدہ ہو اور جو تمہارے لئے کھانا، سونا صدقہ کرنے سے اور اس سے کہ تم اپنے دشمن (کفار) سے ملو اور تم ان کی گردنیں مارو، وہ تمہاری گردنیں ماریں (یعنی جہاد کرو) اس

سب سے افضل ہو۔ لوگوں نے عرض کیا ضرور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''ذکر اللہ''

ایک روایت میں ہے۔

**(ابو سعید) رفعهٗ. اَکْثِرُوْا ذِکْرَ اللّٰهِ حَتّٰی یَقُوْلُوْا مَجْنُوْنٌ. لاحمد. (حواله بالا)**

اللہ کا ذکر اتنی کثرت سے کرو کہ لوگ مجنون کہنے لگیں۔

ایک روایت میں ہے۔

**(معاذ) ما عمل ابن آدم من عمل انجی له من عذاب الله من ذکر الله. لمالک والترمذی (حواله بالا)**

ابن آدم نے اللہ کے ذکر سے زیادہ اللہ کے عذاب سے نجات دینے والا کوئی عمل نہیں کیا۔

چونکہ ذکر، درود قرآن وحدیث سب کو شامل ہے اس لئے مختصراً چند حدیث ذکر سے متعلق عرض کردیں ورنہ تو درود قرآن وحدیث ہر ایک کی فضیلت سے قرآن وحدیث پر ہیں۔ حضرت قطب عالم شیخ سہارنپوری اطال اللہ بقاءٗ نے ان میں سے ہر ایک کی فضیلت پر مستقل رسائل تصنیف فرمائے ہیں جن کا تذکرہ اوپر ہو چکا۔

حضرت قدس سرہ کے ذکر کی کیفیت کو ہی اگلے تین شعروں میں بیان فرمایا ہے۔

یک نفس از ذکر خالی نیست اورا اے عزیز
ذکر قلبی، ذکر روحی، ذکر سری ہم رواں

ترجمہ: پیارے حضرت قدس سرہ کا ایک سانس بھی ذکر سے خالی نہیں ہے ذکر



قلبی، ذکر روحی، ذکر سری سب جاری ہیں۔

## پاس انفاس اور ذکر قلبی وغیرہ

تشریح: صوفیاء کے یہاں ''پاس انفاس'' کی مشق کرائی جاتی ہے کہ اندر جانے والے سانس میں اللہ اور باہر آنے والے سانس میں ''ہو'' کہا جائے۔ یہ کہنا سانس کے ذریعہ ہوتا ہے زبان کو حرکت دئے بغیر جس سے سانس کے ساتھ ذکر جاری ہو جاتا ہے کہ کوئی سانس بھی سوتے، جاگتے کسی بھی حالت میں ذکر سے خالی نہیں رہتا۔

ذکر قلبی، ذکر روحی، ذکر سری کے جاری ہونے سے لطائف ستہ کے جاری ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

## لطائف ستہ

لطائف ستہ کے بارے میں سید الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب نور اللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ''باید دانست کہ لطائف شش اند، یعنی شش موضع اندر جسم انساں کہ پر فیوض وپر انوار۔ ومشتمل بسیار برکات اند۔ | جاننا چاہئے کہ لطائف چھ ہیں یعنی جسم انسان میں چھ جگہ ہیں جو پر فیض و پر انوار اور برکات بسیار کے مشتمل ہیں۔ |
| اول لطیفہ قلبی کہ مقام او دو انگشت فروتر از پستان چپ است ونور او سرخ است۔ | اول لطیفہ قلبی اس کا مقام بائیں پستان کے دو انگشت نیچے ہے اور اس کا نور سرخ ہے۔ |
| دوم لطیفہ روحی کہ مقام او دو انگشت فروتر از پستان راست است ونور او سفید است۔ | دوم لطیفہ روحی ہے۔ اس کا مقام دائیں پستان کے دو انگشت نیچے ہے اس کا نور |
| سوم لطیفہ نفس کہ موضع آن زیر ناف است | |

ونور زرداست۔

چہارم لطیفۂ سری مقام آن مابین سینہ ونورا وسبزاست۔

پنجم لطیفہ خفی مقام آں بالائے ابرو ونور اونیلگوں است۔

ششم لطیفۂ اخفی محل آں ام الدماغ است ونور او سیاہ است مثل سیاہی چشم" (ضیاء القلوب ص:۳۶)

سفید ہے۔

سوم لطیفہ نفس ہے۔اس کی جگہ زیر ناف ہے۔اوراس کا نور زرد ہے۔

چہارم لطیفہ سری ہے اس کا مقام سینہ کے درمیان ہےاوراس کا نور سبز ہے۔

پنجم لطیفہ خفی ہے۔اس کا مقام ابرو کے اوپر ہےاوراس کا نور نیلگوں ہے۔

ششم لطیفہ اخفیٰ ہے اس کا محل ام الدماغ ہے۔اوراس کا نور سیاہ ہے مثل سیاہی چشم۔

جب طالب شغل لطائف ستہ کے طریق پر اپنے شیخ کی ہدایت کے موافق عمل کرتا ہے تو اس کے لطائف ستہ ذاکر ہوجاتے ہیں۔اوراسی کو لطائف ستہ کا جاری ہونا کہا جاتا ہے۔

جب یہ کیفیت حاصل ہوجاتی ہے تو پھر کیا ہوتا ہے؟اس کو مجھ جیسا بے بہرہ، کیا بتائیے۔اگلے شعر میں اجمالی طور پر اس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے،اس کی تفصیل کو زبان سے بتایا نہیں جاسکتا بہت سی چیزیں ایسی ہوتی ہیں کہ ان کی کیفیت قلب ہی جانتا سمجھتا ہے۔اس کیفیت کو زبان سے بیان کرنا ممکن نہیں ہوتا۔

## ذاکر ومذکور کے درمیان ربط بے قیاس

درمیان ذاکر ومذکور ربط بے قیاس

گر بگویم مرغ جانم بر پرد بر آشیاں

ترجمہ: ذاکر ومذکور کے درمیان ربط بے قیاس ہے (جس کو کسی چیز پر قیاس



نہیں کیا جاسکتا نہ اس کو بیان کیا جاسکتا) اگر میں (اس ربط بے قیاس) کو بیان کروں تو میری جان کا پرندہ آشیانہ پراڑ جائے۔یعنی جان جاتی رہے۔

لوہا جب آگ کی بھٹی میں آگ کے انگاروں کے درمیان ڈالا جاتا ہے تو وہ لوہا آگ کے ہمرنگ ہوجاتا ہے۔اس کا رنگ اس کی صورت آگ کے رنگ وصورت سے تبدیل ہوجاتی ہے، یہاں تک کہ اس وقت لوہے کے خواص اس سے رخصت ہوکر آگ کے خواص اس میں پیدا ہوجاتے ہیں اور مکمل آگ میں فنا ہوکر آگ ہی بن جاتا ہے کہ آگ ولوہے کے مابین کوئی فرق وامتیاز باقی نہیں رہتا۔مگر اس کیفیت کو کوئی بینا ودانا انسان ہی جان سکتا ہے اس اندھے کو (جس نے عمر بھر نہ آگ کو دیکھا نہ لوہے کو نہ دونوں کے خواص سے واقف، نہ لوہے کو آگ میں ڈال دینے سے جو اس کی کیفیت ہوتی ہے اس کو کبھی مشاہدہ کیا) نہیں یا سمجھایا، اور کتنا ہی اس کو سمجھایا جائے اس کو سمجھنا ممکن نہیں۔

اس طرح کوئی انسان نفس کی خواہشات اور طبیعت کے تقاضوں کو فنا کر کے اپنے آپ کو ذکر اللہ کی بھٹی میں ڈال دے تو اس کا کیا حال ہوگا۔کیا کیفیت اس پر گذرے گی؟اس کو کوئی دانا وبینا بھی کیا بیان کرے؟اور کس سے بیان کرے؟اور کس طرح بیان کرے؟بجز اس کے کہ۔

کہ چوں ماشوی بدانی

کہ تم جب مجھ جیسے ہوجاؤ گے تو پہچان لوگے

❁❁❁

## غیر انسان اور غیر حیوان پر ذکر کا اثر

خشت وچوب حجرہ او مثل ناطق ذاکر اند
از لحاف وتکیہ وبستر شنو ذکر نہاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کے حجرہ کی اینٹ اور لکڑی مثل ناطق ذاکر ہیں۔
تو لحاف، تکیہ اور بستر سے پوشیدہ ذکر سن۔

تشریح: ان سب چیزوں کا ذکر کرنے میں کوئی اشکال نہیں قرآن پاک میں ارشاد ہے۔

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا۔

اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان نہ کرتی ہو لیکن تم لوگ ان کی پاکی بیان کرنے کو سمجھتے نہیں ہو، وہ حلیم ہے بڑا غفور ہے۔ (بیان القرآن)

مگر اس کے ساتھ ساتھ جس جگہ کثرت سے ذکر ہوتا ہو ہر آن وہر لمحہ ذاکرین ذکر میں مشغول رہتے ہوں تو ان کے ذکر کا اثر بھی ان چیزوں میں آتا ہے۔ عارفین اس کا ادراک واحساس بھی کرتے ہیں۔

اور ذکر کا اثر ان چیزوں پر کیوں نہ ہو۔ جس جگہ آگ دہکائی جاتی ہے اسکے ملحق آس پاس کے حصہ میں بھی وہ تپش اور گرمی سرایت کر جاتی ہے کہ آگ ختم ہو جانے کے بعد بھی وہ حصہ تپتا رہتا ہے۔ اسی طرح ذاکرین کے ذکر کا اثر آس پاس کی چیزوں میں سرایت کر جاتا ہے۔ حتی کہ بعد میں بھی وہاں انوار وبرکات اہل دل حضرات محسوس کرتے ہیں۔ لوہاری میں جہاں حضرت میانجی نور محمد صاحب نور اللہ مرقدہ عبادت میں مشغول رہتے تھے۔ گنگوہ حضرت قطب الاقطاب



رحمۃ اللہ علیہ جس جگہ ذکر وعبادت میں مشغول رہتے تھے، رائے پور میں حضرت رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ کی خانقاہ میں اور دیگر اہل اللہ حضرات کی جگہوں پر آج بھی ارباب نظر انوارات وبرکات ذکر محسوس کرتے ہیں۔

## حضرت میانجی نور محمد قدس سرہ کا واقعہ

حضرت میانجی نور محمد صاحب نور اللہ مرقدہ لوہاری وچرتھاول کے درمیان ایک درخت کے نیچے تشریف فرما ہو کر مراقب ہوئے تھے وہ درخت بھی مراقبہ کی کیفیت میں تمام جھک گیا اور اخیر تک جب تک وہ درخت رہا اسی کیفیت پر رہا۔

## حضرت نانوتویؒ کے ذکر کا سانپ پر اثر

حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ کے ذکر کرنے کا واقعہ بیان فرمایا ہے۔

”کہ حضرت نانوتوی اپنے بند حجرہ میں ذکر میں مشغول تھے تو ہر ضرب کے ساتھ دھاکہ کی آواز بھی آتی تھی۔ لوگ مشوش ہو گئے کہ یہ کیا قصہ ہے، حجرہ کے کیواڑ اتارے گئے چونکہ اندر سے زنجیر بند تھی، اندر جا کر دیکھا تو حضرت کے برابر یک سانپ ہے اور جب حضرت ضرب لگاتے ہیں تو وہ بھی اپنا سر زمین پر دے مارتا ہے۔ حضرت گردن اٹھاتے ہیں تو وہ بھی سر اٹھا کر کھڑا ہوتا ہے اور جب حضرت ضرب لگاتے ہیں تو وہ بھی زور سے زمین پر سر پٹختا ہے، یہ دھاکہ اسی کا تھا لوگ اسے مار کر باہر لائے لیکن حضرت کو کچھ خبر نہیں ہوئی۔ قاری طیب صاحب نے بیان کیا کہ یہ واقعہ

میں نے امیر شاہ خاں اور متعدد لوگوں سے سنا ہے''۔

آپ بیتی نمبر:۶ ص:۱۴۵ بحوالہ سوانح قاسمی ص:۳۰۲ ج:۱)

بذکرش ہر چہ بینی در خروش است
ولے داند دریں معنی کہ گوش است
نہ بلبل بر گلش تسبیح خوانیست
کہ ہر خارے را بہ تسبیحش زبانیست

جس چیز کو تو دیکھے اس کے ذکر میں مشغول ہے۔لیکن اس کو وہ جانتا ہے جس کے کان ہیں۔گلشن میں بلبل ہی تسبیح خواں نہیں۔ بلکہ ہر کانٹے کو بھی اس کی تسبیح کی زبان ہے۔

غرض کہ ذکر کا اثر قرب وجوار کی چیزوں پر ہونا ایک ظاہر چیز ہے۔

مثل ناطق میں تشبیہ صرف مطلق ذکر میں ہے جس میں من کل الوجوہ مماثلت ومشابہت ضروری نہیں، آگے ذکر نہاں میں اس کی تصریح فرمادی جس کا ادراک ارباب بصیرت کو ہی ہوتا ہے "اِلَّا نَادِراً"۔

## حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کا سجدہ

سجدہ اش گویا نہد سردر بر محبوب خویش
ایں چنیں قرۃ کجا حاصل شود در ایں وآں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کا سجدہ گویا سر اپنے محبوب کی گود میں رکھتے ہیں۔

تشریح: یعنی سجدہ میں وہ سرور وکیف حاصل ہوتا ہے جو محبوب کی گود میں حاصل ہوتا ہے۔

ترجمہ: اس جیسی (یعنی سجدہ جیسی) لذت اس کے علاوہ (کسی اور چیز میں)



کہاں حاصل ہو سکتی ہے۔

تشریح: اور کیسے حاصل ہو حدیث شریف میں بیان فرمایا گیا ہے۔

اَقْرَبُ مَایَکُوْنُ الْعَبْدُ مِنْ رَبِّهٖ وَهُوَ سَاجِدٌ فَاَكْثِرُوْا الدُّعَاءَ. (ابو داؤد شریف ص: ۱۴۳)

بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے۔اس لئے (سجدہ میں) کثرت سے دعا مانگا کرو۔

تو بھلا پھر اس سے زیادہ سرور وکیف کا اور کون وقت ہوگا۔

سر اپنا ان کے زیر پائے ہے
کیا نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جائے ہے

نکل جائے دم تیرے قدموں کے نیچے
یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے

نیز ''ایں چنیں قرۃ'' میں اشارہ ہے اس حدیث کی طرف۔

جُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ. (الحديث)

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں کردی گئی ہے۔

جو امتی جس درجہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اتباع کرے گا اس کو اسی درجہ یہ دولت بھی میسر آئے گی۔

بر سجودش در ملائک رشک پیدا می شود
مجمع کر وبیاں انگشت حیرت در دہاں

ترجمہ: حضرت قدس سرہ کے سجدوں پر فرشتے رشک کرتے ہیں۔اور حضرت

قدس سرہ کے سجدہ کی حالت میں (محبوب حقیقی شانہٗ سے قرب کے اعلیٰ درجہ کو دیکھ کر) مقربین فرشتے حیرت کی وجہ سے انگلی منہ میں دبائے ہوئے ہیں۔

تشریح: کہ خاکی انسان جس کے متعلق رائے ظاہر کی تھی۔

اَتَجْعَلُ فِيهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ.

کیا آپ پیدا کریں گے زمین میں ایسے لوگوں کو جو فساد کریں گے اس میں اور خونریزیاں کریں گے۔ (بیان القرآن)

اس کو قرب خداوندی کا یہ اعلیٰ مقام نصیب ہو۔

یہ رتبۂ بلند ملا جس کو مل گیا

## اعتذار

اے عزیز القدر بہر خاطرت کردم رقم
خامہ ایں جا در شکست وسار بانم شد رواں

ترجمہ: اے عزیز القدر تیری خاطر اتنا لکھ دیا۔ یہاں پہنچ کر قلم ٹوٹ گیا اور میرا ساربان روانہ ہو گیا۔

تشریح: یعنی اس سے زائد اور اوصاف عالیہ، مقامات قرب واختصاص کو بیان کرنے کی قلم میں طاقت نہیں۔ چونکہ اسرار خفیہ کو ظاہر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

داماں نگہ تنگ وگل حسن تو بسیار
گل چیں بہار تو زداماں گلہ دارد

"داماں نگہ تنگ ہے اور آپ کے حسن کے پھول بے شمار ہیں۔ آپ کی بہار کے گل چیں کو دامن کی تنگی کا گلہ ہے"۔



سیدی ومرشدی فقیہ الامت حضرت اقدس مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ کے ان اشعار کی جامعیت وعمدگی اور لطافت وپاکیزگی پر بے اختیار کہنے کو جی چاہتا ہے۔

کر غور ذرا دل میں کچھ جلوہ گری ہوگی
یہ شیشہ نہیں خالی دیکھ اس میں پری ہوگی

ساقی تیرا مستی سے کیا حال ہوا ہوگا
جب تو نے یہ مئے واصف[1] شیشہ میں بھری ہوگی

جس قلب کی گرمی نے دل پھونک دیئے لاکھوں
اس دل میں یا اللہ کیا آگ بھری ہوگی

خدائے پاک ہر دو حضرات کو درجات عالیہ اور بیش از بیش اپنے قرب کی دولت سے نوازے اور ہر دو حضرات کی برکت اور طفیل میں اس ناکارہ وناپاک کو بھی اپنی محبت ومعرفت اور اپنے قرب خاص کا کچھ حصہ نصیب فرمائے آمین۔

داد وے را قابلیت شرط نیست
بلکہ قابلیت شرط داد ویست

خدائے پاک ان سطور کو دونوں بزرگوں کی نسبت وبرکت سے قبول فرمالے۔ اور مخلوق کے لئے نافع بنا دے اور اس میں جو کوتاہی ہوئی ہے اس کو معاف فرمادے۔

---

[1] اصل شعر میں ظالم کا لفظ ہے مگر اس کا یہاں لانا سوء ادبی تھا اس لئے اس کو ترک کر کے واصف لایا گیا ہے جو اس لئے بھی مناسب ہے کہ شروع اشعار میں لفظ وصف "وصف شیخ" میں آیا ہے۔

غرض نقشے است کز ما یاد ماند
کہ ہستی را نمی بینم بقائے
مگر صاحب دلے روزے برحمت
کند درکار ایں مسکین دعائے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِ
الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ
الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ
وَعَلٰی اَتْبَاعِہٖ اَجْمَعِیْنَ
اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنَ

فقط

**محمد فاروق غفرلہ**

دارالعلوم جامع مسجد میرٹھ

۱۷/۳/ ۹۹ھ

نظر ثانی مع حذف واضافہ

۲۹/۱/ ۱۴۳۳ھ



# نذر عقیدت

## بخدمت گرامی حضرت الحاج مولانا محمد زکریا کاندھلوی نوراللہ مرقدہ
## شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر العلوم

اے شہنشاہ ولایت صاحب عالی دماغ — ظلمتوں میں حکمت وعرفاں کے ایک روشن چراغ
اے مفسر اے محدث اے امام الاتقیا — کشتیٔ ملت کا تو اس دور میں ہے ناخدا
پیردانا جس کو کہتے ہیں وہ تیری ذات ہے — حکمتوں کا ایک خزانہ تیری ایک ایک بات ہے
تیری خدمات جلیلہ بے نظیر وبے مثال — اے زمانے میں درخشاں آفتاب لازوال
بحرعرفانی کا بیشک دریک دانہ ہے تو — گلستان علم وتقوی کا گل رعنا ہے تو
جوہزاروں سال میں پیدا ہووہ گوہر ہے تو — بے گماں بے شبہ فضل خالق اکبر ہے تو
آج حاتم بھی ہے نادم تیرے خوان عام پر — اللہ اللہ یہ نظر مہمان کے اکرام پر
تیری ذات پاک پر اللہ کا انعام ہے — تیری مجلس میں خدا کا ذکر صبح وشام ہے

تجھ سے روشن خانقاہ ومدرسہ کی انجمن
ہر ہو سنا کے نہ داند جام وسنداں باختن

(من ہدیہ عثمانی)

# ہماری اہم مطبوعات

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | فتاویٰ محمودیہ مکمل (۳۱رجلدیں) | ۳۱ | شاہد قدرت |
| ۲ | خطبات محمود ۳رجلدیں | ۳۲ | مسلک علمائے دیوبند اور حب نبی ﷺ |
| ۳ | حیات محمود (سوانح) مکمل ۲رجلدیں | ۳۳ | حقوق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم |
| ۴ | تربیت الطالبین۔ | ۳۴ | صلوٰۃ وسلام مع ؛حکام حج |
| ۵ | ترجمہ عمل الیوم واللیلۃ اردو | ۳۵ | افریقہ وخدمات فقیہ الامتؒ |
| ۶ | محمود الاعمال | ۳۶ | اسباب مصائب اور ان کا علاج |
| ۷ | تحفۂ اسکوٹ لینڈ | ۳۷ | وصف شیخ |
| ۸ | ملفوظات فقیہ الامت ۳رجلدیں | ۳۸ | نغمۂ توحید |
| ۹ | معاشرت پرایک نظر | ۳۹ | ذکر محمود (یعنی مختصر سوانح حضرت فقیہ الامت) |
| ۱۰ | تذکرۃ الاحباب، بعد وفات قطب الاقطاب | ۴۰ | غیر مقلدین کا اصلی چہرہ |
| ۱۱ | رفع یدین اور قرأۃ فاتحہ خلف الامام | ۴۱ | عقائد الشیعہ |
| ۱۲ | آسان فرائض | ۴۲ | کام کی باتیں |
| ۱۳ | نعت محمود، وصف محبوب صلی اللہ علیہ وسلم | ۴۳ | تذکرہ رفیق الامتؒ |
| ۱۴ | ارمغان اہل دل (کلام محمود) | ۴۴ | خطبات رفیق الامتؒ ۲رجلدیں |
| ۱۵ | معمولات یومیہ مع شجرۂ مبارکہ | ۴۵ | تذکرہ مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ |
| ۱۶ | لطائف محمود | ۴۶ | تذکرہ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ |
| ۱۷ | غیر مقلدیت | ۴۷ | حیات ابرار |
| ۱۸ | ردشیعیت | ۴۸ | مسنون ومقبول دعائیں |
| ۱۹ | مناقب النعمان (امام ابوحنیفہؒ) | ۴۹ | سلوک واحسان |
| ۲۰ | سرکاری سودی قرضے | ۵۰ | اصول حدیث منظوم نافع (ترجمہ تشریح) |
| ۲۱ | اسباب لعنت | ۵۱ | اصول حدیث منظوم نافع |
| ۲۲ | اسباب غضب | ۵۲ | جناب گرونانک جیؒ اور اسلام (ہندی) |
| ۲۳ | مکتوبات فقیہ الامت ۳رجلدیں | ۵۳ | جناب گرونانک جیؒ اور اسلام (اردو) |
| ۲۴ | آئینۂ مرزائیت | ۵۴ | تذکرہ سلطان ٹیپو شہید |
| ۲۵ | رضاخانیت | ۵۵ | تقلید کی شرعی حیثیت |
| ۲۶ | حقیقت حج | ۵۶ | غیر مقلدین ایک تعارف |
| ۲۷ | حدود اختلاف | ۵۷ | الرفیق الفصیح لمشکوۃ المصابیح (۶رجلدیں) |
| ۲۸ | گلدستۂ سلام بدرگاہ خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم | ۵۸ | |
| ۲۹ | شوریٰ واہتمام | ۵۹ | |
| ۳۰ | مشائخ احمد آباد | ۶۰ | |




























Designed & Printed by : FARID BOOK DEPOT PVT. LTD. DELHI PH.: 23289786